الحمد للہ رب العالمین

اللہ رسول محمد

جہانگیری

مُسندُ الامامِ الشافعی

ترجمہ

ابو العلاء محمد محی الدین جہانگیر

ادام اللہ تعالیٰ معالیہ وبارک ایامہ ولیالیہ

شبیر برادرز

اردو بازار ○ لاہور

جہانگیری

مسند الامام الشافعي

ترتيب

الامير أبي سعيد سنجر بن عبد الله الناصري الجاوي

1

ترجمہ

ابو العلاء محمد محی الدین جہانگیر

ادام اللہ تعالیٰ معالیہ وبارک ایامہ ولیالیہ

شبیر برادرز
زبیدہ سنٹر 40 اردو بازار لاہور
فون: 042-7246006

لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ

ھو القادر

نام کتاب ______ مُسْنَدُ الْإِمَامِ الشَّافِعِي

مترجم ______ ابو العلاء محمد محی الدین جہانگیر

پروف ریڈنگ ______ ملک محمد یونس

کمپوزنگ ______ ورڈز میکر

باہتمام ______ ملک شبیر حسین

سن اشاعت ______ مئی 2009ء

سرورق ______ باھو گرافکس

طباعت ______ اشتیاق اے مشتاق پرنٹرز لاہور

ہدیہ ______ روپے

مکمل دو جلدیں

شبیر برادرز

زبیدہ سنٹر ۴۰۔ اردو بازار لاہور

فون: 042-7246006

شبیر برادرز اردو بازار لاہور

ضروری التماس

قارئین کرام! ہم نے اپنی بساط کے مطابق اس کتاب کے متن کی تصحیح میں پوری کوشش کی ہے، تاہم پھر بھی آپ اس میں کوئی غلطی پائیں تو ادارہ کو آگاہ ضرور کریں تا کہ وہ درست کر دی جائے۔ ادارہ آپ کا بے حد شکر گزار ہوگا۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

علم حدیث کی ترویج و اشاعت اور درس و تدریس کرنے والوں کے لیے

دعاءِ نبوی

اللہ تعالیٰ اس شخص کو خوش رکھے جو مجھ سے کوئی بات سن کر اسی طرح آگے پہنچا دے جیسے سنی تھی

الحدیث

نَضَّرَ اللّٰهُ امْرَأً سَمِعَ مِنَّا شَيْئًا فَبَلَّغَهُ كَمَا سَمِعَهُ

شرفِ انتساب

معدنِ لطائف انسیہ مخزنِ معارفِ قدسیہ

قدوۃ الاولیاء زبدۃ الاصفیاء راس الاتقیاء

حضرت عبداللہ شاہ غازی رحمۃ اللہ علیہ

کی نذر

لطیفہ ایست نہانی کہ عشق ازو خیزد

کہ نامِ آں نہ لبِ لعل و خطِ زنگاریست

نیازمند

محمد محی الدین

(اللہ تعالیٰ اس کے گناہوں اور کوتاہیوں سے درگزر کرے)

ترتیب

نماز کا بیان

باب	صفحہ

جمعہ کا بیان

عیدین' قربانی اور استسقاء کا بیان

زکوٰۃ کا بیان

حج کا بیان

نذر کا بیان

نفلی صدقہ' ہبہ' مشرک والد اور مشرک بھائی کے ساتھ صلۂ رحمی کرنا

عرضِ ناشر

اللہ تعالیٰ کے لیے ہر طرح کی حمد مخصوص ہے' جس نے ہمیں یہ توفیق عطا کی کہ ہم اس کے سب سے پسندیدہ دین ''اسلام'' کی تعلیمات کی نشرواشاعت کے حوالے سے خدمت کرسکیں۔

حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم' آپ کے تمام صحابہ کرام' صحابیات' تابعین' تبع تابعین (رضوان اللہ علیہم اجمعین) بلکہ آپ کی اُمت کے تمام مسلمانوں پر'اللہ تعالیٰ کی طرف سے رحمتیں و برکتیں نازل ہوں۔

•••——•••——•••

آپ کا ادارہ ''شبیر برادرز'' ایک طویل عرصے سے اسلامی کتب کی نشرواشاعت کی خدمت کے حوالے سے سرگرم عمل ہے اور اب تک اسلامی تعلیمات کے مختلف پہلوؤں سے متعلق بہت سی کتب کو منصۂ شہود پر لاچکا ہے۔ ان میں تفسیر' حدیث' فقہ' تاریخ' تصوف' اخلاقیات' وظائف و اعمال' سبھی موضوعات شامل ہیں۔ چند برس پیشتر آپ کے ادارے کی انتظامیہ نے یہ فیصلہ کیا کہ ''علم حدیث'' کی نمایاں' دوسروں سے کچھ ہٹ کر' ذرا زیادہ بہتر انداز میں' جدید عہد کے تقاضوں سے ہم آہنگ' خدمت کی جائے' خداوند قدوس کا بے حد و شمار فضل و احسان ہے کہ ادارے کی انتظامیہ نے اپنے ابتدائی تخمینے سے بڑھ کر' زیادہ مختصر وقت میں' زیادہ معیاری اور بہتر کام' برادرانِ اسلام کی خدمت میں پیش کیا اور مزید فضل یہ ہوا کہ عوام و خواص نے اسے سراہا' بلکہ بھرپور خراجِ تحسین پیش کیا۔

خدا جانتا ہے! جب کوئی صاحبِ علم' ''جمال السنہ'' کے بارے میں تعریفی کلمات کہتا ہے یا درسِ نظامی کا کوئی ''روایتی طالب علم'' یہ بتاتا ہے کہ وہ ''شبیر برادرز'' کی شائع کردہ ''مؤطا امام مالک'' سامنے رکھ کر مطالعہ کرتا ہے تو ہمارا رُواں رُواں اس خالقِ حقیقی کی بارگاہ میں سجدہ ریز ہوجاتا ہے۔ جس نے ہمیں یہ ہمت اور توفیق عطا کی ہے۔

•••——•••——•••

آپ کے ادارے نے' برادرانِ اسلام بالعموم اور علمائے کرام بالخصوص' کی ضرورت کا خیال رکھتے ہوئے یہ فیصلہ کیا تھا کہ ''احادیث'' کے وہ مجموعے بھی شائع کیے جائیں' جن کے ''ترجمے'' کی نعمت سے ''اُردو'' کا دامن خالی ہے۔

الحمدللہ! آج آپ کے ادارے اور اس کے کارکنان کی کوششوں کے نتیجے میں ''سنن دارمی'' اور ''مسند امام زید''، اُردو کے ماتھے کا جھومر ہیں۔ اور اب اسی سلسلے کی ایک اور کڑی ''مسند امام شافعی'' ترجمہ' تحقیق' تخریج' فہارس کے ہمراہ' اس وقت آپ کے ہاتھوں میں ہے' ترجمے کی خدمت ہمارے فاضل دوست حضرت ابوالعلاء محمد محی الدین جہانگیر دامت برکاتہم العالیہ نے سرانجام دی

ہے۔''امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ'' اور ''مسند شافعی'' کے مرتبہ ومقام کے بارے میں فاضل مترجم نے مقدمے میں معلومات فراہم کردی ہیں۔ہم یہاں صرف یہ بتانا چاہیں گے''مسند امام زید'' کی طرح ''مسند امام شافعی'' بھی پہلی مرتبہ اُردو زبان میں منصۂ شہود پر آئی ہے'علم حدیث سے دلچسپی رکھنے والوں کے لیے یہ یقیناً ایک نعمت غیر مترقبہ ثابت ہوگی۔

•••——•••——•••

معزز قارئین! ہم سے جو خدمت ہوسکتی تھی وہ ہم نے کردی۔اب یہ آپ کی ذمہ داری ہے کہ علومِ نبوت کے ان انوار سے اپنے اور دوسروں کے قلوب واذہان کو منور کریں۔

آخر میں آپ سے یہ درخواست ہے کہ جب آپ اس کتاب سے استفادہ کریں' اور اس کے علاوہ بھی' اپنی نیک دعاؤں میں' صاحب کتاب ومترجم کے ہمراہ' ادارے اور اس کے کارکنان کو بھی یاد رکھیں!

اللہ تعالیٰ سے دعا ہے! وہ ہمیں اپنے پیارے دین کی زیادہ سے زیادہ' اور بہتر سے بہتر خدمت کرنے کی توفیق اور سعادت عطا کرے۔آمین!

آپ کا مخلص

ملک شبیر حسین

حدیثِ دل

اللہ تعالیٰ کے لیے ہر طرح کی حمد مخصوص ہے' جو کسی بندے کے ساتھ بھلائی کا ارادہ کرلے' تو اسے دین کی سمجھ بوجھ عطا کر دیتا ہے' اور جس نے ہمیں یہ توفیق اور سعادت عطا کی ہے کہ ہم اس کے سب سے محبوب اور برگزیدہ رسول کی ''مبارک احادیث'' کی خدمت کریں۔

حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر بے حد و شمار درود و سلام نازل ہو' جو تمام انبیاء کرام علیہم السلام کے ''امام'' اور پیشوا ہیں۔ جو قیامت کے دن تمام اولادِ آدم کے ''شافع'' ہوں گے۔

ڈر یہ تھا' عصیاں کی سزا' اب ہوگی' یا روزِ جزا
دی' اُن کی رحمت نے صدا' یہ بھی نہیں' وہ بھی نہیں!

آپ کے ہمراہ' آپ کی تمام اہل بیت' جملہ اصحاب' اور قیامت تک آنے والے' آپ کے تمام نام لیواؤں پر' اللہ تعالیٰ کی رحمتیں اور برکتیں نازل ہوں۔

•••——•••——•••

اللہ تعالیٰ اور اس کے پیارے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے فضل و کرم کے تحت' ہم نے علم حدیث کی خدمت کے جس کام کا آغاز کیا تھا۔ اس میں ایک قدم آگے بڑھاتے ہوئے' ہم اس وقت آپ کے سامنے ''مسند امام شافعی'' کا ترجمہ پیش کر رہے ہیں۔ امام شافعی اہل سنت والجماعت کے علم فقہ میں' چار بڑے اماموں میں سے ایک ہیں' آپ امام مالک رحمۃ اللہ علیہ اور امام محمد بن حسن شیبانی رحمۃ اللہ علیہ کے خاص فیض یافتہ ہیں۔ اس حوالے سے آپ کی ''مسند'' علم حدیث کی امہات کتب میں سے ایک ہے' ہم نے ''مسند امام شافعی'' کے جس نسخے کو سامنے رکھ کر ترجمہ کیا ہے وہ عربی زبان میں بھی پہلی مرتبہ شائع ہوا ہے' اور اللہ تعالیٰ اور اس کے فضل و کرم کے تحت اُردو زبان میں ''مسند شافعی'' کو پہلی مرتبہ پیش کرنے کی سعادت و توفیق ہمیں حاصل ہو رہی ہے۔

•••——•••——•••

ہم قارئین سے معذرت خواہ ہیں' امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کی تفصیلی سوانح اور ''مسند شافعی'' کے اس نسخے کی خصوصیات تفصیل کے ساتھ ان کے سامنے پیش نہیں کر سکے' حالانکہ کتاب کے عربی نسخے کے محقق نے بڑا تفصیلی اور فکر انگیز ''مقدمہ'' تحریر کیا ہے۔ اسی طرح ہم نے امام شافعی کے سوانحی خاکے کو ترتیب دینے کے لیے' مشہور مصری محقق استاذ ''ابوزہرہ'' کی امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کی سوانح سے متعلق

تصنیف بھی حاصل کی۔لیکن اس کے فوائد بھی پیش نہیں کر سکے۔ہمارا خیال تھا''مسند شافعی'' کی احادیث کے مضامین کی فہرست مرتب کریں گے۔یہ بھی پورا نہ ہو سکا۔

•••——•••——•••

اس کتاب کا انتساب ہم نے مشہور بزرگ حضرت عبداللہ شاہ غازی رحمۃ اللہ علیہ کے نام کیا ہے جن کا مزار کراچی میں سمندر کے کنارے ایک پہاڑی پر ہے۔

•••——•••——•••

ترجمے کے دوران جن احباب کا پُرخلوص تعاون شامل حال رہا ہم ان سب کے نہایت شکر گزار ہیں جن میں سرفہرست برادر مکرم محمد خرم زاہد جنہوں نے تصنیف و تالیف کے لیے سازگار ماحول فراہم کیا اور اس کام کی تکمیل کے لیے مسلسل اصرار کرتے رہے ان کے بعد ملک محمد یونس جنہوں نے مسودہ پڑھنے پروف ریڈنگ کرنے میں میری بہت مدد کی۔محترم فیصل رشید علی مصطفیٰ اور فرخ احمد جنہوں نے نہایت تیزی سے مسودہ کمپوز کیا۔مخدوم قاسم شاہد جنہوں نے اسے دیدہ زیب انداز میں مرتب کیا محترم احمد رضا جنہوں نے کتاب کا خوبصورت ٹائٹیل ڈیزائن کیا۔محترم عارف نوشاہی جنہوں نے ٹائٹیل کے الفاظ کی کتابت کی برادرم عرفان حسین جنہوں نے ٹائٹیل کی لمینیشن کی محترم منصور صاحب جنہوں نے اپنی نگرانی میں یہ کام کروایا۔محترم فیاض صاحب جنہوں نے عمدہ جلد بندی کی۔اور سب سے آخر میں ملک شبیر حسین جنہوں نے تمام سہولیات بہم پہنچا کر اس قافلے کو منزل تک پہنچایا اور ذاتی توجہ لگن اور دلچسپی سے اس کتاب کو آپ کے سامنے پیش کر رہے ہیں۔

امتنان و تشکر کے ان جذبات میں ایک بڑا حصہ ہمارے اساتذہ و مشائخ کے لیے بھی ہے جن کی تعلیم و تربیت نے ہمیں اس لائق کیا ان کے ہمراہ ہمارے والدین اور بہن بھائی جن کی دعاؤں نے ہمیں اس قابل کیا۔بطور خاص برادرِ اصغر حافظ محمد بلال حسن جنہوں نے ہمیں گھریلو ذمہ داریوں سے لاتعلق رکھا۔

•••——•••——•••

سب سے آخر میں حضرت جگر مراد آبادی کا یہ شعر یقیناً ہمارے حسبِ حال ہے۔

صداقت ہو تو دل سینے سے کھنچنے لگتے ہیں واعظ
حقیقت خود کو منوا لیتی ہے مانی نہیں جاتی

نیاز مند

محمد محی الدین

(اللہ تعالیٰ اس کے گناہوں اور کوتاہیوں سے درگزر کرے)

العقد الثمین من کلام محی الدین

عرض کی گئی: مسلمان‘ مختلف اماموں کے پیروکار ہیں‘ یہ کسی ایک امام کی پیروی کیوں نہیں کرتے؟

ارشاد فرمایا: ”ارتقاء“ انسان کی اجتماعی اور معاشرتی زندگی کا اہم ترین عنصر ہے۔

اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم علیہ السلام کو پیدا کیا۔ انہیں زمین پر بھیجا۔ ان کی اولاد ایک خاص مدت تک ہدایت پر گامزن رہی۔ پھر ان میں خرابی و گمراہی آنا شروع ہوئی۔

اللہ تعالیٰ نے ان کی ہدایت و رہنمائی کے لیے انبیاء کرام علیہم السلام کی بعثت کے سلسلے کا آغاز کیا۔ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت کے ذریعے انبیاء کرام علیہم السلام کی تشریف آوری کے سلسلے کو ختم کر دیا گیا۔

تو کیا انسان کی تہذیب و اجتماعی زندگی سے ”ارتقاء“ کا عنصر ختم ہو گیا ہے؟

کیا انسانی معاشرے میں تغیر و تبدیلی باقی نہیں رہی؟

نئے مسائل پیش آنا بند ہو گئے ہیں؟

آپ خود غور کریں!

آپ کا اپنا ذاتی مشاہدہ کیا کہتا ہے؟

عرض کی گئی: ہمارا مشاہدہ تو یہی کہتا ہے کہ ”ارتقاء“ ”تبدیلی“ اور ”ایجادِ نو“ کی شرح پہلے کی بہ نسبت کہیں زیادہ بڑھ چکی ہے۔

ارشاد فرمایا: یہ ”فطرت“ ہے۔ پروردگار عالم نے ایک طرف اپنی ازلی مشیت کے تحت انبیاء کرام علیہم السلام کی بعثت کے سلسلے کو ختم کیا اور دوسری طرف انسانیت پر ظاہری کشائش‘ ترقی‘ ایجادات کے دروازے کھول دیے۔

اگر کوئی شخص غور کرے تو یہ بھی پیغمبر صادق صلی اللہ علیہ وسلم کا معجزہ ہوگا۔

وہ اس طرح کہ انسانیت کی تمام تر ترقی‘ ایجادات‘ تنوع اور پھیلاؤ کے باوجود‘ پیغمبر آخر الزماں کی لائی ہوئی تعلیمات‘ یعنی قرآن و سنت‘ انسانوں کی رہنمائی اور ہدایت کے لیے کافی ہیں۔

عرض کی گئی: یہ ایک ایسا پہلو ہے‘ جس کی طرف عام طور پر توجہ منتقل نہیں ہوتی۔

ارشاد فرمایا: خود نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی اس کی وضاحت کی ہے۔ آپ نے ارشاد فرمایا ہے‘ جس کا مفہوم یہ ہے‘ دیگر انبیاء کرام علیہم السلام کے مقابلے میں مجھے جو خصوصیات عطا کی گئی ہیں‘ ان میں ایک خصوصیت یہ بھی ہے کہ دیگر تمام انبیاء کرام علیہم السلام کو کسی

مخصوص قوم' خطے یا قبیلے کی طرف مبعوث کیا گیا تھا اور مجھے تمام بنی نوع انسان کی طرف مبعوث کیا گیا ہے۔

خود قرآن نے بھی اس حقیقت کو ان الفاظ میں بیان کیا:

''ہم نے تمہیں تمام بنی نوع انسان کی طرف بھیجا ہے''۔

آپ ایک لمحے کے لیے' تصور کریں کہ آپ آج سے چودہ سو برس پیچھے چلے جاتے ہیں' مدینہ منورہ' مکہ مکرمہ یا ان کے آس پاس کے کسی گاؤں میں رہتے ہیں۔

آپ کے سامنے قرآن کی یہ آیت' یا پیغمبرِ صادق کا یہ فرمان آتا ہے'

آپ' زیادہ سے زیادہ' کیا سوچ سکتے ہیں؟

پیغمبرِ صادق کو' حجاز کی سرزمین پر رہنے والوں' ملک شام میں رہنے والوں' یا جو ہم نے سن رکھا ہے' ایک ملک ہے' جس کا نام ''فارس'' (ایران) ہے' وہاں رہنے والوں کی طرف پیغمبرِ صادق کو مبعوث کیا گیا ہوگا۔

آج سے چودہ سو سال پہلے کوئی بھی شخص یہ نہیں سوچ سکتا تھا کہ سمندروں کے اس پار' ایک ایسا خطہ ارضی بھی ہے' جسے ہم آج ''یورپ'' کہتے ہیں' جس کے پرے ایک بہت بڑا سمندر ہے اور اس سمندر کے پرے بھی ایک آبادی ہے' جسے آج ہم ''امریکہ'' کہتے ہیں۔

اس وقت کوئی بھی شخص یہ نہیں سوچ سکتا تھا' ایک ایسا وقت بھی آئے گا۔ دنیا کی آبادی ''6 ارب'' سے زائد ہو چکی ہوگی۔ اور ان میں مسلمانوں کی تعداد ''ایک ارب'' سے زائد ہوگی۔

لیکن ''پروردگارِ عالم'' کو اس بات کا پتہ تھا۔

عرض کی گئی: یہ ایک اہم ''نکتہ'' ہے' لیکن آپ کے بیان کرنے کی ''حکمت'' ہمارے سامنے واضح نہیں ہوئی۔

ارشاد فرمایا: بالکل سامنے کی بات ہے! پروردگارِ عالم کو اس بات کا علم تھا کہ آگے آنے والے وقت میں' پیغمبرِ صادق کا کلمہ پڑھنے والوں کی تعداد ''ایک ارب'' سے زائد ہوگی۔ دنیا کا نظام' آگے کئی صدیوں تک باقی رہے گا' ان آنے والی صدیوں میں' کثیر تعداد میں' مسلمانوں کو پیغمبرِ صادق کی تعلیمات در ہنمائی کی ضرورت ہوگی۔

تو اللہ تعالیٰ نے' ایک ایسی قوم کے اندر' جن میں ظاہری طور پر ''نوشت وخواند'' کا رواج نہیں تھا' ان میں یہ جذبہ' یہ روایت پیدا کی' وہ پیغمبرِ صادق کی تعلیمات' آپ کی احادیث کو' نہایت اہتمام سے' کسی غلطی کے بغیر' دوسروں تک منتقل کریں۔ اور پھر جن لوگوں نے پیغمبرِ صادق کے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے' اس علم کو حاصل کیا' ان میں بعض وہ لوگ تھے' جن کے ہاں لکھنے پڑھنے کا رواج تھا' ان کے ذہن میں اللہ تعالیٰ نے یہ بات ڈالی' انہوں نے پیغمبرِ صادق کی احادیث کو' نقل کرنے والے راویوں کے الفاظ کے اختلاف کے ساتھ' نہایت اہتمام اور کامل احتیاط کے ساتھ دوسروں تک منتقل کیا۔

عرض کی گئی: بلاشبہ ''محدثین عظام'' نے احادیث روایت کرنے میں جس احتیاط' تحقیق کا اہتمام کیا ہے' اس کی کوئی مثال پیش نہیں کی جا سکتی۔

ارشادفرمایا: اب آپ صرف علم حدیث کی روایت کا جائزہ لیں۔

سب سے پہلے صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کی سیرت کا جائزہ لیتے ہیں:

نبی اکرم ﷺ کے اصحاب کی تعداد ہزاروں میں ہے' (بلکہ مشہور قول کے مطابق) ایک لاکھ سے متجاوز ہے' ان میں سے بہت سے افراد وہ ہیں جنہوں نے اپنی ظاہری زندگی میں بہت کم وقت کے لیے' شاید چند ایک مرتبہ' نبی اکرم ﷺ کی زیارت کی' یہ وہ لوگ ہیں' جو "حجۃ الوداع" میں نبی اکرم ﷺ کے ساتھ شریک ہوئے' اور انہیں چند دن نبی اکرم ﷺ کے ساتھ گزارنے کا موقع ملا' ان چند ایام میں بھی' ان کے اپنے ذاتی معاملات' حج کے مناسک کی ادائیگی کی مصروفیات اور دیگر معاملات شامل ہیں۔

صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کا ایک بہت بڑا طبقہ ایسا ہے' جو کھلے صحراؤں کے رہائشی تھے' ان میں سے بعض حضرات کسی کام کے سلسلے میں' ہفتے' مہینے یا سال میں' ایک آدھ' یا چند ایک مرتبہ' مدینہ منورہ آتے تھے' اور انہیں چند دنوں' چند گھڑیوں کے لیے' نبی اکرم ﷺ کی ظاہری قربت کا فیض نصیب ہوتا تھا۔

وہ حضرات' جنہیں ان مذکورہ بالا لوگوں کے مقابلے میں' نسبتاً زیادہ نبی اکرم ﷺ کے قریب رہنے کا موقع ملا' یہ وہ لوگ ہیں' جو مدینہ منورہ کے رہائشی تھے' یا مدینہ منورہ کے نواحی علاقوں میں آباد تھے' نواحی علاقوں کے رہنے والے بھی زیادہ تر' اپنی بستیوں میں رہتے تھے' اور ہفتے بعد' جمعہ کی نماز میں' یا خلاف معمول کسی کام کی وجہ سے' مدینہ منورہ آتے' اور نبی اکرم ﷺ کی زیارت اور فیوض و برکات سے فیض یاب ہوتے تھے۔

جہاں تک مدینہ منورہ کے رہنے والوں کا تعلق ہے' تو ان میں بھی اکثریت ان لوگوں کی تھی' جن کی اپنی روزمرہ کی مصروفیات تھیں' یہ لوگ نماز پنجگانہ نبی اکرم ﷺ کی اقتداء میں ادا کرتے تھے' بعض اوقات نبی اکرم ﷺ نے کوئی خصوصی وعظ کرنا ہوتا' تو یہ اس میں شریک ہو جاتے۔

ان تمام صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین میں چند ایک حضرات وہ ہیں' جنہیں ظاہری طور پر زیادہ وقت' نبی اکرم ﷺ کے ساتھ گزارنے کا شرف اور موقع نصیب ہوا۔ ان میں حضرت ابوبکر صدیق' حضرت عمر فاروق' حضرت عثمان غنی' حضرت علی کرم اللہ وجہہ' حضرت عبداللہ بن مسعود (رضوان اللہ علیہم اجمعین) شامل ہیں۔ جو "السابقون الاولون" میں شامل ہیں۔

لیکن اگر آپ احادیث روایت کرنے والے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کا جائزہ لیں' تو یہ بات سامنے آتی ہے' چاروں خلفاء نے' نبی اکرم ﷺ کے حوالے سے' بہت کم احادیث روایت کی ہیں۔

اس کا بنیادی سبب یہ ہرگز نہیں ہے کہ ان حضرات کو' نبی اکرم ﷺ کی احادیث کا علم نہیں تھا' بلکہ اصل وجہ یہ ہے کہ ان حضرات کو نبی اکرم ﷺ کی احادیث دوسروں تک منتقل کرنے کا اس طرح موقع نہیں ملا جس طرح کا موقع ان حضرات کو ملا' جن سے بکثرت احادیث منقول ہیں۔ جیسے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ ہیں' جو چند برس نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر رہے' حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما ہیں' نبی اکرم ﷺ کے وصال ظاہری کے وقت وہ قریب البلوغ تھے۔ وغیرہ

عرض کی گئی: آپ کی گفتگو کا نتیجہ اور مغزیہ سامنے آیا' کسی علم کی منتقلی' یا کسی مخصوص شخص کے ذریعے کسی علم کی ترویج واشاعت

کے مخصوص قدرتی اور فطری اسباب ہوتے ہیں۔

ارشادفرمایا: جی بالکل! میں آپ کو اسی نکتے تک لانا چاہ رہا تھا۔

آپ دیکھیں! حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کے شاگرد رشید ہمام بن منبہ نے احادیث کا مجموعہ مرتب کیا تھا' جس کا نام انہوں نے ''الصحیفہ'' تجویز کیا تھا' بلکہ اس سے بھی پہلے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابی حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ نے احادیث کا ایک مجموعہ مرتب کیا تھا۔ بعد میں آنے والے ادوار میں ''علم حدیث'' کے کئی ماہرین نے ''احادیثِ نبویہ'' کے بہت سے مجموعہ جات مرتب کیے۔ جن میں سے بہت سے ''مجموعہ جات'' اب شائع بھی ہو چکے ہیں' لیکن امت میں زیادہ مقبولیت اور رواج کن مجموعہ جات کو حاصل ہوا؟

جنہیں ''صحاح ستہ'' کہا جاتا ہے۔ امام مالک رحمۃ اللہ علیہ کی ''الموطا'' وغیرہ۔

عرض کی گئی: حالانکہ بقیہ ''مجموعہ جات'' بھی احادیث پر مشتمل ہیں۔

ارشادفرمایا: بلکہ ان میں سے کئی ''مجموعہ جات'' کے مرتبین ''صحاح ستہ'' کے مؤلفین کے اساتذہ ہیں۔

آپ یہ دیکھیں' آج کے زمانے میں ''حدیث'' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی بیان ہوتی ہے لیکن اس کا حوالہ کیا ہوتا ہے؟

''صحیح بخاری''، ''صحیح مسلم''، ''جامع ترمذی''

ارے بھئی! ان کتابوں کے مؤلفین تو دوسری صدی ہجری کے آخر اور تیسری صدی ہجری کے آغاز سے تعلق رکھتے ہیں۔ یعنی ان کے (یا ان کی کتابوں کی تالیف) اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اس دنیا سے ظاہری پردہ کرنے کے درمیان دو صدیاں حائل ہیں۔

ارشادفرمایا: جی بالکل ایسا ہی ہے۔

یہاں ایک پہلو اور بھی ہے۔ ''صحیح بخاری'' اور ''صحیح مسلم'' وغیرہ میں جو احادیث موجود ہیں' وہ ان کتابوں میں بھی موجود ہیں جو ان سے پہلے مرتب کی گئی تھیں۔

لیکن عملی طور پر حوالہ دیتے ہوئے' ان کتابوں کا حوالہ دیا جاتا ہے جو بعد میں تحریر کی گئی ہیں۔ کیوں؟

صرف اس لیے کہ عام ''امت'' میں رواج ان بعد والی کتابوں کو حاصل ہوا۔

عرض کی گئی: حالانکہ ''سند'' کے اعتبار سے' پہلے لکھی ہوئی کتابوں میں موجود روایات کی سند میں' مصنف اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے درمیان واسطے کم ہیں۔

ارشادفرمایا: بالکل اسی طرح کی صورتحال ''ائمہ فقہ'' کی ہے۔

ائمہ فقہ کی تمام ''فقہی آراء'' ان کی ذاتی ''آراء'' نہیں ہیں۔ اگرچہ ''فقہ'' کی کتابوں میں یہ ان ائمہ سے منسوب ہیں۔

فقہاء کی بعض فقہی آراء وہ ہیں۔ جو ''کتاب وسنت کی نصوص'' کے عین مطابق ہیں۔

بعض فقہی آراء ایسی ہیں جو صحابہ کرام میں سے کسی ایک کی رائے کے مطابق ہیں۔

بعض فقہی آراء ایسی ہیں جو تابعین میں سے کسی ایک کے فتویٰ کے مطابق ہیں۔

بعض فقہی آراء ایسی ہیں۔ جو ان ائمہ کی اپنی ''ذاتی رائے'' پر مشتمل ہیں۔

لیکن یہ ان مسائل کے بارے میں ہیں جن کے بارے میں کتاب وسنت کی کوئی ''نص'' موجود نہیں ہے۔

بعض آراء ایسی ہیں جن میں ان ائمہ نے کسی مشترک علت کی بنیاد پر ''اصل'' کا حکم ''فرع'' میں جاری کیا ہے۔

بعض آراء وہ ہیں جو ایسے مسائل کے بارے میں ہیں' جن کے بارے میں کتاب وسنت کی کوئی واضح نص' صحابہ وتابعین کی فقہی رائے' کوئی مشترک علت موجود نہیں۔

ایسے مسائل میں ان ائمہ نے اجتہاد سے کام لیتے ہوئے ''حکم'' بیان کیا ہے۔

اور یہ طرزِ عمل بھی ان کا اپنا نہیں ہے بلکہ یہ ''حدیث'' سے ثابت ہے جیسا کہ حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ کو یمن بھیجتے ہوئے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے دریافت کیا تھا' کہ وہ کس طرح فیصلہ کریں گے؟ تو انہوں نے یہی جواب دیا تھا کہ اگر کسی مسئلے کے بارے میں مجھے کتاب اللہ یا سنت کا حکم نہ ملا تو میں اجتہاد کر کے اس کا حل پیش کروں گا۔ تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس بات پر اللہ تعالیٰ کی حمد بیان کی تھی جس نے حضرت معاذ کو اس بات کی توفیق عطا کی۔

عرض کی گئی: یعنی یہ طرزِ عمل ''سنت'' سے ثابت ہے۔

ارشاد فرمایا: یہاں یہ بات بھی یاد رکھیں کہ فقہ کی کتابوں میں موجود تمام تر مسائل صرف ''ائمہ اربعہ'' کی آراء نہیں ہیں بلکہ ان میں بعد میں آنے والے فقہاء کی ''اجتہادی تحقیقات'' بھی شامل ہوتی ہیں۔

عرض کی گئی: یہاں تک تو بات ہمارے سامنے واضح ہو گئی۔

ارشاد فرمایا: اب آپ یہ بات سمجھ لیں' جس طرح ''علم حدیث'' ایک ''علم'' ہے۔

اسی طرح ''علم فقہ'' بھی ایک ''علم'' ہے۔

جس طرح علم حدیث روایت کرنے میں چند ''صحابہ کرام رضی اللہ عنہم'' اور بعد میں آنے والے وقتوں میں' چند محدثین زیادہ مشہور ہوئے۔

اسی طرح ''علم فقہ'' میں بھی بعض صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو دیگر صحابہ رضی اللہ عنہم کی بہ نسبت' نمایاں اور امتیازی حیثیت حاصل تھی' اور بعد میں آنے والے فقہاء میں' چند ایک کو دوسروں کے مقابلے میں' زیادہ نمایاں مقام حاصل ہوا۔

عرض کی گئی: یعنی ان حضرات کے نمایاں ہونے میں' قدرت کی ''ازلی حکمت'' کارفرما تھی۔

ارشاد فرمایا: دنیا کا کوئی بھی کام اللہ تعالیٰ کی ''مشیت'' کے بغیر نہیں ہوتا۔ اور اس کی ''مشیت'' ''حکمت'' سے خالی نہیں ہوتی۔

تابعین اور تبع تابعین کے طبقے میں' بلکہ ان کے بعد آنے والوں میں بھی' علم فقہ کے بڑے بڑے جلیل القدر ماہرین گزرے ہیں' لیکن امت میں چار حضرات کو زیادہ مقبولیت نصیب ہوئی' اور ان چاروں کو ''علم فقہ'' میں اہل سنت کا پیشوا ومقتداء تسلیم کیا جاتا ہے

عرف عام میں انہیں ''ائمہ اربعہ'' کہا جاتا ہے۔ وہ چار حضرات یہ ہیں:

امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ:

آپ کا اسم گرامی نعمان بن ثابت ہے۔ کوفہ کے رہنے والے تھے۔ چاروں ائمہ میں سے صرف آپ کو ''تابعی'' ہونے کا شرف حاصل ہے۔

اُمتِ محمدیہ کی ایک بڑی تعداد امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کی بیان کردہ فقہی تحقیقات کی پیروکار ہے۔

امام مالک رحمۃ اللہ علیہ:

آپ کو ''امام دارالہجرۃ'' کہا جاتا ہے۔ مدینہ منورہ سے تعلق تھا۔ آپ عمر میں امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ سے کم وبیش 17 برس چھوٹے ہیں۔ آپ کی کتاب ''مؤطا امام مالک'' علم حدیث کا قدیم اور بنیادی مآخذ ہے۔ امام محمد بن حسن شیبانی رحمۃ اللہ علیہ (مؤطا امام محمد کے ناقل ومؤلف) اور امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ آپ کے فیض یافتگان کی صف میں شامل ہیں۔

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ:

آپ کو ''ناصر السنۃ النبویہ'' کا خطاب دیا گیا۔ علم حدیث وفقہ کے جامع تھے۔ آپ کا سوانحی خاکہ آئندہ صفحات میں مذکور ہے۔ دنیا بھر میں ''احناف'' کے بعد عددی اعتبار سے سب سے زیادہ پیروکار امام شافعی کے ہیں۔

امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ:

آپ امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کے براہِ راست شاگرد ہیں جبکہ امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ اور امام مالک رحمۃ اللہ علیہ کے بالواسطہ شاگرد ہیں۔ علم حدیث میں آپ کی تصنیف ''مسند امام احمد بن حنبل'' بنیادی مآخذ سمجھی جاتی ہے جبکہ ''صحاح ستہ'' کے تمام مؤلفین آپ کے تلامذہ کی صف میں شامل ہیں۔ آپ کے فضائل ومناقب بے شمار ہیں۔ آج کے زمانے میں مملکت سعودیہ عربیہ کا ریاستی قانون فقہ حنبلی پر مشتمل ہے جو ہمارے ان نادان دوستوں کے لیے ایک بڑا سوالیہ نشان ہے جن کے نزدیک کسی بھی امام کی تقلید ''شرک فی الرسالت'' شمار ہوتی ہے۔

''ائمہ اربعہ'' کے اس اجمالی تعارف کو ہم اعلیٰ حضرت احمد رضا خان محدث بریلوی علیہ الرحمۃ کے شہرۂ آفاق ''سلام'' کے اس شعر پر ختم کرتے ہیں۔

شافعی ' مالک ' احمد ' امام حنیف
چار باغ اُمت پہ لاکھوں سلام

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ

نام و نسب: محمد بن ادریس بن عباس بن عثمان بن شافع (جن کی نسبت سے امام صاحب ''شافعی'' کہلاتے ہیں) بن سائب بن عبید بن عبد یزید بن ہاشم بن مطلب بن عبد مناف۔

''عبد مناف'' پہ جا کر امام شافعی رحمہ اللہ کا سلسلہ نسب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے مل جاتا ہے۔ یہ ''عبد مناف'' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ''دادا'' جناب ''عبد المطلب'' کے ''دادا'' ہیں اور جناب ''ہاشم'' کے والد ہیں یعنی امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ قبیلہ ''قریش'' سے تعلق رکھتے ہیں۔

امام شافعی رحمہ اللہ کے اجداد میں ''سائب بن عبید'' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابی ہیں جبکہ ان کے صاحبزادے ''شافع'' کم سن (بچے) صحابہ کرام رضی اللہ عنہم میں شمار کیے جاتے ہیں۔

پیدائش: امام شافعی رحمہ اللہ 750 ہجری میں غزہ، فلسطین میں پیدا ہوئے۔ اسی برس امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کا انتقال ہوا تھا۔

امام شافعی رحمہ اللہ کے مزید حالات کیلئے ملاحظہ ہو

سیر اعلام النبلاء 5/10' التاریخ الکبیر 42/1' التاریخ الصغیر 302/2' الجرح و التعدیل 201/7' حلیة الاولیاء 161/9' الفہرست 263' تاریخ بغداد 56/2' طبقات فقہاء 48' طبقات حنابلہ 280/1' الانساب 251/7' تاریخ ابن عساکر 395/14' صفة الصفوة 95/2' معجم الادباء 281/17' تہذیب الاسماء واللغات 44/1' وفیات الاعیان 163/4' تہذیب الکمال 1160' تذہیب التہذیب 180' تاریخ اسلام 29/11' تذکرة الحفاظ 361/1' الکاشف 170/3' الوافی بالوفیات 171/2' البدایة والنہایة 251/10' شذرات الذہب 9/2

(نوٹ امام شافعی رحمہ اللہ کے سوانحی ماخذ کے مذکورہ بالا حوالہ جات کی نشاندہی ''سیر اعلام النبلاء'' کے محقق نے کی ہے۔ ہم نے من وعن انہیں یہاں نقل کردیا ہے۔ جہانگیر)

ڈاکٹر ماہر یاسین الفحل نے درج ذیل کتب کی نشاندہی کی ہے جو ''امام شافعی رحمہ اللہ'' کی سیرت پر لکھی گئی ہیں۔

(۱) آداب الشافعی و مناقبہ لعبد الرحمن بن ابی حاتم الرازی (ت ۳۲۷ ھ)

(۲) مناقب الشافعی لابی بکر احمد بن الحسین البیہقی (ت ۴۵۸ ھ).

(۳) مناقب الامام الشافعی لفخر الدین الرازی (ت ۶۰۶ ھ)

(۴) مناقب الامام الشافعی لعماد الدین ابی الفداء اسماعیل بن عمر بن کثیر (ت ۷۷۴ ھ)

(۵) توالی التاسیس لمعالی محمد بن ادریس لابن حجر العسقلانی (ت ۸۵۲ ھ).

(نوٹ ڈاکٹر ماہر یاسین نے امام شافعی کی سیرت پر لکھی جانے والی ایک اہم کتاب کا تذکرہ نہیں کیا' وہ مصر کے مشہور محقق استاد ابوزہرہ کی تصنیف ہے۔ اور اس کا اردو ترجمہ بھی دستیاب ہے۔ جہانگیر)

نشوونما: امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کے والد ادریس بن عباس تنگ دست شخص تھے۔ وہ مکہ مکرمہ کے رہنے والے تھے' تلاش معاش میں پہلے مدینہ منورہ آئے۔ پھر وہاں سے شام سے ہوتے ہوئے فلسطین چلے گئے' جہاں امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کی پیدائش ہوئی۔

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ جب دو برس کے تھے تو ان کے والد کا انتقال ہو گیا۔

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کی والدہ اپنے کمسن صاحبزادے کو ساتھ لے کر واپس ''مکہ مکرمہ'' آ گئیں۔

مکہ مکرمہ میں امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے قرآن مجید حفظ کرنے کا آغاز کیا۔ 7 برس کی عمر تک وہ حفظ قرآن مکمل کر چکے تھے۔ امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کا ''لحن'' (قرأت کا لہجہ) بہت اثر انگیز تھا۔

کلاسیکی عربی زبان وادب پر عبور حاصل کرنے کیلئے امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے ایک طویل عرصہ ''قبیلہ ہذیل'' کے افراد کے ساتھ گزارا' جن کی زبان سب سے زیادہ فصیح اور خارجی اثرات سے پاک سمجھی جاتی تھی۔ اس قیام کے دوران انہوں نے گھڑسواری اور تیراندازی میں بھی مہارت حاصل کی۔

طلب علم: علم کے حصول کیلئے امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے مختلف بلاد وامصار کا سفر کیا۔ مکہ مکرمہ میں حصول علم سے فراغت کے بعد آپ مدینہ منورہ آئے جہاں امام دارالہجرۃ امام مالک رحمۃ اللہ علیہ سے ''موطا'' کا درس لیا بلکہ آپ نے ''موطا امام مالک'' کو حفظ کر لیا۔

اس کے بعد آپ عراق چلے گئے' جہاں امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ اور امام مالک رحمۃ اللہ علیہ کے شاگرد رشید امام محمد بن حسن شیبانی رحمۃ اللہ علیہ سے علم حدیث وفقہ ولغت میں استفادہ کیا۔

اساتذہ کرام: امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کے اساتذہ میں امام مالک رحمۃ اللہ علیہ' امام محمد بن حسن شیبانی رحمۃ اللہ علیہ' ابراہیم بن سعد رحمۃ اللہ علیہ' سفیان بن عیینہ رحمۃ اللہ علیہ' داؤد بن عبدالرحمان رحمۃ اللہ علیہ' عبدالعزیز بن محمد دراوردی رحمۃ اللہ علیہ' مسلم بن خالد زنجی رحمۃ اللہ علیہ' ابراہیم بن ابویحییٰ رحمۃ اللہ علیہ جیسے اساطین اہل علم شامل ہیں۔

تلامذہ کرام: امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ سے استفادہ کرنے والوں میں (امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ کے استاد اور مسند حمیدی کے مؤلف) عبداللہ بن زبیر حمیدی رحمۃ اللہ علیہ' ابوعبید قاسم بن سلام رحمۃ اللہ علیہ' ابوثور رحمۃ اللہ علیہ' حرملہ بن یحییٰ رحمۃ اللہ علیہ' احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ' اسحاق بن راہویہ رحمۃ اللہ علیہ جیسے اکابرین شامل ہیں۔

تصانیف: امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کی تصانیف درج ذیل ہیں۔

(i) کتاب الام: یہ امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کی سب سے ضخیم اور سب سے زیادہ مشہور تصنیف ہے۔

(ii) ''السنن الماثورۃ'': اس کتاب کے راوی مشہور حنفی فقیہہ امام ابوجعفر طحاوی رحمۃ اللہ علیہ ہیں۔ انہوں نے اپنے ماموں ''امام مزنی رحمۃ اللہ علیہ'' سے اس کتاب کو روایت کیا جو امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کے شاگرد رشید ہیں۔

(iii) الرسالہ: یہ امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کی مختصر تصنیف ہے' جس کا بنیادی موضوع ''اصول فقہ'' ہے۔

(iv) ''مسند شافعی'': اس کا تعارف آئندہ صفحات میں آ رہا ہے۔

وصال: ربیع بیان کرتے ہیں' امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے رجب المرجب کی آخری تاریخ کو شب جمعہ میں' عشاء کی نماز کے بعد انتقال کیا۔ اور ہم نے انہیں جمعہ کے دن دفن کیا۔ یہ 204 ہجری کی بات ہے۔

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کا مزار مبارک ''مصر'' کے شہر ''قاہرہ'' میں قبلۂ حاجات خلائق ہے۔

مسند شافعی

''مسند شافعی'' امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کی باقاعدہ تصنیف نہیں ہے۔

•••——•••——•••

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کے شاگرد رشید ''ربیع بن سلیمان مراوی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنے استاد ''امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ'' سے سنی ہوئی احادیث اپنے شاگردوں کے سامنے بیان کی تھیں۔

•••——•••——•••

ربیع بن سلیمان مراوی کے ایک شاگرد ابوالعباس محمد بن یعقوب الاصم نے ''مراوی'' سے سنی ہوئی احادیث کو مرتب کیا۔

•••——•••——•••

8ویں صدی ہجری سے تعلق رکھنے والے امیر ابوسعید سنجر بن عبداللہ الناصری (متوفی:745) نے اسے فقہی ابواب پر مرتب کیا اور امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کی تصانیف میں ''اصل ماخذ'' کے حوالے کی نشاندہی کی۔

•••——•••——•••

ہمارے زمانے میں ڈاکٹر ماہر یاسین الفحل نامی ایک عراقی محقق نے مزید تحقیق وتخریج وتعلیقات کے ہمراہ اس کے حسن کو چار چاند لگا دیئے۔

•••——•••——•••

''مسند شافعی'' کا جونسخہ اس وقت ہمارے سامنے موجود ہے۔ یہ 1425 ہجری بمطابق 2004 عیسوی میں ''غراس'' للنشر والتوزیع' کویت سے شائع ہوا۔

•••——•••——•••

سرورق پر یہ بات تحریر کی گئی ہے یہ مخطوطہ پہلی مرتبہ شائع ہو رہا ہے۔

•••——•••——•••

سرورق پر یہ بات بھی تحریر کی گئی ہے اس نسخے کے مرتب امیر ابوسعید سنجر بن عبداللہ الناصری (متوفی:745) ہیں اور اس کی نصوص کی تحقیق' احادیث کی تخریج اور تعلیق نگاری' ڈاکٹر ماہر یاسین الفحل نامی محقق نے کی ہے۔ مقدمے کو پڑھ کر پتہ چلتا ہے کہ یہ محقق ''عراق'' کے رہنے والے ہیں۔

ڈاکٹر ماہر یاسین الفحل نے کم وبیش 120 صفحات پر مشتمل تفصیلی مقدمہ تحریر کیا ہے جس میں علم حدیث امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ مسند شافعی اوراس کے مرتب کے بارے میں قابل قدر معلومات فراہم کی ہیں۔

•••——•••——•••

ڈاکٹر ماہر یاسین الفحل نے کتاب کو 4 اجزاء میں تقسیم کیا ہے۔ہم نے اپنے اس ترجمے میں ڈاکٹر ماہر یاسین الفحل کی ترتیب و تقسیم کو برقرار رکھا ہے۔

•••——•••——•••

ڈاکٹر صاحب موصوف نے کتاب کے آخر میں 200 صفحات کے لگ بھگ صفحات پر مشتمل مختلف معلوماتی فہارس مرتب کی ہیں جن میں ضروری فہارس کو ہم نے بھی اس ترجمے میں شامل کیا ہے۔اوراس میں بعض اضافہ جات کیے ہیں۔

•••——•••——•••

ڈاکٹر صاحب موصوف نے کتاب کے آخر میں 351 کتابوں کی فہرست ''ماخذ ومراجع'' کے عنوان کے تحت دی ہے۔یہ وہ کتابیں ہیں جن کی مدد سے ڈاکٹر صاحب نے مقدمہ تحریر کیا۔احادیث کی تخریج کی تعلیقات تحریر کی ہیں۔

•••——•••——•••

یہاں اس بات کی وضاحت ضروری ہے کہ ''مسند شافعی'' کا جو ترجمہ آپ کے ہاتھوں میں اس کی تخریج مترجم نے نہیں کی یہ ڈاکٹر ماہر یاسین الفحل کی تحقیق ہے جو''انداز بیاں'' کے فرق کے ساتھ ہم نے نقل کر دی ہے۔تاہم یہ تخریج ہم نے مکمل طور پر نقل نہیں کی۔ورنہ کتاب کا حجم زیادہ ہو جاتا۔

•••——•••——•••

اب جب یہ کتاب پریس میں جانے کیلئے بالکل تیار ہے تو ہمیں خیال آ رہا ہے چند ایک مختصر سی تعلیقات ہمیں بھی تحریر کر دینی چاہئے تھیں۔

ان حسرتوں سے کہہ دو ! کہیں اور جا بسیں
اتنی جگہ کہاں ہے ' دلِ داغدار میں

كِتَابُ الطَّهَارَةِ

طہارت کا بیان

باب : في ماء البحر

باب 1 : سمندر کا پانی

1 - اَخْبَرَنَا مَالِكُ بْنُ اَنَسٍ، عَنْ صَفْوَانَ بْنِ سُلَيْمٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ سَلَمَةَ، رَجُلٍ مِنْ الِ ابْنِ الْاَزْرَقِ، اَنَّ الْمُغِيْرَةَ بْنَ اَبِىْ بُرْدَةَ وَهُوَ مِنْ بَنِىْ عَبْدِ الدَّارِ، اَخْبَرَهُ، اَنَّهُ سَمِعَ اَبَا هُرَيْرَةَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ، يَقُوْلُ : سَاَلَ رَجُلٌ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ : يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اِنَّا نَرْكَبُ الْبَحْرَ وَنَحْمِلُ مَعَنَا الْقَلِيْلَ مِنَ الْمَاءِ، فَاِنْ تَوَضَّاْنَا بِهِ عَطِشْنَا، اَفَنَتَوَضَّاُ بِمَاءِ الْبَحْرِ؟ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : هُوَ الطَّهُوْرُ مَاؤُهُ، الْحِلُّ مَيْتَتُهُ .

✦✦ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں ایک شخص نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کیا اس نے عرض کی: یارسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم)! ہم سمندری سفر پر جاتے ہیں۔ ہم اپنے ساتھ تھوڑا سا پانی لے کر جاتے ہیں۔ اگر ہم اس کے ہمراہ وضو کرلیں تو ہم پیاسے رہ جائیں گے۔ کیا ہم سمندر کے پانی سے وضو کرلیا کریں؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اس کا پانی پاک ہے اور اس کا مردار حلال ہے۔

اخرجه من كتاب الوضوء ' وهو اوّل حديث في المسند

اس حدیث کو انہوں نے ''کتاب الوضوء'' کے اندر نقل کیا ہے اور یہ ''مسند'' کی سب سے پہلی حدیث ہے۔

حدیث نمبر 1

اصبحی' ابوعبداللہ مالک بن انس' 'الموطا' بروایت امام محمد بن حسن شیبانی (موطا امام محمد) تحقیق عبدالوہاب عبداللطیف' المکتبۃ العلمیہ — 46

اصبحی' ابوعبداللہ مالک بن انس' 'الموطا' بروایت یحییٰ بن یحییٰ اندلسی' تحقیق' بشار عواد معروف' دارالغرب الاسلامی بیروت' لبنان (طبع اول) 1996ء — 45

شیبانی' امام احمد بن محمد بن حنبل' ''المسند'' المطبعۃ المیمنیہ' مصر — 237/2

دارمی' امام ابومحمد عبداللہ بن عبدالرحمٰن' ''السنن'' تحقیق: عبداللہ ہاشم یمانی' دارالمحاسن قاہرہ' 1966ء — 135

سجستانی' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث' ''السنن'' داراحیاء التراث العربی بیروت' لبنان — 83

قزوینی' امام محمد بن یزید ابن ماجہ' ''السنن'' تحقیق' بشار عواد معروف' دارالجیل بیروت' 1998ء — 386

ترمذی' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ' ''الجامع الکبیر'' تحقیق: ڈاکٹر بشار عواد معروف' دارالغرب الاسلامی بیروت 1996ء — 69

نسائی' امام احمد بن شعیب' ''المجتبیٰ من السنن'' دارالحدیث' قاہرہ' مصر' 1407ھ-1987ء — 50/1

شیبانی' امام احمد بن محمد بن حنبل' ''المسند'' المطبعۃ المیمنیہ' مصر — 140/1

باب : في ماء البئر

باب 2: کنویں کا پانی

2 - اَخْبَرَنَا الثِّقَةُ، عَنِ ابْنِ اَبِیْ ذِئْبٍ، عَنِ الثِّقَةِ، عِنْدَهُ، عَمَّنْ حَدَّثَهُ اَوْ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْعَدَوِيِّ، عَنْ اَبِیْ سَعِيْدِ الْخُدْرِيِّ، اَنَّ رَجُلاً سَاَلَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ : اِنَّ بِئْرَ بُضَاعَةَ تُطْرَحُ فِيْهَا الْكِلَابُ وَالْحِيَضُ، فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : اِنَّ الْمَاءَ لَا يُنَجِّسُهُ شَیْءٌ ۔

✧✧ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' ایک شخص نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کیا اس نے عرض کی ''بضاعہ'' کے کنویں میں (مردار) کتے ڈالے جاتے ہیں اور حیض (کے کپڑے) ڈالے جاتے ہیں؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: پانی کو کوئی چیز ناپاک نہیں کرتی۔

اخرجه من كتاب اختلاف الحديث

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے اس روایت کو حدیث ''کتاب اختلاف الحدیث'' میں نقل کیا ہے۔

باب : في الماء الدائم

باب 3: ٹھہرا ہوا پانی

3 - اَخْبَرَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ اَبِی الزِّنَادِ، عَنْ مُوْسَى بْنِ اَبِیْ عُثْمَانَ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ رَضِیَ اللّٰهُ

حدیث نمبر 2:

شیبانی' امام احمد بن محمد بن حنبل'' ''المسند'' المطبعة الميمنية' مصر' 31/3

سجستانی' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث'' ''السنن'' [illegible] التراث العربی' بیروت لبنان 66

ترمذی' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ'' ''الجامع الکبیر'' تحقیق [illegible] دار الغرب الاسلامی' بیروت 1996ء 66

نسائی' امام احمد بن شعیب'' ''المجتبیٰ من السنن'' دار الحدیث' قاہرہ' مصر 1407ھ-1987ء 174/1

حدیث نمبر 3:

حمیدی' امام ابوبکر عبداللہ بن زبیر'' ''المسند'' عالم الکتب' بیروت' مکتبۃ المتنبی' قاہرہ' مصر 969

نسائی' امام احمد بن شعیب'' ''المجتبیٰ من السنن'' دار الحدیث' قاہرہ' مصر 1407ھ-1987ء 125/1

شیبانی' امام احمد بن محمد بن حنبل'' ''المسند'' المطبعة الميمنية' مصر 294/2

نیشاپوری' امام مسلم بن حجاج'' ''الجامع الصحیح'' تحقیق وترقیم فواد عبدالباقی' دار الحدیث' قاہرہ' مصر 162/1

ترمذی' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ'' ''الجامع الکبیر'' تحقیق: ڈاکٹر بشار عواد معروف' دار الغرب الاسلامی' بیروت 1996ء 68

نیشاپوری' امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ'' ''الصحیح'' شرکۃ الطباعۃ العربیہ' ریاض' الطبعۃ الثانیہ 1981ء 66

دارمی' امام ابومحمد عبداللہ بن عبدالرحمن'' ''السنن'' تحقیق: عبداللہ ہاشم یمانی' دار المحاسن' قاہرہ 1966ء 730

سجستانی' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث'' ''السنن'' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان 69

بخاری' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل'' ''الجامع الصحیح'' (رقم الحدیث من فتح الباری) 98/1

منہُ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ، قَالَ : لَا یَبُوْلَنَّ اَحَدُکُمْ فِی الْمَاءِ الدَّائِمِ ثُمَّ یَغْتَسِلُ مِنْہُ ۔

✤ ✤ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: کوئی بھی شخص ٹھہرے ہوئے پانی میں ہرگز پیشاب نہ کرے پھر وہ اسی سے غسل کرے گا۔

اس حدیث کو امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے کتاب ''اختلاف الحدیث'' میں نقل کیا ہے۔

باب : فی القلتین

باب 4: دو قلے

4 - اَنْبَانَا الثِّقَۃُ، عَنِ الْوَلِیْدِ بْنِ کَثِیْرٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبَّادِ بْنِ جَعْفَرٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ عُمَرَ، عن اَبِیْہِ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ : اِذَا کَانَ الْمَاءُ قُلَّتَیْنِ لَمْ یَحْمِلْ نَجَسًا اَوْ خَبَثًا ۔

✤ ✤ حضرت عبداللہ بن عبداللہ رضی اللہ عنہ اپنے والد (حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ) کا یہ بیان نقل کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ ارشاد فرمایا ہے: پانی دو قلے ہو جائے تو وہ نجاست نہیں اٹھاتا۔ (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں:) خباثت نہیں اٹھاتا (یعنی ناپاک نہیں ہوتا)۔

5 - اَخْبَرَنَا مُسْلِمُ بْنُ خَالِدٍ، عَنِ ابْنِ جُرَیْجٍ، بِاِسْنَادٍ لَا یَحْضُرُنِیْ ذِکْرُہُ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ، قَالَ : اِذَا کَانَ الْمَاءُ قُلَّتَیْنِ لَمْ یَحْمِلْ نَجَسًا وَّفِیْ ھٰذَا الْحَدِیْثُ بِقِلَالِ ھَجَرَ، قَالَ ابْنُ جُرَیْجٍ : وَقَدْ رَاَیْتُ قِلَالَ ھَجَرَ، فَالْقُلَّۃُ تَسَعُ قِرْبَتَیْنِ، اَوْ قِرْبَتَیْنِ وَشَیْئًا

✤ ✤ ابن جریج نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں' پانی دو قلے ہو جائے تو وہ نجس نہیں ہوتا۔

اس روایت میں لفظ ''ہجر'' کے مٹکے ہے۔

ابن جریج کہتے ہیں میں نے ہجر کے مٹکے دیکھے ہیں۔

حدیث نمبر 4

شیبانی' امام احمد بن محمد بن حنبل'' المسند'' المطبعۃ المیمنیہ' مصر	12/2
دارمی' امام ابومحمد عبداللہ بن عبدالرحمن'' السنن'' تحقیق: عبداللہ ہاشم یمانی' دارالمحاسن' قاہرہ 1966ء	737
سجستانی' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث'' السنن'' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان	63
قزوینی' امام محمد بن یزید ابن ماجہ'' السنن'' تحقیق: بشار عواد معروف' دارالجیل' بیروت 1998ء	517
ترمذی' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ'' الجامع الکبیر'' تحقیق: ڈاکٹر بشار عواد معروف' دارالغرب الاسلامی' بیروت 1996ء	67
نسائی' امام احمد بن شعیب'' المجتبیٰ من السنن'' دارالحدیث' قاہرہ' مصر 1407ھ-1987ء	46/1
نیشاپوری' امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ'' الصحیح'' شرکۃ الطباعۃ العربیۃ' ریاض' الطبعۃ الثانیۃ 1981ء	92
تمیمی' امام ابوحاتم محمد بن حبان'' صحیح ابن حبان'' دارالفکر' بیروت' طبع اول 1996ء	1249
نیشاپوری' امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم'' المستدرک'' مکتبۃ المطبوعات الاسلامیۃ' حلب' طبع بیروت	132/1

ایک قلہ' دو مشکیزوں جتنا ہوتا ہے یا ان سے کچھ زیادہ ہوتا ہے۔

اخرج الاوّل من كتاب الوضوء والثانی من كتاب اختلاف الحديث

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے پہلی روایت کو ''کتاب الوضو'' کے آغاز میں نقل کیا ہے اور دوسری روایت کو کتاب ''اختلاف الحدیث'' میں نقل کیا ہے اور یہ اس میں موجود آخری روایت ہے۔

باب : فی سؤر الحمر والسباع

باب 5: گدھوں اور درندوں کا جوٹھا

6 - اَخْبَرَنَا سَعِيْدُ بْنُ سَالِمٍ، عَنِ ابْنِ اَبِىْ حَبِيْبَةَ، اَوِ ابْنِ حَبِيْبَةَ، عَنْ دَاوُدَ بْنِ الْحُصَيْنِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُمَا، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اَنَّهُ سُئِلَ : اَنَتَوَضَّاُ بِمَا اَفْضَلَتِ الْحُمُرُ؟ قَالَ : نَعَمْ، وَبِمَا اَفْضَلَتِ السِّبَاعُ كُلُّهَا

✧✧ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کیا گیا' کیا ہم گدھوں کے جھوٹے پانی سے وضو کر لیا کریں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ہاں اور ہر درندے کے جھوٹے پانی سے (تم وضو کر سکتے ہو)۔

اخرجه من كتاب الوضوء

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے اس روایت کو ''کتاب الوضو'' میں نقل کیا ہے۔

باب : فی سؤر الهرة

باب 6: بلی کا جوٹھا

7 - اَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ اِسْحَاقَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ حُمَيْدَةَ بِنْتِ عُبَيْدِ بْنِ رِفَاعَةَ، عَنْ كَبْشَةَ بِنْتِ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ، وَكَانَتْ تَحْتَ ابْنِ اَبِىْ قَتَادَةَ، اَوْ اَبِىْ قَتَادَةَ، الشَّكُّ مِنَ الرَّبِيْعِ، اَنَّ اَبَا قَتَادَةَ دَخَلَ فَسَكَبَتْ لَهُ وَضُوْءًا،

حدیث نمبر 7

شیبانی' امام احمد بن محمد بن حنبل'' المسند'' المطبعۃ المیمنیہ' مصر — 303/5

دارمی' امام ابومحمد عبداللہ بن عبدالرحمٰن'' السنن'' تحقیق. عبداللہ ہاشم یمانی' دارالمحاسن' قاہرہ' 1966ء — 742

سجستانی' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث'' السنن'' ، داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان — 75

قزوینی' امام محمد بن یزید ابن ماجہ'' السنن'' تحقیق: بشارعواد معروف' دارالجیل' بیروت' 1998ء — 367

ترمذی' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ'' الجامع الکبیر'' تحقیق: ڈاکٹر بشارعواد معروف' دارالغرب الاسلامی' بیروت 1996ء — 92

نسائی' امام احمد بن شعیب'' المجتبیٰ من السنن'' دارالحدیث' قاہرہ' مصر' 1407ھ-1987ء — 55/1

نیشاپوری' امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ'' الصحیح'' شرکۃ الطباعۃ العربیہ' ریاض' الطبعۃ الثانیہ' 1981ء — 104

تمیمی' امام ابوحاتم محمد بن حبان'' صحیح ابن حبان'' ، دارالفکر' بیروت' طبع اوّل' 1996ء — 1299

نیشاپوری' امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم'' المستدرک'' مکتبہ المطبوعات الاسلامیہ' حلب' طبع بیروت — 159/1

فَجَاءَتْ هِرَّةٌ فَشَرِبَتْ مِنْهُ، قَالَتْ : فَرَآنِی اَنْظُرُ اِلَيْهِ، فَقَالَ : اَتَعْجَبِيْنَ يَا بِنْتَ اَخِیْ، اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ : اِنَّهَا لَيْسَتْ بِنَجَسٍ، اِنَّهَا مِنَ الطَّوَّافِيْنَ عَلَيْكُمْ اَوِ الطَّوَّافَاتِ .

سیدہ کبشہ بنت کعب بن مالک جو حضرت ابوقتادہ کے صاحبزادے کی اہلیہ ہیں (ربیع نامی راوی کو شک ہے) شاید ابوقتادہ کی اہلیہ ہیں وہ بیان کرتی ہیں' حضرت ابوقتادہ اندر تشریف لائے' میں نے ان کے لئے پانی رکھا۔ ایک بلی آئی وہ اس پانی میں سے پینے لگی۔ وہ خاتون بیان کرتی ہیں' حضرت ابوقتادہ نے مجھے دیکھا کہ میں ان کی طرف دیکھ رہی ہوں تو انہوں نے دریافت کیا: اے میری بھتیجی! کیا تم حیران ہو رہی ہو۔ نبی اکرم نے ارشاد فرمایا ہے: یہ ناپاک نہیں ہوتی۔ یہ تمہارے گھر آنے والوں یا آنے والیوں میں شامل ہے۔

اخرجه من كتاب الوضوء

امام شافعی نے اس روایت کو' کتاب الوضوء' میں نقل کیا ہے۔

باب : فی سؤر الكلب

باب 7: کتے کا جھوٹا

8 - اَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ اَبِی الزِّنَادِ، عَنِ الْاَعْرَجِ، عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ : اِذَا شَرِبَ الْكَلْبُ مِنْ اِنَاءِ اَحَدِكُمْ فَلْيَغْسِلْهُ سَبْعَ مَرَّاتٍ .

حضرت ابوہریرہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم نے ارشاد فرمایا ہے: جب کتا تم میں سے کسی ایک کے برتن میں پی لے تو وہ اسے سات مرتبہ دھوئے۔

9 - اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ اَبِی الزِّنَادِ، عَنِ الْاَعْرَجِ، عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ : اِذَا وَلَغَ الْكَلْبُ فِیْ اِنَاءِ اَحَدِكُمْ فَلْيَغْسِلْهُ سَبْعَ مَرَّاتٍ

حضرت ابوہریرہ نبی اکرم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں' جب کتا کسی شخص کے برتن میں منہ ڈال دے تو وہ اسے سات مرتبہ دھوئے۔

10 - اَنْبَانَا ابْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ اَيُّوْبَ بْنِ اَبِیْ تَمِيْمَةَ، عَنِ ابْنِ سِيْرِيْنَ، عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ : اِذَا وَلَغَ الْكَلْبُ فِیْ اِنَاءِ اَحَدِكُمْ فَلْيَغْسِلْهُ سَبْعَ مَرَّاتٍ، اُوْلاهُنَّ اَوْ

حدیث نمبر **8**

شیبانی' امام احمد بن محمد بن حنبل' "المسند" المطبعۃ المیمنیہ' مصر **245/2**

بخاری' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل' "الجامع الصحیح" (رقم الحدیث من فتح الباری) **54/1A**

نیشاپوری' امام مسلم بن حجاج' "الجامع الصحیح" تحقیق و ترقیم فواد عبدالباقی' دارالحدیث قاہرہ' مصر **161/1**

قزوینی' امام محمد بن یزید ابن ماجہ' "السنن" تحقیق بشار عواد معروف' دارالجیل' بیروت **1998**. **364**

نسائی' امام احمد بن شعیب' "المجتبیٰ من السنن" دارالحدیث قاہرہ' مصر **1407**ھ-**1987**. **56/1**

أُخْرَاهُنَّ بِالتُّرَابِ .

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں' جب کتا کسی شخص کے برتن میں منہ ڈال دے تو وہ اسے سات مرتبہ دھوئے۔ پہلی یا آخری مرتبہ مٹی کے ساتھ دھوئے۔

اخرجه الثلاثة الاحاديث من كتاب الوضو .

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے ان تینوں روایات کو ''کتاب الوضو'' میں نقل کیا ہے۔

باب : في فضلة الغسل والوضوء

باب 8: غسل یا وضو کے بچے ہوئے پانی کو استعمال کرنا

11 - اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَآئِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَغْتَسِلُ مِنَ الْقَدَحِ، وَهُوَ الْفَرَقُ، وَكُنْتُ اَغْتَسِلُ اَنَا وَهُوَ مِنْ اِنَاءٍ وَّاحِدٍ .

✧✧ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم بڑے برتن سے غسل کیا کرتے تھے اور میں بھی (آپ کے ساتھ) غسل کرتی تھی۔ میں اور وہ ایک ہی برتن سے غسل کرتے تھے۔

12 - اَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ عَآئِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا، قَالَتْ : كُنْتُ اَغْتَسِلُ اَنَا وَالنَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ اِنَاءٍ وَّاحِدٍ .

✧✧ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' میں اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ایک ہی برتن سے غسل کیا کرتے تھے۔

13 - اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ مُعَاذَةَ الْعَدَوِيَّةِ، عَنْ عَآئِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا، قَالَتْ : كُنْتُ اَغْتَسِلُ اَنَا وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ اِنَاءٍ وَّاحِدٍ، فَرُبَّمَا قُلْتُ لَهُ : اَبْقِ لِي، اَبْقِ لِي

✧✧ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' میں اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ایک ہی برتن میں غسل کیا کرتے تھے۔ بعض اوقات میں ان سے کہتی تھی: میرے لیے بھی باقی رہنے دیں میرے لیے بھی (پانی) باقی رہنے دیں۔

14 - اَخْبَرَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ، عَنْ اَبِي الشَّعْثَاءِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنْ مَيْمُوْنَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا، اَنَّهَا كَانَتْ تَغْتَسِلُ هِيَ وَالنَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ اِنَاءٍ وَّاحِدٍ .

✧✧ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ' سیدہ میمونہ رضی اللہ عنہا کا یہ بیان نقل کرتے ہیں' وہ اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ایک ہی برتن سے غسل کیا

حدیث نمبر **11**

ترمذی' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ''الجامع الکبیر'' تحقیق۔ ڈاکٹر بشار عواد معروف' دار الغرب الاسلامی' بیروت 1996ء — **61**

حمیدی' امام ابوبکر عبداللہ بن زبیر ''المسند'' عالم الکتب' بیروت' مکتبۃ المتنبی' قاہرہ' مصر — **868**

بجستانی' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث ''السنن''، دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان — **73**

نسائی' امام احمد بن شعیب ''المجتبیٰ من السنن'' دار الحدیث' قاہرہ' مصر 1407ھ-1987ء — **177/1**

نیشاپوری' امام مسلم بن حجاج ''الجامع الصحیح'' تحقیق وترقیم۔ فؤاد عبدالباقی' دار الحدیث' قاہرہ' مصر — **178/1**

کرتے تھے۔

15 - اَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا اَنَّهُ كَانَ يَقُوْلُ :اِنَّ الرِّجَالَ وَالنِّسَآءَ كَانُوا يَتَوَضَّؤُونَ فِيْ زَمَانِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَمِيْعًا .

✦✦ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ اقدس میں مرد اور عورتیں (یعنی میاں بیوی) ایک ساتھ وضو کر لیتے تھے۔

اخرج الخمسة الاحاديث من كتاب الوضوء

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے ان پانچوں روایات کو' کتاب الوضوء' میں نقل کیا ہے۔

باب منه : في نبع الماء من تحت اصابعه صلى الله عليه وسلم

باب 9: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی انگلیوں سے پانی جاری ہونا

16 - اَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ اِسْحَاقَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ طَلْحَةَ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ : رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَحَانَتْ صَلَاةُ الْعَصْرِ وَالْتَمَسَ النَّاسُ الْوَضُوْءَ فَلَمْ يَجِدُوْهُ، فَاُتِيَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِوَضُوْءٍ، فَوَضَعَ فِيْ ذٰلِكَ الْاِنَاءِ يَدَهُ، وَاَمَرَ النَّاسَ اَنْ يَّتَوَضَّؤُوا مِنْهُ، قَالَ : فَرَاَيْتُ الْمَاءَ يَنْبُعُ مِنْ تَحْتِ اَصَابِعِهِ، فَتَوَضَّاَ النَّاسُ حَتّٰى تَوَضَّؤُوا مِنْ عِنْدِ اٰخِرِهِمْ

✦✦ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' مجھے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالے سے یہ بات یاد ہے' عصر کی نماز کا وقت ہو چکا تھا۔لوگوں نے وضو کے لئے پانی تلاش کیا لیکن وہ انہیں نہیں ملا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں وضو کا پانی لایا گیا۔آپ نے اس برتن میں اپنا دست مبارک رکھا اور لوگوں کو حکم دیا کہ وہ اس سے وضو کرنا شروع کریں۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' میں نے دیکھا کہ پانی آپ کی انگلیوں سے پھوٹ رہا تھا۔تمام لوگوں نے وضو کر لیا یہاں

حدیث نمبر **14**:

حمیدی' امام ابوبکر عبداللہ بن زبیر' 'المسند' 'عالم الکتب' بیروت' مکتبۃ المتنبی' قاہرہ' مصر	159
شیبانی' امام احمد بن محمد بن حنبل' 'المسند' 'المطبعۃ المیمنیۃ' مصر	127/6
دارمی' امام ابومحمد عبداللہ بن عبدالرحمن' 'السنن' 'تحقیق: عبداللہ ہاشم یمانی' دار المحاسن' قاہرہ' 1966ء	755
بخاری' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل' 'الجامع الصحیح' ' (رقم الحدیث من فتح الباری)	72/1
نیشاپوری' امام مسلم بن حجاج' 'الجامع الصحیح' 'تحقیق وترقیم: محمد فؤاد عبدالباقی' دار الحدیث' قاہرہ' مصر	175/1
سجستانی' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث' 'السنن' ' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان	238
نسائی' امام احمد بن شعیب' 'المجتبی من السنن' دار الحدیث' قاہرہ' مصر 1407ھ-1987ء	57/1
حمیدی' امام ابوبکر عبداللہ بن زبیر' 'المسند' ' عالم الکتب' بیروت' مکتبۃ المتنبی' قاہرہ' مصر	168
نیشاپوری' امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ' 'الصحیح' ' شرکۃ الطباعۃ العربیۃ' ریاض' الطبعۃ الثانیۃ 1981ء	236
تمیمی' امام ابوحاتم محمد بن حبان' 'صحیح ابن حبان' ' دار الفکر' بیروت' طبع اول 1996ء	1108

تک کہ وہاں پر موجود آخری شخص نے بھی وضو کرلیا۔

اخرجه من كتاب الوضوء

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے اس روایت کو ''کتاب الوضو'' میں نقل کیا ہے۔

باب : فی جلود المیتة

باب 10: مردار کی کھال

17 - اَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا، اَنَّهٗ قَالَ: مَرَّ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِشَاةٍ مَيِّتَةٍ قَدْ كَانَ اَعْطَاهَا مَوْلَاةً لِمَيْمُوْنَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ،

حدیث نمبر **16**:

حمیدی امام ابوبکر عبداللہ بن زبیر ''المسند'' عالم الکتب بیروت مکتبۃ المتنبی قاہرہ مصر **309**

شیبانی امام احمد بن محمد بن حنبل ''المسند'' المطبعۃ المیمنیہ مصر **329/6**

نیشاپوری امام مسلم بن حجاج ''الجامع الصحیح'' تحقیق وترقیم: فؤاد عبدالباقی دارالحدیث قاہرہ مصر **176/1**

قزوینی امام محمد بن یزید ابن ماجہ ''السنن'' تحقیق: بشار عواد معروف دارالجیل بیروت **1998**ء **377**

ترمذی امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ''الجامع الکبیر'' تحقیق: ڈاکٹر بشار عواد معروف دارالغرب الاسلامی بیروت **1996**ء **62**

نسائی امام احمد بن شعیب ''المجتبیٰ من السنن'' دارالحدیث قاہرہ مصر **1407**ھ-**1987**ء **129/1**

اصبحی ابوعبداللہ مالک بن انس ''المؤطا'' بروایت امام محمد بن حسن شیبانی (مؤطا امام محمد) تحقیق: عبدالوہاب عبداللطیف المکتبۃ العلمیہ **35**

بخاری امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل ''الجامع الصحیح'' (رقم الحدیث من فتح الباری) **60/1**

سجستانی امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث ''السنن'' داراحیاء التراث العربی بیروت لبنان **79**

نیشاپوری امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ ''الصحیح'' شرکۃ الطباعۃ العربیہ ریاض الطبعۃ الثانیہ **1981**ء **120**

تمیمی امام ابوحاتم محمد بن حبان ''صحیح ابن حبان'' دارالفکر بیروت طبع اوّل **1996**ء **1265**

حدیث نمبر **17**:

شیبانی امام احمد بن محمد بن حنبل ''المسند'' المطبعۃ المیمنیہ مصر **106/3**

بخاری امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل ''الجامع الصحیح'' (رقم الحدیث من فتح الباری) **54/1**

نیشاپوری امام مسلم بن حجاج ''الجامع الصحیح'' تحقیق وترقیم: فؤاد عبدالباقی دارالحدیث قاہرہ مصر **59/7**

ترمذی امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ''الجامع الکبیر'' تحقیق: ڈاکٹر بشار عواد معروف دارالغرب الاسلامی بیروت **1996**ء **3631**

نسائی امام احمد بن شعیب ''المجتبیٰ من السنن'' دارالحدیث قاہرہ مصر **1407**ھ-**1987**ء **60/1**

تمیمی امام ابوحاتم محمد بن حبان ''صحیح ابن حبان'' دارالفکر بیروت طبع اوّل **1996**ء **6539**

اصبحی ابوعبداللہ مالک بن انس ''المؤطا'' بروایت یحییٰ بن یحییٰ اندلسی تحقیق: بشار عواد معروف دارالغرب الاسلامی بیروت لبنان (طبع اوّل) **1996**ء **1436**

حمیدی امام ابوبکر عبداللہ بن زبیر ''المسند'' عالم الکتب بیروت مکتبۃ المتنبی قاہرہ مصر **491**

دارمی امام ابومحمد عبداللہ بن عبدالرحمٰن ''السنن'' تحقیق: عبداللہ ہاشم یمانی دارالمحاسن قاہرہ **1966**ء **1988**

سجستانی امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث ''السنن'' داراحیاء التراث العربی بیروت لبنان **4120**

قَالَ : فَهَلَّا انْتَفَعْتُمْ بِجِلْدِهَا؟ قَالُوْا : يَا رَسُوْلَ اللهِ، اِنَّهَا مَيْتَةٌ، قَالَ : اِنَّمَا حَرُمَ اَكْلُهَا .

✦✦ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ایک مردار بکری کے پاس سے گزرے جو آپ نے سیّدہ میمونہ رضی اللہ عنہا کی کنیز کو عطا کی تھی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: تم اس کی کھال کیوں نہیں استعمال کرتے؟ لوگوں نے عرض کیا یارسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم)! یہ مردار ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اسے کھانا حرام ہے۔

18 - اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ، اَنَّهُ سَمِعَ ابْنَ وَعْلَةَ، سَمِعَ ابْنَ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا، سَمِعَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ : اَيُّمَا اِهَابٍ دُبِغَ فَقَدْ طَهُرَ .

✦✦ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے: جس بھی کھال کی دباغت کرلی جائے وہ پاک ہوجاتی ہے۔

19 - اَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنِ ابْنِ قُسَيْطٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ ثَوْبَانَ، عَنْ اُمِّهِ، عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَمَرَ اَنْ يُسْتَمْتَعَ بِجُلُوْدِ الْمَيْتَةِ اِذَا دُبِغَتْ .

✦✦ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ ہدایت کی ہے: جب دباغت کرلی جائے تو مردار کی کھال کو استعمال کرلیا جائے۔

اخرج الثلاثة الاحاديث من كتاب الوضوء

ان تینوں روایات کو امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے ''کتاب الوضو'' میں نقل کیا ہے۔

حدیث نمبر **19**:

اصبحی' ابوعبداللہ مالک بن انس' ''المؤطا'' بروایۃ امام محمد بن حسن شیبانی (مؤطا امام محمد) تحقیق: عبدالوہاب عبداللطیف' المکتبۃ العلمیہ	985
حمیدی' امام ابوبکر عبداللہ بن زبیر' ''المسند'' عالم الکتب' بیروت' مکتبۃ المتنبی' قاہرہ' مصر	486
شیبانی' امام احمد بن محمد بن حنبل' ''المسند'' المطبعۃ المیمنیہ' مصر	219/1
دارمی' امام ابومحمد عبداللہ بن عبدالرحمٰن' ''السنن'' تحقیق: عبداللہ ہاشم یمانی' دارالمحاسن' قاہرہ' **1966**ء	1991
نیشاپوری' امام مسلم بن حجاج' ''الجامع الصحیح'' تحقیق و ترقیم: فؤاد عبدالباقی' دارالحدیث' قاہرہ' مصر	191
سجستانی' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث' ''السنن'' داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان	4123
✧✧ طاؤس بیان کرتے ہیں' انہوں نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے عصر کے بعد دونفل ادا کرنے کے بارے میں دریافت کیا تو حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے اس سے منع کر دیا۔ طاؤس کہتے ہیں میں نے ان سے دریافت کیا کہ میں اسے کیوں چھوڑوں؟ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: (اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا ہے)''اور کسی مومن مرد یا مومن عورت کے لئے یہ مناسب نہیں ہے کہ جب اللہ اور اس کا رسول کسی بارے میں فیصلہ کر دیں''۔

اخرج الثلاثة الاحاديث من الجزء الثاني من اختلاف الحديث وهي اوّل ما فيه والرابع من كتاب ايجاب الجمعة والخامس من كتاب الرسالة .

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے پہلی تینوں روایات کو اختلاف الحدیث کے دوسرے جز میں نقل کیا ہے اور یہ اس میں موجود ابتدائی روایات ہیں اور چوتھی روایت کو جمعہ کے وجوب سے متعلق کتاب میں نقل کیا ہے اور پانچویں کو کتاب رسالہ میں نقل کیا ہے۔

حدیث نمبر **157**:

بیہقی' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی' السنن الکبریٰ' دائرۃ المعارف النظامیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' 1344ھ — 464/2

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس'' الام'' دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان — 197/1

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس'' الام'' تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اوّل' 2001ء — 387/2

حدیث نمبر **158**:

دارمی' امام ابومحمد عبداللہ بن عبدالرحمٰن'' السنن'' تحقیق: عبداللہ ہاشم یمانی' دارالمحاسن' قاہرہ' 1966ء — 440

نسائی' امام احمد بن شعیب'' المجتبیٰ من السنن'' دارالحدیث' قاہرہ' مصر' 1407ھ-1987ء — 27/1

صنعانی' امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام'' المصنف'' تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی' دارالقلم' بیروت' 1970ء — 300

طحاوی' امام ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ'' شرح معانی الآثار'' تحقیق: محمد جادالحق' مطبعۃ الانوار المحمدیہ' مصر — 305/1

نیشاپوری' امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم'' المستدرک'' مکتبۃ المطبوعات الاسلامیہ' حلب' طبع بیروت — 110/1

الفارسی' امام امیر ابن بلبان'' الاحسان فی تقریب صحیح ابن حبان'' موسسۃ الرسالہ' بیروت' طبع اوّل' 1988ء — 1220

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس'' الام'' تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اوّل' 2001ء — 205/1

باب صلٰوۃ الرکعتین بعدالعصر

باب 15: عصر کے بعد دو رکعات ادا کرنا

159 - اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ ، عَنِ ابْنِ اَبِي لَبِيدٍ قَالَ : سَمِعْتُ اَبَا سَلَمَةَ بْنَ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ ، يَقُولُ : قَدِمَ مُعَاوِيَةُ بْنُ اَبِي سُفْيَانَ ، الْمَدِينَةَ فَبَيْنَا هُوَ عَلَى الْمِنْبَرِ اِذْ قَالَ : يَا كَثِيرَ بْنَ الصَّلْتِ ، اذْهَبْ اِلَى عَائِشَةَ فَسَلْهَا عَنْ صَلَاةِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعْدَ الْعَصْرِ ، قَالَ اَبُو سَلَمَةَ : فَذَهَبْتُ مَعَهُ اِلَى عَائِشَةَ ، وَبَعَثَ ابْنُ عَبَّاسٍ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ الْحَارِثِ بْنِ نَوْفَلٍ مَعَنَا ، فَقَالَ : اذْهَبْ وَاسْمَعْ مَا تَقُولُهُ اُمُّ الْمُؤْمِنِينَ ، فَاَتَى عَائِشَةَ فَسُئِلَتْ عَنْ ذٰلِكَ فَقَالَتْ لَهُ : اذْهَبْ فَسَلْ اُمَّ سَلَمَةَ ، فَذَهَبْتُ مَعَهُ اِلَى اُمِّ سَلَمَةَ فَسَاَلَهَا ، فَقَالَتْ اُمُّ سَلَمَةَ : دَخَلَ عَلَيَّ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَاتَ يَوْمٍ بَعْدَ الْعَصْرِ فَصَلَّى عِنْدِي رَكْعَتَيْنِ لَمْ اَكُنْ اَرَاهُ يُصَلِّيهِمَا ، قَالَتْ اُمُّ سَلَمَةَ : فَقُلْتُ : يَا رَسُولَ اللّٰهِ ، لَقَدْ صَلَّيْتَ صَلَاةً لَمْ اَكُنْ اَرَاكَ تُصَلِّيهَا ، قَالَ : اِنِّي كُنْتُ اُصَلِّي رَكْعَتَيْنِ بَعْدَ الظُّهْرِ ، وَاِنَّهُ قَدِمَ عَلَيَّ وَفْدُ بَنِي تَمِيمٍ ، اَوْ صَدَقَةٌ فَشَغَلُونِي عَنْهُمَا ، فَهُمَا هَاتَانِ الرَّكْعَتَانِ

✦✦ ابوسلمہ بن عبدالرحمان بیان کرتے ہیں۔ حضرت معاویہ بن ابوسفیان رضی اللہ عنہ مدینہ تشریف لائے۔ وہ منبر پر بیٹھے ہوئے تھے وہ بولے: اے کثیر بن صلت! سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس جاؤ اور ان سے عصر کے بعد نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی نماز کے بارے میں دریافت کرو۔ ابوسلمہ کہتے ہیں میں ان کے ساتھ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کی خدمت میں حاضر ہوا۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے حضرت عبداللہ بن حارث رضی اللہ عنہ کو بھی ہمارے ساتھ بھیج دیا۔ وہ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس آئے اور ان سے اس بارے میں دریافت کیا تو سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے انہیں ہدایت کی' تم جاؤ! اور سیدہ اُمّ سلمہ رضی اللہ عنہا سے دریافت کرو۔ میں ان کے ساتھ سیدہ اُمّ سلمہ رضی اللہ عنہا کی خدمت میں حاضر ہوا اور سیدہ اُمّ سلمہ رضی اللہ عنہا سے اس بارے میں دریافت کیا۔ سیدہ اُمّ سلمہ رضی اللہ عنہا نے بتایا: ایک دن نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم

حدیث نمبر 159

حمیدی' امام ابوبکر عبداللہ بن زبیر' "المسند" عالم الکتب' بیروت' مکتبۃ المتنبی' قاہرہ' مصر	1597
صنعانی' امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام' "المصنف" تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی' دارالقلم' بیروت' 1970ء	1531
شیبانی' امام احمد بن محمد بن حنبل' "المسند" المطبعۃ المیمنیہ' مصر	293/6
الکسی' امام ابومحمد عبد بن حمید بن نصر' "مسند" تحقیق: صبحی سامرائی' محمود خلیل' عالم الکتب' 1988ء	1531
بخاری' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل' "الجامع الصحیح" (رقم الحدیث من فتح الباری)	281/1
نسائی' امام احمد بن شعیب' "السنن الکبریٰ" تحقیق: سلیمان بنداری' سید کسروی' دارالکتب العلمیہ' 1991ء	1557
نیشاپوری' امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ' "الصحیح" شرکۃ الطباعۃ العربیۃ' ریاض' الطبعۃ الثانیۃ' 1981ء	1277
طبرانی' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب' "المعجم الکبیر" تحقیق: احمدی عبدالمجید سلفی' مطبعۃ الزہراء الحدیثۃ' موصل' عراق (طبع ثانی)	213/2
بیہقی' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی' "السنن الکبریٰ" دائرۃ المعارف النظامیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' 1344ھ	7/2
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام" دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان	149/1
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام" تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اوّل' 2001ء	10/10

عصر کے وقت میرے وہاں تشریف لائے آپ نے میرے ہاں دو رکعات ادا کیں جو میں نے آپ پہلے کبھی بھی ادا کرتے ہوئے نہیں دیکھا تھا (میں نے اس پر حیرانگی کا اظہار کیا) تو آپ نے فرمایا: میں نے ظہر کے بعد دو رکعات ادا کرنا ہوتی ہیں۔ بنوتمیم کا وفد (راوی کو شک ہے یا شاید بنوتمیم کا) صدقہ آ گیا تھا تو اس کی وجہ سے میں وہ دو رکعات ادا نہیں کر سکا تھا' یہ وہی دو رکعات ہیں۔

160 - اَخْبَرَنَا سُفْیَانُ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِیْ لَبِیْدٍ، قَالَ : سَمِعْتُ اَبَا سَلَمَةَ، قَالَ : قَدِمَ مُعَاوِیَةُ الْمَدِیْنَةَ فَبَیْنَمَا هُوَ عَلَی الْمِنْبَرِ اِذْ قَالَ : یَا كَثِیْرُ بْنُ الصَّلْتِ، اذْهَبْ اِلٰی عَائِشَةَ اُمِّ الْمُؤْمِنِیْنَ فَسَلْهَا عَنْ صَلَاةِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ الرَّكْعَتَیْنِ بَعْدَ الْعَصْرِ، قَالَ اَبُو سَلَمَةَ : فَذَهَبْتُ مَعَهُ، وَبَعَثَ ابْنُ عَبَّاسٍ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ الْحَارِثِ بْنِ نَوْفَلٍ، فَقَالَ : اذْهَبْ فَاسْمَعْ مَا تَقُوْلُ اُمُّ الْمُؤْمِنِیْنَ، قَالَ : فَجَائَهَا فَسَاَلَهَا، فَقَالَتْ لَهُ عَائِشَةُ : لَا عِلْمَ لِیْ، وَلٰكِنِ اذْهَبْ اِلٰی اُمِّ سَلَمَةَ فَسَلْهَا، قَالَ : فَذَهَبْتُ مَعَهُ اِلٰی اُمِّ سَلَمَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهَا، فَقَالَتْ : دَخَلَ عَلَیَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ ذَاتَ یَوْمٍ بَعْدَ الْعَصْرِ فَصَلّٰی عِنْدِیْ رَكْعَتَیْنِ لَمْ اَكُنْ اَرَاهُ یُصَلِّیْهِمَا فَقُلْتُ : یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، لَقَدْ صَلَّیْتَ صَلَاةً لَمْ اَكُنْ اَرَاكَ تُصَلِّیْهَا، فَقَالَ : اِنِّیْ كُنْتُ اُصَلِّی الرَّكْعَتَیْنِ بَعْدَ الظُّهْرِ وَاِنَّهُ قَدِمَ عَلَیَّ وَفْدُ بَنِیْ تَمِیْمٍ، اَوْ صَدَقَةٌ، فَشَغَلُوْنِیْ عَنْهُمَا، فَهُمَا هَاتَانِ الرَّكْعَتَانِ

✧✧ ابوسلمہ بیان کرتے ہیں' حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ مدینہ تشریف لائے۔ وہ منبر پر بیٹھے ہوئے تھے۔ اسی دوران وہ بولے: کثیر بن الصلت تم امیر المومنین سے سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس جاؤ اور ان سے عصر کے بعد نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی دو رکعت کے بارے میں دریافت کرو۔ ابوسلمہ کہتے ہیں میں ان کے ساتھ گیا۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے حضرت عبداللہ بن حارث بن نوفل رضی اللہ عنہ کو ہمارے ساتھ بھیجا اور بولے: تم جاؤ اور غور سے سننا جو اُمّ المومنین ارشاد فرمائیں گی۔ راوی کہتے ہیں وہ اُمّ المومنین کے پاس آئے۔ انہوں نے سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے اس کے بارے میں دریافت کیا تو سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: مجھے اس بارے میں علم نہیں ہے۔ تم سیّدہ اُمّ سلمہ رضی اللہ عنہا کے پاس جاؤ۔ ان سے دریافت کرو۔ راوی کہتے ہیں میں ان کے ساتھ سیّدہ اُمّ سلمہ رضی اللہ عنہا کے پاس گیا تو انہوں نے بتایا: ایک دن نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم میرے پاس تشریف لائے۔ انہوں نے میرے ہاں دو رکعت ادا کیں۔ میں نے انہیں کبھی یہ دو رکعات ادا کرتے ہوئے نہیں دیکھا تھا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں ظہر کے بعد دو رکعت ادا کرتا ہوں تو آج بنوتمیم کا وفد (یا شاید یہ الفاظ ہیں:) صدقہ میرے پاس آ گیا۔ اس وجہ سے میں یہ دو رکعت ادا نہیں کر سکا۔ یہ وہی دو رکعت ہیں۔

اخرج الاوّل من كتاب العيدين والثانی من الجزء الثانی من اختلاف الحديث .

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے پہلی روایت کو کتاب العیدین میں نقل کیا۔ دوسری روایت کو اختلاف حدیث کے دوسرے جز میں نقل کیا ہے۔

باب فی رکعتی الفجر بعد صلوۃ الصبح

باب 16: صبح کی نماز کے بعد فجر کی دو رکعت

161 - اَخْبَرَنَا سُفْیَانُ، عَنِ ابْنِ قَیْسٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِبْرَاهِیْمَ التَّیْمِیِّ، عَنْ جَدِّهٖ، قَیْسٍ، قَالَ : رَاٰنِیْ رَسُوْلُ

اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَاَنَا اُصَلِّیْ رَکْعَتَیْنِ بَعْدَ الصُّبْحِ، فَقَالَ : مَا ھَاتَانِ یَا قَیْسُ؟ فَقُلْتُ : اِنِّیْ لَمْ اَکُنْ صَلَّیْتُ رَکْعَتَیِ الْفَجْرِ، فَسَکَتَ عَنْہُ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ ۔

✦✦ حضرت قیس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے دیکھا کہ میں صبح کی نماز کے بعد دو رکعت ادا کر رہا تھا۔ آپ نے فرمایا: قیس یہ کون سی دو رکعت ہیں۔ میں نے عرض کی: میں فجر کی ابتدائی دو رکعت (دو سنتیں) ادا نہیں کر سکا تھا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم خاموش رہے۔

اخرجه من الجزء الثانی من اختلاف الحدیث

امام شافعی رحمہ اللہ نے اس روایت کو اختلاف الحدیث کے دوسرے جز میں نقل کیا ہے۔

باب جواز الطواف والصلوٰۃ بمکۃ ای ساعۃ شاء

باب 17: مکہ مکرمہ میں کسی بھی وقت میں طواف کرنا یا نماز ادا کرنا جائز ہے

162 - اَخْبَرَنَا سُفْیَانُ، عَنْ اَبِی الزُّبَیْرِ الْمَکِّیِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ بَابَاہِ، عَنْ جُبَیْرِ بْنِ مُطْعِمٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ،

حدیث نمبر **161**:

صنعانی' امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام' "المصنف" تحقیق: عبدالرحمن اعظمی' دارالقلم بیروت' 1970ء **4016**

حمیدی' امام ابوبکر عبداللہ بن زبیر' "المسند" عالم الکتب' بیروت' مکتبۃ المتنبی' قاہرہ' مصر **3868**

شیبانی' امام احمد بن محمد بن حنبل' "المسند" المطبعۃ المیمنیہ' مصر **447/5**

نیشاپوری' امام مسلم بن حجاج' "الجامع الصحیح" تحقیق و ترقیم فواد عبدالباقی' دارالحدیث' قاہرہ' مصر **1267**

نیشاپوری' امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ "الصحیح" شرکۃ الطباعۃ العربیہ' ریاض' الطبعۃ الثانیہ' 1981ء **1116**

تمیمی' امام ابوحاتم محمد بن حبان' "صحیح ابن حبان" دارالفکر' بیروت' طبع اول' 1996ء **2468**

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام" تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اول' 2001ء **1563**

بخاری' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل' "الجامع الصحیح" (رقم الحدیث من فتح الباری) **474/1**

بیہقی' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی' "السنن الکبری" دائرۃ المعارف النظامیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' 1344ھ **483/2**

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام" دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان **149/1**

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام" تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اول' 2001ء **100/10**

حدیث نمبر **162**:

صنعانی' امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام' "المصنف" تحقیق: عبدالرحمن اعظمی' دارالقلم' بیروت' 1970ء **9004**

حمیدی' امام ابوبکر عبداللہ بن زبیر' "المسند" عالم الکتب' بیروت' مکتبۃ المتنبی' قاہرہ' مصر **561**

شیبانی' امام احمد بن محمد بن حنبل' "المسند" المطبعۃ المیمنیہ' مصر **80/4**

نسائی' امام احمد بن شعیب' "المجتبیٰ من السنن" دارالحدیث' قاہرہ' مصر 1407ھ-1987ء **1894**

قزوینی' امام محمد بن یزید ابن ماجہ' "السنن" تحقیق: بشار عواد معروف' دارالجیل' بیروت' 1998ء **1254**

نیشاپوری' امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ "الصحیح" شرکۃ الطباعۃ العربیہ' ریاض' الطبعۃ الثانیہ' 1981ء **886**

اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ : يَا بَنِيْ عَبْدِ مَنَافٍ، مَنْ وَلِيَ مِنْكُمْ مِنْ اَمْرِ النَّاسِ شَيْئًا فَلا يَمْنَعَنَّ اَحَدًا طَافَ بِهٰذَا الْبَيْتِ وَصَلّٰى اَىَّ سَاعَةٍ شَآءَ مِنْ لَيْلٍ اَوْ نَهَارٍ .

✧✧ عبداللہ بن باباہ حضرت جبیر بن مطعم رضی اللہ عنہ کا یہ بیان نقل کرتے ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اے بنو عبد مناف! تم میں سے جو بھی شخص لوگوں کے معاملے کا نگران بنے تو وہ کسی بھی شخص کو اس بیت اللہ کا طواف کرنے یا نماز ادا کرنے سے ہرگز نہ روکے۔خواہ دن یا رات کا کوئی بھی حصہ ہو۔

163 - اَخْبَرَنَا مُسْلِمُ بْنُ خَالِدٍ، وَعَبْدُ الْمَجِيْدِ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ، اَوْ مِثْلَ مَعْنَاهُ لَا يُخَالِفُهُ، وَزَادَ عَطَاءٌ : يَا بَنِيْ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ، اَوْ يَا بَنِيْ هَاشِمٍ، اَوْ يَا بَنِيْ عَبْدِ مَنَافٍ .

✧✧ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ عطاء کے حوالے سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے منقول ہے یا اس کے مفہوم سے متعلق روایت منقول ہے جو اس کی مخالف نہیں ہے۔عطاء نے اپنی روایت میں یہ بات نقل کی ہے۔

''اے بنوعبدالمطلب !اے بنو ہاشم !اے بنوعبد مناف!''۔

164 - اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ ' عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ ' قَالَ: رَاَيْتُ اَبَانَ وَعَطَاءَ ابْنَ اَبِيْ رَبَاحٍ اَنَّ ابْنَ عُمَرَ طَافَ بَعْدَ الصُّبْحِ وَصَلّٰى قَبْلَ اَنْ تَطْلُعَ الشَّمْسُ .

✧✧ عمرو بن دینار بیان کرتے ہیں۔میں نے ابان اور عطاء بن ابی رباح کو دیکھا (وہ بیان کرتے ہیں) حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے صبح کی نماز کے بعد طواف کیا۔سورج نکلنے سے پہلے (طواف سے متعلق نفل) نماز ادا کی۔

اخر الحديثي من الجزء الثاني من اختلاف الحديث و الثالث من كتاب الرسالة .

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے پہلی دو روایات کو اختلاف حدیث کے دوسرے جز میں نقل کیا ہے اور تیسری روایت کو کتاب الرسالہ میں

بقیہ حاشیہ حدیث نمبر 162:

اصبحی' ابوعبداللہ مالک بن انس' 'الموطا' بروایۃ یحییٰ بن یحییٰ اندلسی' تحقیق: بشار عواد معروف' دار الغرب الاسلامی' بیروت' لبنان (طبع اوّل) 1996ء 284/1

نسائی' امام احمد بن شعیب' ''السنن الکبریٰ'' تحقیق: سلیمان بنداری' سید کسروی' دار الکتب العلمیہ 1991ء 1561

نیشاپوری' امام مسلم بن حجاج' ''الجامع الصحیح'' تحقیق وترقیم: فؤاد عبدالباقی' دار الحدیث' قاہرہ' مصر 7396

نیشاپوری' امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ ''الصحیح'' شرکۃ الطباعۃ العربیہ' ریاض' الطبعۃ الثانیہ 1981ء 1280

طحاوی' امام ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ ''شرح معانی الآثار'' تحقیق: محمد جاد الحق' مطبعۃ الانوار المحمدیہ' مصر 186/2

تمیمی' امام ابوحاتم محمد بن حبان' ''صحیح ابن حبان''، دار الفکر' بیروت' طبع اوّل 1996ء 1549

الفارسی' امام امیر ابن بلبان' ''الاحسان فی تقریب صحیح ابن حبان'' موسسۃ الرسالہ' بیروت' طبع اوّل 1988ء 1554

طبرانی' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب' ''المعجم الکبیر'' تحقیق: احمدی عبدالمجید سلفی' مطبعۃ الزہراء الحدیثیہ' موصل' عراق (طبع ثانی) 1599

کوفی' امام ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ' ''المصنف'' المطبعۃ العزیزیہ' حیدر آباد دکن' ہندوستان 1386ھ 423/1

طیالسی' امام ابوداؤد سلیمان بن داؤد' ''المسند'' دار المعرفۃ' بیروت لبنان 406/1

حدیث نمبر 164:

طحاوی' امام ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ ''شرح معانی الآثار'' تحقیق: محمد جاد الحق' مطبعۃ الانوار المحمدیہ' مصر 186/2

نقل کیا ہے۔

باب فی الاذان و کیفیته وقوله تعالٰی : "وَرَفَعْنَا لَكَ ذِكْرَكَ"

باب 18: اذان اور اس کا طریقہ

اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا ہے: "ہم نے تمہارے لیے تمہارے ذکر کو بلند کیا ہے"

165 - حِيْنَ جَهَّزَهُ اِلَى الشَّامِ، فَقُلْتُ لِاَبِىْ مَحْذُوْرَةَ : اَىْ عَمِّ، اِنِّىْ خَارِجٌ اِلَى الشَّامِ، وَاِنِّىْ اَخْشٰى اَنْ اُسْاَلَ عَنْ تَاْذِيْنِكَ، فَاَخْبَرَنِىْ اَبَا مَحْذُوْرَةَ، قَالَ : نَعَمْ، خَرَجْتُ فِىْ نَفَرٍ وَّكُنَّا بِبَعْضِ طَرِيْقِ حُنَيْنٍ، فَقَفَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ حُنَيْنٍ، فَلَقِيَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِىْ بَعْضِ الطَّرِيْقِ، فَاَذَّنَ مُؤَذِّنُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالصَّلَاةِ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَسَمِعْنَا صَوْتَ الْمُؤَذِّنِ وَنَحْنُ مُتَنَكِّبُوْنَ، فَصَرَخْنَا نَحْكِيْهِ وَنَسْتَهْزِءُ بِهٖ، فَسَمِعَ النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاَرْسَلَ اِلَيْنَا اِلٰى اَنْ وَقَفْنَا بَيْنَ يَدَيْهِ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : اَيُّكُمُ الَّذِىْ سَمِعْتُ صَوْتَهُ قَدِ ارْتَفَعَ؟ فَاَشَارَ الْقَوْمُ كُلُّهُمْ اِلَىَّ وَصَدَقُوْا، فَاَرْسَلَهُمْ كُلَّهُمْ وَحَبَسَنِىْ، قَالَ : قُمْ فَاَذِّنْ بِالصَّلَاةِ فَقُمْتُ وَلَا شَىْءَ اَكْرَهُ اِلَىَّ مِنَ النَّبِىِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَا مِمَّا يَاْمُرُنِىْ بِهٖ، فَقُمْتُ بَيْنَ يَدَىْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاَلْقٰى عَلَىَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ التَّاْذِيْنَ هُوَ بِنَفْسِهٖ، فَقَالَ : قُلْ : اَللّٰهُ اَكْبَرُ اللّٰهُ اَكْبَرُ، اَللّٰهُ اَكْبَرُ اللّٰهُ اَكْبَرُ، اَشْهَدُ اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ، اَشْهَدُ اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ، اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَسُوْلُ اللّٰهِ، اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَسُوْلُ اللّٰهِ ثُمَّ قَالَ لِىْ :

حدیث نمبر 165

دارقطنی امام علی بن عمر "السنن" مکتبۃ المتنبی قاہرہ مصر	233/1
نیشاپوری امام مسلم بن حجاج "الجامع الصحیح" تحقیق وترقیم فؤاد عبدالباقی دارالحدیث قاہرہ مصر	393/1
شیبانی امام احمد بن محمد بن حنبل "المسند" المطبعۃ المیمنیہ مصر	408/3
بخاری امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل "الجامع الصحیح" (رقم الحدیث من فتح الباری)	1199
موصلی امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ "المسند" تحقیق حسین سلیم اسد دارالمامون للتراث طبع اول 1987ء	3798
سجستانی امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث "السنن" داراحیاء التراث العربی بیروت لبنان	500
نیشاپوری امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ "الصحیح" شرکۃ الطباعۃ العربیہ ریاض الطبعۃ الثانیہ 1981ء	70
ترمذی امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ "الجامع الکبیر" تحقیق ڈاکٹر بشار عواد معروف دارالغرب الاسلامی بیروت 1996ء	192
نسائی امام احمد بن شعیب "السنن الکبریٰ" تحقیق سلیمان بنداری سید کسروی دارالکتب العلمیہ 1991ء	1595
نیشاپوری امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ "الصحیح" شرکۃ الطباعۃ العربیہ ریاض الطبعۃ الثانیہ 1981ء	377
طحاوی امام ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ "شرح معانی الآثار" تحقیق محمد جادالحق مطبعۃ الانوار المحمدیہ مصر	137/1
شافعی امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس "الام" دارالمعرفۃ بیروت لبنان	48/1
شافعی امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس "الام" تحقیق رفعت فوزی دارالوفاء طبع اول 2001ء	185/2

ارْجِعْ فَامْدُدْ مِنْ صَوْتِكَ، ثُمَّ قَالَ : قُلْ : اَشْهَدُ اَنْ لَا اِلٰـهَ اِلا اللّٰهُ، اَشْهَدُ اَنْ لَا اِلٰـهَ اِلا اللّٰهُ، اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَسُوْلُ اللّٰـهِ، اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَسُوْلُ اللّٰهِ، حَيَّ عَلَى الصَّلَاةِ، حَيَّ عَلَى الصَّلَاةِ، حَيَّ عَلَى الْفَلَاحِ، حَيَّ عَلَى الْفَلَاحِ، اَللّٰهُ اَكْبَرُ اَللّٰهُ اَكْبَرُ، لَا اِلٰـهَ اِلا اللّٰهُ، ثُمَّ دَعَانِيْ حِيْنَ قَضَيْتُ التَّاْذِيْنَ فَاَعْطَانِيْ صُرَّةً فِيْهَا شَيْءٌ مِنْ فِضَّةٍ، ثُمَّ وَضَعَ يَدَهُ عَلٰى نَاصِيَةِ اَبِيْ مَحْذُوْرَةَ، ثُمَّ اَمَرَّهَا عَلٰى وَجْهِهِ، ثُمَّ مَرَّ بَيْنَ ثَدْيَيْهِ، ثُمَّ عَلٰى كَبِدِهِ، ثُمَّ بَلَغَتْ يَدُهُ سُرَّةَ اَبِيْ مَحْذُوْرَةَ، ثُمَّ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : بَارَكَ اللّٰهُ فِيْكَ، وَبَارَكَ عَلَيْكَ فَقُلْتُ : يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، مُرْنِيْ بِالتَّاْذِيْنِ بِمَكَّةَ، فَقَالَ : قَدْ اَمَرْتُكَ بِهِ، وَذَهَبَ كُلُّ شَيْءٍ كَانَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ كَرَاهِيَةٍ، وَعَادَ ذٰلِكَ كُلُّهُ مَحَبَّةً لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَدِمْتُ عَلٰى عَتَّابِ بْنِ اَسِيْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ عَامِلِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاَذَّنْتُ بِالصَّلَاةِ عَنْ اَمْرِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ .

قَالَ ابْنُ جُرَيْجٍ : وَاَخْبَرَنِيْ بِذٰلِكَ مَنْ اَدْرَكْتُ مِنْ اٰلِ اَبِيْ مَحْذُوْرَةَ عَلٰى نَحْوِ مَا اَخْبَرَنِيْ ابْنُ مُحَيْرِيْزٍ .

قَالَ الشَّافِعِيُّ : وَاَدْرَكْتُ اِبْرَاهِيْمَ بْنَ عَبْدِ الْعَزِيْزِ بْنِ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ اَبِيْ مَحْذُوْرَةَ يُؤَذِّنُ كَمَا حَكٰى ابْنُ مُحَيْرِيْزٍ . وَسَمِعْتُهُ يُحَدِّثُ عَنْ اَبِيْهِ عَنِ ابْنِ اَبِيْ مُحَيْرِيْزٍ عَنْ اَبِيْ مَحْذُوْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَعْنٰى مَا حَكٰى ابْنُ جُرَيْجٍ .

✧✧ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' یہ حضرت ابومحذورہ کے زیر کفالت یتیم بچے تھے کہ جب انہوں نے عبداللہ کو شام بھجوانے کا ارادہ کیا تو وہ کہتے ہیں' میں نے ابومحذورہ سے کہا: چچا جان میں شام جا رہا ہوں۔ مجھے یہ گمان ہے کہ مجھ سے آپ کے اذان والے واقعہ کے بارے میں پوچھا جائے گا۔ تو حضرت ابومحذورہ نے فرمایا: ٹھیک ہے میں کچھ لوگوں کے ساتھ جا رہا تھا۔ ہم حنین کے راستے میں کسی جگہ پر تھے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس دوران حنین سے واپس تشریف لا رہے تھے تو راستے میں ہماری ملاقات نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے ہوئی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے موذن نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس نماز کے لئے اذان دی۔ ہم نے موذن کی آواز سنی ہم لوگ راستے سے ذرا ہٹ کر چل رہے تھے۔ ہم نے بھی اونچی آواز میں ان کی نقل کی اور اس کا مذاق اڑایا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ سن لیا۔ آپ نے ہمارے پاس بندہ بھجوایا۔ یہاں تک کہ ہمیں آپ کے سامنے لا کر کھڑا کر دیا گیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: تم میں سے کس کی آواز میں نے سنی ہے جو بلند کر رہا تھا؟ تمام لوگوں نے میری طرف اشارہ کیا اور انہوں نے ٹھیک کہا تھا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سب کو چھوڑ دیا اور مجھے روک لیا اور فرمایا تم اٹھو اور نماز کے لئے اذان دو! میں کھڑا ہوا میرے نزدیک اس وقت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے زیادہ اور انہوں نے جو مجھے حکم دیا تھا اس سے زیادہ میرے نزدیک ناپسندیدہ اور کوئی چیز نہیں تھی۔ میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے کھڑا ہوا آپ نے مجھے اذان کا طریقہ بذات خود بتایا اور کہا کہ تم یہ کہو۔

"اَللّٰهُ اَكْبَرُ اَللّٰهُ اَكْبَرُ اَللّٰهُ اَكْبَرُ اَللّٰهُ اَكْبَرُ"

پھر آپ نے ارشاد فرمایا: تم جاؤ (اذان دو) اور اپنی آواز کو کھینچنا پھر آپ نے ارشاد فرمایا: تم پڑھو۔

"اَشْهَدُ اَنْ لَا اِلٰـهَ اِلا اللّٰهُ' اَشْهَدُ اَنْ لَا اِلٰـهَ اِلا اللّٰـهُ، اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَسُوْلُ اللّٰهِ، اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَسُوْلُ اللّٰهِ، حَيَّ عَلَى الصَّلَاةِ، حَيَّ عَلَى الصَّلَاةِ، حَيَّ عَلَى الْفَلَاحِ، حَيَّ عَلَى الْفَلَاحِ، اَللّٰهُ اَكْبَرُ اَللّٰهُ اَكْبَرُ، لَا

اِلٰـهَ اِلا اللّٰهُ"

جب میں اذان مکمل کر چکا پھر آپ نے مجھے بلایا اور آپ نے مجھے ایک تھیلی دی جس میں چاندی موجود تھی۔ پھر آپ نے اپنا دست مبارک حضرت ابومحذورہ کی پیشانی پر رکھا اور پھر ان کے چہرے پر پھیرا۔ پھر ان کے سینے پر پھیرا پھر ان کے جگر پر پھیرا یہاں تک کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا دست مبارک حضرت ابومحذورہ کی ناف تک پہنچ گیا۔ پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دعا کی: اللہ تعالیٰ! تمہارے اندر اور تمہارے اوپر برکتیں نازل کرے۔ (حضرت ابومحذورہ بیان کرتے ہیں) میں نے عرض کی: یارسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم)! آپ مجھے مکہ میں اذان دینے کی اجازت دیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں تمہیں اجازت دیتا ہوں۔ (راوی کہتے ہیں) اس وقت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں جو ناپسندیدگی تھی وہ ساری ختم ہوگئی اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی مکمل محبت (میرے دل میں گھر کر گئی) پھر میں حضرت عتاب بن اسید کے پاس آیا جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے مقرر کردہ امیر تھے تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی ہدایت کے تحت میں نے اذان دی۔

ابن جریج بیان کرتے ہیں' مجھے یہ روایت ان صاحب نے سنائی ہے جو حضرت ابومحذورہ کی اولاد سے تعلق رکھتے ہیں جو اس کی مانند ہے جو ابن محیریز نے بیان کی ہے۔

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ بیان کرتے ہیں' میں نے ابراہیم بن عبدالعزیز کو پایا ہے جو حضرت ابومحذورہ کی اولاد میں سے ہیں اور وہ اسی طرح اذان دیتے تھے جیسے ابن جریج نے بیان کیا ہے اور میں نے انہیں اپنے والد کے حوالے سے حضرت ابومحذورہ کے حوالے سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالے سے اسی کی طرح بیان کرتے ہوئے سنا ہے جیسا کہ ابن جریج نے بیان کیا ہے۔

166 - اَخْبَـرَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ ' عَنِ ابْنِ اَبِىْ نَجِيْحٍ ' عَنْ مُجَاهِدٍ فِىْ قَوْلِهٖ تَعَالٰى: "وَرَفَعْنَا لَكَ ذِكْرَكَ" لَا اُذْكَرُ اِلَّا ذُكِرْتَ: اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰهِ .

✦✦ مجاہد اللہ تعالیٰ کے اس فرمان کے بارے میں بیان کرتے ہیں۔ "اور ہم نے تمہارے لیے تمہارے ذکر کو بلند کر دیا"
یعنی جب بھی میرا ذکر کیا جائے گا تو تمہارا بھی کیا جائے گا جیسے
اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰهِ

اخرج الاوّل من كتاب استقبال القبلة ' والثانى من كتاب الرسالة وهو اوّل حديث فيه .

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے پہلی روایت کو کتاب استقبال قبلہ میں نقل کیا ہے اور دوسری روایت کو کتاب رسالہ میں نقل کیا ہے اور یہ اس میں موجود پہلی روایت ہے۔

باب رفع الصوت بالاذان

باب 19: اذان کے لئے آواز بلند کرنا

167 - اَخْبَـرَنَا مَالِكٌ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِىْ صَعْصَعَةَ، عَنْ اَبِيْهِ، اَنَّ اَبَا سَعِيْدٍ الْخُدْرِیَّ، قَالَ لَهٗ اَرَاكَ تُحِبُّ الْغَنَمَ وَالْبَادِيَةَ، فَاِذَا كُنْتَ فِىْ غَنَمِكَ اَوْ بَادِيَتِكَ فَاَذَّنْتَ بِالصَّلَاةِ فَارْفَعْ صَوْتَكَ، فَاِنَّهٗ لَا يَسْمَعُ صَدٰى صَوْتِكَ جِنٌّ وَّلَا اِنْسٌ وَّلَا شَىْءٌ اِلَّا شَهِدَ لَكَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، قَالَ اَبُوْ سَعِيْدٍ : سَمِعْتُهٗ مِنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ .

✧✧ عبدالرحمان بن عبداللہ اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں' حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ نے ان سے کہا: میں یہ دیکھ رہا ہوں کہ تم بکریوں اور دیہاتی زندگی کو پسند کرتے ہو۔ جب تم بکریوں میں ہو یا جنگل میں ہو تو تم نماز کے لئے اذان کہو اور آواز بلند کرو کیونکہ تمہاری آواز جہاں تک جائے گی اسے جو بھی انسان یا جن سنے گا (یا جو بھی چیز سنے گی) وہ قیامت کے دن تمہارے حق میں گواہی دے گی۔

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے۔

اخرجه من كتاب استقبال القبلة .

امام شافعی علیہ الرحمہ نے اس روایت کو کتاب استقبال قبلہ میں نقل کیا ہے۔

باب القول مثل ما يقول المؤذن

باب 20: مؤذن جو کہتا ہے اس کے مطابق کہنا (اذان کا جواب دینا)

168 - اَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَزِيدَ، عَنْ اَبِىْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى

حدیث نمبر 167:

حمیدی' امام ابوبکر عبداللہ بن زبیر' "المسند" عالم الکتب' بیروت' مکتبۃ المتنبی' قاہرہ' مصر — 732
شیبانی' امام احمد بن محمد بن حنبل' "المسند" المطبعۃ المیمنیہ' مصر — 352
حمیدی' امام ابوبکر عبداللہ بن زبیر' "المسند" عالم الکتب' بیروت' مکتبۃ المتنبی' قاہرہ' مصر — 8609
قزوینی' امام محمد بن یزید ابن ماجہ' "السنن" تحقیق: بشار عواد معروف' دار الجیل' بیروت' 1998ء — 723
نسائی' امام احمد بن شعیب' "المجتبیٰ من السنن" دار الحدیث' قاہرہ' مصر 1407ھ-1987ء — 12/2
نسائی' امام احمد بن شعیب' "السنن الکبریٰ" تحقیق: سلیمان بنداری' سید کسروی' دار الکتب العلمیہ' 1991ء — 1608
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام" دار المعرفۃ' بیروت' لبنان — 87/1
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام" تحقیق: رفعت فوزی' دار الوفاء' طبع اوّل' 2001ء — 597

حدیث نمبر 168:

اصبحی' ابوعبداللہ مالک بن انس' "المؤطا" بروایۃ یحییٰ بن یحییٰ اندلسی' تحقیق: بشار عواد معروف' دار الغرب الاسلامی' بیروت' لبنان (طبع اوّل) 1996ء — 173
اصبحی' ابوعبداللہ مالک بن انس' "المؤطا" بروایۃ امام محمد بن حسن شیبانی (مؤطا امام محمد) تحقیق: عبدالوہاب عبداللطیف' المکتبۃ العلمیہ — 91
اسفرائینی' امام ابوعوانہ یعقوب بن اسحاق' "المسند" مجلس دائرۃ المعارف العثمانیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' 1966ء — 377/1
صنعانی' امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام' "المصنف" تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی' دار القلم' بیروت' 1970ء — 1842
کوفی' امام ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ' "المصنف" المطبعۃ العزیزیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' 1386ھ — 2358
شیبانی' امام احمد بن محمد بن حنبل' "المسند" المطبعۃ المیمنیہ' مصر — 5/3
نیشاپوری' امام مسلم بن حجاج' "الجامع الصحیح" تحقیق و ترقیم: فؤاد عبدالباقی' دار الحدیث' قاہرہ' مصر — 204
بخاری' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل' "الجامع الصحیح" (رقم الحدیث من فتح الباری) — 611

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ : إِذَا سَمِعْتُمُ النِّدَاءَ فَقُولُوا مِثْلَ مَا يَقُولُ الْمُؤَذِّنُ .

✦✦ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے: جب تم اذان سنو تو وہی کہو جو مؤذن کہتا ہے۔

169 - اَخْبَرَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ مُجَمِّعِ بْنِ يَحْيَى، اَخْبَرَنِي اَبُو اُمَامَةَ بْنُ سَهْلٍ، اَنَّهُ سَمِعَ مُعَاوِيَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، يَقُولُ : سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُولُ : إِذَا قَالَ الْمُؤَذِّنُ : اَشْهَدُ اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ،

بقیہ حاشیہ حدیث نمبر **168**:

حمیدی' امام ابوبکر عبداللہ بن زبیر' "المسند" عالم الکتب' بیروت' مکتبۃ المتنبی' قاہرہ' مصر	1383
بجستانی' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث' "السنن"' داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان	522
قزوینی' امام محمد بن یزید ابن ماجہ' "السنن"' تحقیق: بشار عواد معروف' دارالجیل' بیروت' 1998ء	720
ترمذی' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ' "الجامع الکبیر"' تحقیق: ڈاکٹر بشار عواد معروف' دارالغرب الاسلامی' بیروت 1996ء	208
نسائی' امام احمد بن شعیب' "المجتبیٰ من السنن"' دارالحدیث' قاہرہ' مصر 1407ھ-1987ء	23/2
نسائی' امام احمد بن شعیب' "السنن الکبریٰ"' تحقیق: سلیمان بنداری' سید کسروی' دارالکتب العلمیہ' 1991ء	1637
موصلی' امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ' "المسند"' تحقیق: حسین سلیم اسد' دارالمامون للتراث' طبع اوّل 1987ء	1189
نیشاپوری' امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ' "الصحیح"' شرکۃ الطباعۃ العربیہ' ریاض' الطبعۃ الثانیہ 1981ء	411
طحاوی' امام ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ' "شرح معانی الآثار"' تحقیق: محمد جادالحق' مطبعۃ الانوار المحمدیہ' مصر	143/1
تمیمی' امام ابوحاتم محمد بن حبان' "صحیح ابن حبان"' دارالفکر' بیروت' طبع اوّل 1996ء	186/3
تمیمی' امام ابوحاتم محمد بن حبان' "صحیح ابن حبان"' دارالفکر' بیروت' طبع اوّل 1996ء	1686
طحاوی' امام ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ' "شرح مشکل الآثار"' تحقیق: شعیب ارناؤط' موسسۃ الرسالہ' بیروت' لبنان 1987ء	106
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام"' دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان	88/1
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام"' تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اوّل 2001ء	196/2

حدیث نمبر **169**:

حمیدی' امام ابوبکر عبداللہ بن زبیر' "المسند"' عالم الکتب' بیروت' مکتبۃ المتنبی' قاہرہ' مصر	606
شیبانی' امام احمد بن محمد بن حنبل' "المسند"' المطبعۃ المیمنیہ' مصر	94/9
دارمی' امام ابومحمد عبداللہ بن عبدالرحمٰن' "السنن"' تحقیق: عبداللہ ہاشم یمانی' دارالمحاسن' قاہرہ' 1966ء	1205
بخاری' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل' "الجامع الصحیح"' (رقم الحدیث من فتح الباری)	612
بخاری' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل' "الجامع الصحیح"' (رقم الحدیث من فتح الباری)	25/2
بخاری' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل' "الجامع الصحیح"' (رقم الحدیث من فتح الباری)	1639
نیشاپوری' امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ' "الصحیح"' شرکۃ الطباعۃ العربیہ' ریاض' الطبعۃ الثانیہ 1981ء	414
طحاوی' امام ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ' "شرح معانی الآثار"' تحقیق: محمد جادالحق' مطبعۃ الانوار المحمدیہ' مصر	44/41
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام"' دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان	88/1
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام"' تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اوّل 2001ء	197/2

وَاِذَا قَالَ : اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَسُوْلُ اللّٰهِ، قَالَ : وَاَنَا اَشْهَدُ، ثُمَّ سَكَتَ ۔

✦✦ حضرت ابواُمامہ بن سہل رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' انہوں نے حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کو یہ بیان کرتے ہوئے سنا ہے وہ فرماتے ہیں میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو سنا ہے۔ جب موذن نے اَشْهَدُ اَنْ لَا اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰهُ کہا تو آپ نے بھی اَشْهَدُ اَنْ لَا اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰهُ کہا۔ جب موذن نے اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَسُوْلُ اللّٰهِ پڑھا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں بھی یہ گواہی دیتا ہوں پھر آپ خاموش ہو گئے۔

170 - اَخْبَرَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ طَلْحَةَ بْنِ يَحْيَى، عَنْ عَمِّهِ عِيسَى بْنِ طَلْحَةَ، قَالَ : سَمِعْتُ مُعَاوِيَةَ يُحَدِّثُ مِثْلَهُ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

✦✦ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کے حوالے سے منقول ہے۔

171 - اَخْبَرَنَا عَبْدُ الْمَجِيْدِ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، قَالَ : اَخْبَرَنِىْ عَمْرُو بْنُ يَحْيَى الْمَازِنِيُّ، اَنَّ عِيسَى بْنَ عُمَرَ اَخْبَرَهُ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَلْقَمَةَ بْنِ وَقَّاصٍ، قَالَ : اِنِّىْ لَعِنْدَ مُعَاوِيَةَ اِذْ اَذَّنَ مُؤَذِّنُهُ، فَقَالَ مُعَاوِيَةُ كَمَا قَالَ مُؤَذِّنُهُ، حَتّٰى اِذَا قَالَ : حَيَّ عَلَى الصَّلَاةِ، قَالَ : لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلا بِاللّٰهِ، وَلَمَّا قَالَ : حَيَّ عَلَى الْفَلَاحِ، قَالَ : لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلا بِاللّٰهِ، ثُمَّ قَالَ بَعْدَ ذٰلِكَ مَا قَالَ الْمُؤَذِّنُ، ثُمَّ قَالَ : سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ ذٰلِكَ ۔

✦✦ عبداللہ بن علقمہ بیان کرتے ہیں' میں حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کے پاس موجود تھا۔ ان کے موذن نے اذان دی تو حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے وہی کلمات کہے جو موذن نے کہے تھے یہاں تک کہ جب موذن نے حَيَّ عَلَى الصَّلَاةِ کہا تو حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلا بِاللّٰهِ پڑھا جب موذن نے حَيَّ عَلَى الْفَلَاحِ پڑھا تو حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلا بِاللّٰهِ پڑھا۔ پھر انہوں نے اس کے بعد وہی کہا جو موذن نے کہا تھا۔ پھر انہوں نے فرمایا: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو اسی طرح (اذان کا جواب دیتے ہوئے) سنا ہے۔

اخرج الاربعة الاحاديث من كتاب استقبال القبلة .

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے ان چاروں روایات کو کتاب استقبال قبلہ میں نقل کیا ہے۔

باب منه والصلوٰة باقامة من لم يؤذن

باب 21: جس جگہ اذان نہیں دی جاتی وہاں اقامت کہہ کر نماز ادا کرنا

172 - اَخْبَرَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ مُحَمَّدٍ، اَخْبَرَنِىْ عُمَارَةُ بْنُ غَزِيَّةَ، عَنْ خُبَيْبِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ حَفْصِ بْنِ

حدیث نمبر **172**:

بیہقی' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی' "السنن الکبریٰ" دائرۃ المعارف النظامیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' **1344**ھ **474/1**

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام" دار المعرفۃ' بیروت' لبنان **87/1**

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام" تحقیق: رفعت فوزی' دار الوفاء' طبع اوّل' **2001**ء **107/2**

عَاصِمٍ، قَالَ : سَمِعَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ رَجُلاً یُؤَذِّنُ لِلْمَغْرِبِ، فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَ مَا قَالَ، فَانْتَهَی النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِلٰی رَجُلٍ وَّقَدْ قَامَتِ الصَّلَاةُ، فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ : انْزِلُوْا فَصَلُّوا الْمَغْرِبَ بِاِقَامَةِ ذٰلِكَ الْعَبْدِ الْاَسْوَدِ

✦✦ حفص بن عاصم بیان کرتے ہیں' نبی اکرم ﷺ نے ایک شخص کو مغرب کے لئے اذان دیتے ہوئے سنا تو آپ نے اس کا جواب دیا۔

راوی بیان کرتے ہیں' پھر نبی اکرم ﷺ اس شخص کے پاس تشریف لے گئے جبکہ نماز کے لیے اقامت کہی جا چکی تھی نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اب تم نیچے اترو اور اس سیاہ فام غلام کی اقامت کے ہمراہ مغرب کی نماز پڑھ لو۔

اخرجه من كتاب استقبال القبلة .

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے اس روایت کو کتاب استقبال قبلہ میں نقل کیا ہے۔

باب فضيلة المؤذن

باب 22: اذان دینے والے کی فضیلت

173 - اَخْبَرَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ، عَنْ یُوْنُسَ، عَنِ الْحَسَنِ، اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ : اَلْمُؤَذِّنُوْنَ اُمَنَاءُ النَّاسِ عَلٰی صَلَاتِهِمْ، وَذَكَرَ مَعَهَا غَیْرَهَا .

✦✦ حسن بصری فرماتے ہیں نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے۔ مؤذنین لوگوں کی نماز کے حوالے سے ان کے امین ہیں (راوی کہتے ہیں) انہوں نے اس کے ہمراہ دوسری بات بھی نقل کی ہے۔

اخرجه من كتاب استقبال القبلة .

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے اس روایت کو کتاب استقبال قبلہ میں نقل کیا ہے۔

باب باب امكنة الصلوة والمساجد

23: نماز کے مقامات اور مساجد

174 - اَخْبَرَنَا سُفْیَانُ بْنُ عُیَیْنَةَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ یَحْیَی الْمَازِنِیِّ، عَنْ اَبِیْهِ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ : اَلْاَرْضُ كُلُّهَا مَسْجِدٌ اِلَّا الْمَقْبَرَةَ وَالْحَمَّامَ، قَالَ الشَّافِعِیُّ : وَجَدْتُ هٰذَا الْحَدِیْثَ فِیْ كِتَابِیْ فِیْ مَوْضِعَیْنِ : اَحَدُهُمَا مُنْقَطِعٌ، وَالْاٰخَرُ عَنْ اَبِیْ سَعِیْدِ الْخُدْرِیِّ، عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ .

حدیث نمبر 173:

شافعی، امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس "الام" دار المعرفۃ بیروت لبنان 187/1

شافعی، امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس "الام" تحقیق: رفعت فوزی، دار الوفاء، طبع اول 2001ء 210/2

✧✧ عمرو بن یحییٰ اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: زمین ساری کی ساری مسجد ہے سوائے قبرستان اور حمام کے۔

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں۔ میں نے اس حدیث کو اپنی کتاب میں دو جگہوں پر پایا ہے۔ یہ ایک جگہ پر منقطع ہے اور دوسری جگہ پر حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کے حوالے سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالے سے منقول ہے۔

175 - اَخْبَرَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ طَلْحَةَ بْنِ كَرِيْزٍ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَعْقِلٍ

حدیث نمبر **174**:

کوفی' امام' ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ' "المصنف" المطبعۃ العزیزیہ' حیدرآ باد دکن' ہندوستان' **1386**ھ — **7574**

بیہقی' امام' ابوبکر احمد بن حسین بن علی' "السنن الکبریٰ" دائرۃ المعارف النظامیہ' حیدرآ باد دکن' ہندوستان' **1344**ھ — **434/2**

شیبانی' امام' احمد بن محمد بن حنبل' "المسند" المطبعۃ المیمنیہ' مصر — **83/3**

حمیدی' امام' ابوبکر عبداللہ بن زبیر' "المسند" عالم الکتب' بیروت' مکتبۃ المتنبی' قاہرہ' مصر — **1397**

بجستانی' امام' ابوداؤد سلیمان بن اشعث' "السنن"' داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان — **492**

قزوینی' امام' محمد بن یزید ابن ماجہ' "السنن" تحقیق: بشار عواد معروف' دارالجیل' بیروت' **1998**ء — **7575**

ترمذی' امام' ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ' "الجامع الکبیر" تحقیق: ڈاکٹر بشار عواد معروف' دارالغرب الاسلامی' بیروت' **1996**ء — **317**

نیشاپوری' امام' ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ "الصحیح" شرکۃ الطباعۃ العربیہ' ریاض' الطبعۃ الثانیہ' **1981**ء — **791**

تمیمی' امام' ابوحاتم محمد بن حبان' "صحیح ابن حبان"' دارالفکر' بیروت' طبع اوّل' **1996**ء — **1696**

الفارسی' امام' امیر ابن بلبان' "الاحسان فی تقریب صحیح ابن حبان"' موسسۃ الرسالہ' بیروت' طبع اوّل' **1988**ء — **699**

بخاری' امام' ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل' "الجامع الصحیح" (رقم الحدیث من فتح الباری) — **259/1**

بیہقی' امام' ابوبکر احمد بن حسین بن علی' "السنن الکبریٰ" دائرۃ المعارف النظامیہ' حیدرآ باد دکن' ہندوستان' **1344**ھ — **435/1**

شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام" دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان — **92/1**

شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام"' تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اوّل' **2001**ء — **1205/2**

حدیث نمبر **175**:

بیہقی' امام' ابوبکر احمد بن حسین بن علی' "السنن الکبریٰ" دائرۃ المعارف النظامیہ' حیدرآ باد دکن' ہندوستان' **1344**ھ — **449/2**

طیالسی' امام' ابوداؤد سلیمان بن داؤد' "المسند" دارالمعرفۃ' بیروت لبنان — **913**

کوفی' امام' ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ' "المصنف" المطبعۃ العزیزیہ' حیدرآ باد دکن' ہندوستان' **1386**ھ — **1002**

کوفی' امام' ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ' "المصنف" المطبعۃ العزیزیہ' حیدرآ باد دکن' ہندوستان' **1386**ھ — **3877**

شیبانی' امام' احمد بن محمد بن حنبل' "المسند" المطبعۃ المیمنیہ' مصر — **3854**

الکسی' امام' ابومحمد عبد بن حمید بن نصر' "مسند" تحقیق: صبحی سامرائی' محمود خلیل' عالم الکتب' **1988**ء — **3051**

قزوینی' امام' محمد بن یزید ابن ماجہ' "السنن" تحقیق: بشار عواد معروف' دارالجیل' بیروت' **1998**ء — **769**

حمیدی' امام' ابوبکر عبداللہ بن زبیر' "المسند" عالم الکتب' بیروت' مکتبۃ المتنبی' قاہرہ' مصر — **56/2**

صنعانی' امام' ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام' "المصنف"' تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی' دارالقلم' بیروت' **1970**ء — **184**

نیشاپوری' امام' مسلم بن حجاج' "الجامع الصحیح"' تحقیق و ترقیم: فؤاد عبدالباقی' دارالحدیث' قاہرہ' مصر — **1008**

اَوْ مُغَفَّلٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ : اِذَا اَدْرَكْتُمُ الصَّلَاةَ وَاَنْتُمْ فِيْ مُرَاحِ الْغَنَمِ فَصَلُّوا فِيْهَا فَاِنَّهَا سَكِيْنَةٌ وَّبَرَكَةٌ، وَاِذَا اَدْرَكْتُمُ الصَّلَاةَ وَاَنْتُمْ فِيْ اَعْطَانِ الْاِبِلِ فَاخْرُجُوا مِنْهَا فَصَلُّوا، فَاِنَّهَا جِنٌّ مِّنْ جِنٍّ خُلِقَتْ، اَلَا تَرَوْنَهَا اِذَا نَفَرَتْ كَيْفَ تَشْمَخُ بِاَنْفِهَا .

✦✦ حضرت عبداللہ بن معقل رضی اللہ عنہ (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں: مغفل) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں جب تم نماز کا وقت پالو اور تم بکریوں کے باڑے میں ہو تو تم نماز ادا کر لو کیونکہ وہ سکینت اور برکت کی جگہ ہے اور جب تم نماز کا وقت پاؤ اور اس وقت اونٹوں کے باڑے میں ہو تو تم اس سے نکل کر نماز ادا کرو۔ کیونکہ یہ بھی جنات کی طرح کی مخلوق ہے کیا تم نے اس کا جائزہ نہیں لیا؟ جب وہ سرکش ہوتا ہے تو اپنی ناک کس طرح اٹھاتا ہے؟

اخرج الحديثين من كتاب الوضوء .

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے ان دونوں روایات کو کتاب الوضو میں نقل کیا ہے۔

باب مبيت المشرك في المسجد

باب 24: مشرک شخص کا مسجد میں رات بسر کرنا

176 - اَخْبَرَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ اَبِي سُلَيْمَانَ، اَنَّ مُشْرِكِي قُرَيْشٍ حِينَ اَتَوُا الْمَدِينَةَ

بقیہ حاشیہ حدیث نمبر **175**:

تمیمی امام ابوحاتم محمد بن حبان "صحیح ابن حبان"، دارالفکر بیروت طبع اول **1996**ء	**702/1**
شافعی امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس "الام" دارالمعرفۃ بیروت لبنان	**92/1**
شافعی امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس "الام"، تحقیق: رفعت فوزی دارالوفاء طبع اول **2001**ء	**120/2**

حدیث نمبر **176**:

اصبحی ابوعبداللہ مالک بن انس "المؤطا" بروایۃ یحیٰی بن یحیٰی اندلسی تحقیق: بشار عواد معروف دارالغرب الاسلامی بیروت لبنان (طبع اوّل) **1996**ء	**207**
اصبحی ابوعبداللہ مالک بن انس "المؤطا" بروایۃ امام محمد بن حسن شیبانی (مؤطا امام محمد) تحقیق: عبدالوہاب عبداللطیف المکتبۃ العلمیہ	**247**
طیالسی امام ابوداؤد سلیمان بن داؤد "المسند" دارالمعرفۃ بیروت لبنان	**946**
صنعانی امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام "المصنف" تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی دارالقلم بیروت **1970**ء	**2692**
طبرانی امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب "المعجم الکبیر" تحقیق: احمدی عبدالمجید سلفی مطبعۃ الزہراء الحدیثۃ موصل عراق (طبع ثانی)	**556**
بیہقی امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی "السنن الکبریٰ" دائرۃ المعارف النظامیہ حیدرآباد دکن ہندوستان **1344**ھ	**80/4**
دارمی امام ابومحمد عبداللہ بن عبدالرحمٰن "السنن" تحقیق: عبداللہ ہاشم یمانی دارالمحاسن قاہرہ **1966**ء	**1299**
بخاری امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل "الجامع الصحیح" (رقم الحدیث من فتح الباری)	**765**
نیشاپوری امام مسلم بن حجاج "الجامع الصحیح" تحقیق و ترقیم فؤاد عبدالباقی دارالحدیث قاہرہ مصر	**463**
سجستانی امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث "السنن"، داراحیاء التراث العربی بیروت لبنان	**811**
نسائی امام احمد بن شعیب "المجتبیٰ من السنن" دارالحدیث قاہرہ مصر **1407**ھ-**1987**ء	**169/2**
بخاری امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل "الجامع الصحیح" (رقم الحدیث من فتح الباری)	**1085**

فِي فِدَاءِ اَسْرَاهُمْ كَانُوا يَبِيتُونَ فِي الْمَسْجِدِ ، مِنْهُمْ جُبَيْرُ بْنُ مُطْعِمٍ ، قَالَ جُبَيْرٌ فَكُنْتُ اَسْمَعُ قِرَائَةَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ۔

حضرت عثمان بن سلیمان بیان کرتے ہیں' مشرکین قریش جب مدینہ منورہ میں آئے' اپنے قیدیوں کا فدیہ دینے کے لئے تو انہوں نے مسجد میں رات بسر کی تھی۔ ان میں حضرت جبیر بھی شامل تھے وہ بیان کرتے ہیں' میں نبی اکرم ﷺ کی قرأت سن رہا تھا۔

اخرجه من كتاب استقبال القبلة

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے اس روایت کو کتاب وضو میں نقل کیا ہے۔

باب استقبال الكعبة فى الصلٰوة

باب 25: نماز کے دوران کعبہ کی طرف رخ کرنا

177 - اَخْبَرَنَا مَالِكُ بْنُ اَنَسٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا، قَالَ : بَيْنَمَا

بقیہ حاشیہ حدیث نمبر **176**:

نیشاپوری' امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ ''الصحیح'' شرکۃ الطباعۃ العربیہ' ریاض' الطبعۃ الثانیہ' **1981**ء **514**

اسفرائینی' امام ابوعوانہ یعقوب بن اسحاق' ''المسند'' مجلس دائرۃ المعارف العثمانیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' **1966**ء **153/2**

طحاوی' امام ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ' ''شرح معانی الآثار'' تحقیق: محمد جادالحق' مطبعۃ الانوار المحمدیہ' مصر **11/1**

تمیمی' امام ابوحاتم محمد بن حبان' ''صحیح ابن حبان''، دار الفکر' بیروت' طبع اوّل' **1996**ء **1830**

الفارسی' امام امیر ابن بلبان' ''الاحسان فی تقریب صحیح ابن حبان'' موسسۃ الرسالہ' بیروت' طبع اوّل' **1988**ء **1834**

طبرانی' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب' ''المعجم الکبیر'' تحقیق: احمدی عبدالمجید سلفی' مطبعۃ الزہراء الحدیثہ' موصل' عراق' (طبع ثانی) **1403/2**

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام'' دار المعرفۃ' بیروت' لبنان **54/1**

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام'' تحقیق: رفعت فوزی' دار الوفاء' طبع اوّل' **2001**ء **44/2**

حدیث نمبر **177**:

اصبحی' ابوعبداللہ مالک بن انس' ''المؤطا'' بروایۃ یحیی بن یحیی اندلسی' تحقیق: بشار عواد معروف' دار الغرب الاسلامی' بیروت' لبنان (طبع اوّل) **1996**ء **524**

اصبحی' ابوعبداللہ مالک بن انس' ''المؤطا'' بروایۃ امام محمد بن حسن شیبانی (مؤطا امام محمد) تحقیق: عبدالوہاب عبداللطیف' المکتبۃ العلمیہ **283**

اسفرائینی' امام ابوعوانہ یعقوب بن اسحاق' ''المسند'' مجلس دائرۃ المعارف العثمانیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' **1966**ء **394/1**

بیہقی' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی' ''السنن الکبریٰ'' دائرۃ المعارف النظامیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' **1344**ھ **2/2**

شیبانی' امام احمد بن محمد بن حنبل' ''المسند'' المطبعۃ المیمنیہ' مصر **16/2**

حمیدی' امام ابوبکر عبداللہ بن زبیر' ''المسند'' عالم الکتب' بیروت' مکتبۃ المتنبی' قاہرہ' مصر **1237**

بخاری' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل' ''الجامع الصحیح'' (رقم الحدیث من فتح الباری) **403**

نیشاپوری' امام مسلم بن حجاج' ''الجامع الصحیح'' تحقیق و ترقیم: فؤاد عبدالباقی' دار الحدیث' قاہرہ' مصر **526**

نسائی' امام احمد بن شعیب' ''المجتبیٰ من السنن'' دار الحدیث' قاہرہ' مصر' **1407**ھ-**1987**ء **244/1**

النَّاسُ بِقُبَاءٍ فِی صَلَاةِ الصُّبحِ، اِذْ اَتَاهُمْ اٰتٍ، فَقَالَ : اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ اُنْزِلَ عَلَيْهِ اللَّيْلَةَ قُرْآنٌ، وَقَدْ اُمِرَ اَنْ يَّسْتَقْبِلَ الْكَعْبَةَ فَاسْتَقْبِلُوهَا، وَكَانَتْ وُجُوهُهُمْ اِلَى الشَّامِ فَاسْتَدَارُوْا اِلَى الْكَعْبَةِ ۔

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' کچھ لوگ قباء میں صبح کی نماز ادا کر رہے تھے۔اسی دوران ایک شخص ان کے پاس آیا۔اور بولا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر گزشتہ رات قرآن نازل ہوا ہے اور آپ کو یہ حکم دیا گیا ہے کہ آپ کعبہ کی طرف رخ کر لیں تو ان لوگوں نے کعبہ کی طرف رخ کر لیا۔ان کے چہرے پہلے شام کی طرف تھے۔وہ الٹے گھوم کر خانہ کعبہ کی طرف ہو گئے۔

178 - اَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ : بَيْنَمَا النَّاسُ بِقُبَاءٍ فِی صَلَاةِ الصُّبحِ اِذْ جَائَهُمْ اٰتٍ، فَقَالَ : اِنَّ النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ نَزَلَ عَلَيْهِ اللَّيْلَةَ قُرْآنٌ، وَقَدْ اُمِرَ اَنْ يَّسْتَقْبِلَ الْكَعْبَةَ فَاسْتَقْبِلُوهَا، وَكَانَتْ وُجُوهُهُمْ اِلَى الشَّامِ فَاسْتَدَارُوْا اِلَى الْكَعْبَةِ ۔

✧✧ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' کچھ لوگ قباء میں صبح کی نماز ادا کر رہے تھے کہ ایک شخص ان کے پاس آیا اور بولا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر گزشتہ رات قرآن نازل ہوا ہے اور آپ کو یہ حکم دیا گیا ہے کہ آپ قبلہ کی طرف منہ کر لیں تو ان سب نے قبلہ کی طرف منہ کر لیا۔راوی کہتے ہیں: ان کے چہرے شام کی طرف تھے پھر وہ گھوم کر خانہ کعبہ کی طرف ہو گئے۔

179 - اَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ، اَنَّهُ كَانَ يَقُوْلُ : صَلّٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعْدَ اَنْ قَدِمَ الْمَدِيْنَةَ سِتَّةَ عَشَرَ شَهْرًا نَحْوَ بَيْتِ الْمَقْدِسِ، ثُمَّ حُوِّلَتِ الْقِبْلَةُ قَبْلَ بَدْرٍ

بقیہ حاشیہ حدیث نمبر **177**:

نسائی' امام احمد بن شعیب' ''السنن الکبریٰ'' تحقیق: سلیمان بنداری' سید کسروی' دار الکتب العلمیہ' **1991**ء **948**

نیشاپوری' امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ ''الصحیح'' شرکۃ الطباعۃ العربیہ' ریاض' الطبعۃ الثانیہ' **1981**ء **435**

اسفرائنی' امام ابوعوانہ یعقوب بن اسحاق' ''المسند'' مجلس دائرۃ المعارف العثمانیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' **1966**ء **394/1**

تمیمی' امام ابوحاتم محمد بن حبان' ''صحیح ابن حبان''، دارالفکر' بیروت' طبع اوّل **1996**ء **1711,1715**

دارقطنی' امام علی بن عمر' ''السنن'' مکتبۃ المتنبی' قاہرہ' مصر **273/1**

الکسی' امام ابومحمد عبد بن حمید بن نصر' ''مسند'' تحقیق: صبحی سامرائی' محمود خلیل' عالم الکتب' **1988**ء **11/2**

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام'' دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان **194/1**

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام'' تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اوّل **2001**ء **68/1**

حدیث نمبر **178**:

اصبحی' ابوعبداللہ مالک بن انس' ''الموطا'' بروایت یحییٰ بن یحییٰ اندلسی' تحقیق: بشار عواد معروف' دارالغرب الاسلامی' بیروت' لبنان (طبع اوّل) **1996**ء **525**

بخاری' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل' ''الجامع الصحیح'' (رقم الحدیث من فتح الباری) **840**

نیشاپوری' امام مسلم بن حجاج' ''الجامع الصحیح'' تحقیق و ترقیم محمد فؤاد عبدالباقی' دارالحدیث' قاہرہ' مصر **525**

قزوینی' امام محمد بن یزید ابن ماجہ' ''السنن'' تحقیق: بشار عواد معروف' دارالجیل' بیروت' **1998**ء **1010**

حمیدی' امام ابوبکر عبداللہ بن زبیر' ''المسند'' عالم الکتب' بیروت' مکتبۃ المتنبی' قاہرہ' مصر **430**

نسائی' امام احمد بن شعیب' ''المجتبیٰ من السنن'' دارالحدیث' قاہرہ' مصر **1407**ھ-**1987**ء **242/1**

نیشاپوری' امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ ''الصحیح'' شرکۃ الطباعۃ العربیہ' ریاض' الطبعۃ الثانیہ' **1981**ء **428**

بِشَهْرَيْنِ .

✦✦ سعید بن میسب بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سولہ ماہ تک بیت المقدس کی طرف رخ کر کے نماز ادا کی پھر غزوۂ بدر سے دو ماہ پہلے تحویل قبلہ ہوگئی۔

اخرج الاوّل من كتاب استقبال القبلة وهو اوّل حديث فيه ' والثانى والثالث من كتاب الرسالة .

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے پہلی روایت کو کتاب استقبال قبلہ میں نقل کیا ہے اور یہ اس میں موجود پہلی روایت ہے جبکہ دوسری اور تیسری روایت کو''کتاب رسالہ''میں نقل کیا ہے۔

باب الصلٰوة داخل الكعبة

باب 26: خانہ کعبہ کے اندر نماز ادا کرنا

180 - اَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَخَلَ الْكَعْبَةَ وَمَعَهُ بِلَالٌ، وَاُسَامَةُ، وَعُثْمَانُ بْنُ طَلْحَةَ، قَالَ ابْنُ عُمَرَ : فَسَاَلْتُ بِلَالًا : مَا صَنَعَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ قَالَ : جَعَلَ عَمُوْدًا عَنْ يَسَارِهٖ، وَعَمُوْدًا عَنْ يَمِيْنِهٖ، وَثَلَاثَةَ اَعْمِدَةٍ وَرَائَهُ ثُمَّ صَلّٰى، ...

حدیث نمبر **180**:

بخاری'امام'ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل''الجامع الصحیح''(رقم الحدیث من فتح الباری)

صنعانی'امام'ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام'المصنف''تحقیق:عبدالرحمٰن اعظمی'دارالقلم'بیروت'**1970**ء

حمیدی'امام'ابوبکر عبداللہ بن زبیر''المسند''عالم الکتب'بیروت'مکتبۃ المتنبی'قاہرہ'مصر

شیبانی'امام'احمد بن محمد بن حنبل''المسند''المطبعۃ المیمنیہ'مصر

الکسی'امام'ابومحمد عبد بن حمید بن نصر''مسند''تحقیق:صبحی سامرائی'محمود خلیل'عالم الکتب'**1988**ء

نسائی'امام'احمد بن شعیب''المجتبیٰ من السنن'دارالحدیث'قاہرہ'مصر'**1407**ھ-**1987**ء

بخاری'امام'ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل''الجامع الصحیح''(رقم الحدیث من فتح الباری)

موصلی'امام'ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ''المسند''تحقیق:حسین سلیم اسد'دارالمامون للتراث'طبع اوّل'**1987**ء

نیشاپوری'امام'مسلم بن حجاج''الجامع الصحیح''تحقیق وترقیم:فؤاد عبدالباقی'دارالحدیث'قاہرہ'مصر

حمیدی'امام'ابوبکر عبداللہ بن زبیر''المسند''عالم الکتب'بیروت'مکتبۃ المتنبی'قاہرہ'مصر

نیشاپوری'امام'ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ''الصحیح''شرکۃ الطباعۃ العربیہ'ریاض'الطبعۃ الثانیہ'**1981**ء

طحاوی'امام'ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ''شرح معانی الآثار''تحقیق:محمد جادالحق'مطبعۃ الانوار المحمدیہ'مصر

تمیمی'امام'ابوحاتم محمد بن حبان''صحیح ابن حبان''دارالفکر'بیروت'طبع اوّل'**1996**ء

الفارسی'امام'امیر ابن بلبان''الاحسان فی تقریب صحیح ابن حبان''موسسۃ الرسالہ'بیروت'طبع اوّل'**1988**ء

بیہقی'امام'ابوبکر احمد بن حسین بن علی''السنن الکبریٰ''دائرۃ المعارف النظامیہ'حیدرآباد دکن'ہندوستان'**1344**ھ

شافعی'امام'ابوعبداللہ محمد بن ادریس''الام''دارالمعرفۃ'بیروت'لبنان

شافعی'امام'ابوعبداللہ محمد بن ادریس''الام''تحقیق:رفعت فوزی'دارالوفاء'طبع اوّل'**2001**ء

كَانَ الْبَيْتُ يَوْمَئِذٍ عَلٰى سِتَّةِ اَعْمِدَةٍ .

✦✦ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' نبی اکرم ﷺ خانہ کعبہ کے اندر داخل ہوئے۔ آپ کے ساتھ حضرت بلال رضی اللہ عنہ' حضرت اسامہ رضی اللہ عنہ اور حضرت عثمان بن طلحہ رضی اللہ عنہ تھے۔ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' میں نے حضرت بلال رضی اللہ عنہ سے دریافت کیا نبی اکرم ﷺ نے (اندر) کیا کیا؟ انہوں نے جواب دیا: آپ نے ایک ستون کو بائیں طرف رکھا اور دوسرے ستون کو دائیں طرف رکھا اور تین ستونوں کو اپنے پیچھے رکھا اور پھر نماز ادا کر لی۔

راوی بیان کرتے ہیں اس وقت خانہ کعبہ میں چھ ستون ہوتے تھے۔

181 - حَدَّثَنَا مَالِكٌ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا، قَالَ : دَخَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْكَعْبَةَ هُوَ وَبِلَالٌ وَّعُثْمَانُ بْنُ طَلْحَةَ، وَاَحْسِبُهُ قَالَ : وَاُسَامَةُ، فَلَمَّا خَرَجَ سَاَلْتُ بِلَالًا : كَيْفَ صَنَعَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ قَالَ : جَعَلَ عَمُوْدًا عَنْ يَمِيْنِهٖ وَعَمُوْدَيْنِ عَنْ يَسَارِهٖ وَثَلَاثَةَ اَعْمِدَةٍ وَّرَائَهُ ثُمَّ صَلّٰى، وَكَانَ الْبَيْتُ يَوْمَئِذٍ عَلٰى سِتَّةِ اَعْمِدَةٍ .

✦✦ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' نبی اکرم ﷺ (خانہ کعبہ کے اندر) تشریف لے گئے۔ آپ کے ساتھ حضرت بلال رضی اللہ عنہ اور حضرت عثمان بن طلحہ رضی اللہ عنہ تھے۔ راوی کہتے ہیں' میرا خیال ہے (روایت میں یہ الفاظ بھی ہیں) حضرت اسامہ رضی اللہ عنہ بھی تھے۔ جب آپ باہر تشریف لائے تو میں نے حضرت بلال رضی اللہ عنہ سے دریافت کیا کہ نبی اکرم ﷺ نے کیا کیا؟ انہوں نے جواب دیا: آپ نے ایک ستون کو اپنے دائیں طرف رکھا' دو ستونوں کو اپنے بائیں طرف رکھا۔ تین ستونوں کو اپنی پشت کی طرف رکھا پھر نماز ادا کی۔ (راوی کہتے ہیں) خانہ کعبہ میں ان دنوں چھ ستون ہوتے تھے۔

اخرج الاوّل من كتاب الوضوء ' والثانی من كتاب الحج من الامالی .

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے پہلی روایت کو کتاب الوضو میں نقل کیا ہے اور دوسری روایت کو ''کتاب الحج من الامالی'' میں کتاب الحج میں نقل کیا ہے۔

باب ما يحول بين المصلى و بين القبلة

قزوینی' امام' محمد بن یزید ابن ماجہ' "السنن" ' تحقیق: بشار عواد معروف' دار الجیل' بیروت' 1998ء — 1214

ترمذی' امام' ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ' "الجامع الکبیر" ' تحقیق: ڈاکٹر بشار عواد معروف' دار الغرب الاسلامی' بیروت 1996ء — 394

نسائی' امام' احمد بن شعیب' "المجتبیٰ من السنن" ' دار الحدیث' قاہرہ' مصر 1407ھ-1987ء — 20/3

نسائی' امام' احمد بن شعیب' "السنن الکبریٰ" ' تحقیق: سلیمان بنداری' سید کسروی' دار الکتب العلمیہ' 1991ء — 572

نیشاپوری' امام' ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ' "الصحیح" شرکۃ الطباعۃ العربیہ' ریاض' الطبعۃ الثانیہ' 1981ء — 860

الفارسی' امام' امیر ابن بلبان' "الاحسان فی تقریب صحیح ابن حبان" موسسۃ الرسالہ' بیروت' طبع اوّل' 1988ء — 2086

✦✦ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دو رکعات پڑھنے کے بعد سلام پھیر دیا تو حضرت ذوالیدین نے عرض کی: یارسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم)! کیا نماز مختصر ہوگئی ہے یا آپ بھول گئے ہیں؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: کیا ذوالیدین ٹھیک کہہ رہا ہے؟ لوگوں نے عرض کی جی ہاں! نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کھڑے ہوئے آپ نے بقیہ دو رکعات ادا کیں پھر آپ نے سلام پھیرا۔ پھر آپ نے تکبیر کہی پھر سجدہ کیا جیسے آپ سجدہ کرتے تھے یا شاید اس سے زیادہ طویل تھا۔ پھر آپ نے سر اٹھایا پھر تکبیر کہی پھر سجدہ کیا جیسے آپ سجدہ کرتے تھے یا شاید اس سے زیادہ طویل تھا۔ پھر آپ نے سرمبارک اٹھایا۔

331 - اَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ دَاوُدَ بْنِ الْحُصَيْنِ، عَنْ اَبِىْ سُفْيَانَ مَوْلٰى ابْنِ اَبِىْ اَحْمَدَ، قَالَ : سَمِعْتُ اَبَا هُرَيْرَةَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ يَقُوْلُ : صَلّٰى لَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَاةً فِىْ رَكْعَتَيْنِ، فَقَامَ ذُو الْيَدَيْنِ، فَقَالَ : اَقُصِرَتِ الصَّلَاةُ اَمْ نَسِيتَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ؟ فَاَقْبَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى النَّاسِ فَقَالَ : اَصَدَقَ ذُو الْيَدَيْنِ؟ فَقَالُوْا : نَعَمْ، فَاَتَمَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا بَقِىَ مِنَ الصَّلَاةِ ثُمَّ سَجَدَ سَجْدَتَيْنِ وَهُوَ جَالِسٌ بَعْدَ التَّسْلِيمِ .

✦✦ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں نماز پڑھائی۔ آپ نے دو رکعات پڑھنے کے بعد سلام پھیر دیا۔ حضرت ذوالیدین کھڑے ہوئے اور انہوں نے دریافت کیا: یارسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم)! نماز مختصر ہوگئی ہے یا آپ بھول گئے ہیں؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے (لوگوں کی طرف) رخ کیا اور دریافت کیا کہ کیا ذوالیدین ٹھیک کہہ رہا ہے؟ لوگوں نے عرض کی جی ہاں! نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے بقیہ نماز مکمل کی پھر آپ نے دو سجدے کیے جبکہ آپ بیٹھے ہوئے تھے آپ نے سلام پھیرنے کے بعد یہ سجدے کیے تھے۔

332 - اَخْبَرَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ الثَّقَفِىُّ، عَنْ خَالِدٍ الْحَذَّاءِ، عَنْ اَبِىْ قِلَابَةَ، عَنْ اَبِى الْمُهَلَّبِ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ، قَالَ : سَلَّمَ النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِىْ ثَلَاثِ رَكَعَاتٍ مِنَ الْعَصْرِ، ثُمَّ قَامَ فَدَخَلَ الْحُجْرَةَ، فَقَامَ الْخِرْبَاقُ رَجُلٌ بَسِيطُ الْيَدَيْنِ فَنَادٰى : يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اَقُصِرَتِ الصَّلَاةُ؟ فَخَرَجَ مُغْضَبًا يَجُرُّ رِدَائَهُ فَسَاَلَ، فَاُخْبِرَ، فَصَلّٰى تِلْكَ الرَّكْعَةَ الَّتِى كَانَ تَرَكَ ثُمَّ سَلَّمَ ثُمَّ سَجَدَ سَجْدَتَيْنِ ثُمَّ سَلَّمَ .

حدیث نمبر **331**:

اصبحی' ابوعبداللہ مالک بن انس' "الموطا" بروایۃ یحییٰ بن یحییٰ اندلسی' تحقیق: بشار عواد معروف' دارالغرب الاسلامی' بیروت' لبنان (طبع اوّل) 1996ء — **248**

شیبانی' امام احمد بن محمد بن حنبل' "المسند" المطبعۃ المیمنیۃ' مصر — **447/2**

نیشاپوری' امام مسلم بن حجاج' "الجامع الصحیح" تحقیق و ترقیم: فؤاد عبدالباقی' دارالحدیث' قاہرہ' مصر — **573**

نسائی' امام احمد بن شعیب' "المجتبیٰ من السنن" دارالحدیث' قاہرہ' مصر 1407ھ-1987ء — **22/3**

نسائی' امام احمد بن شعیب' "السنن الکبریٰ" تحقیق: سلیمان بنداری' سید کسروی' دارالکتب العلمیہ' 1991ء — **575**

اسفرائینی' امام ابوعوانہ یعقوب بن اسحاق' "المسند" مجلس دائرۃ المعارف العثمانیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' 1966ء — **469/2**

طحاوی' امام ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ' "شرح معانی الآثار" تحقیق: محمد جاد الحق' مطبعۃ الانوار المحمدیہ' مصر — **445/1**

تمیمی' امام ابوحاتم محمد بن حبان' "صحیح ابن حبان"' دارالفکر' بیروت' طبع اوّل' 1996ء — **44/1**

✦✦ حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے عصر کی نماز میں تین رکعات پڑھنے کے بعد سلام پھیر دیا۔ پھر آپ کھڑے ہوئے پھر آپ حجرے میں تشریف لے گئے تو حضرت خرباق کھڑے ہوئے یہ ایک ایسے صاحب تھے جن کے ہاتھ لمبے تھے۔ انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم)! کیا نماز مختصر ہوگئی ہے تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم غضب کے عالم میں اپنی چادر کو کھینچتے ہوئے باہر تشریف لائے۔ آپ نے اس بارے میں دریافت کیا آپ کو بتایا گیا تو آپ نے وہ ایک رکعت ادا کی جو ترک کر دی تھی۔ پھر آپ نے دو سجدے کیے اور پھر سلام پھیر لیا۔

اخرج الثلاثة الاحاديث من الجزء الثاني من اختلاف الحديث .

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے ان تینوں روایات کو اختلاف حدیث کے دوسرے جز میں نقل کیا ہے۔

باب سجود التلاوة

باب 80: سجدہ تلاوت کرنا

333 - اَخْبَرَنَا ابْنُ فُدَيْكٍ، عَنِ ابْنِ اَبِىْ ذِئْبٍ، عَنِ الْحَارِثِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ ثَوْبَانَ، عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَرَاَ بِالنَّجْمِ، فَسَجَدَ وَسَجَدَ النَّاسُ مَعَهُ اِلا رَجُلَيْنِ، قَالَ : اَرَادَا الشُّهْرَةَ .

حدیث نمبر **332**:

شیبانی' امام احمد بن محمد بن حنبل' ''المسند'' المطبعة المیمنیہ' مصر	4274
نیشاپوری' امام مسلم بن حجاج' ''الجامع الصحیح'' تحقیق وترقیم: فؤاد عبدالباقی' دارالحدیث' قاہرہ' مصر	474
سجستانی' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث' ''السنن''، داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان	1018
بیہقی' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی' السنن الکبریٰ' دائرۃ المعارف النظامیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' 1344ھ	1215
نسائی' امام احمد بن شعیب' ''المجتبیٰ من السنن'' دارالحدیث' قاہرہ' مصر 1407ھ-1987ء	26/3
بخاری' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل' ''الجامع الصحیح'' (رقم الحدیث من فتح الباری)	576
نیشاپوری' امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ ''الصحیح'' شرکۃ الطباعۃ العربیہ' ریاض' الطبعۃ الثانیہ 1981ء	1054
تمیمی' امام ابوحاتم محمد بن حبان' ''صحیح ابن حبان''، دارالفکر' بیروت' طبع اوّل 1996ء	2650
الفارسی' امام امیر ابن بلبان' ''الاحسان فی تقریب صحیح ابن حبان'' موسسۃ الرسالہ' بیروت' طبع اوّل 1988ء	2654
بیہقی' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی' السنن الکبریٰ' دائرۃ المعارف النظامیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' 1344ھ	354/2

حدیث نمبر **333**:

کوفی' امام ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ' ''المصنف'' المطبعۃ العزیزیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' 1386ھ	4253
شیبانی' امام احمد بن محمد بن حنبل' ''المسند'' المطبعۃ المیمنیہ' مصر	240/2
طحاوی' امام ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ' ''شرح معانی الآثار'' تحقیق: محمد جادالحق' مطبعۃ الانوار المحمدیہ' مصر	353/1
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام'' دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان	128/1
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام'' تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اوّل 2001ء	471/10

✦✦ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سورۃ نجم کی تلاوت کی پھر آپ نے سجدہ کیا تو آپ کے ساتھ لوگوں نے بھی سجدہ کیا۔صرف دو لوگوں نے سجدہ نہیں کیا۔راوی بیان کرتے ہیں' انہوں نے مشہور ہونے کا ارادہ کیا تھا۔

334 - اَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنِ الْاَعْرَجِ اَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَرَاَ : "وَالنَّجْمِ اِذَا هَوٰى" فَسَجَدَ فِيْهَا ثُمَّ قَامَ فَقَرَاَ بِسُوْرَةٍ اُخْرٰى .

✦✦ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کے بارے میں منقول ہے' انہوں نے "والنجم اذا هوى" پڑھی اور اس میں سجدہ کیا پھر کھڑے ہو گئے پھر دوسری سورت پڑھی۔

335 - اَخْبَرَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ سَعْدِ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ ثَعْلَبَةَ بْنِ صُعَيْرٍ اَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ صَلّٰى بِهِمْ بِالْجَابِيَةِ فَقَرَاَ بِسُوْرَةِ الْحَجِّ فَسَجَدَ فِيْهَا سَجْدَتَيْنِ .

✦✦ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کے بارے میں منقول ہے' انہوں نے اپنے ساتھیوں کو "جابیہ" کے مقام پر نماز پڑھائی۔ انہوں نے سورۃ حج کی تلاوت کی اور اس میں دو سجدے کیے۔

336 - اَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ يَزِيْدَ مَوْلَى الْاَسْوَدِ بْنِ سُفْيَانَ، عَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، اَنَّ اَبَا هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَرَاَ : "اِذَا السَّمَاءُ انْشَقَّتْ فَسَجَدَ فِيْهَا"، فَلَمَّا انْصَرَفَ اَخْبَرَهُمْ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَجَدَ فِيْهَا

✦✦ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کے بارے میں منقول ہے' انہوں نے "اذ السماء انشقت" پڑھی تو اس میں سجدہ کیا جب وہ نماز پڑھ کر فارغ ہوئے تو انہیں بتایا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی اس سورت میں سجدہ کیا تھا۔

اخرج الاوّل من كتاب اختلاف الحديث والى اخر الرابع فى كتاب اختلاف مالك والشافعى .

حدیث نمبر **334**:

اصحبی' ابوعبداللہ مالک بن انس' "الموطا" بروایۃ یحیٰی بن یحیٰی اندلسی' تحقیق: بشار عواد معروف' دار الغرب الاسلامی' بیروت' لبنان (طبع اوّل) **1996**ء	**550**
اصحبی' ابوعبداللہ مالک بن انس' "الموطا" بروایۃ امام محمد بن حسن شیبانی (موطا امام محمد) تحقیق: عبد الوہاب عبد اللطیف' المکتبۃ العلمیہ	**2618**

حدیث نمبر **335**:

کوفی' امام ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ' "المصنف" المطبعۃ العزیزیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان **1386**ھ	**488**
طحاوی' امام ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ' "شرح معانی الآثار" تحقیق: محمد جاد الحق' مطبعۃ الانوار المحمدیہ' مصر	**362/1**
دار قطنی' امام علی بن عمر' "السنن" مکتبۃ المتنبی' قاہرہ' مصر	**408/1**
نیشاپوری' امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم' "المستدرک" مکتبۃ المطبوعات الاسلامیہ' حلب' طبع بیروت	**369/2**
بیہقی' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی' "السنن الکبریٰ" دائرۃ المعارف النظامیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان **1344**ھ	**317/2**
اصحبی' ابوعبداللہ مالک بن انس' "الموطا" بروایۃ امام محمد بن حسن شیبانی (موطا امام محمد) تحقیق: عبد الوہاب عبد اللطیف' المکتبۃ العلمیہ	**269**
اصحبی' ابوعبداللہ مالک بن انس' "الموطا" بروایۃ یحیٰی بن یحیٰی اندلسی' تحقیق: بشار عواد معروف' دار الغرب الاسلامی' بیروت' لبنان (طبع اوّل) **1996**ء	**548**
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام" دار المعرفۃ' بیروت' لبنان	**138/1**
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام" تحقیق: رفعت فوزی' دار الوفاء' طبع اوّل **2001**ء	**69/48**

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے پہلی روایت کتاب اختلاف حدیث میں نقل کی ہے اور اس کے بعد والی روایات کتاب اختلاف مالک و شافعی میں نقل کی ہیں۔

باب منه : الائتمام بالقارئ في السجود

باب 81: سجدہ کرتے ہوئے قاری کی پیروی کرنا

337 - اَخْبَرَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، اَنَّ رَجُلاً قَرَاَ عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ السَّجْدَةَ فَسَجَدَ، فَسَجَدَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ قَرَاَ اٰخَرُ عِنْدَهُ السَّجْدَةَ فَلَمْ يَسْجُدْ، فَلَمْ يَسْجُدِ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ : يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، قَرَاَ فُلَانٌ عِنْدَكَ السَّجْدَةَ فَسَجَدْتَ، وَقَرَاْتُ عِنْدَكَ السَّجْدَةَ فَلَمْ تَسْجُدْ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : كُنْتَ اِمَامًا فَلَوْ سَجَدْتَ سَجَدْتُ .

✦✦ زید بن اسلم' عطاء بن یسار کا یہ بیان نقل کرتے ہیں۔ایک شخص نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے آیت سجدہ پڑھی۔اس نے سجدہ کیا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی سجدہ کیا۔پھر آپ کے سامنے دوسرے شخص نے آیت سجدہ پڑھی تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سجدہ نہیں کیا۔اس نے عرض کی: یارسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم)! فلاں نے آپ کے سامنے آیت سجدہ پڑھی تو آپ نے سجدہ کرلیا۔میں نے آپ کے سامنے آیت سجدہ پڑھی تو آپ نے سجدہ نہیں کیا۔نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم اسوہ تھے اگر تم سجدہ کر لیتے تو میں بھی سجدہ کرلیتا۔

338 - اَخْبَرَنَا ابْنُ اَبِيْ فُدَيْكٍ، عَنِ ابْنِ اَبِيْ ذِئْبٍ، عَنْ يَزِيْدَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ قُسَيْطٍ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ، اَنَّهُ قَرَاَ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالنَّجْمِ، فَلَمْ يَسْجُدْ فِيْهَا .

حدیث نمبر **336**:

شیبانی' امام' احمد بن محمد بن حنبل' "المسند" المطبعۃ المیمنیہ' مصر — 437/2

نیشاپوری' امام' ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ "الصحیح" شرکۃ الطباعۃ العربیۃ' ریاض' الطبعۃ الثانیۃ' 1981ء — 76

بخاری' امام' ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل' "الجامع الصحیح" (رقم الحدیث من فتح الباری) — 1074

نیشاپوری' امام' مسلم بن حجاج' "الجامع الصحیح" تحقیق و ترقیم: فؤاد عبدالباقی' دارالحدیث' قاہرہ' مصر — 578

نسائی' امام' احمد بن شعیب' "المجتبیٰ من السنن" دارالحدیث' قاہرہ' مصر 1407ھ-1987ء — 161/2

نسائی' امام' احمد بن شعیب' "السنن الکبریٰ" تحقیق: سلیمان بنداری' سید کسروی' دارالکتب العلمیہ' 1991ء — 1033

طحاوی' امام' ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ "شرح معانی الآثار" تحقیق: محمد جادالحق' مطبعۃ الانوار المحمدیہ' مصر — 358/1

بیہقی' امام' ابوبکر احمد بن حسین بن علی' "السنن الکبریٰ" دائرۃ المعارف النظامیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' 1344ھ — 315/1

شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام" دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان — 161/1

شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام" تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اوّل' 2001ء — 346/8

حدیث نمبر **337**:

کوفی' امام' ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ "المصنف" المطبعۃ العزیزیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' 1386ھ — 4383

شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام" دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان — 1831

شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام" تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اوّل' 2001ء — 40/10

✦✦ حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے "سورۃ نجم" پڑھی تھی اور اس میں سجدہ نہیں کیا۔

339 - اَخْبَرَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ عَبْدَةَ، عَنْ زِرِّ بْنِ حُبَيْشٍ، عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ اَنَّهٗ كَانَ لَا يَسْجُدُ فِيْ سُوْرَةِ صٓ، وَيَقُوْلُ اِنَّمَا هِيَ تَوْبَةُ نَبِيٍّ

✦✦ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کے بارے میں منقول ہے: وہ "سورۃ ص" میں سجدہ نہیں کرتے تھے اور یہ فرمایا کرتے تھے: یہ ایک نبی کی توبہ ہے۔

اخرج الحديثين من كتاب اختلاف الحديث والثالث من كتاب اختلاف علي وعبد الله مما لم يسمع الربيع من الشافعي .

حدیث نمبر **338**:

صنعانی امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام "المصنف" تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی دارالقلم بیروت **1970ء**	**5899**
شیبانی امام احمد بن محمد بن حنبل "المسند" المطبعۃ المیمنیہ مصر	**183/5**
الکسی امام ابو محمد عبد بن حمید بن نصر "مسند" تحقیق: صبحی سامرائی محمود خلیل عالم الکتب **1988ء**	**251**
دارمی امام ابو محمد عبداللہ بن عبدالرحمٰن "السنن" تحقیق: عبداللہ ہاشم یمانی دارالمحاسن قاہرہ **1966ء**	**1480**
بخاری امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل "الجامع الصحیح" (رقم الحدیث من فتح الباری)	**1072**
نیشاپوری امام مسلم بن حجاج "الجامع الصحیح" تحقیق وترقیم: فواد عبدالباقی دارالحدیث قاہرہ مصر	**577**
سجستانی امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث "السنن" داراحیاء التراث العربی بیروت لبنان	**1404**
ترمذی امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ "الجامع الکبیر" تحقیق: ڈاکٹر بشار عواد معروف دارالغرب الاسلامی بیروت **1998ء**	**756**
نسائی امام احمد بن شعیب "المجتبیٰ من السنن" دارالحدیث قاہرہ مصر **1407ھ-1987ء**	**163/2**
نسائی امام احمد بن شعیب "السنن الکبریٰ" تحقیق: سلیمان بنداری سید کسروی دارالکتب العلمیہ **1991ء**	**1032**
نیشاپوری امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ "الصحیح" شرکۃ الطباعۃ العربیہ ریاض الطبعۃ الثانیہ **1981ء**	**568**
طحاوی امام ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ "شرح معانی الآثار" تحقیق: محمد جادالحق مطبعۃ الانوار المحمدیہ مصر	**352/1**
طحاوی امام ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ "شرح مشکل الآثار" تحقیق: شعیب ارناؤوط موسسۃ الرسالہ بیروت لبنان **1987ء**	**3615**
تمیمی امام ابوحاتم محمد بن حبان "صحیح ابن حبان" دارالفکر بیروت طبع اول **1996ء**	**2757**
الفارسی امام امیر ابن بلبان "الاحسان فی تقریب صحیح ابن حبان" موسسۃ الرسالہ بیروت طبع اول **1988ء**	**2762**
شافعی امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس "الام" دارالمعرفۃ بیروت لبنان	**163/1**
شافعی امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس "الام" تحقیق: رفعت فوزی دارالوفاء طبع اول **2001ء**	**47/10**

حدیث نمبر **339**:

صنعانی امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام "المصنف" تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی دارالقلم بیروت **1970ء**	**5874**
بیہقی امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی "السنن الکبریٰ" دائرۃ المعارف النظامیہ حیدرآباد دکن ہندوستان **1344ھ**	**319/2**
شافعی امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس "الام" دارالمعرفۃ بیروت لبنان	**188/7**
شافعی امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس "الام" تحقیق: رفعت فوزی دارالوفاء طبع اول **2001ء**	**497/8**

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے پہلی دو روایات کتاب اختلاف حدیث میں نقل کی ہیں۔ تیسری روایت کتاب اختلاف حضرت علی رضی اللہ عنہ اور حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ میں نقل کی ہے۔ یہ ان روایات میں سے ہے جنہیں ربیع نے امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ سے نہیں سنا ہے۔

باب قصر الصلوٰة في السفر

باب 82: سفر کے دوران نماز قصر پڑھنا

340 - اَخْبَرَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ، عَنْ اَيُّوْبَ السَّخْتِيَانِيِّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيْرِيْنَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا، قَالَ: سَافَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَ مَكَّةَ وَالْمَدِيْنَةِ اٰمِنًا لَا يَخَافُ اِلَّا اللّٰهَ، يُصَلِّيْ رَكْعَتَيْنِ .

✧✧ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے امن کی حالت میں مکہ سے مدینہ تک سفر کیا۔ آپ کو صرف اللہ کا خوف تھا لیکن آپ نے دو رکعات ادا کی ہی تھیں۔

قَالَ الْاَصَمُّ: اَظُنُّهُ سَقَطَ مِنْ كِتَابِيْ ابْنُ عَبَّاسٍ .

اصم بیان کرتے ہیں' میرا خیال ہے کہ میری تحریر میں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کا نام موجود نہیں تھا۔

341 - اَخْبَرَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ بْنُ عَبْدِ الْمَجِيْدِ، عَنْ اَيُّوْبَ بْنِ اَبِيْ تَمِيْمَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيْرِيْنَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا، قَالَ: سَافَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْمَا بَيْنَ مَكَّةَ وَالْمَدِيْنَةِ اٰمِنًا لَا يَخَافُ اِلَّا اللّٰهَ، فَصَلّٰى رَكْعَتَيْنِ .

✧✧ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مکہ سے مدینہ تک امن کی حالت میں سفر کیا۔ آپ کو صرف اللہ تعالیٰ کا خوف تھا لیکن آپ نے (قصر نماز کے طور پر) دو رکعات پڑھیں۔

حدیث نمبر **340**

حمیدی' امام' ابوبکر عبداللہ بن زبیر' ''المسند'' عالم الکتب' بیروت' مکتبۃ المتنبی' قاہرہ' مصر	2664
صنعانی' امام' ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام' ''المصنف'' تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی' دار القلم' بیروت' 1970ء	4270
کوفی' امام' ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ' ''المصنف'' المطبعۃ العزیزیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' 1386ھ	8164
شیبانی' امام' احمد بن محمد بن حنبل' ''المسند'' المطبعۃ المیمنیہ' مصر	251/1
الکسی' امام' ابومحمد عبد بن حمید بن نصر' ''مسند'' تحقیق: صبحی سامرائی' محمود خلیل' عالم الکتب' 1988ء	662
ترمذی' امام' ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ' ''الجامع الکبیر'' تحقیق: ڈاکٹر بشار عواد معروف' دار الغرب الاسلامی' بیروت 1996ء	547
نیشاپوری' امام' مسلم بن حجاج' ''الجامع الصحیح'' تحقیق و ترقیم: فؤاد عبدالباقی' دار الحدیث' قاہرہ' مصر	1173
طبرانی' امام' ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب' ''المعجم الکبیر'' تحقیق: احمدی عبدالمجید سلفی' مطبعۃ الزہراء الحدیثۃ' موصل' عراق (طبع ثانی)	12855
بیہقی' امام' ابوبکر احمد بن حسین بن علی' ''السنن الکبریٰ'' دائرۃ المعارف النظامیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' 1344ھ	135/3
شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام'' دار المعرفۃ' بیروت' لبنان	351/8
شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام'' تحقیق: رفعت فوزی' دار الوفاء' طبع اول' 2001ء	51/10

342 - اَخْبَرَنَا عَبْدُ الْوَهَّاب، عَنْ اَيُّوْبَ السَّخْتِيَانِيِّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيْرِيْنَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا، قَالَ : سَافَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَ مَكَّةَ، وَالْمَدِيْنَةِ اٰمِنًا لَا يَخَافُ اِلا اللّٰهَ، يُصَلِّيْ رَكْعَتَيْنِ .

✦✦ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مکہ سے مدینہ تک امن کی حالت میں سفر کیا آپ کو صرف اللہ تعالیٰ کا خوف تھا لیکن آپ نے (قصر نماز کے طور پر) دو رکعات نماز ادا کیں۔

343 - اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ، عَنْ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ مَيْسَرَةَ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ : صَلَّيْتُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الظُّهْرَ بِالْمَدِيْنَةِ اَرْبَعًا، وَصَلَّيْتُ مَعَهُ الْعَصْرَ بِذِى الْحُلَيْفَةِ رَكْعَتَيْنِ .

✦✦ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی اقتدا میں ''مدینہ منورہ'' میں ظہر کی نماز میں' چار رکعات ادا کیں اور آپ کی اقتداء میں عصر کی نماز میں ''ذوالحلیفہ'' میں دو رکعت ادا کیں۔

344 - اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ يَعْنِيْ ابْنَ عُيَيْنَةَ، عَنِ ابْنِ الْمُنْكَدِرِ، اَنَّهُ سَمِعَ اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ يَقُوْلُ مِثْلَ ذٰلِكَ، اِلا اَنَّهُ قَالَ : بِذِى الْحُلَيْفَةِ .

✦✦ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کے حوالے سے بھی اسی طرح کی روایت منقول ہے۔

حدیث نمبر **343**:

حمیدی' امام ابوبکر عبداللہ بن زبیر' ''المسند'' عالم الکتب' بیروت' مکتبۃ المتنبی' قاہرہ' مصر	1193
کوفی' امام ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ' ''المصنف'' المطبعۃ العزیزیہ' حیدرآباددکن' ہندوستان' 1386ھ	8115
طحاوی' امام ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ' ''شرح معانی الآثار'' تحقیق: محمد جاد الحق' مطبعۃ الانوار المحمدیہ' مصر	481/1
صنعانی' امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام' ''المصنف'' تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی' دارالقلم' بیروت' 1970ء	4316
شیبانی' امام احمد بن محمد بن حنبل' ''المسند'' المطبعۃ المیمنیہ' مصر	110
دارمی' امام ابومحمد عبداللہ بن عبدالرحمٰن' ''السنن'' تحقیق: عبداللہ ہاشم یمانی' دارالمحاسن' قاہرہ' 1966ء	15316
بخاری' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل' ''الجامع الصحیح'' (رقم الحدیث من فتح الباری)	1089
نیشاپوری' امام مسلم بن حجاج' ''الجامع الصحیح'' تحقیق وترقیم فؤاد عبدالباقی' دارالحدیث' قاہرہ' مصر	690
سجستانی' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث' ''السنن'' داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان	1202
ترمذی' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ' ''الجامع الکبیر'' تحقیق: ڈاکٹر بشار عواد معروف' دارالغرب الاسلامی' بیروت 1996ء	546
نسائی' امام احمد بن شعیب' ''المجتبیٰ من السنن'' دارالحدیث' قاہرہ' مصر 1407ھ-1987ء	235/1
نسائی' امام احمد بن شعیب' ''السنن الکبریٰ'' تحقیق: سلیمان بنداری' سید کسروی' دارالکتب العلمیہ' 1991ء	353
موصلی' امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ' ''المسند'' تحقیق: حسین سلیم اسد' دارالمامون للتراث' طبع اول 1987ء	633
تمیمی' امام ابوحاتم محمد بن حبان' ''صحیح ابن حبان'' دارالفکر' بیروت' طبع اول' 1996ء	5743
نیشاپوری' امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ' ''الصحیح'' شرکۃ الطباعۃ العربیہ' ریاض' الطبعۃ الثانیۃ' 1981ء	748
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام'' دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان	108/1
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام'' تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اول 2001ء	358/2

345 - اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ، عَنْ اَيُّوْبَ، عَنْ اَبِيْ قِلَابَةَ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، بِمِثْلِ ذٰلِكَ .

✦✦ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کے حوالے سے اس کی مانند منقول ہے۔

اخرج الحديثين من كتاب الامالي والثالث من كتاب اختلاف الحديث والى اخر السادس من كتاب استقبال القبلة .

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے پہلی دو روایات کتاب امالی میں نقل کی ہیں جبکہ تیسری روایت کتاب اختلاف حدیث میں نقل کی ہے اور اس کے بعد والی روایات کتاب استقبال قبلہ میں نقل کی ہیں۔

باب مسافة ما لا تقصر الصلوٰة فيه وما تقصر فيه

باب 83: اس مسافت کا بیان جس میں نماز قصر کی جاتی ہے اور جس میں نماز قصر نہیں کی جاسکتی

346 - اَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ نَافِعٍ، اَنَّهُ كَانَ يُسَافِرُ مَعَ ابْنِ عُمَرَ الْبَرِيْدَ وَلَا يَقْصُرُ الصَّلَاةَ .

حدیث نمبر 345:

صنعانی' امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام' "المصنف"' تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی' دارالقلم' بیروت' 1970ء	3415
حمیدی' امام ابوبکر عبداللہ بن زبیر' "المسند"' عالم الکتب' بیروت' مکتبۃ المتنبی' قاہرہ' مصر	892
شیبانی' امام احمد بن محمد بن حنبل' "المسند"' المطبعۃ المیمنیہ' مصر	111/3
بخاری' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل' "الجامع الصحیح" (رقم الحدیث من فتح الباری)	210/2
نیشاپوری' امام مسلم بن حجاج' "الجامع الصحیح"' تحقیق وترقیم: فؤاد عبدالباقی' دارالحدیث' قاہرہ' مصر	441/2
موصلی' امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ' "المسند"' تحقیق: حسین سلیم اسد' دارالمامون للتراث' طبع اوّل 1987ء	898
نسائی' امام احمد بن شعیب' "المجتبیٰ من السنن"' دارالحدیث' قاہرہ' مصر 1407ھ-1987ء	237/1
نسائی' امام احمد بن شعیب' "السنن الکبریٰ"' تحقیق: سلیمان بنداری' سید کسروی' دارالکتب العلمیہ' 1991ء	342
طحاوی' امام ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ' "شرح معانی الآثار"' تحقیق: محمد جادالحق' مطبعۃ الانوار المحمدیہ' مصر	491/4
تمیمی' امام ابوحاتم محمد بن حبان' "صحیح ابن حبان"' دارالفکر' بیروت' طبع اوّل 1996ء	2742
الفارسی' امام امیر ابن بلبان' "الاحسان فی تقریب صحیح ابن حبان" موسسۃ الرسالہ' بیروت' طبع اوّل 1988ء	2747
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام"' دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان	180/1
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام"' تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اوّل 2001ء	359/2

حدیث نمبر 346:

اصبحی' ابوعبداللہ مالک بن انس' "المؤطا"' بروایۃ یحییٰ بن یحییٰ اندلسی' تحقیق: بشار عواد معروف' دارالغرب الاسلامی' بیروت' لبنان (طبع اوّل) 1996ء	387
اصبحی' ابوعبداللہ مالک بن انس' "المؤطا"' بروایۃ امام محمد بن حسن شیبانی (مؤطا امام محمد) تحقیق: عبدالوہاب عبداللطیف' المکتبۃ العلمیہ	193
صنعانی' امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام' "المصنف"' تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی' دارالقلم' بیروت' 1970ء	4295
بیہقی' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی' "السنن الکبریٰ"' دائرۃ المعارف النظامیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' 1344ھ	137/3
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام"' دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان	180/1
کوفی' امام ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ' "المصنف"' المطبعۃ العزیزیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' 1386ھ	383/2

✦✦ نافع بیان کرتے ہیں' وہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کے ساتھ ''برید'' تک کا سفر کرتے تھے اور حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نماز قصر ادا نہیں کرتے تھے۔

347 - اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُما، اَنَّهٗ سُئِلَ اَتُقْصَرُ الصَّلَاةُ اِلٰى عَرَفَةَ؟ قَالَ : لَا، وَلٰكِنْ اِلٰى عُسْفَانَ وَاِلٰى جُدَّةَ وَاِلَى الطَّائِفِ .

✦✦ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کے بارے میں منقول ہے: ان سے دریافت کیا گیا: آپ ''عرفہ'' جانے کے لئے نماز قصر کریں گے تو انہوں نے جواب دیا عسفان جانے کے لئے جدہ یا طائف جانے کے لئے قصر کروں گا۔

348 - اَخْبَرَنَا مَالِكُ بْنُ اَنَسٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ رَكِبَ اِلٰى ذَاتِ النُّصُبِ فَقَصَرَ الصَّلَاةَ فِيْ مَسِيْرَةِ ذٰلِكَ

قَالَ مَالِكٌ وَبَيْنَ ذَاتِ النُّصُبِ وَالْمَدِيْنَةِ اَرْبَعُ بُرُدٍ

✦✦ سالم بن عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سوار ہوکر ذات النصب (کے مقام) پہ گئے تو انہوں نے اس مسافت میں نماز قصر ادا کی۔

امام مالک رحمۃ اللہ علیہ بیان کرتے ہیں' ذات نصب اور مدینہ منورہ کے درمیان چار برید کا فاصلہ ہے۔

349 - اَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ اَبِيْهِ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُم، اَنَّهٗ رَكِبَ اِلٰى رِيْمٍ فَقَصَرَ الصَّلَاةَ فِيْ مَسِيْرِهِ ذٰلِكَ .

قَالَ مَالِكٌ وَذٰلِكَ نَحْوٌ مِنْ اَرْبَعَةِ بُرُدٍ .

✦✦ سالم بن عبداللہ اپنے والد کے بارے میں یہ بات نقل کرتے ہیں' وہ سوار ہوکر ''ریم'' گئے تو انہوں نے اس مسافت میں نماز قصر ادا کی۔

حدیث نمبر **348**:

اصبحی' ابوعبداللہ مالک بن انس' ''الموطا'' بروایۃ یحییٰ بن یحییٰ اندلسی' تحقیق: بشار عواد معروف' دار الغرب الاسلامی' بیروت' لبنان (طبع اوّل) **1996**ء	**294**
کوفی' امام ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ' ''المصنف'' المطبعۃ العزیزیۃ حیدرآباد دکن' ہندوستان' **1386**ھ	**816**
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام'' دار المعرفۃ' بیروت' لبنان	**183/1**
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام'' تحقیق: رفعت فوزی' دار الوفاء' طبع اوّل **2001**ء	**363/2**

حدیث نمبر **349**:

اصبحی' ابوعبداللہ مالک بن انس' ''الموطا'' بروایۃ یحییٰ بن یحییٰ اندلسی' تحقیق: بشار عواد معروف' دار الغرب الاسلامی' بیروت' لبنان (طبع اوّل) **1996**ء	**393**
اصبحی' ابوعبداللہ مالک بن انس' ''الموطا'' بروایۃ امام محمد بن حسن شیبانی (موطا امام محمد) تحقیق: عبدالوہاب عبداللطیف' المکتبۃ العلمیہ	**192**
صنعانی' امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام' ''المصنف'' تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی' دار القلم' بیروت' **1970**ء	**4301**
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام'' دار المعرفۃ' بیروت' لبنان	**183/1**
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام'' تحقیق: رفعت فوزی' دار الوفاء' طبع اوّل **2001**ء	**363/2**

امام مالک رحمۃ اللہ علیہ بیان کرتے ہیں اس کا فاصلہ بھی تقریباً چار برید ہے۔

350 - اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ اَبِىْ رَبَاحٍ قَالَ : قُلْتُ لِابْنِ عَبَّاسٍ : اَقْصُرُ اِلٰى عَرَفَةَ؟ قَالَ : لَا، وَلٰكِنْ اِلٰى جُدَّةَ وَعُسْفَانَ وَالطَّائِفِ وَاِنْ قَدِمْتَ عَلٰى اَهْلٍ اَوْ مَاشِيَةٍ فَاَتِمَّ،

قَالَ : وَهٰذَا قَوْلُ ابْنِ عُمَرَ وَبِهٖ نَاْخُذُ .

✧✧ عطاء بن ابی رباح بیان کرتے ہیں' حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے دریافت کیا گیا' کیا میں عرفہ جاتے ہوئے نماز قصر کروں گا؟ انہوں نے جواب دیا: نہیں! البتہ جدہ جاتے ہوئے عسفان یا طائف جاتے ہوئے قصر کرو گے اور اگر تم گھر آ جاتے ہو یا پیدل جاتے ہو تو تم نماز مکمل کرو گے۔

وہ بیان کرتے ہیں' حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کا بھی یہی قول ہے اور ہم اسی قول کو اختیار کرتے ہیں۔

351 - اَخْبَرَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّهٗ قَالَ : تُقْصَرُ الصَّلَاةُ اِلٰى عُسْفَانَ وَاِلَى الطَّائِفِ وَاِلٰى جُدَّةَ

وَهٰذَا كُلُّهٗ مِنْ مَكَّةَ عَلٰى اَرْبَعَةِ بُرُدٍ وَنَحْوٍ مِنْ ذٰلِكَ .

✧✧ عطاء نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کے بارے میں یہ بات نقل کی ہے وہ فرماتے ہیں جدہ جاتے ہوئے عسفان جاتے ہوئے یا طائف جاتے ہوئے نماز قصر کی جائے گی۔

یہ سارے علاقے مکہ سے چار برید کے فاصلے پر ہیں یا اس کے قریب ہیں۔

352 - اَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ سَالِمٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّهٗ خَرَجَ اِلٰى ذَاتِ النُّصُبِ فَقَصَرَ الصَّلَاةَ .

قَالَ مَالِكٌ : وَهِىَ اَرْبَعَةُ بُرُدٍ .

✧✧ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کے بارے میں منقول ہے: وہ ذات نصب تشریف لے گئے تھے تو نماز قصر ادا کی تھی۔

امام مالک رحمۃ اللہ علیہ بیان کرتے ہیں' یہ چار برید کے فاصلے پر ہے۔

اخرج الاربعة الاحاديث من كتاب استقبال القبلة ' والخامس من كتاب الامالى ' والسادس والسابع من كتاب اختلاف على وعبد الله مما لم يسمع الربيع ومن الشافعى .

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے پہلی چار روایات کتاب استقبال قبلہ میں نقل کی ہیں۔ پانچویں روایت کتاب امالی میں نقل کی۔ چھٹی اور ساتویں روایت کتاب اختلاف حضرت علی رضی اللہ عنہ اور حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ میں نقل کی ہے۔ یہ وہ روایت ہے جسے ربیع نے امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ سے نہیں سنا۔

باب القصر صدقة وفضلية القصر فى السفر

باب 84: قصر کرنا صدقہ ہے' سفر کے دوران قصر کرنے کی فضیلت

353 - اَخْبَرَنَا مُسْلِمُ بْنُ خَالِدٍ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنِ ابْنِ اَبِىْ عَمَّارٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بَابَاهٖ، وَعَنْ يَعْلَى بْنِ

اُمَیَّةَ، قَالَ : قُلْتُ لِعُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ : ذَكَرَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ الْقَصْرَ فِي الْخَوْفِ، فَأَنّٰى الْقَصْرُ فِيْ غَيْرِ الْخَوْفِ؟ فَقَالَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ : عَجِبْتُ مِمَّا عَجِبْتَ مِنْهُ، فَسَأَلْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ : صَدَقَةٌ تَصَدَّقَ اللّٰهُ بِهَا عَلَيْكُمْ، فَاقْبَلُوْا صَدَقَتَهُ .

✦✦ حضرت یعلی بن امیہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' میں نے حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ سے کہا: اللہ تعالیٰ نے خوف کے عالم میں نماز قصر کا ذکر کیا ہے تو اب خوف کے بغیر نماز قصر کرنے کی کیا ضرورت ہے؟ تو حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں بھی اس بات پر حیران ہوا تھا جس پر تم حیران ہو رہے ہو۔ میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس بارے میں دریافت کیا تو آپ نے فرمایا: یہ ایک عطاء ہے جو اللہ تعالیٰ نے تم پر کی ہے تم اس کی عطا کو قبول کرو۔

354 - اَخْبَرَنَا مُسْلِمُ بْنُ خَالِدٍ، وَعَبْدُ الْمَجِيْدِ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ بْنِ اَبِيْ رَوَّادٍ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، اَخْبَرَنِيْ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ عَمَّارٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بَابَاهُ، عَنْ يَعْلَى بْنِ اُمَيَّةَ، قَالَ : قُلْتُ لِعُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ : اِنَّمَا قَالَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ : اَنْ تَقْصُرُوْا مِنَ الصَّلَاةِ اِنْ خِفْتُمْ اَنْ يَّفْتِنَكُمُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا، فَقَدْ اَمِنَ النَّاسُ، فَقَالَ عُمَرُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ : عَجِبْتُ مِمَّا عَجِبْتَ مِنْهُ، فَسَأَلْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ : صَدَقَةٌ تَصَدَّقَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ بِهَا عَلَيْكُمْ، فَاقْبَلُوْا صَدَقَتَهُ

✦✦ حضرت یعلی بن امیہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' میں نے حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ سے کہا: اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا ہے:
''اور تم نماز کو قصر کرو اگر تمہیں خوف ہو کہ کافر لوگ تمہیں آزمائش میں مبتلا کر دیں گے''

حدیث نمبر **353**

شیبانی' امام احمد بن محمد بن حنبل' ''المسند'' المطبعۃ المیمنیہ' مصر	25/1
دارمی' امام ابومحمد عبداللہ بن عبدالرحمٰن' ''السنن'' تحقیق :عبداللہ ہاشم یمانی' دارالمحاسن' قاہرہ' 1966ء	1513
نیشاپوری' امام مسلم بن حجاج' ''الجامع الصحیح'' تحقیق وترقیم :فؤاد عبدالباقی' دارالحدیث' قاہرہ' مصر	686
سجستانی' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث' ''السنن''' داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان	1199
قزوینی' امام محمد بن یزید ابن ماجہ' ''السنن'' تحقیق :بشار عواد معروف' دارالجیل' بیروت' 1998ء	1065
ترمذی' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ' ''الجامع الکبیر'' تحقیق :ڈاکٹر بشار عواد معروف' دارالغرب الاسلامی' بیروت 1998ء	3034
موصلی' امام ابویعلی احمد بن علی بن مثنیٰ' ''المسند'' تحقیق :حسین سلیم اسد' دارالمامون للتراث' طبع اول 1987ء	116/3
موصلی' امام ابویعلی احمد بن علی بن مثنیٰ' ''المسند'' تحقیق :حسین سلیم اسد' دارالمامون للتراث' طبع اول 1987ء	181
نیشاپوری' امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ ''الصحیح'' شرکۃ الطباعۃ العربیۃ' ریاض' الطبعۃ الثانیۃ 1981ء	945
طحاوی' امام ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ' ''شرح معانی الآثار'' تحقیق :محمد جادالحق' مطبعۃ الانوار المحمدیہ' مصر	415/1
تمیمی' امام ابوحاتم محمد بن حبان' ''صحیح ابن حبان''' دارالفکر' بیروت' طبع اول 1996ء	2734
الفارسی' امام امیر ابن بلبان' ''الاحسان فی تقریب صحیح ابن حبان'' موسسۃ الرسالۃ' بیروت' طبع اول 1988ء	2739
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام'' دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان	179/1
بیہقی' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی' ''السنن الکبریٰ'' دائرۃ المعارف النظامیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' 1344ھ	134/3
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام'' تحقیق :رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اول 2001ء	38/62

تو اب تو لوگ امن کی حالت میں آ چکے ہیں۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں بھی اس بات پر حیران ہوا تھا جس پر تم حیران ہوئے ہو۔ میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس بارے میں دریافت کیا تو آپ نے فرمایا: یہ عطا ہے جو اللہ تعالیٰ نے تم پر کی ہے تم اس کی عطا کو قبول کرو۔

355 - اَخْبَرَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنِ ابْنِ حَرْمَلَةَ، عَنِ ابْنِ الْمُسَيَّبِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ : قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : خِيَارُكُمُ الَّذِيْنَ اِذَا سَافَرُوْا قَصَرُوا الصَّلَاةَ وَاَفْطَرُوْا، اَوْ قَالَ : لَمْ يَصُوْمُوا .

✧✧ ابن مسیب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: تمہارے بہترین وہ لوگ ہیں جب وہ سفر کرتے ہیں تو نماز قصر کرتے ہیں اور روزہ ترک کر دیتے ہیں (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں:) وہ روزہ نہیں رکھتے ہیں۔

اخرج الاوّل من كتاب الامالي والثاني والثالث من كتاب استقبال القبلة .

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے پہلی روایت کتاب امالی میں نقل کی ہے جبکہ دوسری اور تیسری روایت کتاب استقبال قبلہ میں نقل کی ہے۔

باب القصر والاتمام في السفر والاقتصار على الفريضة

باب 85: سفر کے دوران نماز قصر کرنا یا مکمل کرنا اور صرف فرض نماز ادا کرنا

356 - اَخْبَرَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ طَلْحَةَ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ عَطَاءِ بْنِ اَبِيْ رَبَاحٍ، عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا، قَالَتْ : كُلُّ ذٰلِكَ قَدْ فَعَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَصَرَ الصَّلَاةَ فِي السَّفَرِ وَاَتَمَّ .

✧✧ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان میں سے ہر کام کیا ہے آپ نے سفر کے دوران نماز قصر کی بھی ہے اور مکمل بھی ادا کی ہے۔

357 - اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ اَوَّلُ مَا فُرِضَتِ الصَّلَاةُ رَكْعَتَيْنِ رَكْعَتَيْنِ فَزِيْدَ فِي صَلَاةِ الْحَضَرِ وَاُقِرَّتْ صَلَاةُ السَّفَرِ قُلْتُ فَمَا شَاْنُ عَائِشَةَ كَانَتْ تُتِمُّ الصَّلَاةَ قَالَ

حدیث نمبر **355**:

طیالسی' امام ابو داؤد سلیمان بن داؤد' "المسند" دار المعرفۃ' بیروت لبنان — **4486**

صنعانی' امام ابوبکر عبد الرزاق بن ہمام' "المصنف" تحقیق: عبد الرحمٰن اعظمی' دار القلم' بیروت' **1970**ء — **179/1**

شافعی' امام ابو عبد اللہ محمد بن ادریس' "الام" تحقیق: رفعت فوزی' دار الوفاء' طبع اوّل **2001**ء — **179/2**

حدیث نمبر **356**:

کوفی' امام ابوبکر عبد اللہ بن محمد بن ابو شیبہ' "المصنف" المطبعۃ العزیزیہ' حیدر آباد دکن' ہندوستان' **1386**ھ — **8187**

طحاوی' امام ابو جعفر احمد بن محمد بن سلامہ' "شرح معانی الآثار" تحقیق: محمد جاد الحق' مطبعۃ الانوار المحمدیہ' مصر — **414/1**

دار قطنی' امام علی بن عمر' "السنن" مکتبۃ المتنبی' قاہرہ' مصر — **189/2**

بیہقی' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی' "السنن الکبریٰ" دائرۃ المعارف النظامیہ' حیدر آباد دکن' ہندوستان' **1344**ھ — **141/3**

شافعی' امام ابو عبد اللہ محمد بن ادریس' "الام" دار المعرفۃ' بیروت' لبنان — **171/1**

شافعی' امام ابو عبد اللہ محمد بن ادریس' "الام" تحقیق: رفعت فوزی' دار الوفاء' طبع اوّل **2001**ء — **80/2**

اِنَّهَا تَاَوَّلَتْ مَا تَاَوَّلَ عُثْمَانُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

✦✦ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' سب سے پہلے نماز دو' دو رکعت کی شکل میں فرض ہوئی تھی پھر حضر کی حالت میں اس میں اضافہ کر دیا گیا اور سفر کی حالت میں اپنی اسی صورت میں برقرار رہی۔

راوی کہتے ہیں میں نے اپنے استاد سے دریافت کیا۔ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا (خود سفر کے دوران) نماز مکمل کیوں پڑھتی تھیں؟ انہوں نے بتایا: وہ وہی تاویل کرتی تھیں جو حضرت عثمان رضی اللہ عنہ تاویل کرتے تھے۔

358 - اَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّهُ كَانَ يُصَلِّيْ وَرَاءَ الْاِمَامِ بِمِنًى اَرْبَعًا فَاِذَا صَلّٰى لِنَفْسِهٖ صَلّٰى رَكْعَتَيْنِ

✦✦ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کے بارے میں منقول ہے' انہوں نے منیٰ میں حاکم کے پیچھے چار رکعات ادا کی تھیں لیکن جب وہ تنہا نماز ادا کرتے تھے تو وہ دو رکعات پڑھا کرتے تھے۔

359 - وَبِهٰذَا الْاِسْنَادِ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّهُ لَمْ يَكُنْ يُصَلِّيْ مَعَ الْفَرِيْضَةِ فِي السَّفَرِ شَيْئًا قَبْلَهَا وَلَا بَعْدَهَا اِلَّا

حدیث نمبر **357**:

اصبحی' ابوعبداللہ مالک بن انس' "المؤطا" بروایۃ یحییٰ بن یحییٰ اندلسی' تحقیق: بشار عواد معروف' دار الغرب الاسلامی' بیروت' لبنان (طبع اوّل) **1996**ء	**390**
اصبحی' ابوعبداللہ مالک بن انس' "المؤطا" بروایۃ امام محمد بن حسن شیبانی (مؤطا امام محمد) تحقیق: عبدالوہاب عبداللطیف' المکتبۃ العلمیہ	**189**
شیبانی' امام احمد بن محمد بن حنبل' "المسند" المطبعۃ المیمنیہ' مصر	**272/6**
الکسی' امام ابو محمد عبد بن حمید بن نصر' "مسند" تحقیق: صبحی سامرائی' محمود خلیل' عالم الکتب' **1988**ء	**1477**
طیالسی' امام ابوداؤد سلیمان بن داؤد' "المسند" دار المعرفۃ' بیروت لبنان	**1517**
بخاری' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل' "الجامع الصحیح" (رقم الحدیث من فتح الباری)	**350**
نیشاپوری' امام مسلم بن حجاج' "الجامع الصحیح" تحقیق و ترقیم: فؤاد عبدالباقی' دار الحدیث' قاہرہ' مصر	**685**
سجستانی' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث' "السنن"' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان	**1198**
نسائی' امام احمد بن شعیب' "المجتبیٰ من السنن" دار الحدیث' قاہرہ' مصر **1407**ھ-**1987**ء	**22/1**
نسائی' امام احمد بن شعیب' "السنن الکبریٰ" تحقیق: سلیمان بنداری' سید کسروی' دار الکتب العلمیہ' **1991**ء	**317**
نیشاپوری' امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ' "الصحیح" شرکۃ الطباعۃ العربیۃ' ریاض' الطبعۃ الثانیۃ' **1981**ء	**303**
طحاوی' امام ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ' "شرح معانی الآثار" تحقیق: محمد جاد الحق' مطبعۃ الانوار المحمدیہ' مصر	**422/1**
تمیمی' امام ابوحاتم محمد بن حبان' "صحیح ابن حبان"' دار الفکر' بیروت' طبع اوّل' **1996**ء	**27/1**
الفارسی' امام امیر ابن بلبان' "الاحسان فی تقریب صحیح ابن حبان" موسسۃ الرسالۃ' بیروت' طبع اوّل' **1988**ء	**2736**
بیہقی' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی' "السنن الکبریٰ" دائرۃ المعارف النظامیہ' حیدر آباد دکن' ہندوستان' **1344**ھ	**143/1**

حدیث نمبر **358**:

نسائی' امام احمد بن شعیب' "المجتبیٰ من السنن" دار الحدیث' قاہرہ' مصر **1407**ھ-**1987**ء	**406**
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام" دار المعرفۃ' بیروت' لبنان	**248/7**
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام" تحقیق: رفعت فوزی' دار الوفاء' طبع اوّل' **2001**ء	**701/8**

مِنْ جَوْفِ اللَّيْلِ

✧✧ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کے بارے میں منقول ہے: وہ سفر کے دوران فرض نماز کے ہمراہ اور کوئی نماز ادا نہیں کرتے تھے نہ اس سے پہلے اور نہ اس کے بعد۔ البتہ رات کے وقت (نوافل ادا کرلیا کرتے تھے)۔

اخرج الاوّل من کتاب استقبال القبلة والثانی من کتاب اختلاف الحدیث والثالث والرابع فی کتاب اختلاف مالك والشافعی۔

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے پہلی روایت کتاب استقبال قبلہ میں نقل کی ہے۔ دوسری روایت کتاب اختلاف الحدیث میں نقل کی ہے۔ تیسری اور چوتھی روایت کتاب اختلاف مالک وشافعی میں نقل کی ہیں۔

باب الجمع بين الصلوة في السفر

باب 86: سفر کے دوران نمازیں اکٹھی ادا کرنا

360 - اَخْبَرَنَا الشَّافِعِيُّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: اَخْبَرَنِي ابْنُ اَبِي يَحْيٰى عَنْ حُسَيْنِ بْنِ عَبْدِاللّٰهِ ابْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبَّاسٍ عَنْ كُرَيْبٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّهُ قَالَ: اَلَا اُخْبِرُكُمْ عَنْ صَلٰوةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي السَّفَرِ؟ كَانَ اِذَا زَالَتِ الشَّمْسُ وَهُوَ فِي مَنْزِلِهٖ جَمَعَ بَيْنَ الظُّهْرِ وَالْعَصْرِ فِي الزَّوَالِ، فَاِذَا سَافَرَ قَبْلَ اَنْ تَزُوْلَ الشَّمْسُ اَخَّرَ الظُّهْرَ حَتّٰى يَجْمَعَ بَيْنَهَا وَبَيْنَ الْعَصْرِ فِي وَقْتِ الْعَصْرِ، قَالَ: وَاَحْسِبُهٗ قَالَ فِي الْمَغْرِبِ وَالْعِشَاءِ مِثْلَ ذٰلِكَ

✧✧ کریب بیان کرتے ہیں' حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: کیا میں تمہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی سفر کے دوران نماز کے بارے میں بتاؤں۔ جب سورج ڈھل جاتا تھا اور آپ پڑاؤ کے عالم میں ہوتے تھے تو آپ ظہر اور عصر کی نماز زوال کے بعد اکٹھی ادا کر لیتے تھے۔ اگر آپ نے سورج ڈھلنے سے پہلے سفر کا آغاز کیا ہوتا تو آپ ظہر کی نماز کو موخر کر دیتے یہاں تک کہ عصر کے وقت

حدیث نمبر 359

اصبحی' ابوعبداللہ مالک بن انس' "الموطا" بروایۃ یحییٰ بن یحییٰ اندلسی' تحقیق: بشار عواد معروف' دارالغرب الاسلامی' بیروت' لبنان (طبع اول) 1996ء	48
اصبحی' ابوعبداللہ مالک بن انس' "الموطا" بروایۃ امام محمد بن حسن شیبانی (موطا امام محمد) تحقیق: عبدالوہاب عبداللطیف' المکتبۃ العلمیہ	209
بیہقی' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی' "السنن الکبریٰ" دائرۃ المعارف النظامیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' 1344ھ	58/3
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام" دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان	248/7
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام" تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اول 2001ء	707/8

حدیث نمبر 360

شیبانی' امام احمد بن محمد بن حنبل' "المسند" المطبعۃ المیمنیہ' مصر	3071
دارقطنی' امام علی بن عمر' "السنن" مکتبۃ المتنبی' قاہرہ' مصر	388/1
بیہقی' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی' "السنن الکبریٰ" دائرۃ المعارف النظامیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' 1344ھ	163/3
الکسی' امام ابومحمد عبد بن حمید بن نصر' "مسند" تحقیق: صبحی سامرائی' محمود خلیل' عالم الکتب' 1988ء	163

میں ان دونوں نمازوں کو اکٹھے ادا کر لیتے۔ راوی بیان کرتے ہیں' میرا خیال ہے کہ انہوں نے مغرب اور عشاء کی نماز میں بھی اس کی مانند بیان کیا تھا۔

361 - اَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ اَبِى الزُّبَيْرِ، عَنْ اَبِى الطُّفَيْلِ عَامِرِ بْنِ وَاثِلَةَ، اَنَّ مُعَاذَ بْنَ جَبَلٍ اَخْبَرَهُ، اَنَّهُمْ خَرَجُوا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَامَ تَبُوْكَ فَكَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَجْمَعُ بَيْنَ الظُّهْرِ وَالْعَصْرِ وَالْمَغْرِبِ وَالْعِشَاءِ، فَاَخَّرَ الصَّلَاةَ يَوْمًا ثُمَّ خَرَجَ فَصَلَّى الظُّهْرَ وَالْعَصْرَ جَمِيعًا، ثُمَّ دَخَلَ، ثُمَّ خَرَجَ فَصَلَّى الْمَغْرِبَ وَالْعِشَاءَ جَمِيعًا .

حدیث نمبر **361**:

اصبحی' ابوعبداللہ مالک بن انس' "الموطا" بروایۃ یحییٰ بن یحییٰ اندلسی' تحقیق: بشار عواد معروف' دار الغرب الاسلامی' بیروت' لبنان (طبع اول) 1996ء	363
طیالسی' امام ابوداؤد سلیمان بن داؤد' "المسند" دار المعرفۃ' بیروت لبنان	569
صنعانی' امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام' "المصنف" تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی' دار القلم' بیروت' 1970ء	4398
کوفی' امام ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ' "المصنف" المطبعۃ العزیزیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' 1386ھ	8229
شیبانی' امام احمد بن محمد بن حنبل' "المسند" المطبعۃ المیمنیہ' مصر	228/5
دارمی' امام ابومحمد عبداللہ بن عبدالرحمٰن' "السنن" تحقیق: عبداللہ ہاشم یمانی' دار المحاسن' قاہرہ' 1966ء	1524
نیشاپوری' امام مسلم بن حجاج' "الجامع الصحیح" تحقیق و ترقیم: فؤاد عبدالباقی' دار الحدیث' قاہرہ' مصر	706
نسائی' امام احمد بن شعیب' "المجتبیٰ من السنن" دار الحدیث' قاہرہ' مصر 1407ھ-1987ء	106
قزوینی' امام محمد بن یزید ابن ماجہ' "السنن" تحقیق: بشار عواد معروف' دار الجیل' بیروت' 1998ء	1070
بخاری' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل' "الجامع الصحیح" (رقم الحدیث من فتح الباری)	285/1
نسائی' امام احمد بن شعیب' "السنن الکبریٰ" تحقیق: سلیمان بنداری' سید کسروی' دار الکتب العلمیہ' 1991ء	1563
نیشاپوری' امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ' "الصحیح" شرکۃ الطباعۃ العربیۃ' ریاض' الطبعۃ الثانیۃ' 1981ء	966
طحاوی' امام ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ' "شرح معانی الآثار" تحقیق: محمد جاد الحق' مطبعۃ الانوار المحمدیۃ' مصر	169/1
تمیمی' امام ابوحاتم محمد بن حبان' "صحیح ابن حبان" دار الفکر' بیروت' طبع اول' 1996ء	1588
الفارسی' امام امیر ابن بلبان' "الاحسان فی تقریب صحیح ابن حبان" موسسۃ الرسالۃ' بیروت' طبع اول' 1988ء	1592
طبرانی' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب' "المعجم الکبیر" تحقیق: احمدی عبدالمجید سلفی' مطبعۃ الزہراء الحدیثۃ' موصل' عراق (طبع ثانی)	101/20
دارقطنی' امام علی بن عمر' "السنن" مکتبۃ المتنبی' قاہرہ' مصر	393/1
شیبانی' امام احمد بن محمد بن حنبل' "المسند" المطبعۃ المیمنیہ' مصر	241/5
سجستانی' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث' "السنن" دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان	1200
ترمذی' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ' "الجامع الکبیر" تحقیق: ڈاکٹر بشار عواد معروف' دار الغرب الاسلامی' بیروت 1996ء	553
تمیمی' امام ابوحاتم محمد بن حبان' "صحیح ابن حبان" دار الفکر' بیروت' طبع اول' 1996ء	1455
الفارسی' امام امیر ابن بلبان' "الاحسان فی تقریب صحیح ابن حبان" موسسۃ الرسالۃ' بیروت' طبع اول' 1988ء	14858
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام" دار المعرفۃ' بیروت' لبنان	77/1
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام" تحقیق: رفعت فوزی' دار الوفاء' طبع اول' 2001ء	168/2
دارقطنی' امام علی بن عمر' "السنن" مکتبۃ المتنبی' قاہرہ' مصر	392/1

✧✧ حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' یہ لوگ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ غزوہ تبوک کے لئے روانہ ہوئے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ظہر اور عصر' مغرب اور عشاء کی نماز اکٹھی ادا کیا کرتے تھے۔ راوی بیان کرتے ہیں' ایک دن آپ نے ایک نماز کو موخر کیا پھر آپ تشریف لائے۔ آپ نے ظہر اور عصر کی نماز ادا کی۔ پھر آپ اندر چلے گئے پھر آپ باہر تشریف لائے پھر آپ نے مغرب اور عشاء کی نماز ایک ساتھ ادا کی۔

362 - اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنِ ابْنِ اَبِىْ نَجِيحٍ، عَنْ اِسْمَاعِيْلَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ ابْنِ اَبِىْ ذُؤَيْبٍ الْاَسَدِيِّ، قَالَ : خَرَجْنَا مَعَ ابْنِ عُمَرَ اِلَى الْحِمٰى، فَغَرَبَتِ الشَّمْسُ، فَهِبْنَا اَنْ نَقُوْلَ لَهٗ : انْزِلْ فَصَلِّ، فَلَمَّا ذَهَبَ بَيَاضُ الْاُفُقِ وَفَحْمَةُ الْعِشَآءِ نَزَلَ فَصَلّٰى ثَلَاثًا ثُمَّ سَلَّمَ، ثُمَّ صَلّٰى رَكْعَتَيْنِ ثُمَّ سَلَّمَ، ثُمَّ الْتَفَتَ اِلَيْنَا، فَقَالَ : هٰكَذَا رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَعَلَ .

✧✧ اسماعیل بن عبدالرحمان بیان کرتے ہیں' ہم لوگ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کے ہمراہ حمی (چراگاہ) گئے۔ سورج غروب ہو گیا۔ ہمیں یہ اندیشہ ہوا تو ہم نے ان سے کہا: آپ اتریں اور نماز ادا کرلیں۔ جب افق کی سفیدی رخصت ہوگئی اور رات کی تاریکی آ گئی تو وہ اترے۔ انہوں نے تین رکعت ادا کیں۔ انہوں نے سلام پھیرا پھر دو رکعت ادا کیں۔ پھر سلام پھیرا پھر ہماری طرف متوجہ ہوکر فرمایا۔ میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو اسی طرح کرتے ہوئے دیکھا ہے۔

363 - حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ اَبِيْهِ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُمَا، قَالَ : كَانَ النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا عَجَّلَ فِى السَّيْرِ جَمَعَ بَيْنَ الْمَغْرِبِ وَالْعِشَآءِ .

حدیث نمبر **362**:

حمیدی' امام ابوبکر عبداللہ بن زبیر' ''المسند'' عالم الکتب' بیروت' مکتبۃ المتنبی' قاہرہ' مصر **3680**
شیبانی' امام احمد بن محمد بن حنبل' ''المسند'' المطبعۃ المیمنیہ' مصر **12/2**
نیشاپوری' امام مسلم بن حجاج' ''الجامع الصحیح'' تحقیق وترقیم: فؤاد عبدالباقی' دارالحدیث' قاہرہ' مصر **828/1**
نسائی' امام احمد بن شعیب' ''السنن الکبریٰ'' تحقیق: سلیمان بنداری' سید کسروی' دارالکتب العلمیہ' **1991**ء **1570**
طحاوی' امام ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ' ''شرح معانی الآثار'' تحقیق: محمد جادالحق' مطبعۃ الانوار المحمدیہ' مصر **161/1**
بیہقی' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی' ''السنن الکبریٰ'' دائرۃ المعارف النظامیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' **1344**ھ **161/3**
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام'' دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان **771/1**
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام'' تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اوّل' **2001**ء **168/2**

حدیث نمبر **363**:

صنعانی' امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام' ''المصنف'' تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی' دارالقلم' بیروت' **1970**ء **9394**
حمیدی' امام ابوبکر عبداللہ بن زبیر' ''المسند'' عالم الکتب' بیروت' مکتبۃ المتنبی' قاہرہ' مصر **616**
کوفی' امام ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ' ''المصنف'' المطبعۃ العزیزیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' **1386**ھ **18226**
شیبانی' امام احمد بن محمد بن حنبل' ''المسند'' المطبعۃ المیمنیہ' مصر **8/2**
بخاری' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل' ''الجامع الصحیح'' (رقم الحدیث من فتح الباری) **1106**
نیشاپوری' امام مسلم بن حجاج' ''الجامع الصحیح'' تحقیق وترقیم: فؤاد عبدالباقی' دارالحدیث' قاہرہ' مصر **73269/1**

✦✦ سالم اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں' نبی اکرم ﷺ نے جب تیزی سے سفر کرنا ہوتا تھا تو آپ مغرب اور عشاء کی نماز ایک ساتھ ادا کرتے تھے۔

364 - اَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ : كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا عَجِلَ بِهِ السَّيْرُ يَجْمَعُ بَيْنَ الْمَغْرِبِ وَالْعِشَآءِ .

✦✦ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' نبی اکرم ﷺ نے جب تیزی سے سفر کرنا ہوتا تھا تو آپ عشاء اور مغرب کی نماز ایک ساتھ ادا کرتے تھے۔

365 - اَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ اَبِي الطُّفَيْلِ، عَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَجْمَعُ بَيْنَ الظُّهْرِ وَالْعَصْرِ وَالْمَغْرِبِ وَالْعِشَآءِ فِيْ سَفَرِهِ اِلٰى تَبُوْكَ .

✦✦ حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم ﷺ ظہر اور عصر کی نماز جبکہ مغرب اور عشاء کی نماز ایک ساتھ ادا کرتے رہے۔ آپ نے تبوک کے سفر میں ایسا کیا۔

اخرج الاوّل من كتاب الامالي والى اخر الرابع من كتاب استقبال القبلة والخامس والسادس من كتاب اختلاف على وعبد الله ممال لم يسمع الربيع من الشافعي .

بقیہ حاشیہ حدیث نمبر 363

موصلی' امام ابویعلی احمد بن علی بن مثنی' "المسند" تحقیق: حسین سلیم اسد' دارالمامون للتراث' طبع اول 1987ء — 22

نیشاپوری' امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ "الصحیح" شرکۃ الطباعۃ العربیہ' ریاض' الطبعۃ الثانیہ 1981ء — 964

طحاوی' امام ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ' "شرح معانی الآثار" تحقیق: محمد جاد الحق' مطبعۃ الانوار المحمدیہ' مصر — 161/1

بیہقی' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی' "السنن الکبری" دائرۃ المعارف النظامیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان 1344ھ — 159/3

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام" دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان — 70/1

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام" تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اول 2001ء — 154/2

حدیث نمبر 364

اصبحی' ابوعبداللہ مالک بن انس' "الموطا" بروایۃ امام محمد بن حسن شیبانی (موطا امام محمد) تحقیق: عبدالوہاب عبداللطیف' المکتبۃ العلمیہ — 201

حمیدی' امام ابوبکر عبداللہ بن زبیر' "المسند" عالم الکتب' بیروت' مکتبۃ المتنبی' قاہرہ' مصر — 384

صنعانی' امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام' "المصنف" تحقیق: حبیب الرحمن اعظمی' دارالقلم' بیروت 1970ء — 4394

شیبانی' امام احمد بن محمد بن حنبل' "المسند" المطبعۃ المیمنیہ' مصر — 7/1

موصلی' امام ابویعلی احمد بن علی بن مثنی' "المسند" تحقیق: حسین سلیم اسد' دارالمامون للتراث' طبع اول 1987ء — 703

نسائی' امام احمد بن شعیب' "المجتبی من السنن" دارالحدیث' قاہرہ' مصر 1407ھ-1987ء — 382/1

نسائی' امام احمد بن شعیب' "السنن الکبری" تحقیق: سلیمان بنداری' سید کسروی' دارالکتب العلمیہ 1991ء — 1572

طحاوی' امام ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ' "شرح معانی الآثار" تحقیق: محمد جاد الحق' مطبعۃ الانوار المحمدیہ' مصر — 161/1

بیہقی' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی' "السنن الکبری" دائرۃ المعارف النظامیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان 1344ھ — 159/3

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام" دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان — 185/7

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام" تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اول 2001ء — 408/8

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے پہلی روایت کتاب امالی میں نقل کی ہے جبکہ باقی روایات کتاب استقبال قبلہ میں نقل کی ہیں۔ پانچویں اور چھٹی روایات کتاب اختلاف حضرت علی رضی اللہ عنہ اور حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ میں نقل کی ہیں۔ یہ وہ روایات ہیں جنہیں امام ربیع نے امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ سے نہیں سنا ہے۔

باب الجمع فی المطر من غیر خوفٍ ولا سفر

باب 87: کسی خوف کے بغیر اور سفر کے علاوہ' بارش کے دوران نمازیں اکٹھی ادا کرنا

366 - اَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ اَبِی الزُّبَیْرِ، عَنْ سَعِیْدِ بْنِ جُبَیْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا، قَالَ : صَلّٰی رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ الظُّهْرَ وَالْعَصْرَ وَالْمَغْرِبَ وَالْعِشَآءَ جَمْعًا مِّنْ غَیْرِ خَوْفٍ وَّلا سَفَرٍ .

قَالَ مَالِكٌ : اُرٰی ذٰلِكَ فِیْ مَطَرٍ .

637 - اَخْبَرَنَا مُسْلِمُ بْنُ خَالِدٍ وَعَبْدِ الْمَجِيْدِ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ بْنِ اَبِىْ رَوَّادٍ ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ اَبِىْ رَبَاحٍ ، اَنَّ ابْنَ عَبَّاسٍ كَانَ لَا يَرَى بَاْسًا اَنْ يُفْطِرَ الْاِنْسَانُ فِىْ صِيَامِ التَّطَوُّعِ وَيَضْرِبُ لِذٰلِكَ اَمْثَالًا رَجُلٌ طَافَ سَبْعًا وَلَمْ يُوَفِّهِ فَلَهُ مَا احْتَسَبَ اَوْ صَلّٰى رَكْعَةً وَلَمْ يُصَلِّ اُخْرٰى فَلَهُ اَجْرُ مَا احْتَسَبَ

✧ عطاء بن ابی رباح بیان کرتے ہیں' حضرت ابن عباس ﷞نے فرمایا: اس میں کوئی حرج نہیں ہے کہ آدمی نفلی روزے کو توڑ دے۔ وہ اس کی مثال یہ بیان کیا کرتے تھے۔

ایک شخص سات مرتبہ طواف کرتا ہے لیکن پورے سات چکر نہیں لگا تا تو اس نے جس اجر کی نیت کی تھی وہ اسے مل جائے گا پھر ایک شخص ایک رکعت ادا کرتا ہے دوسری رکعت ادا نہیں کرتا تو اس نے جس اجر کی نیت کی تھی وہ تو اسے مل جائے گا۔

حدیث نمبر **636**:

اصبحی' ابوعبداللہ مالک بن انس' "الموطا" بروایۃ امام محمد بن حسن شیبانی (موطا امام محمد) تحقیق: عبدالوہاب عبداللطیف' المکتبۃ العلمیہ **363**

اصبحی' ابوعبداللہ مالک بن انس' "الموطا" بروایۃ یحییٰ بن یحییٰ اندلسی' تحقیق: بشار عواد معروف' دار الغرب الاسلامی' بیروت' لبنان (طبع اول) **1996**ء **848**

نسائی' امام احمد بن شعیب' "السنن الکبریٰ" تحقیق: سلیمان بنداری' سید کسروی' دار الکتب العلمیہ' **1991**ء **3296**

طحاوی' امام ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ' "شرح معانی الآثار" تحقیق: محمد جاد الحق' مطبعۃ الانوار المحمدیہ' مصر **108/2**

تمیمی' امام ابوحاتم محمد بن حبان' "صحیح ابن حبان"' دار الفکر' بیروت' طبع اول' **1996**ء **3916**

الفارسی' امام امیر ابن بلبان' "الاحسان فی تقریب صحیح ابن حبان" موسسۃ الرسالہ' بیروت' طبع اول' **1988**ء **3517**

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام"' دار المعرفۃ' بیروت' لبنان **285/1**

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام"' تحقیق: رفعت فوزی' دار الوفاء' طبع اول' **2001**ء **650/2**

حدیث نمبر **637**:

صنعانی' امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام' "المصنف"' تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی' دار القلم' بیروت' **1970**ء **7767**

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام"' دار المعرفۃ' بیروت' لبنان **287/1**

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام"' تحقیق: رفعت فوزی' دار الوفاء' طبع اول' **2001**ء **676/2**

638 - اَخْبَرَنَا مُسْلِمٌ وَعَبْدُ الْمَجِيْدِ ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ قَالَ : كَانَ ابْنُ عَبَّاسٍ لَا يَرٰى بِالْاِفْطَارِ فِيْ صِيَامِ التَّطَوُّعِ بَاْسًا

✧✧ عمرو بن دینار بیان کرتے ہیں' حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کے نزدیک نفلی روزے کو افطار کرنے میں (توڑ دینے میں) کوئی حرج نہیں ہے۔

اخرج الاوّل من كتاب الصيام ' والٰى اٰخر الخامس من كتاب العيدين .

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے پہلی روایت کتاب الصیام میں نقل کی ہے اس کے بعد باقی روایات کتاب عیدین میں نقل کی ہیں۔

باب الاستمرار على الصيام مع وجود الطعام

باب 11: کھانا موجود ہونے کے باوجود روزہ برقرار رکھنا

639 - اَخْبَرَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ الثَّقَفِيُّ ، عَنْ اَيُّوْبَ ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيْرِيْنَ ، اَنَّ اَبَاهُ دَعَا نَفَرًا مِّنْ اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلَى الْوَلِيْمَةِ فَاَتَاهُ فِيْهِمْ اُبَيُّ بْنُ كَعْبٍ وَاَحْسِبُهُ قَالَ فَبَارَكَ وَانْصَرَفَ .

✧✧ محمد بن سیرین بیان کرتے ہیں' ان کے والد نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے کچھ اصحاب کی ولیمے کی دعوت کی تو حضرت ابن کعب رضی اللہ عنہ بھی ان حضرات کے ہمراہ تشریف لائے' راوی کہتے ہیں' انہوں نے دعائے برکت کی اور واپس تشریف لے گئے' یعنی انہوں نے روزہ رکھا ہوا تھا' انہوں نے کھانا نہیں کھایا۔

640 - اَخْبَرَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ ، اَنَّهُ سَمِعَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ يَزِيْدَ يَقُوْلُ : دَعَا اَبِيْ عَبْدَ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ فَاَتَاهُ وَجَلَسَ وَوُضِعَ الطَّعَامُ فَمَدَّ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ يَدَهُ وَقَالَ : خُذُوْا بِسْمِ اللّٰهِ وَقَبَضَ عَبْدُ اللّٰهِ يَدَهُ وَقَالَ : اِنِّيْ صَائِمٌ .

حدیث نمبر **638**:

صنعانی' امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام' "المصنف"' تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی' دارالقلم' بیروت' **1970ء** — **22769**
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام"' دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان — **287/1**
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام"' تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اوّل **2001ء** — **656/2**

حدیث نمبر **639**:

صنعانی' امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام' "المصنف"' تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی' دارالقلم' بیروت' **1970ء** — **19665**
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام"' دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان — **181/6**
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام"' تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اوّل **2001ء** — **450/7**

حدیث نمبر **640**:

کوفی' امام ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ' "المصنف"' المطبعۃ العزیزیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' **1386ھ** — **9441**
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام"' دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان — **181/6**
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام"' تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اوّل **2001ء** — **45/17**

✦✦ حضرت عبداللہ بن ابویزید بیان کرتے ہیں' میرے والد نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کی دعوت کی' وہ وہاں تشریف لائے اور بیٹھ گئے کھانا رکھا گیا تو حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے اپنا ہاتھ کھینچ لیا اور بولے: اللہ کا نام لے کر شروع کرو' حضرت عبداللہ نے اپنا ہاتھ پیچھے رکھا اور کہا میں نے روزہ رکھا ہوا ہے۔

641 - اَخْبَرَنَا مَالِكُ بْنُ اَنَسٍ ، عَنْ اِسْحَاقَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي طَلْحَةَ ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَتَى اَبَا طَلْحَةَ وَجَمَاعَةً مَعَهُ فَاَكَلُوا عِنْدَهُ ، وَكَانَ ذَلِكَ فِي غَيْرِ وَلِيمَةٍ

✦✦ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم حضرت عبداللہ بن طلحہ رضی اللہ عنہ کے پاس تشریف لائے آپ کے ساتھ کچھ لوگ بھی تھے ان تمام حضرات نے آپ کی موجودگی میں کھانا کھالیا' راوی کہتے ہیں' یہ ولیمے کے علاوہ کوئی اور دعوت تھی۔

اخرج الثلاثة الاحاديث من كتاب القطع فی السرقة .

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے ان تینوں روایات کو کتاب القطع فی السرقة میں نقل کیا ہے۔

باب جواز نية صوم التطوع اذا انتصف النهار

باب 12: دوپہر کے وقت نفلی روزے کی نیت کرنا درست ہے

حدیث نمبر 641:

اصحی' ابوعبداللہ مالک بن انس' "الموطا" بروایہ امام محمد بن حسن شیبانی (موطا امام محمد) تحقیق: عبدالوہاب عبداللطیف' المکتبۃ العلمیہ	889
اصحی' ابوعبداللہ مالک بن انس' "الموطا" بروایہ یحییٰ بن یحییٰ اندلسی' تحقیق: بشار عواد معروف' دار الغرب الاسلامی' بیروت' لبنان (طبع اول) 1996ء	2684
الکسی' امام ابومحمد عبد بن حمید بن نصر "مسند" تحقیق: صبحی سامرائی' محمود خلیل' عالم الکتب' 1988ء	1238
بخاری' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل' "الجامع الصحیح" (رقم الحدیث من فتح الباری)	442
نیشاپوری' امام مسلم بن حجاج' "الجامع الصحیح"' تحقیق و ترقیم: فؤاد عبدالباقی' دار الحدیث' قاہرہ' مصر	2040
ترمذی' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ' "الجامع الکبیر"' تحقیق: ڈاکٹر بشار عواد معروف' دار الغرب الاسلامی' بیروت 1996ء	3630
نسائی' امام احمد بن شعیب' "السنن الکبریٰ"' تحقیق: سلیمان بنداری' سید کسروی' دار الکتب العلمیہ' 1991ء	16617
تمیمی' امام ابوحاتم محمد بن حبان' "صحیح ابن حبان"' دار الفکر' بیروت' طبع اول' 1996ء	6543
الفارسی' امام امیر ابن بلبان' "الاحسان فی تقریب صحیح ابن حبان" موسسۃ الرسالہ' بیروت' طبع اول' 1988ء	6534
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام"' دار المعرفۃ' بیروت' لبنان	182/6
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام"' تحقیق: رفعت فوزی' دار الوفاء' طبع اول' 2001ء	453/7

حدیث نمبر 642:

صنعانی' امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام' "المصنف"' تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی' دار القلم' بیروت' 1970ء	7776
کوفی' امام ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ' "المصنف"' المطبعۃ العزیزیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' 1386ھ	9106
بیہقی' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی' "السنن الکبریٰ"' دائرۃ المعارف النظامیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' 1344ھ	204/4
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام"' دار المعرفۃ' بیروت' لبنان	281/1
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام"' تحقیق: رفعت فوزی' دار الوفاء' طبع اول' 2001ء	657/2

642 - اَخْبَرَنَا عَبْدُ الْمَجِيْدِ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ اَبِى الدَّرْدَاءِ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّهُ كَانَ يَاْتِىْ اَهْلَهُ حِيْنَ يَنْتَصِفُ النَّهَارُ اَوْ قَبْلَهُ فَيَقُوْلُ هَلْ مِنْ غَدَاءٍ فَيَجِدُهُ اَوْ لَا يَجِدُهُ فَيَقُوْلُ لَاَصُوْمَنَّ هٰذَا الْيَوْمَ فَيَصُوْمُهُ، وَاِنْ كَانَ مُفْطِرًا وَّبَلَغَ ذٰلِكَ الْحِيْنَ وَهُوَ مُفْطِرٌ .

✧✧ حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ کے بارے میں منقول ہے وہ دوپہر کے وقت اپنی اہلیہ کے ہاں تشریف لائے دوپہر سے کچھ پہلے اور بولے' کچھ کھانے کے لئے ہے؟ تو انہیں کھانے کے لئے ملایا شاید نہیں ملا تو وہ فرمانے لگے: آج میں روزہ رکھ لیتا ہوں تو انہوں نے اس دن روزہ رکھ لیا' اگر کسی شخص نے پہلے کچھ کھالیا ہوا اور وہ وقت ہو جائے تو وہ روزہ نہیں رکھ سکتا۔

643 - قَالَ ابْنُ جُرَيْجٍ : اَخْبَرَنَا عَطَاءٌ وَبَلَغَنَا اَنَّهُ كَانَ يَفْعَلُ مِثْلَ ذٰلِكَ حِيْنَ يُصْبِحُ مُفْطِرًا حَتَّى الضُّحٰى اَوْ بَعْدَهُ، وَلَعَلَّهُ اَنْ يَكُوْنَ وَجَدَ غَدَاءً وَلَمْ يَجِدْهُ .

✧✧ عطا بیان کرتے ہیں' ہم تک یہ روایت پہنچی ہے' جب انہوں نے صبح کے وقت روزے کی نیت نہیں کی ہوتی تھی تو چاشت کے وقت (بلکہ) اس کے بعد بھی وہ ایسا (یعنی نفلی روزے کی نیت) کرلیا کرتے تھے۔ خواہ انہیں ناشتہ ملا ہو یا نہ ملا ہو۔

اخرج الحديثين من كتاب العيدين .

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے یہ دونوں روایات کتاب عیدین میں نقل کی ہیں۔

باب قبلة الرجل امراته وهو صائم

باب 13: آدمی کا اپنی بیوی کا بوسہ لینا جبکہ وہ روزے کی حالت میں ہو

644 - اَخْبَرَنَا مَالِكُ بْنُ اَنَسٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، اَنَّ رَجُلًا قَبَّلَ امْرَاَتَهُ وَهُوَ صَائِمٌ، فَوَجَدَ مِنْ ذٰلِكَ وَجْدًا شَدِيْدًا، فَاَرْسَلَ امْرَاَتَهُ تَسْاَلُ عَنْ ذٰلِكَ، فَدَخَلَتْ عَلٰى اُمِّ سَلَمَةَ اُمِّ الْمُؤْمِنِيْنَ فَاَخْبَرَتْهَا، فَقَالَتْ اُمُّ سَلَمَةَ اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُقَبِّلُ وَهُوَ صَائِمٌ، فَرَجَعَتِ الْمَرْاَةُ اِلٰى زَوْجِهَا فَاَخْبَرَتْهُ،

حدیث نمبر **643**:

صنعانی' امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام' "المصنف"' تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی' دارالقلم' بیروت' 1970ء — **7776**

کوفی' امام ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ' "المصنف"' المطبعۃ العزیزیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' 1386ھ — **10106**

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام"' دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان — **98/1**

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام"' تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اوّل' 2001ء — **657/2**

حدیث نمبر **644**:

اصبحی' ابوعبداللہ مالک بن انس' "الموطا"' بروایۃ امام محمد بن حسن شیبانی (موطا امام محمد) تحقیق: عبدالوہاب عبداللطیف' المکتبۃ العلمیہ — **352**

اصبحی' ابوعبداللہ مالک بن انس' "الموطا"' بروایۃ یحییٰ بن یحییٰ اندلسی' تحقیق: بشار عواد معروف' دارالغرب الاسلامی' بیروت' لبنان (طبع اوّل) 1996ء — **707**

طحاوی' امام ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ' "شرح معانی الآثار"' تحقیق: محمد جادالحق' مطبعۃ الانوار المحمدیہ' مصر — **94/2**

صنعانی' امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام' "المصنف"' تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی' دارالقلم' بیروت' 1970ء — **74/2**

شیبانی' امام احمد بن محمد بن حنبل' "المسند"' المطبعۃ المیمنیہ' مصر — **434/6**

فَزَادَهُ ذَلِكَ شَرًّا ، وَقَالَ : لَسْنَا مِثْلَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، يُحِلُّ اللّٰهُ لِرَسُولِهِ مَا شَاءَ ، فَرَجَعَتِ الْمَرْأَةُ إِلَى أُمِّ سَلَمَةَ فَوَجَدَتْ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عِنْدَهَا ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : مَا بَالُ هَذِهِ الْمَرْأَةِ ؟ فَأَخْبَرَتْهُ أُمُّ سَلَمَةَ ، فَقَالَ : أَلَا أَخْبَرْتِهَا أَنِّي أَفْعَلُ ذَلِكَ ، فَقَالَتْ أُمُّ سَلَمَةَ : قَدْ أَخْبَرْتُهَا فَذَهَبَتْ إِلَى زَوْجِهَا فَأَخْبَرَتْهُ فَزَادَهُ ذَلِكَ شَرًّا ، وَقَالَ : لَسْنَا مِثْلَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، يُحِلُّ اللّٰهُ لِرَسُولِهِ مَا شَاءَ ، فَغَضِبَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، ثُمَّ قَالَ : وَاللّٰهِ إِنِّي لَأَتْقَاكُمْ لِلّٰهِ ، وَأَعْلَمُكُمْ بِحُدُوْدِهِ

✧✧ حضرت عطاء بن یسار بیان کرتے ہیں' ایک شخص نے اپنی بیوی کا بوسہ لے لیا اسے اس بارے میں شدید الجھن ہوئی اس نے اپنی بیوی کو بھیجا تاکہ وہ نبی اکرم ﷺ سے اس بارے میں دریافت کرے' وہ خاتون سیّدہ ام سلمہ رضی اللہ عنہا کے پاس آئی اور انہیں اس بارے میں بتایا سیّدہ ام سلمہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: نبی اکرم ﷺ بھی روزے کی حالت میں بوسہ لے لیتے ہیں۔ وہ خاتون اپنے شوہر کے پاس گئی اسے اس بارے میں بتایا تو اس سے اس کی الجھن میں مزید اضافہ ہوگیا اور وہ بولا' ہم نبی اکرم ﷺ کی مانند نہیں ہیں اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول کے لئے جس چیز کو چاہا ہے حلال قرار دے دیا ہے' وہ عورت واپس سیّدہ ام سلمہ رضی اللہ عنہا کے پاس آئی اس نے نبی اکرم ﷺ کو سیّدہ ام سلمہ رضی اللہ عنہا کے پاس پایا نبی اکرم ﷺ نے دریافت کیا اس عورت کا کیا مسئلہ ہے' سیّدہ ام سلمہ رضی اللہ عنہا نے آپ کو اس بارے میں بتایا آپ نے فرمایا: کیا تم نے اسے بتایا نہیں کہ ہم ایسا کر لیتے ہیں۔ سیّدہ ام سلمہ رضی اللہ عنہا نے عرض کی' میں نے اسے بتایا ہے یہ اپنے میاں کے پاس گئی لیکن اس کی الجھن میں اور اضافہ ہوگیا اور بولا ہم نبی اکرم ﷺ کی مانند نہیں ہیں اللہ تعالیٰ اپنے رسول کے لئے جس چیز کو چاہے حلال قرار دے سکتا ہے' تو نبی اکرم ﷺ غصے میں آگئے آپ نے ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ کی قسم! میں تم سب کے مقابلے میں اللہ تعالیٰ سے زیادہ ڈرنے والا ہوں اور اس کی حدود کے بارے میں زیادہ جاننے والا ہوں۔

645 - أَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ : إِنْ كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيُقَبِّلُ بَعْضَ أَزْوَاجِهِ وَهُوَ صَائِمٌ، ثُمَّ تَضْحَكُ .

حدیث نمبر **645**:

اصبحی' ابوعبداللہ مالک بن انس' "الموطا" بروایۃ یحییٰ بن یحییٰ اندلسی' تحقیق: بشار عواد معروف' دار الغرب الاسلامی' بیروت' لبنان (طبع اول) 1996ء	798
صنعانی' امام' ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام' "المصنف"' تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی' دار القلم' بیروت' 1970ء	7431
دارمی' امام' ابومحمد عبداللہ بن عبدالرحمٰن' "السنن"' تحقیق: عبداللہ ہاشم یمانی' دار المحاسن' قاہرہ' 1966ء	197
کوفی' امام' ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ' "المصنف" المطبعۃ العزیزیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' 1386ھ	9390
شیبانی' امام' احمد بن محمد بن حنبل' "المسند" المطبعۃ المیمنیہ' مصر	39/6
الکسی' امام' ابومحمد عبد بن حمید بن نصر' "مسند"' تحقیق: صبحی سامرائی' محمود خلیل' عالم الکتب' 1988ء	1501
دارمی' امام' ابومحمد عبداللہ بن عبدالرحمٰن' "السنن"' تحقیق: عبداللہ ہاشم یمانی' دار المحاسن' قاہرہ' 1966ء	640
بخاری' امام' ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل' "الجامع الصحیح" (رقم الحدیث من فتح الباری)	1928
نیشاپوری' امام' مسلم بن حجاج' "الجامع الصحیح"' تحقیق وترقیم: فؤاد عبدالباقی' دار الحدیث' قاہرہ' مصر	1106

✧✧ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم روزے کی حالت میں اپنی ایک زوجہ محترمہ کا بوسہ لے لیا کرتے تھے' پھر وہ مسکرا دیں۔

646 - اَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ اَنَّ ابْنَ عَبَّاسٍ سُئِلَ عَنِ الْقِبْلَةِ لِلصَّائِمِ فَاَرْخَصَ فِيْهَا لِلشَّيْخِ، وَكَرِهَهَا لِلشَّابِّ

✧✧ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روزہ دار شخص کے بوسہ لینے کے بارے میں دریافت کیا گیا' تو انہوں نے اس بارے میں عمر رسیدہ شخص کو رخصت عطا کی اور جوان شخص کے لئے اسے ناپسندیدہ قرار دیا۔

اخرج الاوّل من كتاب الرسالة ' والثاني والثالث من كتاب الصيام .

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے پہلی روایت کتاب رسالہ میں نقل کی ہے' دوسری اور تیسری روایت کتاب الصیام میں نقل کی ہیں۔

باب الصائم يصبح جنبا

باب 14: جب روزہ دار شخص جنابت کی حالت میں صبح کرے

647 - اَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ مَعْمَرٍ، عَنْ اَبِىْ يُوْنُسَ مَوْلٰى عَائِشَةَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهَا، اَنَّ رَجُلًا قَالَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهِىَ تَسْمَعُ : اِنِّىْ اُصْبِحُ جُنُبًا وَّاَنَا اُرِيْدُ الصِّيَامَ، فَقَالَ الرَّسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : وَاَنَا اُصْبِحُ جُنُبًا وَّاَنَا اُرِيْدُ الصِّيَامَ، فَاَغْتَسِلُ ثُمَّ اَصُوْمُ ذٰلِكَ الْيَوْمَ، فَقَالَ الرَّجُلُ : اِنَّكَ لَسْتَ مِثْلَنَا، قَدْ غَفَرَ اللّٰهُ لَكَ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِكَ وَمَا تَاَخَّرَ، فَغَضِبَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَالَ : وَاللّٰهِ اِنِّىْ لَاَرْجُو اَنْ اَكُوْنَ اَخْشَاكُمْ لِلّٰهِ وَاَعْلَمُكُمْ بِمَا اَتَّقِى .

✧✧ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' ایک شخص نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں عرض کی' سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا اسے سن رہی تھیں' میں جنابت کی حالت میں صبح کرتا ہوں اور میرا روزہ رکھنے کا ارادہ ہوتا ہے؟ تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں بھی جنابت

بقیہ حاشیہ حدیث نمبر **645**:

الفارسی' امام امیر ابن بلبان' ''الاحسان فی تقریب صحیح ابن حبان'' موسسۃ الرسالۃ' بیروت' طبع اوّل **1988ء** **3537**

طبرانی' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب' ''المعجم الاوسط'' تحقیق: محمود الطحان' مکتبۃ المعارف' ریاض' سعودی عربیہ (طبع اوّل) **93**

دار قطنی' امام علی بن عمر' ''السنن'' مکتبۃ المتنبی' قاہرہ' مصر **189/**

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام'' دار المعرفۃ' بیروت' لبنان **98/2**

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام'' تحقیق: رفعت فوزی' دار الوفاء' طبع اوّل **2001ء** **246/3**

حدیث نمبر **646**:

اصبحی' ابوعبداللہ مالک بن انس' ''الموطا'' بروایۃ یحیٰی بن یحیٰی اندلسی' تحقیق: بشار عواد معروف' دار الغرب الاسلامی' بیروت' لبنان (طبع اوّل) **1996ء** **804**

صنعانی' امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام' ''المصنف'' تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی' دار القلم' بیروت' **1970ء** **74/8**

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام'' دار المعرفۃ' بیروت' لبنان **98/2**

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام'' تحقیق: رفعت فوزی' دار الوفاء' طبع اوّل **2001ء** **247/3**

کی حالت میں صبح کرتا ہوں اور میں نے بھی ورزہ رکھنا ہوتا ہے تو میں غسل کرتا ہوں اور اس دن روزہ رکھ لیتا ہوں اس شخص نے عرض کی: آپ ہماری مانند نہیں ہیں اللہ تعالیٰ نے آپ کے آئندہ اور گزشتہ ذنب کی مغفرت کردی ہے نبی اکرم ﷺ غصے میں آ گئے آپ نے ارشاد فرمایا: اللہ کی قسم! مجھے اُمید ہے کہ میں تم سب سے زیادہ اللہ تعالیٰ سے ڈرنے والا ہوں اور سب سے زیادہ اس چیز کو جانتا ہوں جس سے مجھے بچنا چاہیے۔

648 - اَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ مَعْمَرٍ الْاَنْصَارِيِّ، عَنْ اَبِي يُونُسَ مَوْلٰى عَائِشَةَ اُمِّ الْمُؤْمِنِيْنَ، عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا، اَنَّ رَجُلًا قَالَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ وَاقِفٌ عَلَى الْبَابِ وَاَنَا اَسْمَعُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اِنِّيْ اُصْبِحُ جُنُبًا وَاَنَا اُرِيْدُ الصَّوْمَ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَاَنَا اُصْبِحُ جُنُبًا وَاَنَا اُرِيْدُ الصَّوْمَ فَاَغْتَسِلُ وَاَصُوْمُ ذٰلِكَ الْيَوْمَ○

✦✦ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں ایک شخص نے نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں عرض کی وہ نبی اکرم ﷺ کے دروازے پر کھڑا ہوا تھا میں یہ بات سن رہی تھی اس نے عرض کی: یارسول اللہ ﷺ! میں صبح جنابت کی حالت میں کرتا ہوں اور میں نے روزے رکھنے کا ارادہ کیا ہوتا ہے۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: میں بھی (بعض اوقات) جنابت کی حالت میں صبح کرتا ہوں اور میں نے بھی روزہ رکھنے کا ارادہ کیا ہوتا ہے تو میں غسل کر لیتا ہوں اور روزہ رکھ لیتا ہوں۔

649 - اَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ سُمَيٍّ مَوْلٰى اَبِيْ بَكْرٍ، اَنَّهُ سَمِعَ اَبَا بَكْرِ بْنَ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، يَقُوْلُ: كُنْتُ اَنَا وَاَبِيْ، عِنْدَ مَرْوَانَ بْنِ الْحَكَمِ وَهُوَ اَمِيْرُ الْمَدِيْنَةِ، فَذُكِرَ لَهُ اَنَّ اَبَا هُرَيْرَةَ، يَقُوْلُ: مَنْ اَصْبَحَ جُنُبًا اَفْطَرَ ذٰلِكَ

حدیث نمبر 647:

اکحی' ابوعبداللہ مالک بن انس' "الموطا" بروایۃ امام محمد بن حسن شیبانی (موطا امام محمد) تحقیق: عبدالوہاب عبداللطیف' المکتبۃ العلمیہ	350
اکحی' ابوعبداللہ مالک بن انس' "الموطا" بروایۃ یحییٰ بن یحییٰ اندلسی' تحقیق: بشار عواد معروف' دارالغرب الاسلامی' بیروت' لبنان (طبع اول) 1996ء	793
بیہقی' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی' "السنن الکبریٰ" دائرۃ المعارف النظامیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' 1344ھ	213/4
طیالسی' امام ابوداؤد سلیمان بن داؤد' "المسند" دارالمعرفۃ' بیروت لبنان	1503
شیبانی' امام احمد بن محمد بن حنبل' "المسند" المطبعۃ المیمنیہ' مصر	67/6
موصلی' امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ' "المسند" تحقیق: حسین سلیم اسد' دارالمامون للتراث' طبع اول' 1987ء	1110
سجستانی' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث' "السنن"' داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان	2389
ترمذی' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ' "الجامع الکبیر" تحقیق: ڈاکٹر بشار عواد معروف' دارالغرب الاسلامی' بیروت 1996ء	779
نسائی' امام احمد بن شعیب' "السنن الکبریٰ" تحقیق: سلیمان بنداری' سید کسروی' دارالکتب العلمیہ' 1991ء	3025
نیشاپوری' امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ "الصحیح" شرکۃ الطباعۃ العربیہ' ریاض' الطبعۃ الثانیہ' 1981ء	20/4
تمیمی' امام ابوحاتم محمد بن حبان' "صحیح ابن حبان"' دارالفکر' بیروت' طبع اول' 1996ء	3491
الفارسی' امام امیر ابن بلبان' "الاحسان فی تقریب صحیح ابن حبان" موسسۃ الرسالہ' بیروت' طبع اول' 1988ء	3492
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام" دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان	97/2
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام" تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اول' 2001ء	213/10

الْيَوْمَ، فَقَالَ مَرْوَانُ : اَقْسَمْتُ عَلَيْكَ يَا عَبْدَ الرَّحْمٰنِ لَتَذْهَبَنَّ اِلٰى اُمَّيِ الْمُؤْمِنِيْنَ عَآئِشَةَ وَاُمِّ سَلَمَةَ عَنْ ذٰلِكَ، فَقَالَ اَبُو بَكْرٍ : فَذَهَبَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ وَذَهَبْتُ مَعَهُ حَتّٰى دَخَلْنَا عَلٰى عَآئِشَةَ فَسَلَّمَ عَلَيْهَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ، فَقَالَ : يَا اُمَّ الْمُؤْمِنِيْنَ، اِنَّا كُنَّا عِنْدَ مَرْوَانَ فَذُكِرَ لَهُ اَنَّ اَبَا هُرَيْرَةَ، قَالَ : مَنْ اَصْبَحَ جُنُبًا اَفْطَرَ ذٰلِكَ الْيَوْمَ، فَقَالَتْ عَآئِشَةُ : لَيْسَ كَمَا قَالَ اَبُو هُرَيْرَةَ، يَا عَبْدَ الرَّحْمٰنِ، اَتَرْغَبُ عَمَّا كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَفْعَلُهُ؟ قَالَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ : لَا وَاللّٰهِ، فَقَالَتْ عَآئِشَةُ : فَاَشْهَدُ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنْ كَانَ لَيُصْبِحُ جُنُبًا مِّنْ جِمَاعٍ غَيْرَ احْتِلَامٍ ثُمَّ يَصُوْمُ ذٰلِكَ الْيَوْمَ، قَالَ : ثُمَّ خَرَجْنَا حَتّٰى دَخَلْنَا عَلٰى اُمِّ سَلَمَةَ رَضِيَ اللّٰهُ فَسَاَلَهَا عَنْ ذٰلِكَ، فَقَالَتْ مِثْلَ مَا قَالَتْ عَآئِشَةُ، فَخَرَجْنَا حَتّٰى جِئْنَا مَرْوَانَ، فَقَالَ لَهُ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ : مَا قَالَتَا؟ فَاَخْبَرَهُ، فَقَالَ مَرْوَانُ : اَقْسَمْتُ عَلَيْكَ يَا اَبَا مُحَمَّدٍ لَتَرْكَبَنَّ دَابَّتِي بِالْبَابِ فَلَتَاْتِيَنَّ اَبَا هُرَيْرَةَ، فَلَتُخْبِرَنَّهُ بِذٰلِكَ، فَرَكِبَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ وَرَكِبْتُ حَتّٰى اَتَيْنَا اَبَا هُرَيْرَةَ، فَتَحَدَّثَ مَعَهُ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ سَاعَةً ثُمَّ ذَكَرَ لَهُ ذٰلِكَ، فَقَالَ اَبُو هُرَيْرَةَ : لَا عِلْمَ لِي بِذٰلِكَ، اِنَّمَا اَخْبَرَنِيهِ مُخْبِرٌ

✧✧ حضرت ابوبکر بن عبدالرحمٰن بیان کرتے ہیں' میں اپنے والد کے ہمراہ مروان بن حکم کے پاس موجود تھا وہ مدینہ کا گورنر تھا'اس کے سامنے اس بات کا تذکرہ کیا گیا کہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ یہ کہتے ہیں: جو شخص جنابت کی حالت میں صبح کرے وہ روزہ نہیں رکھ سکتا۔مروان نے کہا: اے عبدالرحمٰن! میں تمہیں قسم دیتا ہوں کہ تم دونوں سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا اور سیّدہ ام سلمہ رضی اللہ عنہا کے پاس جاؤ

حدیث نمبر 649:

اصبحی' ابوعبداللہ مالک بن انس' "الموطا" بروایۃ امام محمد بن حسن شیبانی (موطا امام محمد) تحقیق: عبدالوہاب عبداللطیف' المکتبۃ العلمیہ 351
اصبحی' ابوعبداللہ مالک بن انس' "الموطا" بروایۃ یحیٰی بن یحیٰی اندلسی' تحقیق: بشار عواد معروف' دار الغرب الاسلامی' بیروت' لبنان (طبع اوّل) 1996ء 785
صنعانی' امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام' "المصنف" تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی' دار القلم' بیروت' 1970ء 7396
کوفی' امام ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ' "المصنف" المطبعۃ العزیزیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' 1386ھ 9577
شیبانی' امام احمد بن محمد بن حنبل' "المسند" المطبعۃ المیمنیہ' مصر 211/1
بخاری' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل' "الجامع الصحیح" (رقم الحدیث من فتح الباری) 1925
نیشاپوری' امام مسلم بن حجاج' "الجامع الصحیح" تحقیق و ترقیم: فؤاد عبدالباقی' دار الحدیث' قاہرہ' مصر 1109
سجستانی' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث' "السنن"' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان 2388
نسائی' امام احمد بن شعیب' "السنن الکبریٰ" تحقیق: سلیمان بنداری' سید کسروی' دار الکتب العلمیہ' 1991ء 2933
نیشاپوری' امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ "الصحیح" شرکۃ الطباعۃ العربیہ' ریاض' الطبعۃ الثانیہ' 1981ء 2011
طحاوی' امام ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ' "شرح معانی الآثار" تحقیق: محمد جاد الحق' مطبعۃ الانوار المحمدیہ' مصر 104/2
طحاوی' امام ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ' "شرح مشکل الآثار" تحقیق: شعیب ارناؤوط' موسسۃ الرسالہ' بیروت' لبنان' 1987ء 535
تمیمی' امام ابوحاتم محمد بن حبان' "صحیح ابن حبان"' دار الفکر' بیروت' طبع اوّل' 1996ء 3488
الفارسی' امام امیر ابن بلبان' "الاحسان فی تقریب صحیح ابن حبان" موسسۃ الرسالہ' بیروت' طبع اوّل' 1988ء 3485
طبرانی' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب' "المعجم الکبیر" تحقیق: احمدی عبدالمجید سلفی' مطبعۃ الزہراء الحدیثۃ' موصل' عراق (طبع ثانی) 968/23

اور ان دونوں سے اس بارے میں دریافت کرو' ابوبکر کہتے ہیں عبدالرحمٰن وہاں گئے' میں بھی ان کے ساتھ چلا گیا ہم سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کی خدمت میں حاضر ہوئے' عبدالرحمٰن نے انہیں سلام کیا اور عرض کی اے اُم المؤمنین! ہم مروان کے پاس موجود تھے اس کے سامنے اس بات کا تذکرہ کیا گیا' ابوہریرہ یہ کہتے ہیں: جو شخص جنابت کی حالت میں صبح کرے وہ اس دن روزہ نہ رکھے۔ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: ایسے نہیں ہے جیسے ابوہریرہ نے کہا ہے' اے عبدالرحمٰن! کیا تم اس چیز کو ترک کرو گے؟ جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کیا کرتے تھے' عبدالرحمٰن بولے: نہیں' اللہ کی قسم! میں ایسا نہیں کروں گا۔

تو سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں یہ گواہی دے کر کہتی ہوں کہ آپ جنابت کی حالت میں صبح کرتے تھے صحبت کرنے کی وجہ سے احتلام کی وجہ سے نہیں تو آپ اس دن روزہ رکھ لیا کرتے تھے۔

راوی بیان کرتے ہیں' پھر ہم وہاں سے نکلے اور سیّدہ اُم سلمہ رضی اللہ عنہا کے خدمت میں حاضر ہوئے عبدالرحمٰن نے ان سے اس بارے میں دریافت کیا تو انہوں نے بھی وہی جواب دیا جو سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے جواب دیا تھا'

ہم وہاں سے نکلے اور مروان کے پاس آئے عبدالرحمٰن نے بتایا جو ان دونوں خواتین نے جواب دیا تھا تو مروان بولا: میں تمہیں قسم دیتا ہوں اے ابومحمد! تم میرے دروازے پر موجود جانور کے اوپر سوار ہو جاؤ اور حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کے پاس جاؤ اور انہیں اس بارے میں بتاؤ تو حضرت عبدالرحمٰن سوار ہوئے اور میں بھی ان کے ساتھ سوار ہو گیا' ہم دونوں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کے پاس آئے عبدالرحمٰن نے ان سے اس بارے میں بات کی اور ان سے اس بات کا تذکرہ کیا تو حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا' مجھے اس بات کا علم نہیں تھا' مجھے تو ایک شخص نے اس بارے میں بتایا تھا (کہ یہ حکم ہے)

650 - اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ، حَدَّثَنَا سُمَىٌّ مَوْلَى اَبِىْ بَكْرٍ، عَنْ اَبِىْ بَكْرِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ عَائِشَةَ، اَنَّهَا قَالَتْ : كَانَ النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُدْرِكُهُ الصُّبْحُ وَهُوَ جُنُبٌ فَيَغْتَسِلُ وَيَصُومُ يَوْمَهُ .

حدیث نمبر **650**

طیالسی' امام ابوداؤد سلیمان بن داؤد' ''المسند'' دارالمعرفۃ' بیروت لبنان	**1502**
حمیدی' امام ابوبکر عبداللہ بن زبیر' ''المسند'' عالم الکتب' بیروت' مکتبۃ المتنبی' قاہرہ' مصر	**199**
کوفی' امام ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ' ''المصنف'' المطبعۃ العزیزیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان **1386**ھ	**9567**
شیبانی' امام احمد بن محمد بن حنبل' ''المسند'' المطبعۃ المیمنیہ' مصر	**38/6**
بخاری' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل' ''الجامع الصحیح'' (رقم الحدیث من فتح الباری)	**1930**
نیشاپوری' امام مسلم بن حجاج' ''الجامع الصحیح'' تحقیق وترقیم فواد عبدالباقی' دارالحدیث' قاہرہ' مصر	**1109**
دارمی' امام ابومحمد عبداللہ بن عبدالرحمٰن' ''السنن'' تحقیق عبداللہ ہاشم یمانی' دارالمحاسن' قاہرہ' **1966**ء	**2961**
نیشاپوری' امام مسلم بن حجاج' ''الجامع الصحیح'' تحقیق وترقیم فواد عبدالباقی' دارالحدیث' قاہرہ' مصر	**4451**
نیشاپوری' امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ' ''الصحیح'' شرکۃ الطباعۃ العربیہ' ریاض' الطبعۃ الثانیہ **1981**ء	**2099**
طحاوی' امام ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ' ''شرح معانی الآثار'' تحقیق محمد جاد الحق' مطبعۃ الانوار المحمدیہ' مصر	**104/2**
طحاوی' امام ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ' ''شرح مشکل الآثار'' تحقیق شعیب ارناؤوط' موسسۃ الرسالہ' بیروت' لبنان **1987**ء	**544**
مروزی' امام اسحاق بن ابراہیم' ''المسند'' مکتبۃ الایمان' مدینہ منورہ' طبع اوّل **1412**ھ-**1991**ء	**664**

✧✧ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم صبح (بعض اوقات ایسے عالم میں کرتے تھے) کہ آپ جنابت کی حالت میں ہوتے تھے تو آپ غسل کرتے تھے اور روزہ رکھ لیتے تھے۔

اخرج الاوّل من كتاب الصيام والى آخر الرابع من الجزء الثانى من اختلاف احديث ـ

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے پہلی روایت کتاب الصیام میں نقل کی ہے اور اس کے بعد کی باقی روایات کتاب اختلاف الحدیث کے دوسرے جزء میں نقل کی ہیں۔

باب من افطر فی رمضان من جماع وکفارته وافطار من خافت علی ولدها

باب 15: جو شخص رمضان کے مہینے میں صحبت کرنے سے روزہ توڑ دے اور اس کا کفارہ' جس عورت کو اپنے بچے کے حوالے سے اندیشہ ہو اس کا روزہ توڑ دینا

651 - اَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ حُمَيْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، اَنَّ رَجُلاً اَفْطَرَ فِي

حدیث نمبر **651**:

اصبحی' ابوعبداللہ مالک بن انس' "الموطا" بروایۃ امام محمد بن حسن شیبانی (موطا امام محمد) تحقیق: عبدالوہاب عبداللطیف' المکتبۃ العلمیہ	349
اصبحی' ابوعبداللہ مالک بن انس' "الموطا" بروایۃ یحییٰ بن یحییٰ اندلسی' تحقیق: بشار عواد معروف' دار الغرب الاسلامی' بیروت' لبنان (طبع اوّل) 1996ء	815
نیشاپوری' امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ "الصحیح" شرکۃ الطباعۃ العربیۃ' ریاض' الطبعۃ الثانیۃ 1981ء	1943
صنعانی' امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام' "المصنف" تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی' دار القلم' بیروت' 1970ء	7451
حمیدی' امام ابوبکر عبداللہ بن زبیر' "المسند" عالم الکتب' بیروت' مکتبۃ المتنبی' قاہرہ' مصر	1008
کوفی' امام ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ' "المصنف" المطبعۃ العزیزیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' 1386ھ	9786
شیبانی' امام احمد بن محمد بن حنبل' "المسند" المطبعۃ المیمنیہ' مصر	208/2
دارمی' امام ابومحمد عبداللہ بن عبدالرحمٰن' "السنن" تحقیق: عبداللہ ہاشم یمانی' دار المحاسن' قاہرہ' 1966ء	1723
بخاری' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل' "الجامع الصحیح" (رقم الحدیث من فتح الباری)	1937
نیشاپوری' امام مسلم بن حجاج' "الجامع الصحیح" تحقیق و ترقیم: فؤاد عبدالباقی' دار الحدیث' قاہرہ' مصر	1111
سجستانی' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث' "السنن" دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان	2390
قزوینی' امام محمد بن یزید ابن ماجہ' "السنن" تحقیق: بشار عواد معروف' دار الجیل' بیروت' 1998ء	1671
ترمذی' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ' "الجامع الکبیر" تحقیق: ڈاکٹر بشار عواد معروف' دار الغرب الاسلامی' بیروت 1998ء	724
نسائی' امام احمد بن شعیب' "السنن الکبریٰ" تحقیق: سلیمان بنداری' سید کسروی' دار الکتب العلمیہ 1991ء	3114
نیشاپوری' امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ "الصحیح" شرکۃ الطباعۃ العربیۃ' ریاض' الطبعۃ الثانیۃ 1981ء	1943
طحاوی' امام ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ' "شرح معانی الآثار" تحقیق: محمد جاد الحق' مطبعۃ الانوار المحمدیہ' مصر	60/1
تمیمی' امام ابوحاتم محمد بن حبان' "صحیح ابن حبان" دار الفکر' بیروت' طبع اوّل 1996ء	3522
الفارسی' امام امیر ابن بلبان' "الاحسان فی تقریب صحیح ابن حبان" موسسۃ الرسالۃ' بیروت' طبع اوّل 1988ء	3523
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام" دار المعرفۃ' بیروت' لبنان	90/2
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام" تحقیق: رفعت فوزی' دار الوفاء' طبع اوّل 2001ء	248/3

شَهْرِ رَمَضَانَ، فَاَمَرَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِعِتْقِ رَقَبَةٍ، اَوْ صِيَامِ شَهْرَيْنِ مُتَتَابِعَيْنِ، اَوْ اِطْعَامِ سِتِّيْنَ مِسْكِيْنًا، فَقَالَ : اِنِّيْ لَا اَجِدُ، فَاُتِيَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِعَرَقِ تَمْرٍ، فَقَالَ : خُذْ هٰذَا فَتَصَدَّقْ بِهٖ، فَقَالَ : يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، مَا اَحَدٌ اَحْوَجَ مِنِّيْ، فَضَحِكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى بَدَتْ ثَنَايَاهُ، ثُمَّ قَالَ : كُلْهُ .

قَالَ الشَّافِعِيُّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ : وَكَانَ فِطْرُهُ بِجِمَاعٍ .

✦✦ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں'ایک شخص نے رمضان کے مہینے میں روزہ توڑ دیا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے ایک غلام آزاد کرنے یا دو مہینے کے لگاتار روزے رکھنے یا ساٹھ مسکینوں کو کھانا کھلانے کی ہدایت کی۔ اس نے عرض کی: میں یہ نہیں کر سکتا' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں کھجوروں کی ایک بوری آئی تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اسے لو اور اسے صدقہ کر دو اس نے عرض کی: یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! ہم سے زیادہ اور کوئی محتاج نہیں ہے تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مسکرا دیئے یہاں تک کہ آپ کے دانت مبارک نمایاں ہوئے آپ نے فرمایا: تم اسے کھالو۔

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: اس شخص نے صحبت کر کے روزہ توڑا تھا۔

652 - اَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ عَطَاءٍ الْخُرَاسَانِيِّ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ، قَالَ : اَتٰى اَعْرَابِيٌّ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَنْتِفُ شَعْرَهُ وَيَضْرِبُ نَحْرَهُ وَيَقُوْلُ : هَلَكَ الْاَبْعَدُ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : وَمَا ذَاكَ، قَالَ : اَصَبْتُ اَهْلِيْ فِيْ رَمَضَانَ وَاَنَا صَائِمٌ، فَقَالَ لَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : هَلْ تَسْتَطِيْعُ اَنْ تُعْتِقَ رَقَبَةً؟ قَالَ : لَا، قَالَ : فَهَلْ تَسْتَطِيْعُ اَنْ تُهْدِيَ بَدَنَةً؟ قَالَ : لَا، قَالَ : فَاجْلِسْ، فَاُتِيَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِعَرَقِ تَمْرٍ فَقَالَ : خُذْ هٰذَا فَتَصَدَّقْ بِهٖ، قَالَ : مَا اَحَدٌ اَحْوَجَ مِنِّيْ، قَالَ : فَكُلْهُ وَصُمْ يَوْمًا مَكَانَ مَا اَصَبْتَ، قَالَ عَطَاءٌ : فَسَاَلْتُ سَعِيْدًا : كَمْ فِيْ ذٰلِكَ الْعَرَقِ؟ قَالَ : مَا بَيْنَ خَمْسَةَ عَشَرَ صَاعًا اِلٰى عِشْرِيْنَ .

✦✦ سعید بن مسیب کہتے ہیں ایک دیہاتی شخص نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اس کے بال بکھرے ہوئے تھے

حدیث نمبر **652**

اصبحی' ابوعبداللہ مالک بن انس' "الموطا" بروایت یحیٰی بن یحیٰی اندلسی' تحقیق: بشار عواد معروف' دار الغرب الاسلامی' بیروت' لبنان (طبع اول) 1996ء	816
صنعانی' امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام' "المصنف" تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی' دار القلم' بیروت' 1970ء	7458
شیبانی' امام احمد بن محمد بن حنبل' "المسند" المطبعۃ المیمنیہ' مصر	208/2
قزوینی' امام محمد بن یزید ابن ماجہ' "السنن" تحقیق: بشار عواد معروف' دار الجیل' بیروت' 1998ء	1671
نیشاپوری' امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ' "الصحیح" شرکۃ المطباعۃ العربیہ' ریاض' الطبعۃ الثانیۃ' 1981ء	1851
طحاوی' امام ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ' "شرح معانی الآثار" تحقیق: محمد جاد الحق' مطبعۃ الانوار المحمدیہ' مصر	190/2
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام" دار المعرفۃ' بیروت' لبنان	98/2
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام" تحقیق: رفعت فوزی' دار الوفاء' طبع اول' 2001ء	249/3

اس نے اپنے سینے پر ہاتھ مارتے ہوئے کہا' دوروالاشخص ہلاکت کا شکار ہوگیا۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا کیا ہوا ہے؟ اس نے عرض کی: میں نے رمضان کے مہینے میں جس دن میں نے روزہ رکھا ہوا تھا' اپنی بیوی کے ساتھ صحبت کرلی ہے نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: کیا تم ایک غلام آزاد کرسکتے ہو؟ اس نے عرض کی: نہیں' نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: کیا تم ایک قربانی کرسکتے ہو؟ اس نے عرض کی: نہیں' نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: بیٹھ جاؤ' راوی بیان کرتے ہیں' نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں کھجوروں کا ایک تھیلا آیا آپ نے فرمایا: اسے لو اور اسے صدقہ کردو' اس نے عرض کی: مجھے اپنے سے زیادہ اور کوئی ضرورت مند نہیں ملتا نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تم اسے کھالو اور اس کی جگہ جو تم نے عمل کیا ہے ایک دن کا روزہ رکھ لو۔

عطاء کہتے ہیں' میں نے سعید سے دریافت کیا اس تھیلے میں کتنی کھجوریں تھیں؟ تو انہوں نے فرمایا 15 سے لے کر 20 صاع تک تھیں۔

653 - اَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ نَافِعٍ اَنَّ ابْنَ عُمَرَ سُئِلَ عَنِ الْمَرْاَةِ الْحَامِلِ اِذَا خَافَتْ عَلٰى وَلَدِهَا قَالَ تُفْطِرُ وَتُطْعِمُ مَكَانَ كُلِّ يَوْمٍ مِسْكِيْنًا مُدًّا مِّنْ حِنْطَةٍ .

✧✧ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے حاملہ عورت کے بارے میں دریافت کیا گیا' جب اسے اپنے بچے کی طرف سے اندیشہ ہو؟ تو انہوں نے فرمایا: وہ روزہ توڑ دے اور ہر ایک روزے کے عوض میں ایک مسکین کو گندم کا ایک "مد" دے گی۔

اخرج الحديثين من كتاب الصيام 'والثالث في كتاب اختلاف مالك والشافعي رضي الله عنهما

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے پہلی دو روایات کتاب الصیام میں نقل کی ہیں' جبکہ تیسری روایت کتاب اختلاف مالک وشافعی میں نقل کی ہے۔

باب في الحجامة

باب 16: پچھنے لگوانا

654 - اَخْبَرَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ، عَنْ خَالِدٍ الْحَذَّاءِ، عَنْ اَبِيْ قِلَابَةَ، عَنْ اَبِي الْاَشْعَثِ، عَنْ شَدَّادِ بْنِ اَوْسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ : كُنَّا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ زَمَانَ الْفَتْحِ فَرَاٰى رَجُلًا يَحْتَجِمُ لِثَمَانَ عَشْرَةَ لَيْلَةً خَلَتْ مِنْ رَمَضَانَ، فَقَالَ وَهُوَ اٰخِذٌ بِيَدِيْ : اَفْطَرَ الْحَاجِمُ وَالْمَحْجُوْمُ .

✧✧ حضرت شداد بن اوس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' فتح مکہ کے زمانے میں ہم نبی اکرم ﷺ کے ساتھ تھے آپ نے ایک شخص کو دیکھا جو رمضان کی 18 تاریخ کو پچھنے لگوا رہا تھا' نبی اکرم ﷺ نے اس وقت میرا ہاتھ تھام رکھا تھا آپ نے اور ارشاد فرمایا:

حدیث نمبر **653**:

صنعانی' امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام' "المصنف"' تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی' دارالقلم' بیروت' **1970**ء — **7561**

دارقطنی' امام علی بن عمر' "السنن"' مکتبۃ المتنبی' قاہرہ مصر — **207/2**

صنعانی' امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام' "المصنف"' تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی' دارالقلم' بیروت' **1970**ء — **7558**

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام"' دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان — **2017**

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام"' تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اوّل' **2001**ء — **713/8**

پچھنے لگوانے والے اور پچھنے لگانے والے دونوں کا روزہ ٹوٹ گیا۔

655 - اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ اَبِي زِيَادٍ، عَنْ مِقْسَمٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ احْتَجَمَ مُحْرِمًا صَائِمًا

حدیث نمبر **654**

طیالسی امام ابوداؤد سلیمان بن داؤد ''المسند'' دارالمعرفۃ بیروت لبنان	118
صنعانی امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام ''المصنف'' تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی دارالقلم بیروت 1970ء	7519
کوفی امام ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ ''المصنف'' المطبعۃ العزیزیہ حیدرآباد دکن ہندوستان 1386ھ	9298
شیبانی امام احمد بن محمد بن حنبل ''المسند'' المطبعۃ المیمنیہ مصر	122/4
دارمی امام ابومحمد عبداللہ بن عبدالرحمٰن ''السنن'' تحقیق: عبداللہ ہاشم یمانی دارالمحاسن قاہرہ 1966ء	1737
بجستانی امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث ''السنن'' داراحیاء التراث العربی بیروت لبنان	2368
قزوینی امام محمد بن یزید ابن ماجہ ''السنن'' تحقیق: بشار عواد معروف دارالجیل بیروت 1998ء	1681
نسائی امام احمد بن شعیب ''السنن الکبریٰ'' تحقیق: سلیمان بنداری سید کسروی دارالکتب العلمیہ 1991ء	3138
طحاوی امام ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ ''شرح معانی الآثار'' تحقیق: محمد جادالحق مطبعۃ الانوار المحمدیہ مصر	99/2
تمیمی امام ابوحاتم محمد بن حبان ''صحیح ابن حبان'' دارالفکر بیروت طبع اوّل 1996ء	3533
الفارسی امام امیر ابن بلبان ''الاحسان فی تقریب صحیح ابن حبان'' موسسۃ الرسالہ بیروت طبع اوّل 1988ء	3533
طبرانی امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب ''المعجم الکبیر'' تحقیق: احمدی عبدالمجید سلفی مطبعۃ الزہراء الحدیثۃ موصل عراق (طبع ثانی)	7124
نیشاپوری امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم ''المستدرک'' مکتبۃ المطبوعات الاسلامیہ حلب طبع بیروت	428/1
بیہقی امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی ''السنن الکبریٰ'' دائرۃ المعارف النظامیہ حیدرآباد دکن ہندوستان 1344ھ	265/4

حدیث نمبر **655**

طیالسی امام ابوداؤد سلیمان بن داؤد ''المسند'' دارالمعرفۃ بیروت لبنان	2700
صنعانی امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام ''المصنف'' تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی دارالقلم بیروت 1970ء	7451
کوفی امام ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ ''المصنف'' المطبعۃ العزیزیہ حیدرآباد دکن ہندوستان 1386ھ	9312
شیبانی امام احمد بن محمد بن حنبل ''المسند'' المطبعۃ المیمنیہ مصر	215/1
بجستانی امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث ''السنن'' داراحیاء التراث العربی بیروت لبنان	2373
قزوینی امام محمد بن یزید ابن ماجہ ''السنن'' تحقیق: بشار عواد معروف دارالجیل بیروت 1998ء	1682
ترمذی امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ''الجامع الکبیر'' تحقیق: ڈاکٹر بشار عواد معروف دارالغرب الاسلامی بیروت 1998ء	777
نسائی امام احمد بن شعیب ''السنن الکبریٰ'' تحقیق: سلیمان بنداری سید کسروی دارالکتب العلمیہ 1991ء	3224
موصلی امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ ''المسند'' تحقیق: حسین سلیم اسد دارالمامون للتراث طبع اوّل 1987ء	2360
طحاوی امام ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ ''شرح معانی الآثار'' تحقیق: محمد جادالحق مطبعۃ الانوار المحمدیہ مصر	100/2
تمیمی امام ابوحاتم محمد بن حبان ''صحیح ابن حبان'' دارالفکر بیروت طبع اوّل 1996ء	3953
الفارسی امام امیر ابن بلبان ''الاحسان فی تقریب صحیح ابن حبان'' موسسۃ الرسالہ بیروت طبع اوّل 1988ء	3950
طبرانی امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب ''المعجم الکبیر'' تحقیق: احمدی عبدالمجید سلفی مطبعۃ الزہراء الحدیثۃ موصل عراق (طبع ثانی)	11859

✦✦ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حالت احرام میں روزے کی حالت میں پچھنے لگوائے تھے۔

656 - اَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، اَنَّهُ كَانَ يَحْتَجِمُ وَهُوَ صَائِمٌ ثُمَّ تَرَكَ ذٰلِكَ .

✦✦ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کے بارے میں منقول ہے: وہ روزے کی حالت میں پچھنے لگوا لیتے تھے بعد میں انہوں نے اسے ترک کر دیا۔

اخرج الحديثين من الجزء الثاني من اختلاف الحديث ' والثالث من كتاب الصيام .

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے پہلی دو روایات اختلاف الحدیث کے دوسرے جزء میں نقل کی ہیں جبکہ تیسری روایت کتاب الصیام میں نقل کی ہے۔

باب قضاء الصوم

باب 17: روزے کی قضاء کرنا

657 - اَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ، عَنْ اَخِيهِ خَالِدِ بْنِ اَسْلَمَ، اَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ اَفْطَرَ فِيْ رَمَضَانَ فِيْ يَوْمٍ ذِيْ غَيْمٍ وَرَاٰى اَنَّهُ قَدْ اَمْسٰى وَغَابَتِ الشَّمْسُ فَجَاءَهُ رَجُلٌ فَقَالَ يَا اَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ قَدْ طَلَعَتِ الشَّمْسُ فَقَالَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ الْخَطْبُ يَسِيْرٌ

✦✦ خالد بن اسلم بیان کرتے ہیں' حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے ایک مرتبہ بادلوں والے دن میں رمضان کے مہینے میں

حدیث نمبر **656**:

اصبحی' ابوعبداللہ مالک بن انس' "الموطا" بروایۃ امام محمد بن حسن شیبانی (موطا امام محمد) تحقیق: عبدالوہاب عبداللطیف' المکتبۃ العلمیہ	355
اصبحی' ابوعبداللہ مالک بن انس' "الموطا" بروایۃ یحییٰ بن یحییٰ اندلسی' تحقیق: بشار عواد معروف' دارالغرب الاسلامی' بیروت' لبنان (طبع اول) 1996ء	818
صنعانی' امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام' "المصنف" تحقیق: عبدالرحمن اعظمی' دارالقلم' بیروت' 1970ء	7531
کوفی' امام ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ' "المصنف" المطبعۃ العزیزیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' 1386ھ	9936
بیہقی' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی' "السنن الکبریٰ" دائرۃ المعارف النظامیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' 1344ھ	268/4
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام" دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان	97/2
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام" تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اول' 2001ء	239/3

حدیث نمبر **657**:

صنعانی' امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام' "المصنف" تحقیق: عبدالرحمن اعظمی' دارالقلم' بیروت' 1970ء	7392
کوفی' امام ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ' "المصنف" المطبعۃ العزیزیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' 1386ھ	9058
بیہقی' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی' "السنن الکبریٰ" دائرۃ المعارف النظامیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' 1344ھ	217/4
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام" دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان	96/2
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام" تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اول' 2001ء	237/3

افطاری کر لی انہوں نے سمجھا کہ شام ہو چکی ہے اور سورج غروب ہو چکا ہے۔ پھر ایک شخص ان کے پاس آیا اور بولا: اے امیر المؤمنین! سورج تو ابھی نکلا ہوا ہے تو حضرت عمر نے فرمایا: معاملہ آسان ہے (یعنی زیادہ پریشانی کی بات نہیں ہے)۔

658 - اَخْبَرَنَا الرَّبِيْعُ، قَالَ : قَالَ الشَّافِعِيُّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ : وَمَنْ تَقَيَّأَ وَهُوَ صَائِمٌ وَجَبَ عَلَيْهِ الْقَضَاءُ وَمَنْ ذَرَعَهُ الْقَيْءُ فَلَا قَضَاءَ عَلَيْهِ ۔

✧✧ امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: جو شخص روزے کی حالت میں جان بوجھ کر قے کر دے اس پر قضا کرنا لازم ہوگی اور جس شخص کو خود بخود قے آ جائے اس پر کوئی قضا لازم نہیں ہوگی۔

659 - وَبِهٰذَا اَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا ۔

✧✧ امام مالک رحمۃ اللہ علیہ نے نافع کے حوالے سے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کے حوالے سے یہ بات ہمیں بتائی۔

حدیث نمبر **659**:

حوالہ	نمبر
اصبحی ابوعبداللہ مالک بن انس ''المؤطا'' بروایۃ یحییٰ بن یحییٰ اندلسی تحقیق: بشار عواد معروف دار الغرب الاسلامی بیروت لبنان (طبع اوّل) **1996**ء	**840**
صنعانی امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام ''المصنف'' تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی دار القلم بیروت **1970**ء	**7551**
کوفی امام ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ ''المصنف'' المطبعۃ العزیزیہ حیدرآباد دکن ہندوستان **1386**ھ	**9188**
بیہقی امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی ''السنن الکبریٰ'' دائرۃ المعارف النظامیہ حیدرآباد دکن ہندوستان **1344**ھ	**219/4**
شافعی امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس ''الام'' دار المعرفۃ بیروت لبنان	**97/2**
شافعی امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس ''الام'' تحقیق: رفعت فوزی دار الوفاء طبع اوّل **2001**ء	**242/3**

حدیث نمبر **660**:

حوالہ	نمبر
اصبحی ابوعبداللہ مالک بن انس ''المؤطا'' بروایۃ یحییٰ بن یحییٰ اندلسی تحقیق: بشار عواد معروف دار الغرب الاسلامی بیروت لبنان (طبع اوّل) **1996**ء	**857**
صنعانی امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام ''المصنف'' تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی دار القلم بیروت **1970**ء	**509**
طیالسی امام ابوداؤد سلیمان بن داؤد ''المسند'' دار المعرفۃ بیروت لبنان	**676**
کوفی امام ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ ''المصنف'' المطبعۃ العزیزیہ حیدرآباد دکن ہندوستان **1386**ھ	**9725**
شیبانی امام احمد بن محمد بن حنبل ''المسند'' المطبعۃ المیمنیہ مصر	**124/6**
بخاری امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل ''الجامع الصحیح'' (رقم الحدیث من فتح الباری)	**1950**
نیشاپوری امام مسلم بن حجاج ''الجامع الصحیح'' تحقیق وترقیم: فؤاد عبدالباقی دار الحدیث قاہرہ مصر	**1146**
سجستانی امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث ''السنن'' دار احیاء التراث العربی بیروت لبنان	**2399**
قزوینی امام محمد بن یزید ابن ماجہ ''السنن'' تحقیق: بشار عواد معروف دار الجیل بیروت **1998**ء	**1669**
ترمذی امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ''الجامع الکبیر'' تحقیق: ڈاکٹر بشار عواد معروف دار الغرب الاسلامی بیروت **1996**ء	**3783**
نسائی امام احمد بن شعیب ''المجتبیٰ من السنن'' دار الحدیث قاہرہ مصر **1407**ھ-**1987**ء	**150/4**
نیشاپوری امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ ''الصحیح'' شرکۃ الطباعۃ العربیۃ ریاض الطبعۃ الثانیہ **1981**ء	**2046**
تمیمی امام ابوحاتم محمد بن حبان ''صحیح ابن حبان'' دار الفکر بیروت طبع اوّل **1996**ء	**3515**
الفارسی امام امیر ابن بلبان ''الاحسان فی تقریب صحیح ابن حبان'' موسسۃ الرسالہ بیروت طبع اوّل **1988**ء	**3516**
بیہقی امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی ''السنن الکبریٰ'' دائرۃ المعارف النظامیہ حیدرآباد دکن ہندوستان **1344**ھ	**252/4**

660 - أَخْبَرَنَا مَالِكٌ ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ ، عَنْ أَبِي سَلْمَةَ أَنَّهُ سَمِعَ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا تَقُوْلُ : إِنْ كَانَ لَيَكُوْنُ عَلَيَّ الصَّوْمُ مِنْ رَمَضَانَ فَمَا اسْتَطِيْعُ أَنْ أَصُوْمَهُ حَتّٰى يَأْتِيَ شَعْبَانُ .

✧✧ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں مجھ پر رمضان کے روزے فرض ہوتے تھے (جو قضاء ہوتے تھے) تو میں انہیں اس وقت تک نہیں رکھتی تھی' جب تک اگلا شعبان نہیں آجاتا تھا۔

اخرج الحديثين والثالث سندًا بلا متن من كتاب الصيام ' والرابع من الجزء الثاني من اختلاف الحديث .

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے پہلی تین روایات کتاب الصیام میں نقل کی ہیں جبکہ چوتھی روایت اختلاف الحدیث کے دوسرے جزء میں نقل کی ہے۔

كِتَابُ الزَّكٰوةِ

زکوٰۃ کا بیان

باب ما فرض من صدقة وعقول فانما نزل به الوحي

باب 1: زکوٰۃ اور دیت میں سے جو چیز فرض ہے اس کے بارے میں وحی نازل ہوئی ہے

661 - اَخْبَرَنَا الشَّافِعِيُّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ ، قَالَ : اَخْبَرَنِيْ مُسْلِمٌ ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ قَالَ : قَالَ لِي ابْنُ طَاوُسٍ : عِنْدَ اَبِيْ كِتَابٌ مِّنَ الْعُقُوْلِ نَزَلَ بِهِ الْوَحْيِ ، وَمَا فَرَضَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الْعُقُوْلِ وَالصَّدَقَةِ فَإِنَّمَا نَزَلَ بِهِ الْوَحْيُ .

✧✧ ابن جریج بیان کرتے ہیں' طاؤس کے صاحبزادے نے مجھے یہ بات بتائی ہے' ان کے والد کے پاس ایک کتاب تھی جو دیات کے بارے میں تھی جس کے بارے میں وحی نازل ہوئی تھی اور نبی اکرم ﷺ نے جو دیات اور صدقات لازم کئے تھے وہ وحی کے نتیجے میں لازم کئے تھے۔

662 - اَخْبَرَنَا مُسْلِمُ بْنُ خَالِدٍ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنِ ابْنِ طَاوُسٍ عَنْ اَبِيْهِ اِنَّ عِنْدَهُ كِتَابًا مِّنَ الْعُقُوْلِ نَزَلَ بِهِ الْوَحْيُ وَمَا فَرَضَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ صَدَقَةٍ وَعُقُوْلٍ فَإِنَّمَا نَزَلَ بِهِ الْوَحْيُ وَقِيْلَ لَمْ يَسُنَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَيْئًا قَطُّ اِلَّا بِوَحْيٍ مِّنَ اللّٰهِ فَمِنَ الْوَحْيِ مَا يُتْلٰى وَمِنْهُ مَا يَكُوْنُ وَحْيًا اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَيَسْتَنُّ بِهٖ

✧✧ ابن جریج بیان کرتے ہیں' طاؤس کے صاحبزادے نے اپنے والد کے بارے میں یہ بات بتائی' ان کے پاس ایک کتاب موجود تھی جس میں دیت کے احکامات موجود تھے جس کے بارے میں وحی نازل ہوئی تھی' نبی اکرم ﷺ نے جو صدقات اور دیات۔ لازم کی تھیں اس کے بارے میں وحی نازل ہوئی تھی۔

یہ بھی کہا جاتا ہے: نبی اکرم ﷺ نے کسی بھی چیز کو لازم اسی وقت قرار دیا جب (اس کے بارے میں) اللہ تعالیٰ کی طرف سے وحی نازل ہوگئی۔ وحی کی ایک قسم وہ ہے جو تلاوت کی جاتی ہے اور ایک قسم وہ ہے جسے نبی اکرم ﷺ کی طرف وحی کیا جاتا ہے اور بعد میں اس پر عمل اختیار کرلیا جاتا ہے۔

اخرج الاوّل من كتاب الزكٰوة ، والثاني من كتاب ابطال الاستحسان .

امام شافعی ﷫ نے پہلی روایت کتاب زکوٰۃ میں نقل کی ہے' جبکہ دوسری روایت احسان کے ابطال میں نقل کی ہے۔

باب زکوۃ الفطر

باب 2: صدقہ فطر کا بیان

663 - اَخْبَرَنَا مَالِكٌ ، عَنْ نَافِعٍ ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَرَضَ زَكَاةَ الْفِطْرِ عَلَى النَّاسِ صَاعًا مِنْ تَمْرٍ ، اَوْ صَاعًا مِنْ شَعِيْرٍ عَلَى كُلِّ حُرٍّ وَعَبْدٍ ، ذَكَرٍ وَاُنْثَى مِنَ

حدیث نمبر **663**:

اصبحی ابوعبداللہ مالک بن انس "المؤطا" بروایۃ یحییٰ بن یحییٰ اندلسی تحقیق: بشار عواد معروف دارالغرب الاسلامی بیروت لبنان (طبع اول) **1996**ء — 7/3

نیشاپوری امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ "الصحیح" شرکۃ الطباعۃ العربیہ ریاض الطبعۃ الثانیہ **1981**ء — 2399

بیہقی امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی "السنن الکبریٰ" دائرۃ المعارف النظامیہ حیدرآباد دکن ہندوستان **1344**ھ — 161/

صنعانی امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام "المصنف" تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی دارالقلم بیروت **1970**ء — 5762

حمیدی امام ابوبکر عبداللہ بن زبیر "المسند" عالم الکتب بیروت مکتبۃ المتنبی قاہرہ مصر — 701

کوفی امام ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ "المصنف" المطبعۃ العزیزیہ حیدرآباد دکن ہندوستان **1386**ھ — 10354

شیبانی امام احمد بن محمد بن حنبل "المسند" المطبعۃ المیمنیہ مصر — 5/2

الکسی امام ابومحمد عبد بن حمید بن نصر "مسند" تحقیق: صبحی سامرائی محمود خلیل عالم الکتب **1988**ء — 743

دارمی امام ابومحمد عبداللہ بن عبدالرحمٰن "السنن" تحقیق: عبداللہ ہاشم یمانی دارالمحاسن قاہرہ **1966**ء — 1668

بخاری امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل "الجامع الصحیح" (رقم الحدیث من فتح الباری) — 1503

قزوینی امام محمد بن یزید ابن ماجہ "السنن" تحقیق: بشار عواد معروف دارالجیل بیروت **1998**ء — 1825

ترمذی امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ "الجامع الکبیر" تحقیق: ڈاکٹر بشار عواد معروف دارالغرب الاسلامی بیروت **1996**ء — 675

نسائی امام احمد بن شعیب "المجتبیٰ من السنن" دارالحدیث قاہرہ مصر **1407**ھ-**1987**ء — 46/5

نسائی امام احمد بن شعیب "السنن الکبریٰ" تحقیق: سلیمان بنداری سید کسروی دارالکتب العلمیہ **1991**ء — 2275

نیشاپوری امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ "الصحیح" شرکۃ الطباعۃ العربیہ ریاض الطبعۃ الثانیہ **1981**ء — 2392

اسفرائینی امام ابوعوانہ یعقوب بن اسحاق "المسند" مجلس دائرۃ المعارف العثمانیہ حیدرآباد دکن ہندوستان **1966**ء — 11168

طحاوی امام ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ "شرح مشکل الآثار" تحقیق: شعیب ارناؤوط موسسۃ الرسالہ بیروت لبنان **1987**ء — 3428

طحاوی امام ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ "شرح معانی الآثار" تحقیق: محمد جاد الحق مطبعۃ الانوار المحمدیہ مصر — 44/2

تمیمی امام ابوحاتم محمد بن حبان "صحیح ابن حبان" دارالفکر بیروت طبع اول **1996**ء — 3296

الفارسی امام امیر ابن بلبان "الاحسان فی تقریب صحیح ابن حبان" موسسۃ الرسالہ بیروت طبع اول **1988**ء — 3300

دارقطنی امام علی بن عمر "السنن" مکتبۃ المتنبی قاہرہ مصر — 139/2

نیشاپوری امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم "المستدرک" مکتبۃ المطبوعات الاسلامیہ حلب طبع بیروت — 409/1

بیہقی امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی "السنن الکبریٰ" دائرۃ المعارف النظامیہ حیدرآباد دکن ہندوستان **1344**ھ — 159/4

شافعی امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس "الام" دارالمعرفۃ بیروت لبنان — 62/2

شافعی امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس "الام" تحقیق: رفعت فوزی دارالوفاء طبع اول **2001**ء — 170/3

الْمُسْلِمِيْنَ

✦✦ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے تمام لوگوں پر کھجور کا ایک ''صاع'' ''جو'' کا ایک ''صاع'' صدقہ فطر کے طور پر لازم قرار دیا ہے۔ یہ ہر آزاد' غلام مذکر' مونث پر لازم ہے۔

664 - اَخْبَرَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ اَبِيْهِ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَرَضَ زَكَاةَ الْفِطْرِ عَلَى الْحُرِّ وَالْعَبْدِ وَالذَّكَرِ وَالْاُنْثٰى مِمَّنْ تَمُوْنُوْنَ .

✦✦ امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ اپنے والد (امام محمد باقر رضی اللہ عنہ) کا یہ بیان نقل کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہر آزاد' غلام' مذکر' مونث پر صدقہ فطر کی ادائیگی لازم قرار دی ہے۔ جو تمہارے زیر کفالت ہیں۔

665 - اَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ، عَنْ عِيَاضِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَعْدٍ، اَنَّهُ سَمِعَ اَبَا سَعِيْدِ الْخُدْرِيَّ يَقُوْلُ كُنَّا نُخْرِجُ زَكَاةَ الْفِطْرِ صَاعًا مِّنْ طَعَامٍ اَوْ صَاعًا مِّنْ شَعِيْرٍ اَوْ صَاعًا مِّنْ تَمْرٍ اَوْ صَاعًا مِّنْ زَبِيْبٍ .

✦✦ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' ہم اناج کا ایک صاع ''جو'' کا ایک صاع کھجور کا ایک صاع کشمش کا ایک صاع صدقہ فطر کے طور پر ادا کیا کرتے تھے۔

799 - اَخْبَـرَنَا مُسْلِمٌ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ جَابِرٍ، وَهُوَ يُحَدِّثُ عَنْ حَجَّةِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ : خَرَجْنَا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى اِذَا كُنَّا بِالْبَيْدَاءِ فَنَظَرْتُ مَدَّ بَصَرِي مِنْ بَيْنِ رَاكِبٍ وَّرَاجِلٍ بَيْنَ يَدَيْهِ وَعَنْ يَّمِيْنِهٖ وَعَنْ شِمَالِهٖ وَمِنْ وَرَائِهٖ، كُلُّهُمْ يُرِيْدُ اَنْ يَّاْتَمَّ بِهٖ، يَلْتَمِسُ اَنْ يَّقُوْلَ كَمَا يَقُوْلُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، لَا يَنْوِي اِلَّا الْحَجَّ وَلَا يُعْرَفُ الْعُمْرَةَ، فَلَمَّا طُفْنَا فَكُنَّا عِنْدَ الْمَرْوَةِ، قَالَ : اَيُّهَا النَّاسُ، مَنْ لَمْ يَكُنْ مَّعَهٗ هَدْيٌ فَلْيَحْلِلْ وَلْيَجْعَلْهَا عُمْرَةً، وَلَوِ اسْتَقْبَلْتُ مِنْ اَمْرِي مَا اسْتَدْبَرْتُ مَا اَهْدَيْتُ، فَحَلَّ مَنْ لَمْ يَكُنْ مَّعَهٗ هَدْيٌ .

بقیہ حاشیہ حدیث نمبر **798**:

سجستانی' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث' ''السنن''، دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان 1787

نسائی' امام احمد بن شعیب' ''المجتبیٰ من السنن'' دار الحدیث' قاہرہ' مصر 1407ھ-1987ء 157/5

نیشاپوری' امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ ''الصحیح'' شرکۃ الطباعۃ العربیۃ' ریاض' الطبعۃ الثانیۃ 1981ء 867

اسفرائینی' امام ابوعوانہ یعقوب بن اسحاق ''المسند'' مجلس دائرۃ المعارف العثمانیۃ' حیدر آباد دکن' ہندوستان' 1966ء 448/3

طحاوی' امام ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ ''شرح معانی الآثار'' تحقیق: محمد جاد الحق' مطبعۃ الانوار المحمدیۃ مصر 102/2

الفارسی' امام امیر ابن بلبان'' الاحسان فی تقریب صحیح ابن حبان'' موسسۃ الرسالۃ' بیروت' طبع اوّل 1988ء 3791

تمیمی' امام ابوحاتم محمد بن حبان' ''صحیح ابن حبان''، دار الفکر' بیروت' طبع اوّل' 1996ء 3794

بیہقی' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی' ''السنن الکبریٰ'' دائرۃ المعارف النظامیہ' حیدر آباد دکن' ہندوستان' 1344ھ 337/4

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس'' الام'' دار المعرفۃ' بیروت' لبنان 128/2

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس'' الام'' تحقیق: رفعت فوزی' دار الوفاء' طبع اوّل' 2001ء 312/3

✦✦ حضرت جعفر صادق رضی اللہ عنہ اپنے والد (امام محمد باقر رضی اللہ عنہ) کے حوالے سے حضرت جابر رضی اللہ عنہ کا یہ بیان نقل کرتے ہیں' جنہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حج کا واقعہ بیان کیا ہے وہ فرماتے ہیں: ہم لوگ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ روانہ ہوئے' یہاں تک جب ہم "بیداء" کے مقام پر پہنچے تو میں نے حد نگاہ تک دیکھا سوار اور پیدل لوگ تھے جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے آگے' دائیں' بائیں اور پیچھے تھے' ان میں سے ہر ایک آپ کی پیروی کرنا چاہتا تھا' وہ یہ چاہتا تھا کہ وہ اسی طرح الفاظ استعمال کرے جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پڑھتے تھے۔ ہر ایک کا ارادہ صرف حج کا تھا' ہمیں اس کے علاوہ کسی کا خیال بھی نہیں تھا' ہمیں عمرے کا اندازہ بھی نہیں تھا۔ جب ہم نے طواف کر لیا اور ہم مروہ کے پاس تھے تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا' اے لوگو! جس کے ساتھ قربانی کا جانور نہ ہو وہ احرام کھول دے اور وہ صرف عمرہ کرے۔ مجھے بعد میں جس چیز کا خیال آیا اگر وہ پہلے آجاتا تو میں قربانی کا جانور ساتھ نہ لاتا (راوی کہتے ہیں) جس شخص کے ساتھ بھی قربانی کا جانور نہیں تھا اس نے احرام کھول لیا۔

800 - اَخْبَرَنَا مُسْلِمُ بْنُ خَالِدٍ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ مَنْصُوْرِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ صَفِيَّةَ بِنْتِ شَيْبَةَ، عَنْ اَسْمَاءَ بِنْتِ اَبِىْ بَكْرٍ، رَضِىَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُمْ، قَالَتْ : خَرَجْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : مَنْ كَانَ مَعَهُ هَدْىٌ فَلْيَقُمْ عَلٰى اِحْرَامِهٖ، وَمَنْ لَّمْ يَكُنْ مَعَهُ هَدْىٌ فَلْيَحْلِلْ، وَلَمْ يَكُنْ مَّعِى هَدْىٌ فَحَلَلْتُ، وَكَانَ مَعَ الزُّبَيْرِ هَدْىٌ فَلَمْ يَحْلِلْ

حدیث نمبر **799**:

شیبانی' امام احمد بن محمد بن حنبل' "المسند" المطبعۃ المیمنیہ' مصر **320/3**
الکسی' امام ابومحمد عبد بن حمید بن نصر' "مسند" تحقیق: صبحی سامرائی' محمود خلیل' عالم الکتب' **1988**ء **1135**
دارمی' امام ابومحمد عبداللہ بن عبدالرحمن' "السنن" تحقیق: عبداللہ ہاشم یمانی' دار المحاسن' قاہرہ' **1966**ء **1857**
نیشاپوری' امام مسلم بن حجاج' "الجامع الصحیح" تحقیق و ترقیم: فؤاد عبدالباقی' دار الحدیث' قاہرہ' مصر **1218**
سجستانی' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث' "السنن" دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **1905**
نیشاپوری' امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ "الصحیح" شرکۃ الطباعۃ العربیہ' ریاض' الطبعۃ الثانیہ **1981**ء **2534**
تمیمی' امام ابوحاتم محمد بن حبان' "صحیح ابن حبان" دار الفکر' بیروت' طبع اول' **1996**ء **3946**
الفارسی' امام امیر ابن بلبان' "الاحسان فی تقریب صحیح ابن حبان" موسسۃ الرسالہ' بیروت' طبع اول' **1988**ء **3943**
دارمی' امام ابومحمد عبداللہ بن عبدالرحمن' "السنن" تحقیق: عبداللہ ہاشم یمانی' دار المحاسن' قاہرہ' **1966**ء **1847**
ترمذی' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ' "الجامع الکبیر" تحقیق: ڈاکٹر بشار عواد معروف' دار الغرب الاسلامی' بیروت **1998**ء **856**
قزوینی' امام محمد بن یزید ابن ماجہ' "السنن" تحقیق: بشار عواد معروف' دار الجیل' بیروت' **1998**ء **2951**
نسائی' امام احمد بن شعیب' "المجتبیٰ من السنن" دار الحدیث' قاہرہ' مصر **1407**ھ-**1987**ء **228/5**
نسائی' امام احمد بن شعیب' "السنن الکبریٰ" تحقیق: سلیمان بنداری' سید کسروی' دار الکتب العلمیہ' **1991**ء **2948**
نیشاپوری' امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ "الصحیح" شرکۃ الطباعۃ العربیہ' ریاض' الطبعۃ الثانیہ **1981**ء **2788**
بیہقی' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی' "السنن الکبریٰ" دائرۃ المعارف النظامیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' **1344**ھ **3/5**
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام" دار المعرفۃ' بیروت' لبنان **126/2**
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام" تحقیق: رفعت فوزی' دار الوفاء' طبع اول' **2001**ء **313/3**

✧✧ سیّدہ اسماء بنت ابوبکر رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں ہم لوگ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ روانہ ہوئے تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا جس شخص کے ساتھ قربانی کا جانور نہیں ہے وہ احرام کھول دے سیّدہ اسماء رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں میرے پاس بھی قربانی کا جانور نہیں تھا اس لئے میں نے احرام کھول دیا اور جن کے پاس قربانی کا جانور تھا۔ انہوں نے احرام نہیں کھولا۔

801 - اَخْبَرَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ، عَنْ عَمْرَةَ، عَنْ عَآئِشَةَ، رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهَا، قَالَتْ: خَرَجْنَا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِخَمْسٍ بَقِيْنَ مِنْ ذِى الْقَعْدَةِ لَا نَرٰى اِلَّا الْحَجَّ، فَلَمَّا كُنَّا بِسَرِفَ اَوْ قَرِيْبًا مِّنْهَا اَمَرَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ لَّمْ يَكُنْ مَّعَهٗ هَدْىٌ اَنْ يَّجْعَلَهَا عُمْرَةً، فَلَمَّا كُنَّا بِمِنًى اُتِيْتُ بِلَحْمِ بَقَرٍ، فَقُلْتُ: مَا هٰذَا؟ قَالُوْا: ذَبَحَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ نِسَائِهٖ، قَالَ يَحْيٰى: فَحَدَّثْتُ بِهِ الْقَاسِمَ بْنَ مُحَمَّدٍ، فَقَالَ: جَآئَتْكَ وَاللّٰهِ بِالْحَدِيْثِ عَلٰى وَجْهِهٖ.

حدیث نمبر **800**:

شیبانی' امام' احمد بن محمد بن حنبل' "المسند" المطبعۃ المیمنیہ' مصر — 350

نیشاپوری' امام' مسلم بن حجاج' "الجامع الصحیح" تحقیق وترقیم: فؤاد عبدالباقی' دارالحدیث' قاہرہ' مصر — 1236

دارمی' امام' ابومحمد عبداللہ بن عبدالرحمٰن' "السنن"' تحقیق: عبداللہ ہاشم یمانی' دارالمحاسن' قاہرہ 1966ء — 246/5

قزوینی' امام' محمد بن یزید ابن ماجہ' "السنن"' تحقیق: بشار عواد معروف' دارالجیل' بیروت 1998ء — 2903

طحاوی' امام' ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ' "شرح مشکل الآثار"' تحقیق: شعیب ارناؤوط' موسسۃ الرسالہ' بیروت' لبنان 1987ء — 2430

شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام"' دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان — 126/2

شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام"' تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اوّل 2001ء — 123/3

حدیث نمبر **801**:

سجستانی' امام' ابوداؤد سلیمان بن اشعث' "السنن"' داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان — 1107

حمیدی' امام' ابوبکر عبداللہ بن زبیر' "المسند"' عالم الکتب' بیروت' مکتبۃ المتنبی' قاہرہ' مصر — 207

شیبانی' امام' احمد بن محمد بن حنبل' "المسند" المطبعۃ المیمنیہ' مصر — 94/6

بخاری' امام' ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل' "الجامع الصحیح" (رقم الحدیث من فتح الباری) — 1709

نیشاپوری' امام' مسلم بن حجاج' "الجامع الصحیح" تحقیق وترقیم: فؤاد عبدالباقی' دارالحدیث' قاہرہ' مصر — 211

قزوینی' امام' محمد بن یزید ابن ماجہ' "السنن"' تحقیق: بشار عواد معروف' دارالجیل' بیروت 1998ء — 981

نسائی' امام' احمد بن شعیب' "المجتبیٰ من السنن"' دارالحدیث' قاہرہ' مصر 1407ھ-1987ء — 1/5

نسائی' امام' احمد بن شعیب' "السنن الکبریٰ"' تحقیق: سلیمان بنداری' سید کسروی' دارالکتب العلمیہ 1991ء — 3690

نیشاپوری' امام' ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ' "الصحیح"' شرکۃ الطباعۃ العربیہ' ریاض' الطبعۃ الثانیہ 1981ء — 2904

تمیمی' امام' ابوحاتم محمد بن حبان' "صحیح ابن حبان"' دارالفکر' بیروت' طبع اوّل 1996ء — 3932

الفارسی' امام' امیر ابن بلبان' "الاحسان فی تقریب صحیح ابن حبان"' موسسۃ الرسالہ' بیروت' طبع اوّل 1988ء — 3990

بیہقی' امام' ابوبکر احمد بن حسین بن علی' "السنن الکبریٰ"' دائرۃ المعارف النظامیہ' حیدر آباد دکن' ہندوستان 1344ھ — 5

شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام"' دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان — 7/2

شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام"' تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اوّل 2001ء — 18/3

✦✦ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں جب ذی قعدہ کے پانچ دن باقی رہ گئے اور لوگ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ روانہ ہوئے تو ہمارا ارادہ صرف حج کرنے کا تھا' جب ہم ''سرف'' پہنچے یا اس کے قریب پہنچے تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہدایت کی: جس شخص کے ساتھ قربانی کا جانور نہ ہو وہ اس (حج کے احرام) کو عمرہ میں تبدیل کر لے۔

(سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں) جب ہم لوگ منیٰ میں تھے تو گائے کا گوشت لایا گیا میں نے دریافت کیا: یہ یہ کہاں سے آیا ہے؟ تو (لانے والے نے) بتایا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی ازواج کی طرف سے گائے قربانی کی ہے۔

یحیٰی نامی راوی بیان کرتے ہیں' میں نے اس حدیث کو قاسم بن محمد کو سنایا تو انہوں نے فرمایا: اس خاتون (عمرہ) نے اللہ کی قسم! بالکل درست حدیث بیان کی ہے۔

802 - اَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ يَحْيَى، عَنْ عَمْرَةَ، وَالْقَاسِمِ، بِمِثْلِ حَدِيثِ سُفْيَانَ لَا يُخَالِفُ مَعْنَاهُ .

✦✦ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہے۔

803 - اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ، حَدَّثَنَا ابْنُ طَاوُسٍ، وَإِبْرَاهِيمُ بْنُ مَيْسَرَةَ، وَهِشَامُ بْنُ حُجَيْرٍ، سَمِعُوا طَاوُسًا، يَقُولُ: خَرَجَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الْمَدِينَةِ لَا يُسَمِّي حَجًّا وَلَا عُمْرَةً يَنْتَظِرُ الْقَضَاءَ وَهُوَ بَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ، فَامَرَ اَصْحَابَهُ مَنْ كَانَ مِنْهُمْ اَهَلَّ وَلَمْ يَكُنْ مَعَهُ هَدْيٌ اَنْ يَجْعَلَهَا عُمْرَةً، وَقَالَ: لَوِ اسْتَقْبَلْتُ

حدیث نمبر **802**:

اصبحی' ابوعبداللہ مالک بن انس' ''المؤطا'' بروایت یحییٰ بن یحییٰ اندلسی' تحقیق: بشار عواد معروف' دارالغرب الاسلامی' بیروت' لبنان (طبع اوّل) **1996**ء — **1167**

بخاری' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل' ''الجامع الصحیح'' (رقم الحدیث من فتح الباری) — **1709**

نسائی' امام احمد بن شعیب' ''السنن الکبریٰ'' تحقیق: سلیمان بنداری' سید کسروی' دارالکتب العلمیہ' **1991**ء — **4132**

تمیمی' امام ابوحاتم محمد بن حبان' ''صحیح ابن حبان''' دارالفکر' بیروت' طبع اوّل' **1996**ء — **3932**

الفارسی' امام امیر ابن بلبان' ''الاحسان فی تقریب صحیح ابن حبان'' موسسۃ الرسالہ' بیروت' طبع اوّل' **1988**ء — **3929**

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام'' دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان — **127/2**

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام'' تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اوّل' **2001**ء — **314/3**

حدیث نمبر **803**:

شیبانی' امام احمد بن محمد بن حنبل' ''المسند'' المطبعۃ المیمنیہ' مصر — **175/4**

قزوینی' امام محمد بن یزید ابن ماجہ' ''السنن'' تحقیق: بشار عواد معروف' دارالجیل' بیروت' **1998**ء — **2977**

نسائی' امام احمد بن شعیب' ''السنن الکبریٰ'' تحقیق: سلیمان بنداری' سید کسروی' دارالکتب العلمیہ' **1991**ء — **3788**

طبرانی' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب' ''المعجم الکبیر'' تحقیق: احمدی عبدالمجید سلفی' مطبعۃ الزہراء الحدیثۃ' موصل' عراق (طبع ثانی) — **3585**

دارقطنی' امام علی بن عمر' ''السنن'' مکتبۃ المثنیٰ' قاہرہ' مصر — **283/2**

نیشاپوری' امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم' ''المستدرک'' مکتبۃ المطبوعات الاسلامیہ' حلب' طبع بیروت — **127/3**

بیہقی' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی' ''السنن الکبریٰ'' دائرۃ المعارف النظامیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' **1344**ھ — **352/4**

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام'' دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان — **127/2**

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام'' تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اوّل' **2001**ء — **315/3**

مِنْ اَمْرِی مَا اسْتَدْبَرْتُ لَمَا سُقْتُ الْهَدْیَ، وَلٰكِنْ لَبَّدْتُ رَاْسِیْ وَسُقْتُ هَدْیِیْ، فَلَیْسَ لِیْ مَحِلٌّ دُوْنَ مَحِلِّ هَدْیِیْ، فَقَامَ اِلَیْهِ سُرَاقَةُ بْنُ مَالِكٍ فَقَالَ : یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اقْضِ لَنَا قَضَاءَ قَوْمٍ كَاَنَّمَا وُلِدُوا الْیَوْمَ، اَعُمْرَتُنَا هٰذِهٖ لِعَامِنَا هٰذَا اَمْ لِلْاَبَدِ؟ قَالَ : بَلْ لِلْاَبَدِ، دَخَلَتِ الْعُمْرَةُ فِی الْحَجِّ اِلٰی یَوْمِ الْقِیَامَةِ، قَالَ : وَدَخَلَ عَلِیٌّ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ مِنَ الْیَمَنِ، فَقَالَ لَهُ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ : بِمَ اَهْلَلْتَ؟ فَقَالَ اَحَدُهُمَا عَنْ طَاوُسٍ : لَبَّیْكَ اِهْلَالًا كَاِهْلَالِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ، وَقَالَ الْاٰخَرُ : لَبَّیْكَ حَجَّةً كَحَجَّةِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ

✧✧ طاؤس بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مدینہ منورہ سے روانہ ہوئے آپ نے حج یا عمرہ میں سے کسی ایک کا نام نہیں لیا کہ آپ کیا ادا کرنا چاہتے ہیں' آپ فیصلے کا انتظار کر رہے تھے جب آپ صفا اور مروہ کے درمیان تھے (یعنی عمرہ کے دوران) تو آپ پر حکم نازل ہوا' آپ نے اپنے ساتھیوں کو یہ ہدایت کی کہ ان میں سے جس نے احرام باندھا ہوا اور اس کے ساتھ قربانی کا جانور نہیں ہے تو وہ اس احرام کو عمرے میں تبدیل کر لے۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: مجھے جس چیز کا خیال بعد میں آیا اگر پہلے آ جاتا تو میں قربانی کا جانور ساتھ نہ لاتا لیکن میں نے اپنے بالوں کو جمایا ہوا ہے اور قربانی کا جانور ساتھ لایا ہوں اس لئے میں اس وقت تک احرام نہیں کھول سکتا جب تک میرا قربانی کا جانور ذبح نہیں ہو جاتا۔

حضرت سراقہ بن مالک رضی اللہ عنہ آپ کے سامنے کھڑے ہوئے اور انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! ہمارے سامنے اس طرح حکم دے دیجئے گویا کہ لوگ آج ہی پیدا ہوئے ہیں' کیا یہ عمرے کا حکم ہمارے اس سال کے ساتھ خاص ہے یا ہمیشہ کے لئے ہے؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: نہیں! بلکہ ہمیشہ کیلئے ہے' عمرہ قیامت تک کے لئے حج میں شامل ہو گیا ہے۔

راوی بیان کرتے ہیں' حضرت علی رضی اللہ عنہ یمن سے تشریف لائے تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے دریافت کیا کہ تم نے کسی کے احرام کی نیت کی ہے؟ تو انہوں نے جواب دیا: جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی نیت ہے (اور ایک راوی نے یہ الفاظ نقل کئے ہیں) میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حج کی نیت کر چکا ہوں۔

804 - اَخْبَرَنَا عَبْدُ الْعَزِیْزِ الدَّرَاوَرْدِیُّ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ اَبِیْهِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا، قَالَ : اَقَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ بِالْمَدِیْنَةِ تِسْعَ سِنِیْنَ لَمْ یَحْجُجْ، ثُمَّ اَذَّنَ فِی النَّاسِ بِالْحَجِّ، فَتَدَارَكَ النَّاسُ بِالْمَدِیْنَةِ لِیَخْرُجُوا مَعَهُ، فَخَرَجَ، فَانْطَلَقَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَانْطَلَقْنَا لَا نَعْرِفُ اِلَّا الْحَجَّ، وَلَهُ خَرَجْنَا، وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ بَیْنَ اَظْهُرِنَا یَنْزِلُ عَلَیْهِ الْقُرْاٰنُ وَهُوَ یَعْرِفُ تَاْوِیْلَهُ، وَاِنَّمَا یَفْعَلُ مَا اُمِرَ بِهٖ، فَقَدِمْنَا مَكَّةَ، فَلَمَّا طَافَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ بِالْبَیْتِ وَبِالصَّفَا وَالْمَرْوَةِ قَالَ : مَنْ لَمْ یَكُنْ مَعَهُ هَدْیٌ فَلْیَجْعَلْهَا عُمْرَةً، فَلَوِ اسْتَقْبَلْتُ مِنْ اَمْرِی مَا اسْتَدْبَرْتُ مَا سُقْتُ الْهَدْیَ وَلَجَعَلْتُهَا عُمْرَةً

✧✧ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مدینہ میں نو سال مقیم رہے' آپ نے حج نہیں کیا' پھر آپ نے لوگوں کے درمیان حج کا اعلان کر دیا' لوگ مدینہ منورہ آنا شروع ہوئے تا کہ آپ کے ساتھ جائیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم روانہ

ہوئے' آپ کے ہمراہ ہم بھی روانہ ہوئے۔ ہمارا مقصد صرف حج تھا اور آپ ہی کی وجہ سے ہم نکلے تھے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے درمیان موجود تھے آپ پر قرآن نازل ہو رہا تھا اور آپ کو اس کے مفہوم کا پتہ تھا آپ وہی کرتے تھے جس کا آپ کو حکم دیا جاتا تھا جب آپ مکہ آئے اور عمرے کے لئے بیت اللہ اور صفا و مروہ کا طواف کر لیا تو ارشاد فرمایا' جس شخص کے ساتھ قربانی کا جانور موجود نہ ہو وہ اس احرام کو عمرے میں تبدیل کرے۔ مجھے بعد میں جس چیز کا خیال آیا اگر پہلے آجاتا تو میں قربانی کا جانور ساتھ نہ لاتا اور اسے عمرہ بنالیتا۔

805 - اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ، عَنِ ابْنِ طَاوُسٍ، وَاِبْرَاهِيْمَ بْنِ مَيْسَرَةَ، اَنَّهُمَا سَمِعَا طَاوُسًا، يَقُوْلُ : خَرَجَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يُسَمِّيْ حَجًّا وَّلَا عُمْرَةً يَنْتَظِرُ الْقَضَاءَ، قَالَ : فَنَزَلَ عَلَيْهِ الْقَضَاءُ وَهُوَ يَطُوْفُ بَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ، وَاَمَرَ اَصْحَابَهُ اَنَّ مَنْ كَانَ مِنْهُمْ اَهَلَّ بِالْحَجِّ وَلَمْ يَكُنْ مَّعَهُ هَدْيٌ اَنْ يَّجْعَلَهَا عُمْرَةً، فَقَالَ : لَوِ اسْتَقْبَلْتُ مِنْ اَمْرِي مَا اسْتَدْبَرْتُ لَمَا سُقْتُ الْهَدْيَ، وَلٰكِنِّيْ لَبَّدْتُ رَاْسِيْ، وَسُقْتُ هَدْيِيْ، وَلَيْسَ لِيْ مَحِلٌّ اِلَّا مَحِلُّ هَدْيِيْ، فَقَامَ اِلَيْهِ سُرَاقَةُ بْنُ مَالِكٍ، فَقَالَ : يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اقْضِ لَنَا قَضَاءَ قَوْمٍ كَاَنَّمَا وُلِدُوا الْيَوْمَ، اَعُمْرَتُنَا هٰذِهِ لِعَامِنَا هٰذَا اَمْ لِلْاَبَدِ؟ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : بَلْ لِلْاَبَدِ، دَخَلَتِ الْعُمْرَةُ فِي الْحَجِّ اِلٰى يَوْمِ الْقِيَامَةِ، قَالَ : فَدَخَلَ عَلِيٌّ مِّنَ الْيَمَنِ، فَسَاَلَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَعْنِيْ : بِمَ اَهْلَلْتَ؟ فَقَالَ اَحَدُهُمَا : قُلْتُ : لَبَّيْكَ اِهْلَالًا كَاِهْلَالِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَقَالَ الْاٰخَرُ : لَبَّيْكَ حَجَّةً كَحَجَّةِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ.

✦✦ طاؤس بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم روانہ ہوئے' آپ نے حج یا عمرے میں سے کسی ایک کا نام نہیں لیا' آپ

حدیث نمبر **804**

شیبانی' امام احمد بن محمد بن حنبل' "المسند" المطبعۃ المیمنیہ' مصر **4440**

الکسی' امام ابو محمد عبد بن حمید بن نصر' "مسند" تحقیق صبحی سامرائی' محمود خلیل' عالم الکتب' **1988**۔ **1135**

دارمی' امام ابو محمد عبد اللہ بن عبد الرحمن' "السنن" تحقیق عبد اللہ ہاشم یمانی' دار المحاسن' قاہرہ' **1966**۔ **1857**

موصلی' امام ابو یعلی احمد بن علی بن مثنی' "المسند" تحقیق حسین سلیم اسد' دار المامون للتراث' طبع اول' **1987**۔ **1318**

اصبحی' ابو عبد اللہ مالک بن انس' "الموطا" بروایۃ یحیی بن یحیی اندلسی' تحقیق بشار عواد معروف' دار الغرب الاسلامی' بیروت' لبنان (طبع اول) **1996**۔ **1905**

قزوینی' امام محمد بن یزید ابن ماجہ' "السنن" تحقیق بشار عواد معروف' دار الجیل' بیروت' **1998**۔ **3074**

دارمی' امام ابو محمد عبد اللہ بن عبد الرحمن' "السنن" تحقیق عبد اللہ ہاشم یمانی' دار المحاسن' قاہرہ' **1966**۔ **164/5**

نسائی' امام احمد بن شعیب' "السنن الکبری" تحقیق سلیمان بنداری' سید کسروی' دار الکتب العلمیہ' **1991**۔ **3742**

نیشاپوری' امام ابو بکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ "الصحیح" شرکۃ الطباعۃ العربیۃ' ریاض' الطبعۃ الثانیۃ' **1981**۔ **2534**

طحاوی' امام ابو جعفر احمد بن محمد بن سلامہ' "شرح مشکل الآثار" تحقیق شعیب ارناؤوط' موسسۃ الرسالہ' بیروت' لبنان' **1987**۔ **2434**

تمیمی' امام ابو حاتم محمد بن حبان' "صحیح ابن حبان" دار الفکر' بیروت' طبع اول' **1996**۔ **3947**

الفارسی' امام امیر ابن بلبان' "الاحسان فی تقریب صحیح ابن حبان" موسسۃ الرسالہ' بیروت' طبع اول' **1988**۔ **3944**

بیہقی' امام ابو بکر احمد بن حسین بن علی' "السنن الکبری" دائرۃ المعارف النظامیہ' حیدر آباد دکن' ہندوستان' **1344**ھ **7/5**

صرف فیصلے کا انتظار کر رہے تھے طاؤس بیان کرتے ہیں جب آپ (عمرہ کرتے ہوئے) صفا اور مروہ کے درمیان سعی کر رہے تھے تو اس دوران آپ پر حکم نازل ہو گیا' آپ نے اپنے ساتھیوں کو یہ ہدایت کی کہ ان میں سے جس نے حج کا احرام باندھا ہے اور اس کے ساتھ قربانی کا جانور نہیں ہے تو وہ اس احرام کو عمرے میں تبدیل کرے۔

آپ نے ارشاد فرمایا: مجھے بعد میں جس چیز کا خیال آیا اگر پہلے آجاتا تو میں قربانی کا جانور ساتھ نہ لاتا لیکن میں نے اپنے بال جمائے ہوئے ہیں اور قربانی کا جانور ساتھ لایا ہوں اور میں اس وقت تک احرام نہیں کھول سکتا جب تک میرا جانور ذبح نہیں ہو جاتا۔

حضرت سراقہ بن مالک رضی اللہ عنہ آپ کی خدمت میں کھڑے ہوئے اور عرض کی یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! آپ ہمارے بارے میں اس طرح فیصلہ دیجئے کہ جیسے لوگ آج ہی پیدا ہوئے ہیں کیا ہمارے اس عمرے کا حکم اسی سال کے لئے ہے یا پھر ہمیشہ کے لئے ہے؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: نہیں! بلکہ ہمیشہ کے لئے ہے' عمرہ قیامت تک کے لئے حج میں داخل ہو گیا۔

راوی بیان کرتے ہیں' پھر حضرت علی رضی اللہ عنہ یمن سے تشریف لائے تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے دریافت کیا کہ تم نے کیا نیت کی ہے (تو راویوں میں سے ایک راوی نے یہ الفاظ نقل کئے ہیں انہوں نے جواب دیا:) میں نے اسی احرام کی نیت کی ہے جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کی ہے' اور دوسرے راوی نے یہ الفاظ نقل کئے ہیں: میں نے اس طرح حج کی نیت کی ہے جیسے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کی ہے۔

806 - اَخبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنْ حَفْصَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنهَا، اَنَّهَا قَالَتْ : يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، مَا

حدیث نمبر **806**:

اصبحی' ابوعبداللہ مالک بن انس' "الموطا" بروایۃ یحیٰی بن یحیٰی اندلسی' تحقیق: بشار عواد معروف' دار الغرب الاسلامی' بیروت' لبنان (طبع اول) **1996**ء **1168**
شیبانی' امام احمد بن محمد بن حنبل' "المسند" المطبعۃ المیمنیۃ' مصر **283/6**
بخاری' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل' "الجامع الصحیح" (رقم الحدیث من فتح الباری) **1566**
نیشاپوری' امام مسلم بن حجاج' "الجامع الصحیح" تحقیق و ترقیم: فؤاد عبدالباقی' دار الحدیث' قاہرہ' مصر **229**
اصبحی' ابوعبداللہ مالک بن انس' "الموطا" بروایۃ یحیٰی بن یحیٰی اندلسی' تحقیق: بشار عواد معروف' دار الغرب الاسلامی' بیروت' لبنان (طبع اول) **1996**ء **1666**
قزوینی' امام محمد بن یزید ابن ماجہ' "السنن" تحقیق: بشار عواد معروف' دار الجیل' بیروت **1998**ء **3046**
موصلی' امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ' "المسند" تحقیق: حسین سلیم اسد' دار المامون للتراث' طبع اول **1987**ء **136/5**
نسائی' امام احمد بن شعیب' "السنن الکبریٰ" تحقیق: سلیمان بنداری' سید کسروی' دار الکتب العلمیہ **1991**ء **662**
طحاوی' امام ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ' "شرح مشکل الآثار" تحقیق: شعیب ارناؤوط' موسسۃ الرسالہ' بیروت' لبنان **1987**ء **4310**
طحاوی' امام ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ' "شرح معانی الآثار" تحقیق: محمد جاد الحق' مطبعۃ الانوار المحمدیہ' مصر **144/2**
موصلی' امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ' "المسند" تحقیق: حسین سلیم اسد' دار المامون للتراث' طبع اول **1987**ء **7014**
طبرانی' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب' "المعجم الکبیر" تحقیق: احمدی عبدالمجید سلفی' مطبعۃ الزہراء الحدیثۃ' موصل' عراق (طبع ثانی) **311/23**
بیہقی' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی' "السنن الکبریٰ" دائرۃ المعارف النظامیہ' حیدر آباد دکن' ہندوستان **1344**ھ **12/5**
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام" دار المعرفۃ' بیروت' لبنان **214/7**
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام" تحقیق: رفعت فوزی' دار الوفاء' طبع اول **2001**ء **567/8**

شَأْنُ النَّاسِ حَلُّوا بِعُمْرَةٍ وَلَمْ تَحْلِلْ اَنْتَ مِنْ عُمْرَتِكَ؟ قَالَ: اِنِّیْ لَبَّدْتُ رَاْسِیْ، وَقَلَّدْتُ هَدْیِیْ، فَلا اَحِلُّ حَتّٰی اَنْحَرَ

✦✦ سیّدہ حفصہ بیان کرتی ہیں انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ ﷺ! کیا وجہ ہے کہ لوگ عمرہ کر کے احرام کھول چکے ہیں اور آپ نے عمرہ کرنے کے بعد احرام نہیں کھولا' نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا' میں نے اپنے بالوں کو جمایا ہوا ہے اور قربانی کے جانور کے گلے میں ہاتھ ڈالا ہوا ہے' اس لئے میں اس وقت تک احرام نہیں کھول سکتا جب تک قربانی نہیں کر لیتا۔

اخرج الخمسة الاحاديث من كتاب المناسك ' والٰى اٰخر الثامن من الجزء الثانى من اختلاف الحديث ' والثامن اٰخر حديث فيه .

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے پہلی پانچ روایات کتاب المناسک میں نقل کی ہیں اس کے بعد 8 روایات تک اختلاف الحدیث کے دوسرے جزء میں نقل کی ہیں اور 8ویں روایت اس میں موجود آخری روایت ہے۔

باب التمتع

باب 14: حج تمتع کا بیان

807 - اَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ نَوْفَلٍ، اَنَّهُ سَمِعَ سَعْدَ بْنَ اَبِیْ وَقَّاصٍ وَّالضَّحَّاكَ بْنَ قَيْسٍ عَامَ حَجَّ مُعَاوِيَةَ بْنِ اَبِیْ سُفْيَانَ وَهُمَا يَتَذَاكَرَانِ التَّمَتُّعَ بِالْعُمْرَةِ اِلَى الْحَجِّ، فَقَالَ الضَّحَّاكُ: لَا يَصْنَعُ ذٰلِكَ اِلا مَنْ جَهِلَ اَمْرَ اللّٰهِ، فَقَالَ سَعْدٌ: بِئْسَمَا قُلْتَ يَا ابْنَ اَخِیْ، فَقَالَ الضَّحَّاكُ: فَاِنَّ عُمَرَ قَدْ نَهٰى عَنْ ذٰلِكَ، فَقَالَ سَعْدٌ: قَدْ صَنَعَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَصَنَعْنَاهَا مَعَهُ .

حدیث نمبر 807:

اصحی' ابوعبداللہ مالک بن انس' "الموطا" ' بروایۃ یحییٰ بن یحییٰ اندلسی' تحقیق: بشار عواد معروف' دار الغرب الاسلامی' بیروت' لبنان (طبع اول) 1996ء	978
دارمی' امام ابومحمد عبداللہ بن عبدالرحمٰن' "السنن" ' تحقیق: عبداللہ ہاشم یمانی' دار المحاسن' قاہرہ' 1966ء	1821
ترمذی' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ' "الجامع الکبیر" ' تحقیق: ڈاکٹر بشار عواد معروف' دار الغرب الاسلامی' بیروت 1996ء	823
نسائی' امام احمد بن شعیب' "المجتبیٰ من السنن" ' دار الحدیث' قاہرہ' مصر 1407ھ-1987ء	152/5
نسائی' امام احمد بن شعیب' "السنن الکبریٰ" ' تحقیق: سلیمان بنداری' سید کسروی' دار الکتب العلمیہ' 1991ء	3714
موصلی' امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ' "المسند" ' تحقیق: حسین سلیم اسد' دار المامون للتراث' طبع اول 1987ء	805
اسفرائینی' امام ابوعوانہ یعقوب بن اسحاق' "المسند" ' مجلس دائرۃ المعارف العثمانیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' 1966ء	5117
طحاوی' امام ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ' "شرح معانی الآثار" ' تحقیق: محمد جاد الحق' مطبعۃ الانوار المحمدیہ' مصر	141/2
تمیمی' امام ابوحاتم محمد بن حبان' "صحیح ابن حبان" ' دار الفکر' بیروت' طبع اول 1996ء	3962
الفارسی' امام امیر ابن بلبان' "الاحسان فی تقریب صحیح ابن حبان" ' موسسۃ الرسالہ' بیروت' طبع اول 1988ء	3923
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام" ' دار المعرفۃ' بیروت' لبنان	214/7
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام" ' تحقیق: رفعت فوزی' دار الوفاء' طبع اول 2001ء	586/8

✧✧ محمد بن عبد اللہ بیان کرتے ہیں' میں نے حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ کو اور ضحاک بن قیس کو سنا' یہ اس سال کی بات ہے جب حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ حج کرنے کے لئے تشریف لائے ہوئے تھے یہ دونوں حضرات عمرے کو حج میں شامل کر کے حج تمتع کرنے کے بارے میں بات چیت کر رہے تھے۔ ضحاک نے کہا یہ عمل وہی شخص کر سکتا ہے جو اللہ تعالیٰ کے حکم سے ناواقف ہو' حضرت سعد رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اے میرے بھتیجے! تم نے بہت بری بات کہی ہے۔ ضحاک نے کہا حضرت عمر رضی اللہ عنہ اس سے منع کیا کرتے تھے' حضرت سعد رضی اللہ عنہ نے جواب دیا: نہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایسا کیا ہے اور آپ کے ہمراہ ہم نے بھی ایسا کیا ہے۔

808 - اَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ صَدَقَةَ بْنِ يَسَارٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا اَنَّهُ قَالَ لان اَعْتَمِرَ قَبْلَ الْحَجِّ وَاُهْدِىَ اَحَبُّ اِلَىَّ مِنْ اَنْ اَعْتَمِرَ بَعْدَ الْحَجِّ فِىْ ذِى الْحَجَّةِ .

✧✧ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' میں حج سے پہلے عمرہ کرلوں اور قربانی کا جانور ساتھ لے کر جاؤں گا' یہ میرے نزدیک اس سے زیادہ محبوب کہ میں ذوالحج کے مہینے میں حج کرنے کے بعد عمرہ کروں۔

809 - اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ، عَنْ هِشَامِ بْنِ حُجَيْرَةَ، عَنْ طَاوٗسٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، اَنَّهُ قِيلَ لَهُ كَيْفَ تَاْمُرُ بِالْعُمْرَةِ قَبْلَ الْحَجِّ وَاللّٰهُ يَقُوْلُ : "وَاَتِمُّوا الْحَجَّ وَالْعُمْرَةَ" فَقَالَ : كَيْفَ تَقْرَؤُوْنَ اِنَّ الدَّيْنَ قَبْلَ الْوَصِيَّةِ اَوِ الْوَصِيَّةَ قَبْلَ الدَّيْنِ قَالُوا الْوَصِيَّةُ قَبْلَ الدَّيْنِ قَالَ فَبِاَيِّهِما تَبْدَؤُنَ قَالُوْا بِالدَّيْنِ قَالَ فَهُوَ ذٰلِكَ .

قَالَ الشَّافِعِيُّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ : يَعْنِى اَنَّ التَّقْدِيْمَ جَائِزٌ .

✧✧ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کے بارے میں منقول ہے ان سے دریافت کیا گیا حج سے پہلے عمرہ کرنے کے بارے میں آپ کیسے حکم دیتے ہیں جبکہ اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا ہے۔

''حج اور عمرہ کو اللہ تعالیٰ کے لئے مکمل کرو''۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے دریافت کیا' تم لوگ کس طرح قرأت کرتے ہو (وصیت سے متعلق آیت میں) قرض ادا کرنے کا حکم' وصیت سے پہلے ہے یا وصیت کا حکم' قرض ادا کرنے سے پہلے ہے' لوگوں نے جواب دیا: وصیت کا حکم قرض ادا کرنے سے پہلے ہے' حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے دریافت کیا' تم پہلے کرتے کیا ہو' انہوں نے جواب دیا: قرض ادا کرتے ہیں' تو حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: یہ بھی اسی طرح ہے۔

امام شافعی علیہ الرحمہ فرماتے ہیں: یعنی تقدیم کرنا جائز ہے۔

اخرج الحديثين في كتاب اختلاف مالك والشافعي ' والثالث من كتاب الطعام والشراب وعمارة الارضين مما لم يسمع الربيع من الشافعي .

حدیث نمبر **808**:

طحاوی' امام ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ'' شرح معانی الآثار'' تحقیق: محمد جاد الحق' مطبعۃ الانوار المحمدیہ' مصر	148/2
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس'' الام'' دار المعرفۃ' بیروت' لبنان	214/7
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس'' الام'' تحقیق: رفعت فوزی' دار الوفاء' طبع اول 2001ء	587/8

امام شافعی رحمہ اللہ نے پہلی دو روایات کتاب اختلاف مالک وشافعی میں نقل کی ہیں جبکہ تیسری روایت کتاب طعام والشراب و عمارۃ الارضین میں نقل کی ہے اور یہ وہ روایت ہے جسے امام ربیع رحمہ اللہ نے امام شافعی رحمہ اللہ سے نہیں سنا۔

باب القران

باب 15: حج قران

810 - اَخْبَرَنَا مَالِكٌ ، عَنْ نَافِعٍ: اَنَّ ابْنَ عُمَرَ حَجَّ فِي الْفِتْنَةِ فَاَهَلَّ ثُمَّ نَظَرَ فَقَالَ مَا اَمْرُهُمَا اِلَّا وَاحِدٌ اُشْهِدُكُمْ اَنِّي قَدْ اَوْجَبْتُ الْحَجَّ مَعَ الْعُمْرَةِ .

✦✦ نافع بیان کرتے ہیں' حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے فتنے کے زمانے میں حج کرنے کا ارادہ کیا تو احرام باندھ لیا پھر انہوں نے غور کیا تو فرمایا: میرے خیال میں ان دونوں کی حیثیت ایک ہی ہے' میں تم لوگوں کو گواہ بناتا ہوں کہ میں نے حج کے ساتھ عمرے کو بھی واجب کرلیا ہے۔

اخرجه فی کتاب اختلاف مالك والشافعی .

امام شافعی رحمہ اللہ نے اس روایت کو کتاب اختلاف مالک وشافعی میں نقل کیا ہے۔

باب جامع اهلال حجة الوداع

باب 16: حجۃ الوداع کے احرام کا جامع ہونا

حدیث نمبر 810:

حمیدی' امام ابوبکر عبداللہ بن زبیر'' المسند'' عالم الکتب' بیروت' مکتبۃ المتنبی' قاہرہ' مصر	678
شیبانی' امام احمد بن محمد بن حنبل'' المسند'' المطبعۃ المیمنیہ' مصر	4/2
دارمی' امام ابومحمد عبداللہ بن عبدالرحمٰن'' السنن'' تحقیق: عبداللہ ہاشم یمانی' دارالمحاسن' قاہرہ' 1966ء	1900
بخاری' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل'' الجامع الصحیح'' (رقم الحدیث من فتح الباری)	1639
نیشاپوری' امام مسلم بن حجاج'' الجامع الصحیح'' تحقیق وترقیم: فؤاد عبدالباقی' دارالحدیث' قاہرہ' مصر	1230
اصبحی' ابوعبداللہ مالک بن انس'' الموطا'' بروایہ یحییٰ بن یحییٰ اندلسی' تحقیق: بشار عواد معروف' دارالغرب الاسلامی' بیروت' لبنان (طبع اول) 1996ء	225/5
نسائی' امام احمد بن شعیب'' السنن الکبریٰ'' تحقیق: سلیمان بنداری' سید کسروی' دارالکتب العلمیہ' 1991ء	3842
نیشاپوری' امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ'' الصحیح'' شرکۃ الطباعۃ العربیہ' ریاض' الطبعۃ الثانیہ' 1981ء	2743
طحاوی' امام ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ'' شرح معانی الآثار'' تحقیق: محمد جادالحق' مطبعۃ الانوار المحمدیہ' مصر	197/2
تمیمی' امام ابوحاتم محمد بن حبان'' صحیح ابن حبان'' دارالفکر' بیروت' طبع اول' 1996ء	42001
دارقطنی' امام علی بن عمر'' السنن'' مکتبۃ المتنبی' قاہرہ' مصر	257/2
بیہقی' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی'' السنن الکبریٰ'' دائرۃ المعارف النظامیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' 1344ھ	215/2
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس'' الام'' دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان	254/7
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس'' الام'' تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اول' 2001ء	724/8

811 - اَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَآئِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا، اَنَّهَا قَالَتْ : خَرَجْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَامَ حَجَّةِ الْوَدَاعِ فَمِنَّا مَنْ اَهَلَّ بِحَجٍّ، وَمِنَّا مَنْ اَهَلَّ بِعُمْرَةٍ، وَمِنَّا مَنْ جَمَعَ الْحَجَّ وَالْعُمْرَةَ، وَكُنْتُ مِمَّنْ اَهَلَّ بِعُمْرَةٍ .

✧✧ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' حجۃ الوداع کے موقع پر ہم لوگ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ روانہ ہوئے' ہم میں سے بعض لوگوں نے حج کا احرام باندھا تھا اور ہم میں سے بعض نے عمرے کا احرام باندھا تھا اور ہم میں سے بعض نے عمرے اور حج کو جمع کر دیا تھا۔ میں ان میں سے تھی جس نے عمرے کا احرام باندھا تھا۔

اخرجه في كتاب اختلاف مالك والشافعي .

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے اس روایت کو کتاب اختلاف مالک وشافعی میں نقل کیا ہے۔

باب الاشتراط في النية

باب 17: نیت میں شرط عائد کرنا

812 - اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيْهِ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَرَّ بِضُبَاعَةَ بِنْتِ الزُّبَيْرِ، فَقَالَ : اَمَا تُرِيْدِيْنَ الْحَجَّ؟ فَقَالَتْ : اِنِّيْ شَاكِيَةٌ، فَقَالَ لَهَا : حُجِّيْ وَاشْتَرِطِيْ اَنَّ مَحِلِّيْ

حدیث نمبر **811**:

اصبحی' ابوعبداللہ مالک بن انس' "الموطا" بروایۃ امام محمد بن حسن شیبانی (موطا امام محمد) تحقیق: عبدالوہاب عبداللطیف' المکتبۃ العلمیہ **506**

اصبحی' ابوعبداللہ مالک بن انس' "الموطا" بروایۃ یحییٰ بن یحییٰ اندلسی' تحقیق: بشار عواد معروف' دارالغرب الاسلامی' بیروت' لبنان (طبع اول) **1996**ء **942**

حمیدی' امام ابوبکر عبداللہ بن زبیر' "المسند" عالم الکتب' بیروت' مکتبۃ المتنبی' قاہرہ' مصر **283**

شیبانی' امام احمد بن محمد بن حنبل' "المسند" المطبعۃ المیمنیہ' مصر **30/6**

بخاری' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل' "الجامع الصحیح" (رقم الحدیث من فتح الباری) **317**

نیشاپوری' امام مسلم بن حجاج' "الجامع الصحیح" تحقیق وترقیم: فؤاد عبدالباقی' دارالحدیث' قاہرہ' مصر **1217**

سجستانی' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث' "السنن"' داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **1776**

قزوینی' امام محمد بن یزید ابن ماجہ' "السنن" تحقیق: بشار عواد معروف' دارالجیل' بیروت' **1998**ء **2999**

نسائی' امام احمد بن شعیب' "المجتبیٰ من السنن" دارالحدیث' قاہرہ' مصر **1407**ھ-**1987**ء **128/1**

نیشاپوری' امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ "الصحیح" شرکۃ الطباعۃ العربیہ' ریاض' الطبعۃ الثانیہ' **1981**ء **2604**

طحاوی' امام ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ' "شرح معانی الآثار" تحقیق: محمد جادالحق' مطبعۃ الانوار المحمدیہ' مصر **148/2**

تمیمی' امام ابوحاتم محمد بن حبان' "صحیح ابن حبان"' دارالفکر' بیروت' طبع اول' **1996**ء **3798**

الفارسی' امام امیر ابن بلبان' "الاحسان فی تقریب صحیح ابن حبان" موسسۃ الرسالہ' بیروت' طبع اول' **1988**ء **3902**

بیہقی' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی' "السنن الکبریٰ" دائرۃ المعارف النظامیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' **1344**ھ **308/4**

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام" دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان **210/7**

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام" تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اول' **2001**ء **507/9**

حَيْثُ حَبَسْتَنِي.

✦✦ ہشام بن عروہ اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں' نبی اکرم ﷺ ضباعہ بنت زبیر کے پاس سے گزرے تو فرمایا: کیا تم حج کا ارادہ رکھتی ہو؟ انہوں نے عرض کی: میں بیمار ہوں' نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تم حج کی نیت کرلو اور یہ شرط رکھو کہ جہاں تم آگے جانے کے قابل نہ رہی تو تم احرام کھول دوگی۔

813 - اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ هِشَامٍ، عَنْ اَبِيهِ قَالَ : قَالَتْ لِي عَائِشَةُ : هَلْ تَسْتَثْنِي اِذَا حَجَجْتَ فَقُلْتُ لَهَا مَاذَا اَقُولُ فَقَالَتْ قُلِ اللّٰهُمَّ الْحَجَّ اَرَدْتُ وَلَهُ عَمَدْتُ فَاِنْ يَسَّرْتَهُ فَهُوَ الْحَجُّ وَاِنْ حَبَسَنِي حَابِسٌ فَهِيَ عُمْرَةٌ

✦✦ ہشام اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: سیدہ عائشہ ﷞ نے مجھ سے دریافت کیا' کیا جب تم نے حج کا ارادہ کیا تو تم نے اس میں کوئی استثناء کرلیا تھا؟ میں نے ان سے کہا میں کیا کہوں؟ انہوں نے فرمایا: تم یہ کہو: اے اللہ! میں نے حج کا ارادہ کیا

حدیث نمبر 812:

شیبانی' امام احمد بن محمد بن حنبل' "المسند" المطبعۃ المیمنیہ' مصر	184
بخاری' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل' "الجامع الصحیح" (رقم الحدیث من فتح الباری)	5089
نیشاپوری' امام مسلم بن حجاج' "الجامع الصحیح" تحقیق و ترقیم: فواد عبدالباقی' دارالحدیث' قاہرہ' مصر	1207
نسائی' امام احمد بن شعیب' "المجتبیٰ من السنن" دارالحدیث' قاہرہ' مصر 1407ھ-1987ء	168/5
نسائی' امام احمد بن شعیب' "السنن الکبریٰ" تحقیق: سلیمان بنداری' سید کسروی' دارالکتب العلمیہ 1991ء	374
نیشاپوری' امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ "الصحیح" شرکۃ الطباعۃ العربیہ' ریاض' الطبعۃ الثانیہ 1981ء	2602
طحاوی' امام ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ "شرح مشکل الآثار" تحقیق: شعیب ارناؤوط' موسسۃ الرسالہ' بیروت' لبنان 1987ء	5827
تمیمی' امام ابوحاتم محمد بن حبان' "صحیح ابن حبان" دارالفکر' بیروت' طبع اوّل 1996ء	3777
الفارسی' امام امیر ابن بلبان' "الاحسان فی تقریب صحیح ابن حبان" موسسۃ الرسالہ' بیروت' طبع اوّل 1988ء	3774
طبرانی' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب' "المعجم الکبیر" تحقیق: احمدی عبدالمجید سلفی' مطبعۃ الزہراء الحدیثہ' موصل' عراق' (طبع ثانی)	833/24
دارقطنی' امام علی بن عمر' "السنن" مکتبۃ المتنبی' قاہرہ' مصر	234/2
بیہقی' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی' "السنن الکبریٰ" دائرۃ المعارف النظامیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان 1344ھ	221/5
کوفی' امام ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ' "المصنف" المطبعۃ العزیزیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان 1386ھ	14727
قزوینی' امام محمد بن یزید ابن ماجہ' "السنن" تحقیق: بشار عواد معروف' دارالجیل' بیروت 1998ء	2937
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام" دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان	158/2
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام" تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اوّل 2001ء	586/8

حدیث نمبر 813:

کوفی' امام ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ' "المصنف" المطبعۃ العزیزیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان 1386ھ	14700
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام" دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان	158/2
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام" تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اوّل 2001ء	586/8

ہے اور اسی کی نیت ہے اگر تو نے اسے آسان کر دیا تو حج کرلوں گا اور اگر کسی وجہ سے میں رُک گیا تو یہ عمرہ ہوگا۔

814 - اَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، اَنَّهُ خَرَجَ اِلٰى مَكَّةَ زَمَنَ الْفِتْنَةِ مُعْتَمِرًا، فَقَالَ : اِنْ صُدِدْتُ عَنِ الْبَيْتِ صَنَعْنَا كَمَا صَنَعْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ،

قَالَ الشَّافِعِيُّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ : يَعْنِيْ اَحْلَلْنَا كَمَا اَحْلَلْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَامَ الْحُدَيْبِيَةِ .

✦✦ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کے بارے میں منقول ہے: وہ فتنے کے زمانے میں عمرہ کرنے کے لئے مکہ کی طرف روانہ ہوئے تو انہوں نے ارشاد فرمایا: اگر مجھے بیت اللہ تک نہ پہنچنے دیا گیا تو ہم اسی طرح کریں گے۔ جیسا کہ ہم نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ اقدس میں کیا تھا۔

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ بیان کرتے ہیں، یعنی ہم اسی طرح احرام کھول دیں گے جیسا کہ ہم نے حدیبیہ کے سال نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ احرام کھول دیا تھا۔

815 - اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيْهِ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَمَرَ ضُبَاعَةَ، فَقَالَ : اَمَا تُرِيْدِيْنَ الْحَجَّ؟ قَالَتْ : اِنِّيْ شَاكِيَةٌ، فَقَالَ : حُجِّيْ وَاشْتَرِطِيْ اِنَّ مَحِلِّيْ حَيْثُ حَبَسْتَنِيْ .

✦✦ ہشام بن عروہ اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سیّدہ ضباعہ کو یہ ہدایت کی تھی اور فرمایا تھا: کیا تم حج کا ارادہ رکھتی ہو؟ تو انہوں نے عرض کی: میں بیمار ہوں، تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم حج کا ارادہ رکھو اور یہ شرط رکھو کہ جہاں تم آگے جانے کے قابل نہیں رہو گی تو تم احرام کھول دو گی۔

حدیث نمبر **814**:

اصبحی، ابوعبداللہ مالک بن انس، "الموطا" بروایۃ یحییٰ بن یحییٰ اندلسی، تحقیق: بشار عواد معروف، دار الغرب الاسلامی، بیروت، لبنان (طبع اوّل) 1996ء،	1042
حمیدی، امام ابوبکر عبداللہ بن زبیر، "المسند"، عالم الکتب، بیروت، مکتبۃ المتنبی، قاہرہ، مصر	678
شیبانی، امام احمد بن محمد بن حنبل، "المسند"، المطبعۃ المیمنیہ، مصر	4/2
دارمی، امام ابومحمد عبداللہ بن عبدالرحمٰن، "السنن"، تحقیق: عبداللہ ہاشم یمانی، دار المحاسن، قاہرہ 1966ء	1900
نیشاپوری، امام مسلم بن حجاج، "الجامع الصحیح"، تحقیق وترقیم: فؤاد عبدالباقی، دار الحدیث، قاہرہ، مصر	1230
نسائی، امام احمد بن شعیب، "المجتبیٰ من السنن"، دار الحدیث، قاہرہ، مصر 1407ھ-1987ء	226/5
نسائی، امام احمد بن شعیب، "السنن الکبریٰ"، تحقیق: سلیمان بنداری، سید کسروی، دار الکتب العلمیہ 1991ء	3727
نیشاپوری، امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ، "الصحیح"، شرکۃ الطباعۃ العربیہ، ریاض، الطبعۃ الثانیہ 1981ء	2743
تمیمی، امام ابوحاتم محمد بن حبان، "صحیح ابن حبان"، دار الفکر، بیروت، طبع اوّل 1996ء	4001
الفارسی، امام امیر ابن بلبان، "الاحسان فی تقریب صحیح ابن حبان"، موسسۃ الرسالہ، بیروت، طبع اوّل 1988ء	3996
بیہقی، امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی، "السنن الکبریٰ"، دائرۃ المعارف النظامیہ، حیدرآباد دکن، ہندوستان 1344ھ	215/5
شافعی، امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس، "الام"، دار المعرفۃ، بیروت، لبنان	161/2
شافعی، امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس، "الام"، تحقیق: رفعت فوزی، دار الوفاء، طبع اوّل 2001ء	404/3

816 - اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيْهِ قَالَ : قَالَتْ عَائِشَةُ : يَا ابْنَ اُخْتِيْ هَلْ تَسْتَثْنِيْ اِذَا حَجَجْتَ قُلْتُ : مَاذَا اَقُوْلُ؟ قَالَتْ : قُلِ اللّٰهُمَّ الْحَجَّ اَرَدْتُّ وَلَهٗ عَمَدْتُّ فَاِنْ يَسَّرْتَهٗ فَهُوَ الْحَجُّ وَاِنْ حَبَسَنِيْ حَابِسٌ فَهُوَ عُمْرَةٌ .

✦✦ ہشام بن عروہ اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے مجھ سے فرمایا: اے بھتیجے! جب تم نے حج کی نیت کی تو کیا تم نے استثناء کر لیا تھا؟ تو انہوں نے دریافت کیا' مجھے کیا کہنا چاہیے؟ تو انہوں نے فرمایا: تم یہ کہو: اے اللہ! میں نے حج کا ارادہ کیا ہے اور اسی کی نیت ہے اگر تو نے اسے آسان کر دیا تو میں حج کر لوں گا اور اگر میں کسی وجہ سے رُک گیا تو یہ عمرہ ہو گا۔

اخرج الثلاثة الاحاديث من كتاب المناسك والرابع والخامس من كتاب اختلاف علي وعبد الله مما لم يسمع الربيع من الشافعي .

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے پہلی تین روایات کتاب المناسک میں نقل کی ہیں چوتھی اور پانچویں روایت کتاب اختلاف حضرت علی رضی اللہ عنہ اور حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ میں نقل کی ہے اور یہ وہ روایت ہے جسے امام ربیع رحمۃ اللہ علیہ نے امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ سے نہیں سنا۔

باب التلبية ولفظها

باب 18: تلبیہ اور اس کے الفاظ

817 - اَخْبَرَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ رُقَيْشٍ، اَنَّ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا، قَالَ : مَا سَمّٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ تَلْبِيَتِهٖ حَجًّا قَطُّ وَلَا عُمْرَةً .

✦✦ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے تلبیہ میں حج یا عمرے میں' کسی کا نام نہیں لیا۔

818 - اَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا، اَنَّ تَلْبِيَةَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : لَبَّيْكَ اللّٰهُمَّ لَبَّيْكَ، لَبَّيْكَ لَا شَرِيْكَ لَكَ لَبَّيْكَ، اِنَّ الْحَمْدَ وَالنِّعْمَةَ لَكَ وَالْمُلْكَ، لَا شَرِيْكَ لَكَ، قَالَ نَافِعٌ : وَكَانَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ يَزِيْدُ فِيْهَا : لَبَّيْكَ لَبَّيْكَ وَسَعْدَيْكَ، وَالْخَيْرُ فِيْ يَدَيْكَ، وَالرَّغْبَاءُ اِلَيْكَ وَالْعَمَلُ .

✦✦ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا تلبیہ یہ تھا۔

حدیث نمبر **818**:

اصحی' ابوعبداللہ مالک بن انس' "الموطا" بروایۃ امام محمد بن حسن شیبانی (موطا امام محمد) تحقیق: عبدالوہاب عبداللطیف' المکتبۃ العلمیہ	386
اصحی' ابوعبداللہ مالک بن انس' "الموطا" بروایۃ یحیٰی بن یحیٰی اندلسی' تحقیق: بشار عواد معروف' دار الغرب الاسلامی' بیروت' لبنان (طبع اول) 1996ء	932
طیالسی' امام ابوداؤد سلیمان بن داؤد' "المسند" دار المعرفۃ' بیروت' لبنان	1838
حمیدی' امام ابوبکر عبداللہ بن زبیر' "المسند" عالم الکتب' بیروت' مکتبۃ المتنبی' قاہرہ' مصر	660
شیبانی' امام احمد بن محمد بن حنبل' "المسند" المطبعۃ المیمنیہ' مصر	3/2
الکسی' امام ابومحمد عبد بن حمید بن نصر' "مسند" تحقیق: صبحی سامرائی' محمود خلیل' عالم الکتب' 1988ء	726
دارمی' امام ابومحمد عبداللہ بن عبدالرحمٰن' "السنن" تحقیق: عبداللہ ہاشم یمانی' دار المحاسن' قاہرہ' 1966ء	1815
نسائی' امام احمد بن شعیب' "السنن الکبریٰ" تحقیق: سلیمان بنداری' سید کسروی' دار الکتب العلمیہ' 1991ء	1549

''اے اللہ میں حاضر ہوں' میں حاضر ہوں' تیرا کوئی شریک نہیں ہے' میں حاضر ہوں' بے شک حمد اور نعمت تیرے لئے مخصوص ہے اور بادشاہی بھی' تیرا کوئی شریک نہیں ہے''۔

نافع بیان کرتے ہیں' حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما ان الفاظ میں درج ذیل الفاظ کا اضافہ کرتے تھے۔

''میں حاضر ہوں میں حاضر ہوں' سعادت مندی تیری طرف سے ہے اور بھلائی تیرے درست قدرت میں ہے اور ہر طرح کی رغبت تیری طرف ہی کی جاتی ہے اور عمل بھی تیرے لئے ہے''۔

819 - اَخْبَرَنَا بَعْضُ اَهْلِ الْعِلْمِ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَهَلَّ بِالتَّوْحِيْدِ : لَبَّيْكَ اللّٰهُمَّ لَبَّيْكَ، لَبَّيْكَ لَا شَرِيْكَ لَكَ لَبَّيْكَ، اِنَّ الْحَمْدَ، وَالنِّعْمَةَ لَكَ وَالْمُلْكَ، لَا شَرِيْكَ لَكَ .

✧✧ امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ اپنے والد (امام محمد باقر رضی اللہ عنہ) کے حوالے سے حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما کا یہ بیان نقل کرتے

بقیہ حاشیہ حدیث نمبر **818**:

طبرانی' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب'' المعجم الکبیر'' تحقیق: احمدی عبدالمجید سلفی' مطبعۃ الزہراء الحدیثۃ' موصل' عراق' (طبع ثانی)

سجستانی' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث'' السنن'' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان

قزوینی' امام محمد بن یزید ابن ماجہ'' السنن'' تحقیق: بشار عواد معروف' دار الجیل' بیروت' **1998**ء

ترمذی' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ'' الجامع الکبیر'' تحقیق: ڈاکٹر بشار عواد معروف' دار الغرب الاسلامی' بیروت **1996**ء

نسائی' امام احمد بن شعیب'' المجتبیٰ من السنن'' دار الحدیث' قاہرہ' مصر' **1407**ھ-**1987**ء

نسائی' امام احمد بن شعیب'' السنن الکبریٰ'' تحقیق: سلیمان بنداری' سید کسروی' دار الکتب العلمیہ' **1991**ء

موصلی' امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ'' المسند'' تحقیق: حسین سلیم اسد' دار المامون للتراث' طبع اوّل' **1987**ء

نیشاپوری' امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ'' الصحیح'' شرکۃ الطباعۃ العربیہ' ریاض' الطبعۃ الثانیہ' **1981**ء

طحاوی' امام ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ'' شرح معانی الآثار'' تحقیق: محمد جاد الحق' مطبعۃ الانوار المحمدیہ' مصر

تمیمی' امام ابوحاتم محمد بن حبان'' صحیح ابن حبان'' دار الفکر' بیروت' طبع اوّل' **1996**ء

الفارسی' امام امیر ابن بلبان'' الاحسان فی تقریب صحیح ابن حبان'' موسسۃ الرسالہ' بیروت' طبع اوّل' **1988**ء

دارقطنی' امام علی بن عمر'' السنن'' مکتبۃ المتنبی' قاہرہ' مصر

بیہقی' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی'' السنن الکبریٰ'' دائرۃ المعارف النظامیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' **1344**ھ

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس'' الام'' دار المعرفۃ' بیروت' لبنان

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس'' الام'' تحقیق: رفعت فوزی' دار الوفاء' طبع اوّل' **2001**ء

حدیث نمبر **819**:

طیالسی' امام ابوداؤد سلیمان بن داؤد'' المسند'' دار المعرفۃ' بیروت' لبنان

کوفی' امام ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ'' المصنف'' المطبعۃ العزیزیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' **1386**ھ

شیبانی' امام احمد بن محمد بن حنبل'' المسند'' المطبعۃ المیمنیہ' مصر

الکسی' امام ابومحمد عبد بن حمید بن نصر'' مسند'' تحقیق: صبحی سامرائی' محمود خلیل' عالم الکتب' **1988**ء

دارمی' امام ابومحمد عبداللہ بن عبدالرحمٰن'' السنن'' تحقیق: عبداللہ ہاشم یمانی' دار المحاسن' قاہرہ' **1966**ء

ہیں' نبی اکرم ﷺ نے کلمۂ توحید کے ہمراہ یہ تلبیہ پڑھا تھا۔

''میں حاضر ہوں اے اللہ! میں حاضر ہوں تیرا کوئی شریک نہیں ہے میں حاضر ہوں' بے شک حمد اور نعمت تیرے لئے ہے اور بادشاہی بھی' تیرا کوئی شریک نہیں ہے''۔

820 - قَالَ الشَّافِعِيُّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ : وَذَكَرَ عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْمَاجِشُوْنُ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ

بقیہ حاشیہ حدیث نمبر **819**:

نیشاپوری' امام مسلم بن حجاج' ''الجامع الصحیح'' ، تحقیق و ترقیم: فؤاد عبدالباقی' دارالحدیث' قاہرہ' مصر **1218**

سجستانی' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث' ''السنن'' ، داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **1905**

قزوینی' امام محمد بن یزید ابن ماجہ' ''السنن'' ، تحقیق: بشار عواد معروف' دارالجیل' بیروت' **1998**ء **2919**

موصلی' امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ' ''المسند'' ، تحقیق: حسین سلیم اسد' دارالمامون للتراث' طبع اوّل **1987**ء **2027**

نیشاپوری' امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ' ''الصحیح'' ، شرکۃ الطباعۃ العربیہ' ریاض' الطبعۃ الثانیہ **1981**ء **2626**

اسفرائنی' امام ابوعوانہ یعقوب بن اسحاق' ''المسند'' ، مجلس دائرۃ المعارف العثمانیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' **1966**ء **3160**

طحاوی' امام ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ' ''شرح معانی الآثار'' ، تحقیق: محمد جادالحق' مطبعۃ الانوار المحمدیہ' مصر **12/2**

تمیمی' امام ابوحاتم محمد بن حبان' ''صحیح ابن حبان'' ، دارالفکر' بیروت' طبع اوّل' **1996**ء **3946**

الفارسی' امام امیر ابن بلبان' ''الاحسان فی تقریب صحیح ابن حبان'' موسسۃ الرسالہ' بیروت' طبع اوّل **1988**ء **3943**

بیہقی' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی' ''السنن الکبریٰ'' ' دائرۃ المعارف النظامیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' **1344**ھ **45/5**

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام'' ' دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان **155/2**

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام'' ، تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اوّل **2001**ء **390/3**

حدیث نمبر **820**:

طیالسی' امام ابوداؤد سلیمان بن داؤد' ''المسند'' ' دارالمعرفۃ' بیروت لبنان **2377**

کوفی' امام ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ' ''المصنف'' ' المطبعۃ العزیزیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان **1386**ھ **13460**

شیبانی' امام احمد بن محمد بن حنبل' ''المسند'' ' المطبعۃ المیمنیہ' مصر **341/2**

قزوینی' امام محمد بن یزید ابن ماجہ' ''السنن'' ، تحقیق: بشار عواد معروف' دارالجیل' بیروت' **1998**ء **2920**

نسائی' امام احمد بن شعیب' ''المجتبیٰ من السنن'' ' دارالحدیث' قاہرہ' مصر **1407**ھ - **1987**ء **161/5**

نسائی' امام احمد بن شعیب' ''السنن الکبریٰ'' ، تحقیق: سلیمان بنداری' سید کسروی' دارالکتب العلمیہ' **1991**ء **3733**

نیشاپوری' امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ' ''الصحیح'' ، شرکۃ الطباعۃ العربیہ' ریاض' الطبعۃ الثانیہ **1981**ء **2623**

طحاوی' امام ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ' ''شرح معانی الآثار'' ، تحقیق: محمد جادالحق' مطبعۃ الانوار المحمدیہ' مصر **125/2**

تمیمی' امام ابوحاتم محمد بن حبان' ''صحیح ابن حبان'' ، دارالفکر' بیروت' طبع اوّل **1996**ء **3803**

الفارسی' امام امیر ابن بلبان' ''الاحسان فی تقریب صحیح ابن حبان'' موسسۃ الرسالہ' بیروت' طبع اوّل **1988**ء **3800**

دارقطنی' امام علی بن عمر' ''السنن'' ' مکتبۃ المتنبی' قاہرہ' مصر **225/2**

نیشاپوری' امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم' ''المستدرک'' ' مکتبۃ المطبوعات الاسلامیہ' حلب' طبع بیروت **440/1**

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام'' ' دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان **155/2**

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام'' ، تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اوّل **2001**ء **391/3**

الْفَضْلِ، عَنِ الْاَعْرَجِ، عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ : كَانَ مِنْ تَلْبِیَةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ : لَبَّیْكَ اِلٰهَ الْحَقِّ لَبَّیْكَ .

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے تلبیہ کے الفاظ یہ تھے۔

''میں حاضر ہوں' اے حقیقی معبود میں حاضر ہوں''۔

821 - اَخْبَرَنَا سَعِیْدٌ، عَنِ ابْنِ جُرَیْجٍ، قَالَ : اَخْبَرَنِیْ حُمَیْدُ الْاَعْرَجُ، عَنْ مُجَاهِدٍ، اَنَّهُ قَالَ : كَانَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یُظْهِرُ مِنَ التَّلْبِیَةِ : لَبَّیْكَ اللّٰهُمَّ لَبَّیْكَ، لَبَّیْكَ لَا شَرِیْكَ لَكَ لَبَّیْكَ، اِنَّ الْحَمْدَ وَالنِّعْمَةَ لَكَ وَالْمُلْكَ، لَا شَرِیْكَ لَكَ، قَالَ : حَتّٰی اِذَا كَانَ ذَاتَ یَوْمٍ وَّالنَّاسُ یُصْرَفُوْنَ عَنْهُ كَاَنَّهُ اَعْجَبَهُ مَا هُوَ فِیْهِ فَزَادَ فِیْهَا : لَبَّیْكَ اِنَّ الْعَیْشَ عَیْشُ الْاٰخِرَةِ قَالَ ابْنُ جُرَیْجٍ : وَحَسِبْتُ اَنَّ ذٰلِكَ یَوْمَ عَرَفَةَ

✧✧ مجاہد بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم بلند آواز میں یہ تلبیہ پڑھتے تھے۔

''میں حاضر ہوں' اے اللہ! میں حاضر ہوں میں حاضر ہوں تیرا کوئی شریک نہیں ہے میں حاضر ہوں' بے شک حمد اور نعمت تیرے لئے مخصوص ہے اور بادشاہی بھی' میں تیرا کوئی شریک نہیں ہے۔

راوی بیان کرتے ہیں' ایک دن جب لوگ آپ کے پاس سے اُٹھ کر جا رہے تھے تو آپ کو ایسی صورتحال پسند آئی اور آپ نے اس میں ان الفاظ کا اضافہ کیا۔

''میں حاضر ہوں بے شک زندگی آخرت کی زندگی ہے''۔

ابن جریج بیان کرتے ہیں' میرا خیال ہے کہ یہ عرفہ کے دن کی بات ہے۔

822 - اَخْبَرَنَا سَعِیْدٌ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مَعْنٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَجْلَانَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِیْ سَلَمَةَ اَنَّهُ قَالَ : سَمِعَ سَعْدُ بْنُ اَبِیْ وَقَّاصٍ بَعْضَ بَنِیْ اَخِیْهِ وَهُوَ یُلَبِّیْ یَا ذَا الْمَعَارِجِ، فَقَالَ سَعْدٌ : الْمَعَارِجُ اِنَّهُ لَذُو الْمَعَارِجِ وَمَا هٰكَذَا كُنَّا نُلَبِّیْ عَلٰی عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ .

✧✧ عبداللہ بن ابوسلمہ بیان کرتے ہیں' حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ نے اپنے کسی بھتیجے کو تلبیہ میں یہ پڑھتے ہوئے سنا ''یاذاالمعارج'' تو حضرت سعد نے فرمایا: المعارج۔ وہ ذاالمعارج ہے اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ اقدس میں ہم اس طرح تلبیہ نہیں پڑھا کرتے تھے۔

حدیث نمبر **822**:

کوفی' امام ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ' ''المصنف'' المطبعۃ العزیزیہ' حیدر آباد دکن' ہندوستان' 1386ھ	13467
شیبانی' امام احمد بن محمد بن حنبل' ''المسند'' المطبعۃ المیمنیہ' مصر'	172/1
موصلی' امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ' ''المسند''، تحقیق: حسین سلیم اسد' دارالمامون للتراث' طبع اوّل 1987ء	724
طحاوی' امام ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ' ''شرح معانی الآثار''، تحقیق: محمد جادالحق' مطبعۃ الانوار المحمدیہ' مصر	125/2
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام'' دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان	156/2
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام''، تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اوّل 2001ء	301/3

857 - اَخْبَرَنَا سَعِيْدٌ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، قَالَ : اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ مُسْلِمٍ عَنْ صَفِيَّةَ بِنْتِ شَيْبَةَ اَنَّهَا قَالَتْ كُنْتُ عِنْدَ عَائِشَةَ اِذْ جَاءَتْهَا امْرَاَةٌ مِنْ نِسَاءِ بَنِيْ عَبْدِ الدَّارِ يُقَالُ لَهَا تَمْلِكُ قَالَتْ لَهَا يَا اُمَّ الْمُؤْمِنِيْنَ اِنَّ ابْنَتِيْ فُلَانَةَ حَلَفَتْ اَنْ لَا تَلْبَسَ حُلِيَّهَا فِي الْمَوْسِمِ فَقَالَتْ عَائِشَةُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا قُوْلِيْ لَهَا اِنَّ اُمَّ الْمُؤْمِنِيْنَ تُقْسِمُ عَلَيْكِ اَلَّا لَبِسْتِ حُلِيَّكِ كُلَّهُ .

✧✧ صفیہ بنت شیبہ بیان کرتی ہیں' میں سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کے پاس موجود تھی' بنی عبدالدار سے تعلق رکھنے والی ایک خاتون ان کے پاس آئی جس کا نام تملک تھا۔ اس خاتون نے ان سے کہا اے ام المؤمنین! میری فلاں بیٹی نے یہ قسم اٹھائی ہے کہ وہ حج کے موقع پر زیور نہیں پہنے گی تو سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: تم اس سے کہو کہ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے تمہیں قسم دی ہے کہ تم اپنا سارا زیور پہنو۔

اخرج الحديثين من الجزء الثانی من اختلاف الحديث والٰى اٰخر السابع من كتاب المناسك

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے پہلی دو روایات اختلاف الحدیث کے دوسرے جزء میں نقل کی ہیں اور اس کے بعد ساتویں روایت تک کتاب المناسک میں نقل کی ہیں۔

باب فی الاستظلال

باب 26: سائے میں آنا

858 - اَخْبَرَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ الثَّقَفِيُّ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَامِرِ بْنِ رَبِيْعَةَ قَالَ : صَحِبْتُ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فِي الْحَجِّ فَمَا رَاَيْتُهُ مُضْطَرِبًا فُسْطَاطًا فِي الْحَجِّ حَتّٰى رَجَعَ .

✧✧ عبداللہ بن عامر بیان کرتے ہیں' (ایک مرتبہ) حج کے موقع پر میں' حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کے ساتھ تھا' واپس آنے تک' میں نے انہیں کبھی بھی خیمے میں جاتے ہوئے نہیں دیکھا۔ (یعنی انہوں نے کھلے آسمان کے نیچے تمام مناسک ادا کیے)۔

اخرجه من كتاب الحج من الامالی .

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے اس روایت کو کتاب الحج میں نقل کیا ہے' جو امالی سے تعلق رکھتی ہے۔

باب تقلد المحرم السيف

باب 27: حالت احرام والے شخص کا گردن میں تلوار لٹکانا

حدیث نمبر **857**

کوفی' امام ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ' "المصنف" "المطبعۃ العزیزیۃ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' **1386**ھ **14200**

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام" ' دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان **160/2**

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام" ' تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اوّل **2001**ء **374/3**

859 - اَخْبَرَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ اَبِىْ يَحْيٰى، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِىْ بَكْرٍ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُمَا اَنَّ اَصْحَابَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدِمُوْا فِىْ عُمْرَةِ الْقَضِيَّةِ مُتَقَلِّدِيْنَ بِالسُّيُوْفِ وَهُمْ مُحْرِمُوْنَ .

✦✦ حضرت عبداللہ بن ابوبکر بیان کرتے ہیں' نبی اکرم ﷺ کے اصحاب عمرہ قضاء کے موقع پر جب تشریف لائے تھے تو انہوں نے گردنوں میں تلواریں لٹکائی ہوئی تھیں اور وہ حالت احرام میں تھے۔

اخرجه من كتاب الحج من الامالى .

امام شافعی نے اس روایت کو کتاب الحج میں نقل کیا ہے' جو امالی سے تعلق رکھتی ہے۔

باب غسل المحرم رأسهٗ

باب28: حالت احرام والے شخص کا اپنے سر کو دھونا

860 - اَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ حُنَيْنٍ، عَنْ اَبِيهِ، اَنَّ ابْنَ عَبَّاسٍ، وَالْمِسْوَرَ بْنَ مَخْرَمَةَ، اختلفا بالابواء، فَقَالَ ابن عباس يغسل المحرم رأسه، وَقَالَ الْمِسْوَرُ لا يَغْسِلُ الْمُحْرِمُ رَاْسَهُ، فَاَرْسَلَنِى ابْنُ عَبَّاسٍ اِلَى اَبِىْ اَيُّوبَ الْاَنْصَارِىِّ، فَوَجَدْتُهُ يَغْتَسِلُ بَيْنَ الْقَرْنَيْنِ وَهُوَ يَسْتَتِرُ بِثَوْبٍ، قَالَ: فَسَلَّمْتُ، فَقَالَ: مَنْ هٰذَا؟ فَقُلْتُ اَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، اَرْسَلَنِىْ اِلَيْكَ ابْنُ عَبَّاسٍ اَسْاَلُكَ كَيْفَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَغْسِلُ رَاْسَهُ وَهُوَ مُحْرِمٌ؟ قَالَ: فَوَضَعَ اَبُو اَيُّوبَ يَدَيْهِ عَلَى الثَّوْبِ فَطَاْطَاَهُ حَتّٰى بَدَا اِلَىَّ رَاْسُهُ، ثُمَّ قَالَ لِاِنْسَانٍ يَصُبُّ عَلَيْهِ: اُصْبُبْ، فَصَبَّ عَلٰى رَاْسِهِ، ثُمَّ حَرَّكَ رَاْسَهُ بِيَدَيْهِ، فَاَقْبَلَ بِهِمَا وَاَدْبَرَ ثُمَّ قَالَ: هٰكَذَا رَاَيْتُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَفْعَلُ

حدیث نمبر **859**:

اصحی' ابوعبداللہ مالک بن انس' الموطا' بروایۃ امام محمد بن حسن شیبانی (موطا امام محمد) تحقیق: عبدالوہاب عبداللطیف' المکتبۃ العلمیہ	**380**
اصحی' ابوعبداللہ مالک بن انس' الموطا' بروایۃ یحیٰی بن یحیٰی اندلسی' تحقیق: بشار عواد معروف' دارالغرب الاسلامی' بیروت' لبنان (طبع اول) **1996**ء	**927**
شیبانی' امام احمد بن محمد بن حنبل' "المسند" المطبعۃ المیمنیہ' مصر	**3/2**
دارمی' امام ابومحمد عبداللہ بن عبدالرحمٰن' "السنن" تحقیق: عبداللہ ہاشم یمانی' دارالمحاسن' قاہرہ' **1966**ء	**1797**
بخاری' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل' "الجامع الصحیح" (رقم الحدیث من فتح الباری)	**133**
نیشاپوری' امام مسلم بن حجاج' "الجامع الصحیح" تحقیق و ترقیم: فواد عبدالباقی' دارالحدیث' قاہرہ' مصر	**1682**
سجستانی' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث' "السنن"' داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان	**1737**
قزوینی' امام محمد بن یزید ابن ماجہ' "السنن" تحقیق: بشار عواد معروف' دارالجیل' بیروت' **1998**ء	**2914**
ترمذی' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ' "الجامع الکبیر" تحقیق: ڈاکٹر بشار عواد معروف' دارالغرب الاسلامی' بیروت **1996**ء	**831**
دارمی' امام ابومحمد عبداللہ بن عبدالرحمٰن' "السنن" تحقیق: عبداللہ ہاشم یمانی' دارالمحاسن' قاہرہ **1966**ء	**1225**
نسائی' امام احمد بن شعیب' "السنن الکبریٰ" تحقیق: سلیمان بنداری' سید کسروی' دارالکتب العلمیہ' **1991**ء	**3631**
طحاوی' امام ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ' "شرح معانی الآثار" تحقیق: محمد جاد الحق' مطبعۃ الانوار المحمدیہ' مصر	**118/2**

✧✧ ابراہیم بن عبداللہ اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں' حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما اور حضرت مسور بن مخرمہ رضی اللہ عنہ کے درمیان ''ابواء'' کے مقام پر اختلاف ہو گیا۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: حالت احرام والا شخص اپنے سر کو دھو سکتا ہے' جبکہ حضرت مسور رضی اللہ عنہ نے یہ فرمایا کہ حالت احرام والا شخص اپنے سر کو نہیں دھو سکتا تو حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے مجھے حضرت ایوب انصاری رضی اللہ عنہ کے پاس بھیجا۔ وہ اس وقت دو لکڑیوں کے درمیان غسل کر رہے تھے۔ انہوں نے ایک پردے کے ذریعے پردہ تان رکھا تھا۔

راوی بیان کرتے ہیں' میں نے سلام کیا تو انہوں نے دریافت کیا' کون ہے؟ میں نے جواب دیا' میں عبداللہ ہوں' مجھے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے آپ کے پاس بھیجا ہے تاکہ میں آپ سے دریافت کروں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم حالت احرام میں اپنے سر مبارک کو کس طرح غسل دیا کرتے تھے؟

راوی بیان کرتے ہیں' حضرت ایوب انصاری رضی اللہ عنہ نے اپنے دونوں ہاتھ کپڑے کے اوپر رکھے اسے تھوڑا سا نیچے کیا' یہاں تک کہ ان کا سر نظر آنے لگا پھر انہوں نے پانی بہانے والے شخص سے کہا' تم پانی بہاؤ۔ اس شخص نے ان کے سر پر پانی بہایا تو انہوں نے اپنے دونوں ہاتھوں کے ذریعے اپنے سر میں حرکت کی پھر ہاتھوں کو پیچھے کی طرف لے کر گئے پھر آگے کی طرف لے کر آئے۔ پھر فرمایا: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو اسی طرح کرتے ہوئے دیکھا ہے۔

حدیث نمبر **860**:

اصبحی' ابوعبداللہ مالک بن انس' ''الموطا'' بروایہ امام محمد بن حسن شیبانی (موطا امام محمد) تحقیق: عبدالوہاب عبداللطیف' المکتبۃ العلمیہ 20

اصبحی' ابوعبداللہ مالک بن انس' ''الموطا'' بروایہ یحییٰ بن یحییٰ اندلسی' تحقیق: بشار عواد معروف' دارالغرب الاسلامی' بیروت' لبنان (طبع اوّل) **1996**ء 01

حمیدی' امام ابوبکر عبداللہ بن زبیر' ''المسند'' عالم الکتب' بیروت' مکتبۃ المتنبی' قاہرہ' مصر 79

کوفی' امام ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ' ''المصنف'' المطبعۃ العزیزیہ' حیدر آباد دکن' ہندوستان' **1386**ھ 2848

شیبانی' امام احمد بن محمد بن حنبل' ''المسند'' المطبعۃ المیمنیہ' مصر' 16/5

نیشاپوری' امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم' ''المستدرک'' مکتبۃ المطبوعات الاسلامیہ' حلب' طبع بیروت 100

بخاری' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل' ''الجامع الصحیح'' (رقم الحدیث من فتح الباری) 40

نیشاپوری' امام مسلم بن حجاج' ''الجامع الصحیح'' تحقیق و ترقیم: فؤاد عبدالباقی' دارالحدیث' قاہرہ' مصر 205

سجستانی' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث' ''السنن''، داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان 40

قزوینی' امام محمد بن یزید ابن ماجہ' ''السنن'' تحقیق: بشار عواد معروف' دارالجیل' بیروت' **1998**ء 34

نسائی' امام احمد بن شعیب' ''المجتبیٰ من السنن'' دارالحدیث' قاہرہ' مصر' **1407**ھ-**1987**ء 2/5

نسائی' امام احمد بن شعیب' ''السنن الکبریٰ'' تحقیق: سلیمان بنداری' سید کسروی' دارالکتب العلمیہ' **1991**ء 345

تمیمی' امام ابوحاتم محمد بن حبان' ''صحیح ابن حبان''، دارالفکر' بیروت' طبع اوّل' **1996**ء 351

الفارسی' امام امیر ابن بلبان' ''الاحسان فی تقریب صحیح ابن حبان'' موسسۃ الرسالہ' بیروت' طبع اوّل' **1988**ء 948

دارقطنی' امام علی بن عمر' ''السنن'' مکتبۃ المتنبی' قاہرہ' مصر 2/2

بیہقی' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی' ''السنن الکبریٰ'' دائرۃ المعارف النظامیہ' حیدر آباد دکن' ہندوستان' **1344**ھ 3/5

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام'' دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان 5/2

861 - اَخْبَرَنَا سَعِيْدُ بْنُ سَالِمٍ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، اَخْبَرَنِي عَطَاءٌ اَنَّ صَفْوَانَ بْنَ يَعْلَى اَخْبَرَهُ، عَنْ اَبِيْهِ يَعْلَى بْنِ اُمَيَّةَ اَنَّهُ قَالَ : بَيْنَمَا عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ يَغْتَسِلُ اِلَى بَعِيْرٍ وَاَنَا اَسْتُرُ عَلَيْهِ بِثَوْبٍ اِذْ قَالَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ يَا يَعْلَى اَصْبُبْ عَلَى رَاْسِيْ فَقُلْتُ اَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ اَعْلَمُ فَقَالَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ مَا يَزِيْدُ الْمَاءُ الشَّعَرَ اِلَّا شَعَثًا فَسَمَّى اللّٰهُ تَعَالٰى ثُمَّ اَفَاضَ عَلٰى رَاْسِهٖ .

✦✦ حضرت یعلی بن امیہ بیان کرتے ہیں' ایک مرتبہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ ایک اونٹ کی آڑ میں غسل کر رہے تھے۔ میں نے کپڑے کے ذریعے پردہ تان رکھا تھا حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے کہا اے یعلی! میرے سر پر پانی بہاؤ' میں نے کہا' اے امیر المؤمنین! جان لیں! حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اللہ کی قسم! پانی بالوں کے اندر گرد وغبار میں اضافہ ہی کرے گا پھر انہوں نے اللہ کا نام لیا اور اپنے سر پر پانی بہالیا۔

862 - اَخْبَرَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ عَبْدِ الْكَرِيْمِ الْجَزَرِيِّ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ : رُبَّمَا قَالَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ تَعَالَ اُبَاقِيْكَ فِي الْمَاءِ اَيُّنَا اَطْوَلُ نَفَسًا وَّنَحْنُ مُحْرِمُوْنَ .

✦✦ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' بعض اوقات حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ مجھ سے فرماتے تھے: آؤ! ہم پانی میں غوطہ لگاتے ہیں اور دیکھتے ہیں کہ کس کی سانس زیادہ لمبی ہے؟ حالانکہ ہم اس وقت حالت احرام میں ہوتے تھے۔

863 - اَخْبَرَنَا ابْنُ اَبِيْ يَحْيٰى، عَنْ اَيُّوْبَ بْنِ اَبِيْ تَمِيْمَةَ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا اَنَّهُ دَخَلَ حَمَّامًا وَهُوَ بِالْجُحْفَةِ وَهُوَ مُحْرِمٌ وَقَالَ : مَا يَعْبَاُ اللّٰهُ بِاَوْسَاخِنَا شَيْئًا .

✦✦ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کے بارے میں منقول ہے وہ ''جحفہ'' کے مقام پر حمام میں داخل ہوئے وہ اس وقت حالت احرام میں تھے انہوں نے فرمایا اللہ تعالیٰ کو ہمارے میل کی کوئی پرواہ نہیں ہے۔

اخرج الثلاثة الاحاديث من كتاب المناسك والرابع من كتاب الحج من الامالى .

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے پہلی تین روایات کتاب المناسک میں نقل کی ہیں جبکہ چوتھی روایت امالی سے تعلق رکھنے والی کتاب الحج میں نقل کی ہے۔

حدیث نمبر 861

اصبحی' ابوعبداللہ مالک بن انس' ''الموطا'' بروایۃ امام محمد بن حسن شیبانی (موطا امام محمد) تحقیق: عبدالوہاب عبداللطیف' المکتبۃ العلمیہ	421
اصبحی' ابوعبداللہ مالک بن انس' ''الموطا'' بروایۃ یحیی بن یحیی اندلسی تحقیق: بشار عواد معروف' دار الغرب الاسلامی' بیروت' لبنان (طبع اول) 1996ء	902
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام'' دار المعرفۃ بیروت' لبنان	146/2
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام'' تحقیق: رفعت فوزی' دار الوفاء' طبع اول 2001ء	362/3

حدیث نمبر 860

کوفی' امام ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ' ''المصنف'' المطبعۃ العزیزیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان 1386ھ	12847
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام'' دار المعرفۃ بیروت' لبنان	146/2
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام'' تحقیق: رفعت فوزی' دار الوفاء' طبع اول 2001ء	362/3

باب لا یکتحل المحرم بطیب ولا یشم الریحان والدھن والطیب

باب 29: حالت احرام والا شخص خوشبو کا سرمہ نہیں لگا سکتا اور ریحان خوشبودار تیل اور خوشبو کو نہیں سونگھ سکتا

864 - اَخْبَرَنَا سَعِیْدُ بْنُ سَالِمٍ، عَنِ ابْنِ جُرَیْجٍ، عَنْ اَیُّوْبَ بْنَ اَبِیْ مُوْسٰی، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا اَنَّهٗ كَانَ اِذَا رَمِدَ وَهُوَ مُحْرِمٌ اَقْطَرَ فِیْ عَیْنَیْهِ الصَّبِرَ اِقْطَارًا وَّاَنَّهٗ قَالَ یَكْتَحِلُ الْمُحْرِمُ بِاَیِّ كُحْلٍ اِذَا رَمِدَ مَا لَمْ یَكْتَحِلْ بِطِیْبٍ وَّمِنْ غَیْرِ رَمَدٍ .

✧✧ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کے بارے میں منقول ہے: جب ان کو آنکھ میں کی تکلیف ہوتی اور وہ حالت احرام میں ہوتے تو وہ اپنی دونوں آنکھوں میں صبر نامی بوٹی کے کچھ قطرے ڈال لیتے تھے وہ یہ فرمایا کرتے تھے حالت احرام والا شخص کوئی بھی سرمہ ڈال سکتا ہے جب اس کو آنکھ کی تکلیف ہو بشرطیکہ وہ خوشبو والا نہ ہو اور اگر اسے آنکھوں کی تکلیف نہ ہو تو بھی ڈال سکتا ہے۔

865 - اَخْبَرَنَا سَعِیْدُ بْنُ سَالِمٍ، عَنِ ابْنِ جُرَیْجٍ، عَنْ اَبِی الزُّبَیْرِ، عَنْ جَابِرٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ، اَنَّهٗ سُئِلَ : اَیَشَمُّ الْمُحْرِمُ الرَّیْحَانَ وَالدُّهْنَ وَالطِّیْبَ؟ فَقَالَ : لَا .

✧✧ حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے دریافت کیا گیا' کیا حالت احرام والا شخص ریحان' خوشبودار تیل یا خوشبو کو سونگھ سکتا ہے؟ تو انہوں نے فرمایا: نہیں۔

اخرج الحدیثین من کتاب المناسك .

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے یہ دونوں احادیث کتاب المناسک میں نقل کی ہیں۔

باب المحرم لا ینکح ولا ینکح ولا یخطب

باب 30: حالت احرام والا شخص نہ خود نکاح کرسکتا ہے نہ ہی کسی کا نکاح کروا سکتا ہے اور نہ ہی نکاح کا پیغام بھیج سکتا ہے

حدیث نمبر **864**:

کوفی' امام' ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ' "المصنف" 'المطبعۃ العزیزیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' **1388**ھ 12020:

شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام" دار المعرفۃ' بیروت' لبنان 190/2:

شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام" ' تحقیق: رفعت فوزی' دار الوفاء' طبع اول' **2001**ء 375/3:

حدیث نمبر **865**:

کوفی' امام' ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ' "المصنف" 'المطبعۃ العزیزیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' **1300**ھ 14888:

بیہقی' امام' ابوبکر احمد بن حسین بن علی' "السنن الکبریٰ" دائرۃ المعارف النظامیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' **1344**ھ 57/5:

شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام" دار المعرفۃ' بیروت' لبنان 192/2:

شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام" ' تحقیق: رفعت فوزی' دار الوفاء' طبع اول' **2001**ء 388/3:

886 - اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ، عَنْ اَيُّوْبَ بْنِ مُوْسٰى، عَنْ نُبَيْهِ بْنِ وَهْبٍ، عَنْ اَبَانَ بْنِ عُثْمَانَ، عَنْ عُثْمَانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ : اَلْمُحْرِمُ لَا يَنْكِحُ، وَلَا يَخْطُبُ .

✦✦ حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: حالت احرام والا شخص نہ تو نکاح کر سکتا ہے اور نہ ہی نکاح کا پیغام بھیج سکتا ہے۔

887 - اَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ نُبَيْهِ بْنِ وَهْبٍ اَحَدِ بَنِيْ عَبْدِ الدَّارِ، عَنْ اَبَانَ بْنِ عُثْمَانَ، عَنْ عُثْمَانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ : لَا يَنْكِحُ الْمُحْرِمُ، وَلَا يُنْكِحُ، وَلَا يَخْطُبُ .

حدیث نمبر **886**:

حمیدی' امام ابوبکر عبداللہ بن زبیر' ''المسند'' عالم الکتب' بیروت' مکتبۃ المتنبی' قاہرہ' مصر **33**

کوفی' امام ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ' ''المصنف'' المطبعۃ العزیزیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' **1386**ھ **12965**

شیبانی' امام احمد بن محمد بن حنبل' ''المسند'' المطبعۃ المیمنیہ' مصر **65/1**

دارمی' امام ابومحمد عبداللہ بن عبدالرحمٰن' ''السنن'' تحقیق: عبداللہ ہاشم یمانی' دار المحاسن' قاہرہ' **1966**ء **2204**

نیشاپوری' امام مسلم بن حجاج' ''الجامع الصحیح'' تحقیق وترقیم فؤاد عبدالباقی' دار الحدیث' قاہرہ' مصر **1409**

نسائی' امام احمد بن شعیب' ''المجتبی من السنن'' دار الحدیث' قاہرہ' مصر **1407**ھ-**1987**ء **192/5**

اسفرائینی' امام ابوعوانہ یعقوب بن اسحاق' ''المسند'' مجلس دائرۃ المعارف العثمانیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' **1966**ء **12626**

طحاوی' امام ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ' ''شرح معانی الآثار'' تحقیق: محمد جاد الحق' مطبعۃ الانوار المحمدیہ' مصر **268/2**

تمیمی' امام ابوحاتم محمد بن حبان' ''صحیح ابن حبان'' دار الفکر' بیروت' طبع اول **1996**ء **4129**

الفارسی' امام امیر ابن بلبان' ''الاحسان فی تقریب صحیح ابن حبان'' موسسۃ الرسالہ' بیروت' طبع اول **1988**ء **4126**

بیہقی' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی' ''السنن الکبریٰ'' دائرۃ المعارف النظامیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' **1344**ھ **65/5**

طحاوی' امام ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ' ''شرح مشکل الآثار'' تحقیق: شعیب ارناؤوط' موسسۃ الرسالہ' بیروت' لبنان **1987**ء **5785**

حدیث نمبر **887**:

اصبحی' ابوعبداللہ مالک بن انس' ''الموطا'' بروایۃ امام محمد بن حسن شیبانی (موطا امام محمد) تحقیق: عبدالوہاب عبداللطیف' المکتبۃ العلمیہ **436**

اصبحی' ابوعبداللہ مالک بن انس' ''الموطا'' بروایۃ یحییٰ بن یحییٰ اندلسی' تحقیق: بشار عواد معروف' دار الغرب الاسلامی' بیروت' لبنان (طبع اول) **1996**ء **997**

دار قطنی' امام علی بن عمر' ''السنن'' مکتبۃ المتنبی' قاہرہ' مصر **268/2**

بیہقی' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی' ''السنن الکبریٰ'' دائرۃ المعارف النظامیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' **1344**ھ **65/5**

طیالسی' امام ابوداؤد سلیمان بن داؤد' ''المسند'' دار المعرفۃ' بیروت' لبنان **7**

شیبانی' امام احمد بن محمد بن حنبل' ''المسند'' المطبعۃ المیمنیہ' مصر **57/1**

الکسی' امام ابومحمد عبد بن حمید بن نصر' ''مسند'' تحقیق: صبحی سامرائی' محمود خلیل' عالم الکتب **1988**ء **45**

دارمی' امام ابومحمد عبداللہ بن عبدالرحمٰن' ''السنن'' تحقیق: عبداللہ ہاشم یمانی' دار المحاسن' قاہرہ' **1966**ء **830**

نیشاپوری' امام مسلم بن حجاج' ''الجامع الصحیح'' تحقیق وترقیم فؤاد عبدالباقی' دار الحدیث' قاہرہ' مصر **1409**

سجستانی' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث' ''السنن'' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **1841**

قزوینی' امام محمد بن یزید ابن ماجہ' ''السنن'' تحقیق: بشار عواد معروف' دار الجیل' بیروت' **1998**ء **1966**

✧✧ حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: حالت احرام والا شخص نہ نکاح کرسکتا ہے نہ نکاح کرواسکتا ہے اور نہ ہی نکاح کا پیغام بھیج سکتا ہے۔

868 - اَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ نَافِعٍ مَوْلَى ابْنِ عُمَرَ، عَنْ نُبَيْهِ بْنِ وَهْبٍ اَخِيْ بَنِيْ عَبْدِ الدَّارِ، اَنَّ عُمَرَ بْنَ عُبَيْدِ اللّٰهِ اَرَادَ اَنْ يُزَوِّجَ، طَلْحَةَ بْنَ عُمَرَ بِنْتَ شَيْبَةَ بْنِ جُبَيْرٍ، فَاَرْسَلَ اِلٰى اَبَانَ بْنِ عُثْمَانَ لِيَحْضُرَ ذٰلِكَ وَهُمَا مُحْرِمَانِ، فَاَنْكَرَ ذٰلِكَ عَلَيْهِ اَبَانُ، وَقَالَ : سَمِعْتُ عُثْمَانَ بْنَ عَفَّانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، يَقُوْلُ : قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : لَا يَنْكِحُ الْمُحْرِمُ، وَلَا يُنْكِحُ، وَلَا يَخْطُبُ

نبیہ بن وہب بیان کرتے ہیں' حضرت عمر بن عبیداللہ رضی اللہ عنہ نے طلحہ بن عمر کی شادی' شیبہ بن جبیر کی صاحبزادی سے کرنا چاہی' انہوں نے حضرت ابان بن عثمان کو پیغام بھجوایا کہ وہ وہاں تشریف لے آئیں۔ یہ دونوں حالت احرام میں تھے تو حضرت ابان نے اس بات پر ان کا انکار کیا اور فرمایا: میں نے حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کو یہ بیان کرتے ہوئے سنا ہے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: حالت احرام والا شخص نکاح نہیں کرسکتا' نکاح کروا نہیں سکتا اور نکاح کا پیغام بھی نہیں بھیج سکتا۔

869 - اَخْبَرَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ اَيُّوْبَ بْنِ مُوْسٰى، عَنْ نُبَيْهِ بْنِ وَهْبٍ، عَنْ اَبَانَ بْنِ عُثْمَانَ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، مِثْلَ مَعْنَاهُ .

✧✧ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کے حوالے سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے منقول ہے۔

870 - اَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ : لَا يَنْكِحُ الْمُحْرِمُ وَلَا يُنْكِحُ وَلَا يَخْطُبُ عَلٰى نَفْسِهٖ وَلَا عَلٰى غَيْرِهٖ .

بقیہ حاشیہ حدیث نمبر **867**:

ترمذی' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ' ''الجامع الکبیر'' تحقیق: ڈاکٹر بشار عواد معروف' دارالغرب الاسلامی' بیروت **1996**ء — **840**

نیشاپوری' امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ ''الصحیح'' شرکۃ الطباعۃ العربیہ' ریاض' الطبعۃ الثانیہ **1981**ء — **2649**

اسفرائینی' امام ابوعوانہ یعقوب بن اسحاق' ''المسند'' مجلس دائرۃ المعارف العثمانیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان **1966**ء — **13626**

طحاوی' امام ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ' ''شرح معانی الآثار'' تحقیق: محمد جادالحق' مطبعۃ الانوار المحمدیہ' مصر — **268/2**

طحاوی' امام ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ' ''شرح مشکل الآثار'' تحقیق: شعیب ارناؤوط' موسسۃ الرسالہ' بیروت' لبنان **1987**ء — **5793**

تمیمی' امام ابوحاتم محمد بن حبان' ''صحیح ابن حبان''، دارالفکر' بیروت' طبع اول **1996**ء — **4126**

الفارسی' امام امیر ابن بلبان' ''الاحسان فی تقریب صحیح ابن حبان'' موسسۃ الرسالہ' بیروت' طبع اول **1988**ء — **4123**

دارقطنی' امام علی بن عمر' ''السنن'' مکتبۃ المتنبی' قاہرہ' مصر — **267/2**

حدیث نمبر **870**:

اصبحی' ابوعبداللہ مالک بن انس' ''المؤطا'' بروایۃ امام محمد بن حسن شیبانی (مؤطا امام محمد) تحقیق: عبدالوہاب عبداللطیف' المکتبۃ العلمیہ — **437**

اصبحی' ابوعبداللہ مالک بن انس' ''المؤطا'' بروایۃ یحییٰ بن یحییٰ اندلسی' تحقیق: بشار عواد معروف' دارالغرب الاسلامی' بیروت' لبنان (طبع اول) **1996**ء — **999**

طحاوی' امام ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ' ''شرح معانی الآثار'' تحقیق: محمد جادالحق' مطبعۃ الانوار المحمدیہ' مصر — **268/2**

کوفی' امام ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ' ''المصنف'' المطبعۃ العزیزیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان **1386**ھ — **1217/4**

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام'' تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اول **2001**ء — **493/6**

✦✦ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' حالت احرام والا شخص نکاح نہیں کر سکتا اور نکاح کروا نہیں سکتا' اپنے لئے اور کسی دوسرے کے لئے نکاح کا پیغام بھجوا نہیں سکتا۔

871 - اَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ دَاوُدَ بْنِ الْحُصَيْنِ، عَنْ اَبِيْ غَطَفَانَ بْنِ طَرِيْفِ الْمُرِّيِّ اَنَّهُ اَخْبَرَهُ اَنَّ اَبَاهُ طَرِيْفًا تَزَوَّجَ امْرَاَةً وَّهُوَ مُحْرِمٌ فَرَدَّ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ نِكَاحَهُ .

✦✦ ابوغطفان بیان کرتے ہیں' ان کے والد طریف نے ایک خاتون کے ساتھ شادی کر لی وہ اس وقت حالت احرام میں تھے تو حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے ان کے نکاح کو مسترد کر دیا۔

اخرج الحديثين من الجزء الثانى من اختلاف الحديث ' والى اخر السادس من باب الشغار .

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے پہلی دو روایات کتاب اختلاف الحدیث میں نقل کی ہیں' باقی تمام روایات کتاب باب شغار میں نقل کی ہیں۔

• باب زواج ميمونة

باب 31: سیّدہ میمونہ رضی اللہ عنہا کی شادی

872 - اَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ رَبِيْعَةَ بْنِ اَبِيْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ يَسَارٍ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

حدیث نمبر 871

بیہقی' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی' "السنن الکبریٰ" دائرۃ المعارف النظامیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' 1344ھ 66/5

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام" دار المعرفۃ' بیروت' لبنان 78/5

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام" تحقیق: رفعت فوزی' دار الوفاء' طبع اول' 2001ء 201/6

حدیث نمبر 872

سجستانی' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث' "السنن" دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان 996

طحاوی' امام ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ' "شرح معانی الآثار" تحقیق: محمد جاد الحق' مطبعۃ الانوار المحمدیہ' مصر 270/2

طحاوی' امام ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ' "شرح مشکل الآثار" تحقیق: شعیب ارناؤوط' موسسۃ الرسالہ' بیروت' لبنان' 1987ء 5801

نسائی' امام احمد بن شعیب' "السنن الکبریٰ" تحقیق: سلیمان بنداری' سید کسروی' دار الکتب العلمیہ' 1991ء 5402

نیشاپوری' امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم' "المستدرک" مکتبۃ المطبوعات الاسلامیہ' حلب' طبع بیروت 1832

ترمذی' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ' "الجامع الکبیر" تحقیق: ڈاکٹر بشار عواد معروف' دار الغرب الاسلامی' بیروت 1996ء 841

طحاوی' امام ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ' "شرح معانی الآثار" تحقیق: محمد جاد الحق' مطبعۃ الانوار المحمدیہ' مصر 270/2

طحاوی' امام ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ' "شرح مشکل الآثار" تحقیق: شعیب ارناؤوط' موسسۃ الرسالہ' بیروت' لبنان' 1987ء 5800

تمیمی' امام ابوحاتم محمد بن حبان' "صحیح ابن حبان" دار الفکر' بیروت' طبع اول' 1996ء 4133

الفارسی' امام امیر ابن بلبان' "الاحسان فی تقریب صحیح ابن حبان" موسسۃ الرسالہ' بیروت' طبع اول' 1988ء 4130

طبرانی' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب' "المعجم الکبیر" تحقیق: احمدی عبدالمجید سلفی' مطبعۃ الزہراء الحدیثۃ' موصل' عراق (طبع ثانی) 915

بیہقی' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی' "السنن الکبریٰ" دائرۃ المعارف النظامیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' 1344ھ 66/5

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام" دار المعرفۃ' بیروت' لبنان 78/5

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام" تحقیق: رفعت فوزی' دار الوفاء' طبع اول' 2001ء 200/6

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعَثَ اَبَا رَافِعٍ مَّوْلَاهُ وَرَجُلًا مِنَ الْاَنْصَارِ فَزَوَّجَاهُ مَيْمُوْنَةَ، وَالنَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْمَدِيْنَةِ .

✧✧ سلیمان بن یسار بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ابورافع' جو آپ کے آزاد کردہ غلام تھے' اور انصار سے تعلق رکھنے والے ایک فرد کو بھیجا تو ان دونوں حضرات نے مدینہ منورہ میں سیّدہ میمونہ رضی اللہ عنہا کے ساتھ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی شادی کروادی۔

873 - اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، قَالَ : اَخْبَرَنِیْ يَزِيْدُ بْنُ الْاَصَمِّ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَكَحَ وَهُوَ حَلَالٌ .

قَالَ عَمْرٌو : فَقُلْتُ لِابْنِ شِهَابٍ : اَتَجْعَلُ يَزِيْدَ بْنَ الْاَصَمِّ، ابْنَ عَبَّاسٍ؟ .

✧✧ یزید بن اصم بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جب سیّدہ میمونہ کے ساتھ شادی کی تو آپ اس وقت حالت احرام کے بغیر تھے۔

عمرہ نامی راوی کہتے ہیں' میں نے اپنے استاد ابن شہاب سے کہا کہ کیا آپ یزید بن اصم کو حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کے مقابلے میں رکھتے ہیں۔

874 - اَخْبَرَنَا سَعِيْدُ بْنُ مَسْلَمَةَ، عَنْ اِسْمَاعِيْلَ بْنِ اُمَيَّةَ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ، قَالَ : وَهِمَ فُلَانٌ، مَا نَكَحَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَيْمُوْنَةَ اِلَّا وَهُوَ حَلَالٌ .

✧✧ سعید بن میسب فرماتے ہیں' فلاں صاحب کو وہم ہوا ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جب سیّدہ میمونہ رضی اللہ عنہا کے ساتھ شادی کی تو اس وقت آپ حالت احرام کے بغیر تھے۔

حدیث نمبر **873**:

اصبحی' ابوعبداللہ مالک بن انس' "المؤطا" بروایۃ امام محمد بن حسن شیبانی (مؤطا امام محمد) تحقیق: عبدالوہاب عبداللطیف' المکتبۃ العلمیہ	1845
بیہقی' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی' "السنن الکبریٰ" دائرۃ المعارف النظامیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' 1344ھ	121/7
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام" دار المعرفۃ' بیروت' لبنان	78/5
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام" تحقیق: رفعت فوزی' دار الوفاء' طبع اوّل 2001ء	201/3

حدیث نمبر **874**:

کوفی' امام ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ' "المصنف" المطبعۃ العزیزیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' 1386ھ	12969
نسائی' امام احمد بن شعیب' "السنن الکبریٰ" تحقیق: سلیمان بنداری' سید کسروی' دار الکتب العلمیہ' 1991ء	3232
شیبانی' امام احمد بن محمد بن حنبل' "المسند" المطبعۃ المیمنیہ' مصر	332/6
دارمی' امام ابومحمد عبداللہ بن عبدالرحمٰن' "السنن" تحقیق: عبداللہ ہاشم یمانی' دار المحاسن' قاہرہ' 1966ء	1831
نیشاپوری' امام مسلم بن حجاج' "الجامع الصحیح" تحقیق و ترقیم: فؤاد عبدالباقی' دار الحدیث' قاہرہ' مصر	1411
نسائی' امام احمد بن شعیب' "المجتبیٰ من السنن" دار الحدیث' قاہرہ' مصر 1407ھ-1987ء	1843
ترمذی' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ' "الجامع الکبیر" تحقیق: ڈاکٹر بشار عواد معروف' دار الغرب الاسلامی' بیروت 1996ء	845
قزوینی' امام محمد بن یزید ابن ماجہ' "السنن" تحقیق: بشار عواد معروف' دار الجیل' بیروت' 1998ء	1964
نیشاپوری' امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم' "المستدرک" مکتبۃ المطبوعات الاسلامیہ' حلب' طبع بیروت	6404
موصلی' امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ' "المسند" تحقیق: حسین سلیم اسد' دار المامون للتراث' طبع اوّل 1987ء	7105

875- اَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ رَبِيْعَةَ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ يَسَارٍ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعَثَ اَبَا رَافِعٍ مَوْلَاهُ وَرَجُلًا مِنَ الْاَنْصَارِ فَزَوَّجَاهُ مَيْمُوْنَةَ بِنْتَ الْحَارِثِ وَهُوَ بِالْمَدِيْنَةِ قَبْلَ اَنْ يَخْرُجَ .

✦✦ سلیمان بن یسار بیان کرتے ہیں۔ نبی اکرم ﷺ نے اپنے آزاد کردہ غلام ابورافع اور انصار سے تعلق رکھنے والے ایک شخص کو بھیجا' ان دونوں نے آپ کی شادی سیدہ میمونہ بنت حارث رضی اللہ عنہا کے ساتھ کردی' نبی اکرم ﷺ اس وقت مدینہ منورہ میں تھے اور اک اس وقت روانہ نہیں ہوئے تھے۔

876- اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ ، عَنْ عَمْرٍو ، عَنْ يَزِيْدَ بْنِ الْاَصَمِّ وَهُوَ ابْنُ اُخْتِ مَيْمُوْنَةَ ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَكَحَ مَيْمُوْنَةَ وَهُوَ حَلَالٌ .

✦✦ یزید بن اصم جو سیدہ میمونہ رضی اللہ عنہا کے بھانجے ہیں' بیان کرتے ہیں' نبی اکرم ﷺ نے سیدہ میمونہ کے ساتھ شادی کی تھی' اس وقت آپ حالت احرام میں نہیں تھے۔

877- اَخْبَرَنَا سَعِيْدُ بْنُ مَسْلَمَةَ، عَنْ اِسْمَاعِيْلَ بْنِ اُمَيَّةَ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ، قَالَ : اَوْهَمَ الَّذِيْ رَوٰى اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَكَحَ مَيْمُوْنَةَ وَهُوَ مُحْرِمٌ، مَا نَكَحَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَّا وَهُوَ حَلَالٌ .

✦✦ سعید بن مسیب بیان کرتے ہیں' ان صاحب کو وہم ہوا جنہوں نے یہ بات بیان کی ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے حالت احرام میں سیدہ میمونہ رضی اللہ عنہا کے ساتھ شادی کی تھی۔ نبی اکرم ﷺ نے جب ان کے ساتھ شادی کی تھی تو آپ اس وقت حالت احرام میں نہیں تھے۔

اخرج الثلاثة الاحاديث من الجزء الثاني من اختلاف الحديث ' والى اخر السادس من باب الشغار .
امام شافعی رحمہ اللہ نے پہلی تین روایات کتاب اختلاف الحدیث کے دوسرے جزء میں نقل کی ہیں جبکہ چھٹی روایات تک باب شغار میں نقل کی ہیں۔

باب قوله تعالٰى: "لا تقتلوا الصيد وانتم حرم" وما ليست له رخصة وما يكفر عليه النعم عند البيت.

حدیث نمبر 875

طحاوی' امام ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ' "شرح معانی الآثار" تحقیق: محمد جادالحق' مطبعۃ الانوار المحمدیہ' مصر 270/2
طحاوی' امام ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ' "شرح مشکل الآثار" تحقیق: شعیب ارناؤوط' موسسۃ الرسالۃ' بیروت' لبنان' 1987ء 580/2
تمیمی' امام ابوحاتم محمد بن حبان' "صحیح ابن حبان"' دارالفکر' بیروت' طبع اوّل 1996ء 4139
الفارسی' امام علیم الدین علی بلبان' "الاحسان فی تقریب صحیح ابن حبان" موسسۃ الرسالۃ' بیروت' طبع اوّل' 1988ء 4136
دارقطنی' امام علی بن عمر' "السنن"' مکتبۃ المتنبی' قاہرہ' مصر 261/3
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام"' دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان 78/5
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام"' تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اوّل 2001ء 10310

باب 32: ارشاد باری تعالیٰ ہے ''اورتم شکار کوقتل نہ کرو' جبکہ تم حالت احرام میں ہو'' (جانوروں کے جس شکار) کی اجازت نہیں ہے اور بیت اللہ کے پاس (یعنی حدود حرم میں) (کیے جانے والے شکار) کے جانوروں کا جو کفارہ دیا جائے گا

878 - اَخْبَرَنَا سَعِيْدٌ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ قَالَ : قُلْتُ لِعَطَاءٍ قَوْلُ اللّٰهِ تَعَالٰى : ''لَا تَقْتُلُوا الصَّيْدَ وَاَنْتُمْ حُرُمٌ وَّمَنْ قَتَلَهٗ مِنكُم مُّتَعَمِّدًا'' قُلْتُ لَهٗ فَمَنْ قَتَلَهٗ خَطَاً اَيَغْرَمُ قَالَ نَعَمْ يُعَظِّمُ بِذٰلِكَ حُرُمَاتِ اللّٰهِ وَمَضَتْ بِهِ السُّنَنُ

✧✧ ابن جریج بیان کرتے ہیں' میں نے عطاء سے دریافت کیا اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا ہے:

''اورتم شکار کوقتل نہ کرو' جبکہ تم حالت احرام میں ہو اور جو شخص تم میں سے جان بوجھ کر اسے قتل کر دے''۔

ابن جریج بیان کرتے ہیں' میں نے ان سے دریافت کیا اگر کوئی شخص خطا کے طور پر جانور کو مار دیتا ہے تو کیا وہ تاوان دے گا انہوں نے جواب دیا جی ہاں!

اس کے نتیجے میں اللہ تعالیٰ کی حرمت والی چیزوں کی عظمت ظاہر ہوگی اور ویسے سنت بھی یہی چلی آ رہی ہے۔

879 - اَخْبَرَنَا مُسْلِمٌ وَّسَعِيْدٌ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ قَالَ : رَاَيْتُ النَّاسَ يَغْرَمُوْنَ فِي الْخَطَاِ .

✧✧ عمرو بن دینار کہتے ہیں میں نے لوگوں کو دیکھا ہے کہ وہ (جانور) کو خطا کے طور پر بھی مارنے پر تاوان دیتے ہیں۔

880 - اَخْبَرَنَا سَعِيْدٌ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ قَالَ : كَانَ مُجَاهِدٌ يَقُوْلُ : ''وَمَنْ قَتَلَهٗ مِنكُم مُّتَعَمِّدًا'' غَيْرَ نَاسٍ لِحُرْمِهٖ وَلَا مُرِيْدًا غَيْرَهٗ فَاَخْطَاَ بِهٖ فَقَدْ اَحَلَّ وَلَيْسَتْ لَهٗ رُخْصَةٌ وَمَنْ قَتَلَهٗ نَاسِيًا لِحُرْمِهٖ اَوْ اَرَادَ غَيْرَهٗ فَاَخْطَاَ بِهٖ فَذٰلِكَ الْعَمْدُ الْمُكَفَّرُ عَلَيْهِ النَّعَمُ .

✧✧ مجاہد بیان کرتے ہیں' تم میں سے جو شخص جان بوجھ کر جانور کو مار دے جبکہ وہ اپنے احرام کو بھولا نہ ہو اور اس کا جانور کے علاوہ کوئی اور ارادہ نہ ہو تو اگر اس نے خطا کے ساتھ اسے مار دیا تو اس نے اسے ہلاک کر دیا' اس کے لئے اس کی کوئی رخصت

حدیث نمبر **878**:

صنعانی' امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام' ''المصنف''' تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی' دارالقلم' بیروت' 1970ء — **8175**

کوفی' امام ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ' ''المصنف''' المطبعۃ العزیزیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' 1386ھ — **15288**

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام''' دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان — **183/2**

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام''' تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اوّل' 2001ء — **486/3**

حدیث نمبر **880**:

کوفی' امام ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ' ''المصنف''' المطبعۃ العزیزیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' 1386ھ — **15293**

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام''' دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان — **183/2**

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام''' تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اوّل' 2001ء — **486/3**

نہیں ہے جو شخص اپنے احرام کو بھول کر اسے قتل کر دیتا ہے یا اس کی بجائے کسی دوسرے جانور کو مارنے کا ارادہ تھا اور غلطی سے اُسے لگ گیا تو یہ وہ عمد ہے جس کے کفارے کے طور پر جانور دینا پڑے گا۔

881 - اَخْبَرَنَا سَعِيْدٌ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ قَالَ : قُلْتُ لِعَطَاءٍ "فَجَزَاءٌ مِثْلُ مَا قَتَلَ مِنَ النَّعَمِ يَحْكُمُ بِهِ ذَوَا عَدْلٍ مِّنْكُمْ هَدْيًا بَالِغَ الْكَعْبَةِ اَوْ كَفَّارَةٌ طَعَامُ مَسَاكِيْنَ" قَالَ مِنْ اَجْلِ اَنَّهُ اَصَابَهُ فِي حَرَمٍ يُرِيْدُ الْبَيْتَ كَفَّارَةُ ذٰلِكَ عِنْدَ الْبَيْتِ .

✦✦ ابن جریج کہتے ہیں میں نے عطاء سے دریافت کیا (ارشاد باری تعالیٰ ہے) اور جس جانور کو اس نے قتل کیا ہو اس کی مثل اس کی جگہ ہوگی اس کے بارے میں تم میں سے دو عادل لوگ فیصلہ کریں گے' ایسا قربانی کا جانور جو خانہ کعبہ میں پہنچنے والا ہو (یا اس کا بدلہ) غریبوں کو کھانا کھلانا ہوگا''۔

عطاء نے فرمایا ہے: اس کی وجہ یہ ہے کہ اس نے حرم کی حدود میں' ان کی مراد بیت اللہ تھی' ایسا کیا ہے اور اس کا کفارہ بیت اللہ کے پاس ہوگا۔

882 - اَخْبَرَنَا سَعِيْدٌ ' عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ ' عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ فِيْ قَوْلِ اللّٰهِ تَعَالٰى : "فَفِدْيَةٌ مِّنْ صِيَامٍ اَوْ صَدَقَةٍ اَوْ نُسُكٍ" لَهُ اَيَّتُهُنَّ شَاءَ .

✦✦ عمرو بن دینار اللہ تعالیٰ کے اس فرمان کے بارے میں فرماتے ہیں:

''اور روزے کے حوالے سے فدیہ ہوگا یا صدقہ ہوگا یا قربانی ہوگی''

عمرو بن دینار فرماتے ہیں: ان سب میں سے اختیار ہے کہ وہ اس میں کسی کو بھی اختیار کرے۔

اخرج الخمسة الاحاديث من كتاب المناسك .

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے ان تمام روایات کو کتاب المناسک میں نقل کیا ہے۔

باب جزاء ما يصيبه المحرم من الصيد

باب 33: حالت احرام والا شخص جس شکار کو مار دیتا ہے اس کی جزاء

883 - اَخْبَرَنَا سعيد، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عن عطاء اَنَّهُ سَمِعَ ابْنَ عَبَّاسٍ يَقُوْلُ : فِي الضَّبُعِ كَبْشٌ .

✦✦ عطاء بیان کرتے ہیں' انہوں نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے: ''بجو' مارنے پر ایک دنبہ دینا

حدیث نمبر 883

صنعانی' امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام' ''المصنف'' تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی' دار القلم' بیروت' 1970ء	8225
کوفی' امام ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ' ''المصنف'' المطبعۃ العزیزیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' 1386ھ	1396
دارقطنی' امام علی بن عمر' ''السنن'' مکتبۃ المتنبی' قاہرہ' مصر	250/2
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام'' دار المعرفۃ' بیروت' لبنان	192/2
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام'' تحقیق: رفعت فوزی' دار الوفاء' طبع اول' 2001ء	494/3

پڑتا ہے۔

884 - اَخْبَرَنَا سَعِيْدٌ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ عِكْرِمَةَ مَوْلَى ابْنِ عَبَّاسٍ، يَقُوْلُ : اَنْزَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ضَبُعًا صَيْدًا وَّقَضٰى فِيْهَا كَبْشًا .

✦✦ عکرمہ جو حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کے آزاد کردہ غلام ہیں بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے شکار کے طور پر مارے جانے والے ''بجو'' کے بارے میں یہ فیصلہ دیا تھا ''دنبہ'' اس کا بدلہ ہوگا۔

885 - اَخْبَرَنَا مَالِكٌ وَسُفْيَانُ، عَنْ اَبِى الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ اَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ وَقَضٰى فِى الْغَزَالِ بِعَنْزٍ .

✦✦ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے ہرن کے شکار کے بارے میں ''بکری'' (بطور جزا دینے) کا فیصلہ دیا تھا۔

886 - اَخْبَرَنَا مَالِكٌ، وَسُفْيَانُ عَنْ اَبِى الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ اَنَّ عُمَرَ قَضٰى فِى الْاَرْنَبِ بِعَنَاقٍ وَاَنَّ عُمَرَ قَضٰى فِى الْيَرْبُوْعِ بِجَفْرَةٍ .

✦✦ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے خرگوش کے شکار میں ایک بکری کا بچہ (جو ایک سال کا ہونے والا ہو) کا فیصلہ دیا تھا۔ جبکہ یربوع (چوہے کی طرح کا ایک جانور) کے شکار میں بکری کے چار ماہ کے بچے کی ادائیگی کا فیصلہ دیا تھا۔

887 - اَخْبَرَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ، اَخْبَرَنَا مُخَارِقٌ، عَنْ طَارِقِ بْنِ شِهَابٍ قَالَ : خَرَجْنَا حُجَاجًا فَاَوْطَاَ رَجُلٌ مِنَّا يُقَالُ لَهُ اَرْبَدُ ضَبًّا فَفَزَرَ ظَهْرَهُ فَقَدِمْنَا عَلٰى عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فَسَاَلَهُ اَرْبَدُ فَقَالَ احْكُمْ يَا اَرْبَدُ فِيْهِ فَقَالَ اَنْتَ خَيْرٌ مِّنِّىْ يَا اَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَاَعْلَمُ فَقَالَ عُمَرُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اِنَّمَا اَمَرْتُكَ اَنْ تَحْكُمَ فِيْهِ وَلَمْ اٰمُرْكَ اَنْ تُزَكِّيَنِىْ فَقَالَ اَرْبَدُ اَرٰى فِيْهِ جَدْيًا قَدْ جَمَعَ الْمَاءَ وَالشَّجَرَ فَقَالَ عُمَرُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فَذٰلِكَ فِيْهِ

✦✦ طارق بن شہاب بیان کرتے ہیں' ہم لوگ حج کرنے کے لئے روانہ ہوئے' ہم میں سے ایک شخص نے جس کا نام

حدیث نمبر 884:

صنعانی' امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام' ''المصنف'' تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی' دار القلم' بیروت' 1970ء — 8226

دار قطنی' امام علی بن عمر' ''السنن'' مکتبۃ المثنی' قاہرہ' مصر — 254/2

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام'' دار المعرفۃ' بیروت' لبنان — 102/2

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام'' تحقیق: رفعت فوزی' دار الوفاء' طبع اول' 2001ء — 404/3

حدیث نمبر 887:

صنعانی' امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام' ''المصنف'' تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی' دار القلم' بیروت' 1970ء — 8221

کوفی' امام ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ' ''المصنف'' المطبعۃ العزیزیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' 1386ھ — 15616

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام'' دار المعرفۃ' بیروت' لبنان — 194/2

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام'' تحقیق: رفعت فوزی' دار الوفاء' طبع اول' 2001ء — 409/3

اربد تھا اس نے ایک ہرن کے بچے کا شکار کر لیا پھر جب ہم حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس آئے تو ہم نے ان سے اس بارے میں دریافت کیا تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اے اربد! تم خود اس کے بارے میں فیصلہ کرو اس نے عرض کی: اے امیر المؤمنین! آپ مجھ سے بہتر ہیں اور زیادہ جانتے ہیں انہوں نے فرمایا: میں تمہیں یہ ہدایت کرتا ہوں کہ تم اس کے بارے میں فیصلہ کرو میں نے تمہیں یہ نہیں کہا کہ تم میری تعریفیں کرو اربد کہتے ہیں: میرے خیال میں اس میں ایک بکری کا بچہ دینا پڑے گا' تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اس کے بارے میں یہی ہوگا۔

888 - اَخْبَرَنَا مَالِكٌ، اَنَّ اَبَا الزُّبَيْرِ حَدَّثَهُ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدُ اللّٰهِ، اَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَضٰی فِی الضَّبُعِ بِكَبْشٍ وَفِی الْغَزَالِ بِعَنْزٍ وَفِی الْاَرْنَبِ بِعَنَاقٍ وَفِی الْيَرْبُوْعِ بِجَفْرٍ اَوْ جَفْرَةٍ۔

✦✦ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے ''بجو'' کے بارے میں ایک دنبہ دینے کا فیصلہ دیا تھا۔ ہرن کے بارے میں ایک بکری کا بچہ دینے کا فیصلہ دیا تھا۔ خرگوش کے شکار کے بارے میں ایک بکری دینے کا فیصلہ دیا تھا اور یربوع کے شکار کے اندر ایک حفرہ دینے کا فیصلہ دیا تھا۔

889 - اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ عَبْدِ الْكَرِيْمِ الْجَزَرِیِّ عَنْ اَبِیْ عُبَيْدَةَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ عَنْ اَبِيْهِ اَنَّهُ قَضٰی فِی الْيَرْبُوْعِ بِجَفْرٍ اَوْ جَفْرَةٍ۔

✦✦ ابو عبیدہ بن عبداللہ بن مسعود اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: انہوں نے یربوع کے شکار میں ایک جفر یا جفرہ دینے کا فیصلہ دیا تھا۔

890 - اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ، عَنْ مُطَرِّفِ بْنِ طَرِيْفٍ، عَنْ اَبِی السَّفَرِ، اَنَّ عُثْمَانَ بْنَ عَفَّانَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَضٰی

حدیث نمبر 888:

اصحی' ابو عبداللہ مالک بن انس' ''الموطا'' بروایۃ امام محمد بن حسن شیبانی (موطا امام محمد) تحقیق: عبدالوہاب عبداللطیف' المکتبۃ العلمیہ 1503

اصحی' ابو عبداللہ مالک بن انس' ''الموطا'' بروایۃ یحییٰ بن یحییٰ اندلسی' تحقیق: بشار عواد معروف' دار الغرب الاسلامی' بیروت' لبنان (طبع اول) 1996ء 1239

صنعانی' امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام' ''المصنف'' تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی' دار القلم' بیروت' 1970ء 8214

کوفی' امام ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ' ''المصنف'' المطبعۃ العزیزیہ' حیدر آباد دکن' ہندوستان' 1386ھ 1561

موصلی' امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ' ''المسند'' تحقیق: حسین سلیم اسد' دار المامون للتراث' طبع اول' 1987ء 283

بیہقی' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی' ''السنن الکبریٰ'' دائرۃ المعارف النظامیہ' حیدر آباد دکن' ہندوستان' 1344ھ 183/5

شافعی' امام ابو عبداللہ محمد بن ادریس' ''الام'' دار المعرفۃ' بیروت' لبنان 206/2

شافعی' امام ابو عبداللہ محمد بن ادریس' ''الام'' تحقیق: رفعت فوزی' دار الوفاء' طبع اول' 2001ء 531/3

حدیث نمبر 889:

صنعانی' امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام' ''المصنف'' تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی' دار القلم' بیروت' 1970ء 8217

بیہقی' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی' ''السنن الکبریٰ'' دائرۃ المعارف النظامیہ' حیدر آباد دکن' ہندوستان' 1344ھ 184/5

شافعی' امام ابو عبداللہ محمد بن ادریس' ''الام'' دار المعرفۃ' بیروت' لبنان 206/2

شافعی' امام ابو عبداللہ محمد بن ادریس' ''الام'' تحقیق: رفعت فوزی' دار الوفاء' طبع اول' 2001ء 531/3

فِی اُمِّ حُبَیْنٍ بِحُلَّانٍ مِنَ الْغَنَمِ

✦✦ ابوسفر بیان کرتے ہیں حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ نے اُمّ حبین (بڑے پیٹ والا ایک جانور کے شکار میں) بکری کی ادائیگی کا حکم دیا تھا۔

اخرج الخمسة الاحاديث من كتاب المناسك، والسادس فی كتاب اختلاف مالك والشافعی والسابع والثامن من كتاب الحج من الامالی .

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے یہ پانچوں روایات کتاب المناسک میں نقل کی ہیں جبکہ چھٹی روایت کتاب اختلاف مالک وشافعی میں نقل کی ہے، جبکہ ساتویں اور آٹھویں روایت امالی سے تعلق رکھنے والی کتاب الحج میں نقل کی ہے۔

باب الجماعة يصيبون صيدًا

باب 34: جب کچھ لوگ مل کر کسی جانور کا شکار کر لیں

891 - اَخْبَرَنِی الثِّقَةُ، عَنْ حَمَّادِ بْنِ سَلَمَةَ، عَنْ زِيَادٍ مَوْلَی بَنِی مَخْزُوْمٍ وَكَانَ ثِقَةً اَنَّ قَوْمًا حُرُمًا اَصَابُوْا صَيْدًا فَقَالَ لَهُمُ ابْنُ عُمَرَ عَلَيْكُمْ جَزَاءٌ فَقَالُوا عَلٰی كُلِّ وَاحِدٍ مِّنْهَا جَزَاءٌ اَوْ عَلَيْنَا كُلِّنَا جَزَاءٌ وَاحِدٌ فَقَالَ ابْنُ عُمَرَ اَنَّهُ لَمُعَزَّزٌ بِكُمْ بَلْ عَلَيْكُمْ جَزَاءٌ وَّاحِدٌ .

✦✦ زیاد جو بنومخزوم کے آزاد کردہ غلام ہیں اور ثقہ راوی ہیں بیان کرتے ہیں، کچھ لوگوں نے حالت احرام میں مل جل کر ایک شکار کر لیا تو حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے ان سب سے کہا کہ تم سب پر جزاء لازم ہوگی۔ انہوں نے دریافت کیا، کیا ہم میں سے ہر ایک پر ایک جزا لازم ہوگی؟ تو حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے فرمایا: نہیں! بلکہ تم سب پر ایک جزا لازم ہوگی۔

اخرجه من كتاب، مختصر الحج الكبير .

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے اس روایت کو الحج الکبیر کی مختصر میں نقل کیا ہے۔

باب ما فی بيضة النعام والجراد والنهی عن صيد الجراد فی الحرم

باب 35: شتر مرغ کے انڈے، ٹڈی کا حکم، حرم میں ٹڈی کے شکار کی ممانعت

حدیث نمبر **891**:

صنعانی، امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام، "المصنف"، تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی، دارالقلم، بیروت، **1970**ء

دارقطنی، امام علی بن عمر، "السنن"، مکتبۃ المتنبی، قاہرہ، مصر

بیہقی، امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی، "السنن الکبریٰ"، دائرۃ المعارف النظامیہ، حیدرآباد دکن، ہندوستان، **1344**ھ

شافعی، امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس، "الام"، دارالمعرفۃ، بیروت، لبنان

شافعی، امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس، "الام"، تحقیق: رفعت فوزی، دارالوفاء، طبع اول، **2001**ء

87
0/2
4/5
2/5
3/3

892 - اَخْبَرَنَا سَعِيْدُ بْنُ سَالِمٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ بَشِيْرٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْحُصَيْنِ، عَنْ اَبِیْ مُوْسَی الْاَشْعَرِیِّ اَنَّهٗ قَالَ فِیْ بَيْضَةِ النَّعَامَةِ يُصِيْبُهَا الْمُحْرِمُ صَوْمُ يَوْمٍ اَوْ اِطْعَامُ مِسْكِيْنٍ

✦✦ حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں' شتر مرغ کے انڈے کو اگر کوئی حالت احرام والا شخص شکار کر لیتا ہے تو اسے ایک دن کا روزہ رکھنا ہوگا یا ایک مسکین کو کھانا کھلانا ہوگا۔

893 - اَخْبَرَنَا سَعِيْدٌ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ بَشِيْرٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَبِیْ عُبَيْدَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ مِثْلَهٗ .

✦✦ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے منقول ہے۔

894 - اَخْبَرَنَا سَعِيْدٌ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ عَنْ يُوْسُفَ بْنِ مَاهَكَ اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنِ اَبِیْ عَمَّارٍ اَخْبَرَهٗ اَنَّهٗ اَقْبَلَ مَعَ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ وَكَعْبِ الْاَحْبَارِ فِیْ اُنَاسٍ مُحْرِمِيْنَ مِنْ بَيْتِ الْمُقَدَّسِ بِعُمْرَةٍ حَتّٰی اِذَا كُنَّا بِبَعْضِ الطَّرِيْقِ وَكَعْبٌ عَلٰی نَارٍ يَصْطَلِیْ مَرَّتْ بِهٖ رَجُلٌ مِّنْ جَرَادٍ فَاَخَذَ جَرَادَتَيْنِ فَمَلَّهُمَا وَنَسِیَ اِحْرَامَهٗ ثُمَّ ذَكَرَ اِحْرَامَهٗ فَاَلْقَاهُمَا فَلَمَّا قَدِمْنَا الْمَدِيْنَةَ دَخَلَ الْقَوْمُ عَلٰی عُمَرَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ وَدَخَلْتُ مَعَهٗ فَقَصَّ كَعْبٌ قِصَّةَ الْجَرَادَتَيْنِ عَلٰی عُمَرَ فَقَالَ عُمَرُ وَمَنْ بِذٰلِكَ لَعَلَّكَ بِذٰلِكَ يَا كَعْبُ قَالَ نَعَمْ قَالَ عُمَرُ اِنَّ حِمْيَرَ تُحِبُّ الْجَرَادَ قَالَ مَا جَعَلْتَ فِیْ نَفْسِكَ قَالَ دِرْهَمَيْنِ قَالَ بَخٍ دِرْهَمَانِ خَيْرٌ مِّنْ مِائَةِ جَرَادَةٍ اجْعَلْ مَا جَعَلْتَ فِیْ نَفْسِكَ

✦✦ عبداللہ بن ابوعمار بیان کرتے ہیں' وہ حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ اور حضرت کعب احبار رضی اللہ عنہ کے ساتھ' کچھ لوگوں سمیت بیت مقدس سے عمرہ کرنے کے لئے آرہے تھے اور حالت احرام میں تھے راستے میں ایک جگہ پر حضرت کعب رضی اللہ عنہ نے آگ دیکھی جس کے پاس سے ٹڈیوں کا ایک گروہ گزر رہا تھا' انہوں نے دو ٹڈیاں پکڑیں اور انہیں بھون لیا۔ انہیں اپنا احرام یاد نہیں رہا۔ پھر جب انہیں اپنا احرام یاد آیا تو انہوں نے ان کو ایک طرف رکھ دیا جب ہم لوگ مدینہ منورہ آئے اور لوگ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی

حدیث نمبر **892**:

صنعانی' امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام' "المصنف" ' تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی' دارالقلم' بیروت' **1970**ء — **8293**

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام" ' دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان — **191/2**

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام" ' تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفا' طبع اول' **2001**ء — **490/3**

حدیث نمبر **893**:

صنعانی' امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام' "المصنف" ' تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی' دارالقلم' بیروت' **1970**ء — **8293**

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام" ' دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان — **191/2**

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام" ' تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفا' طبع اول' **2001**ء — **490/3**

حدیث نمبر **894**:

طبرانی' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب' "المعجم الکبیر" ' تحقیق: احمدی عبدالمجید سلفی' مطبعۃ الزہراء الحدیثۃ' موصل' عراق (طبع ثانی) — **8248**

بیہقی' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی' "السنن الکبریٰ" ' دائرۃ المعارف النظامیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' **1344**ھ — **206/5**

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام" ' دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان — **195/2**

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام" ' تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفا' طبع اول' **2001**ء — **504/3**

خدمت میں حاضر ہوئے تو میں بھی ان کے ساتھ حاضر ہوا حضرت کعب نے دو ٹڈیوں کا واقعہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو سنایا تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: وہ کون شخص تھا۔ اے کعب! شاید تم نے ایسا کیا تھا' انہوں نے عرض کی: جی ہاں' حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: یمن کے رہنے والے لوگ ٹڈیوں کو پسند کرتے ہیں۔ پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے دریافت کیا تمہارے خیال میں اس کا کیا بدلہ ہونا چاہیے تو انہوں نے جواب دیا: دو درہم' حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: دو درہم بہت ہیں' دو درہم تو سو ٹڈیوں سے بھی بہتر ہوتے ہیں' بہرحال تم وہی کرو جو تم نے اپنے ذہن میں مقرر کیا ہے۔

895 - اَخْبَرَنَا سعيد، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، قَالَ : سَمِعْتُ عَطَاءً يَقُوْلُ سُئِلَ ابْنُ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا عَنْ صَيْدِ الْجَرَادِ فِي الْحَرَمِ فَقَالَ لَا وَنَهٰى عَنْهُ قَالَ اَمَا قُلْتَ لَهُ اَوْ رَجُلٌ مِنَ الْقَوْمِ فَاِنَّ قَوْمَكَ يَاْخُذُوْنَهُ وَهُمْ مُحْتَبُوْنَ فِي الْمَسْجِدِ فَقَالَ لَا يَعْلَمُوْنَ .

✧✧ ابن جریج بیان کرتے ہیں' میں نے عطاء کو یہ بیان کرتے ہوئے سنا ہے: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے حرم کی حدود میں ٹڈیوں کے شکار کے بارے میں دریافت کیا گیا تو انہوں نے فرمایا: (جائز) نہیں اور انہوں نے اس سے منع کر دیا' راوی کہتے ہیں حاضرین میں سے ایک شخص نے ان سے کہا' آپ کی قوم انہیں پکڑ لیتی ہے حالانکہ وہ لوگ مسجد میں احتباء کی حالت میں ہوتے ہیں' تو حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: ان لوگوں کو علم نہیں ہے۔

896 - اَخْبَرَنَا مُسْلِمٌ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ مِثْلَهُ، اِلَّا اَنَّهُ قَالَ مُنْحَنُوْنَ وَرَوَى الْحُفَّاظُ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ وَهُمْ مُنْحَنُوْنَ وَهُوَ اَفْصَحُ .

✧✧ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ حضرات ابن عباس رضی اللہ عنہما سے منقول ہے تاہم اس میں ''احتباء'' کی بجائے ''انحناء'' موجود ہے۔

حفاظ نے ابن جریج کے حوالے سے لفظ انحناء نقل کیا ہے اور یہ زیادہ درست ہے۔

897 - اَخْبَرَنَا سَعِيْدٌ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، قَالَ : اَخْبَرَنِىْ بُكَيْرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ سَمِعْتُ الْقَاسِمَ يَقُوْلُ كُنْتُ جَالِسًا عِنْدَ ابْنِ عَبَّاسٍ فَسَاَلَهُ رَجُلٌ عَنْ جَرَادَةٍ قَتَلَهَا وَهُوَ مُحْرِمٌ فَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ فِيْهَا قَبْضَةٌ مِنْ طَعَامٍ وَلَيَاْخُذَنَّ بِقَبْضَةٍ جَرَادَاتٍ وَلٰكِنْ وَلَوْ .

حدیث نمبر 895:

صنعانی' امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام' ''المصنف'' تحقیق: عبدالرحمن اعظمی' دارالقلم' بیروت' 1970ء — 8243

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام'' دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان — 198/2

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام'' تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اوّل' 2001ء — 511/3

حدیث نمبر 896:

بیہقی' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی' ''السنن الکبریٰ'' دائرۃ المعارف النظامیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' 1344ھ — 207/5

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام'' دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان — 198/2

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام'' تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اوّل' 2001ء — 511/3

قَالَ الشَّافِعِیُّ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَوْلُهُ وَلَيَأْخُذَنَّ بِقَبْضَةٍ جَرَادَاتٍ اَیْ اِنَّمَا فِيْهَا الْقِيْمَةُ وَقَوْلُهُ وَلَوْ يَقُوْلُ يُحْتَاطُ فَيُخْرِجُ اَكْثَرَ مِمَّا عَلَيْكَ بَعْدَ مَا اَعْلَمْتُكَ اَنَّهُ اَكْثَرُ مِمَّا عَلَيْكَ .

✦✦ بکر بن عبداللہ بیان کرتے ہیں' انہوں نے قاسم کو یہ بیان کرتے ہوئے سنا ہے' میں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کے پاس بیٹھا ہوا تھا ایک شخص آیا اس نے ان سے ٹڈیوں کے بارے میں سوال کیا جنہیں حالت احرام والا شخص قتل کر دیتا ہے؟ تو حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: اس کو مٹھی بھر اناج دینا ہوگا اور وہ مٹھی بھر ٹڈیاں لے۔

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: وہ مٹھی بھر ٹڈیاں لے گا کا مطلب یہ ہے: یہ ان کی قیمت ہوگی اور ان کا یہ کہنا کہ اگر اس کا مطلب یہ ہے کہ وہ اس کی قیمت میں احتیاط کرے اور تم پر جو لازم ہے اس سے زیادہ کھالے باوجود اس کے کہ میں تمہیں یہ بتا چکا ہوں کہ اس سے زیادہ ہے جو تم پر لازم ہوتا ہے۔

898 - اَخْبَرَنَا مُسْلِمٌ وَسَعِيْدٌ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ بُكَيْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنِ الْقَاسِمِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ رَجُلًا سَاَلَهُ عَنْ مُحْرِمٍ اَصَابَ جَرَادَةً فَقَالَ يَصَدَّقُ بِقَبْضَةٍ مِّنْ طَعَامٍ وَقَالَ بْنُ عَبَّاسٍ لَيَأْخُذَنَّ بِقَبْضَةٍ جَرَادَاتٍ وَّلٰكِنْ عَلٰى ذٰلِكَ رَاَىٰ

✦✦ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے ایک شخص نے دریافت کیا' حالت احرام والے شخص کے بارے میں جو ٹڈی مار دیتا ہے تو حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: وہ مٹھی بھر اناج صدقہ کرے گا' پھر حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: وہ مٹھی بھر ٹڈیاں حاصل کر سکتا ہے لیکن یہ اس کی اپنی رائے کے مطابق ہوگا۔

اخرج الستة الاحاديث من كتاب المناسك ' والسابع من كتاب مختصر الحج الكبير .

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے پہلی چھ روایات کتاب المناسک میں نقل کی ہیں' جبکہ ساتویں روایت الحج الکبیر کی مختصر میں نقل کی ہے۔

باب فی حمام مكة

باب 36: مکہ کے کبوتروں کا حکم

899 - اَخْبَرَنَا سَعِيْدُ بْنُ سَالِمٍ، عَنْ عُمَرَ بْنِ سَعِيْدِ بْنِ اَبِی حُسَيْنٍ ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ كَثِيْرِ الدَّارِيِّ، عَنْ

حدیث نمبر **897**

صنعانی' امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام' المصنف' تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی' دار القلم' بیروت' 1970ء، **8244**

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام" دار المعرفۃ' بیروت' لبنان **198/2**

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام" تحقیق: رفعت فوزی' دار الوفاء' طبع اول' 2001ء **505/3**

حدیث نمبر **898**

بیہقی' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی' السنن الکبریٰ' دائرۃ المعارف النظامیہ' حیدرآباد دکن' ہند' سان' 1344ھ **206/5**

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام" دار المعرفۃ' بیروت' لبنان **207/2**

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام" تحقیق: رفعت فوزی' دار الوفاء' طبع اول' 2001ء **536/3**

طَلْحَةَ بْنِ اَبِیْ حُصَیْفَةَ، عَنْ نَافِعِ بْنِ عَبْدِ الْحَارِثِ قَالَ : قَدِمَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ مَكَّةَ فَدَخَلَ دَارَ النَّدْوَةِ فِیْ یَوْمِ الْجُمُعَةِ فَاَرَادَ اَنْ یَسْتَقْرِبَ مِنْهَا الرَّوَاحَ اِلَی الْمَسْجِدِ فَاَلْقٰی رِدَاءَهُ عَلٰی وَاقِفٍ فِی الْبَیْتِ فَوَقَعَ عَلَیْهِ طَیْرٌ مِّنْ هٰذَا الْحَمَامِ فَاَطَارَهُ فَانْتَهَزَتْهُ حَیَّةٌ فَقَتَلَتْهُ فَلَمَّا صَلَّی الْجُمُعَةَ دَخَلْتُ عَلَیْهِ اَنَا وَعُثْمَانُ بْنُ عَفَّانَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ فَقَالَ احْكُمَا عَلَیَّ فِیْ شَیْءٍ صَنَعْتُهُ الْیَوْمَ اِنِّیْ دَخَلْتُ هٰذِهِ الدَّارَ وَاَرَدْتُ اَنْ اَسْتَقْرِبَ مِنْهَا الرَّوَاحَ اِلَی الْمَسْجِدِ فَاَلْقَیْتُ رِدَائِیْ عَلٰی هٰذَا الْوَاقِفِ فَوَقَعَ عَلَیْهِ طَیْرٌ مِّنْ هٰذَا الْحَمَامِ فَخَشِیْتُ اَنْ یَلْطَخَهُ بِسَلْحِهٖ فَاَطَرْتُهُ عَنْهُ فَوَقَعَ عَلٰی هٰذَا الْوَاقِفِ الْاٰخَرِ فَانْتَهَزَتْهُ حَیَّةٌ فَقَتَلَتْهُ فَوَجَدْتُ فِیْ نَفْسِیْ اَنِّیْ اَطَرْتُهُ مِنْ مَنْزِلٍ كَانَ فِیْهِ اٰمِنًا اِلٰی مَوْقِعِهٖ كَانَ فِیْهَا حَتْفُهُ فَقُلْتُ لِعُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ كَیْفَ تَرٰی فِیْ عَنْزٍ ثَنِیَّةٍ عَفْرَاءَ نَحْكُمُ بِهَا عَلٰی اَمِیْرِ الْمُؤْمِنِیْنَ قَالَ اَرٰی ذٰلِكَ فَاَمَرَ بِهَا عُمَرُ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ .

✧✧ نافع بن عبد حارث بیان کرتے ہیں' حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ مکہ تشریف لائے آپ جمعہ کے دن دار ندوہ میں داخل ہوئے تاکہ وہاں سے جلدی مسجد میں چلے جائیں۔ انہوں نے اپنی چادر گھر کی دیوار پر رکھ دی ان کبوتروں میں سے ایک پرندہ اس پر آ کر بیٹھ گیا حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اسے اڑایا تو ایک سانپ نے اس پر حملہ کر کے اسے مار دیا جب انہوں نے جمعہ کی نماز ادا کر لی تو میں ان کے پاس آیا میں بھی تھا اور حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ بھی تھے حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: آپ دونوں میرے بارے میں فیصلہ کریں' میں نے جو آج کیا ہے اس میں مجھے کیا دینا ہوگا؟ میں گھر میں داخل ہوا میرا مقصد یہ تھا کہ میں مسجد جلدی چلا جاؤں گا۔ میں نے چادر ایک دیوار کے اوپر رکھ دی ایک کبوتر اس پر آ کر بیٹھ گیا مجھے یہ ڈر ہوا کہ کہیں یہ اس کے اوپر بیٹ نہ کر دے میں نے اسے اڑا دیا وہ وہاں سے اُٹھ کر ایک دوسری دیوار پر آ گیا۔ وہاں ایک سانپ نے اس پر حملہ کر کے اسے مار دیا' مجھے اب یہ الجھن ہو رہی ہے کہ میں نے اسے ایک ایسی جگہ سے اٹھایا جہاں پر وہ امن کی حالت میں تھا' اور ایسی جگہ پر بھیج دیا جہاں پر اس کی موت آئی ہوئی تھی۔ راوی کہتے ہیں میں نے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ سے کہا آپ اس بارے میں کیا خیال کرتے ہیں' بکری کا بچہ ٹھیک رہے گا۔ ہم اس حوالے سے امیر المومنین کے بارے میں فیصلہ دے دیتے ہیں تو حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میری بھی یہی رائے ہے تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اس کے مطابق حکم دیا۔

900 - اَخْبَرَنَا سَعِیْدٌ، عَنِ ابْنِ جُرَیْجٍ، عَنْ عَطَاءٍ اَنَّ عُثْمَانَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ حُمَیْدٍ قَتَلَ ابْنٌ لَهٗ حَمَامَةً فَجَاءَ ابْنَ عَبَّاسٍ فَقَالَ لَهٗ ذٰلِكَ فَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ تَذْبَحُ شَاةً فَتَصَدَّقَ بِهَا قَالَ ابْنُ جُرَیْجٍ فَقُلْتُ لِعَطَاءٍ اَمِنْ حَمَامِ مَكَّةَ ؟ قَالَ نَعَمْ .

حدیث نمبر **899**:

صنعانی' امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام' "المصنف" ' تحقیق: عبدالرحمن اعظمی' دار القلم بیروت' **1970**ء	**8286**
کوفی' امام ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ' "المصنف" "المطبعۃ العزیزیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' **1386**ھ	**15220**
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام" ' دار المعرفۃ' بیروت' لبنان	**195/2**
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام" ' تحقیق: رفعت فوزی' دار الوفاء' طبع اول' **2001**ء	**502/3**

✦✦ عثمان بن عبداللہ بیان کرتے ہیں ان کے بیٹے نے ایک کبوتر ماردیا تو وہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کے پاس آیا حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: تم ایک بکری ذبح کر کے اس کو صدقہ کردو! ابن جریج کہتے ہیں میں نے عطاء سے دریافت کیا' کو کہا کہ کیا وہ مکہ کے کبوتروں میں سے ایک کبوتر تھا تو انہوں نے جواب دیا جی ہاں!

901 - اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ، عَنْ عَطَاءٍ اَنَّ غُلَامًا مِّنْ قُرَيْشٍ قَتَلَ حَمَامَةً مِّنْ حَمَامِ مَكَّةَ فَاَمَرَ ابْنُ عَبَّاسٍ اَنْ يَّفْتَدِيْ عَنْهُ بِشَاةٍ .

✦✦ عطاء بیان کرتے ہیں' قریش کے ایک لڑکے نے مکہ کے کبوتروں میں سے ایک کبوتر ماردیا تو حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے اسے یہ ہدایت کی کہ وہ فدیہ کے طور پر ایک بکری دے۔

اخرج الحديثين من كتاب المناسك ' والثالث من كتاب الحج من الامالى .

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے پہلی دو روایات کتاب المناسک میں نقل کی ہیں جبکہ تیسری روایت کتاب الحج میں نقل کی ہے جو امالی سے تعلق رکھتی ہے۔

باب لحم الصيد في الاحرام

باب 37: حالت احرام میں شکار کا گوشت (کھانا)

902 - اَخْبَرَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ اَبِيْ عَمْرٍو، عَنِ الْمُطَّلِبِ بْنِ حَنْطَبٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ : لَحْمُ الصَّيْدِ لَكُمْ فِي الْاِحْرَامِ حَلَالٌ مَا لَمْ تَصِيْدُوْهُ اَوْ يُصَادَ لَكُمْ .

حدیث نمبر 900:

صنعانی' امام' ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام' "المصنف" 'تحقیق: عبدالرحمن اعظمی' دار القلم' بیروت' 1970ء — 8264

بیہقی' امام' ابوبکر احمد بن حسین بن علی' "السنن الکبریٰ" ' دائرۃ المعارف النظامیہ' حیدر آباد دکن' ہندوستان' 1344ھ — 205/5

شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام" ' دار المعرفۃ' بیروت' لبنان — 195/2

شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام" ' تحقیق: رفعت فوزی' دار الوفاء' طبع اوّل' 2001ء — 503/3

حدیث نمبر 901:

صنعانی' امام' ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام' "المصنف" ' تحقیق: عبدالرحمن اعظمی' دار القلم' بیروت' 1970ء — 8265

شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام" ' دار المعرفۃ' بیروت' لبنان — 195/2

شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام" ' تحقیق: رفعت فوزی' دار الوفاء' طبع اوّل' 2001ء — 503/3

حدیث نمبر 902:

دار قطنی' امام' علی بن عمر' "السنن" ' مکتبۃ المتنبی' قاہرہ' مصر — 290/2

صنعانی' امام' ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام' "المصنف" ' تحقیق: عبدالرحمن اعظمی' دار القلم' بیروت' 1970ء — 8349

سجستانی' امام' ابوداؤد سلیمان بن اشعث' "السنن" ' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان — 851

✦✦ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' نبی اکرم نے ارشاد فرمایا ہے: حالت احرام میں شکار کا گوشت کھانا تمہارے لئے حلال ہے جبکہ تم نے خود اسے شکار نہ کیا ہو اور نہ ہی کسی دوسرے نے اسے تمہارے لیے شکار کیا ہو۔

903 - اَخْبَرَنَا مَنْ سَمِعَ سُلَيْمَانَ، يُحَدِّثُ عَنْ عَمْرِو بْنِ اَبِىْ عَمْرٍو، وَبِهٰذَا الْاِسْنَادِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، هٰكَذَا .

✦✦ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے منقول ہے۔

904 - اَخْبَرَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ مُحَمَّدٍ الدَّرَاوَرْدِيُّ، عَنْ عَمْرِو بْنِ اَبِىْ عَمْرٍو، عَنْ رَجُلٍ مِنْ بَنِىْ سَلَمَةَ، عَنْ جَابِرٍ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، هٰكَذَا .

✦✦ یہی روایت ایک اور سند کے حوالے سے جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما کے حوالے سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے منقول ہے۔

905 - قَالَ الشَّافِعِيُّ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ : وَابْنُ اَبِىْ يَحْيٰى اَحْفَظُ مِنَ الدَّرَاوَرْدِيِّ، وَسُلَيْمَانُ مَعَ ابْنِ اَبِىْ يَحْيٰى .

✦✦ امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: ابن ابی یحییٰ نامی راوی دراوردی نامی راوی سے زیادہ حافظ ہیں اور سلیمان نامی راوی ابن ابی یحییٰ کے ہم پلہ ہیں۔

906 - اَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنِ الصَّعْبِ بْنِ جَثَّامَةَ، اَنَّهُ اَهْدٰى لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِمَارًا وَّحْشِيًّا وَّهُوَ بِالْاَبْوَاءِ اَوْ بِوَدَّانَ فَرَدَّهُ عَلَيْهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

بقیہ حاشیہ حدیث نمبر **902**:

ترمذی' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ' "الجامع الکبیر" تحقیق: ڈاکٹر بشار عواد معروف' دار الغرب الاسلامی' بیروت **1996**ء — **846**

نسائی' امام احمد بن شعیب' "المجتبیٰ من السنن" دار الحدیث' قاہرہ' مصر **1407**ھ-**1987**ء — **1817/5**

نسائی' امام احمد بن شعیب "السنن الکبریٰ" تحقیق: سلیمان بنداری' سید کسروی' دار الکتب العلمیہ **1991**ء — **3810**

نیشاپوری' امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ "الصحیح" شرکۃ الطباعۃ العربیہ' ریاض' الطبعۃ الثانیہ **1981**ء — **2641**

طحاوی' امام ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ "شرح معانی الآثار" تحقیق: محمد جادالحق' مطبعۃ الانوار المحمدیہ' مصر — **171/2**

تمیمی' امام ابوحاتم محمد بن حبان' "صحیح ابن حبان"' دار الفکر' بیروت' طبع اوّل **1996**ء — **3874**

الفارسی' امام امیر ابن بلبان' "الاحسان فی تقریب صحیح ابن حبان" موسسۃ الرسالہ' بیروت' طبع اوّل [illegible] — **3871**

دارقطنی' امام علی بن عمر' "السنن" مکتبۃ المتنبی' قاہرہ' مصر — **290/2**

دارمی' امام ابومحمد عبداللہ بن عبدالرحمٰن' "السنن" تحقیق: عبداللہ ہاشم یمانی' دار المحاسن' قاہرہ **1966**ء — **25/1**

بیہقی' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی' "السنن الکبریٰ" دائرۃ المعارف النظامیہ' حیدر آباد دکن' ہندوستان **1344**ھ — **190/5**

حدیث نمبر **904**:

دارقطنی' امام علی بن عمر' "السنن" مکتبۃ المتنبی' قاہرہ' مصر — **290/2**

شیبانی' امام احمد بن محمد بن حنبل' "المسند" المطبعۃ المیمنیہ' مصر — **387/3**

طحاوی' امام ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ "شرح معانی الآثار" تحقیق: محمد جادالحق' مطبعۃ الانوار المحمدیہ' مصر — **171/2**

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَلَمَّا رَاى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا فِيْ وَجْهِهٖ، قَالَ : اِنَّا لَمْ نَرُدَّهُ عَلَيْكَ اِلَّا اَنَّا حُرُمٌ .

✦✦ حضرت صعب بن جثامہ بیان کرتے ہیں انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں ایک نیل گائے کا گوشت پیش کیا آپ اس وقت ''ابواء'' یا شاید ''ودان'' کے مقام پر تھے تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے واپس کر دیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے میرے چہرے پر (غم کے) آثار دیکھے تو آپ نے فرمایا: ہم نے تمہیں یہ اس لیے واپس کئے ہیں کیونکہ ہم حالت احرام میں ہیں۔

987 - اَخْبَرَنَا مُسْلِمٌ، وَسَعِيْدُ بْنُ سَالِمٍ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، وَاَخْبَرَنِيْ مَالِكٌ، عَنْ اَبِي النَّضْرِ مَوْلٰى عُمَرَ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ التَّيْمِيِّ، عَنْ نَافِعٍ مَوْلٰى اَبِيْ قَتَادَةَ، عَنْ اَبِيْ قَتَادَةَ الْاَنْصَارِيِّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّهُ كَانَ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى اِذَا كَانَ بِبَعْضِ طَرِيْقِ مَكَّةَ تَخَلَّفَ مَعَ اَصْحَابٍ لَهُ مُحْرِمِيْنَ وَهُوَ غَيْرُ مُحْرِمٍ، فَرَاَى حِمَارًا وَحْشِيًّا فَاسْتَوٰى عَلٰى فَرَسِهٖ فَسَاَلَ اَصْحَابَهٗ اَنْ يُنَاوِلُوْهُ سَوْطَهٗ فَاَبَوْا، فَسَاَلَهُمْ رُمْحَهٗ فَاَبَوْا، فَاَخَذَ رُمْحَهٗ فَشَدَّ عَلَى الْحِمَارِ فَقَتَلَهٗ، فَاَكَلَ مِنْهُ بَعْضُ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَبٰى بَعْضُهُمْ، فَلَمَّا اَدْرَكُوا النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَاَلُوْهُ عَنْ ذٰلِكَ، فَقَالَ : اِنَّمَا هِيَ طُعْمَةٌ اَطْعَمَكُمُوْهَا اللّٰهُ تَعَالٰى

حدیث نمبر 986:

اصحی' ابوعبداللہ مالک بن انس' ''المؤطا'' بروایہ امام محمد بن حسن شیبانی (مؤطا امام محمد) تحقیق: عبدالوہاب عبداللطیف' المکتبۃ العلمیہ	441
اصحی' ابوعبداللہ مالک بن انس' ''المؤطا'' بروایہ یحیٰی بن یحیٰی اندلسی' تحقیق: بشار عواد معروف' دارالغرب الاسلامی' بیروت' لبنان (طبع اول) 1996ء	1015
طیالسی' امام ابوداؤد سلیمان بن داؤد' ''المسند'' دارالمعرفۃ' بیروت لبنان	1229
صنعانی' امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام' ''المصنف'' تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی' دارالقلم' بیروت' 1970ء	8322
حمیدی' امام ابوبکر عبداللہ بن زبیر' ''المسند'' عالم الکتب' بیروت' مکتبۃ المتنبی' قاہرہ' مصر	8783
کوفی' امام ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ' ''المصنف'' المطبعۃ العزیزیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' 1386ھ	14471
شیبانی' امام احمد بن محمد بن حنبل' ''المسند'' المطبعۃ المیمنیہ' مصر	280/1
بخاری' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل' ''الجامع الصحیح'' (رقم الحدیث من فتح الباری)	1825
نیشاپوری' امام مسلم بن حجاج' ''الجامع الصحیح'' تحقیق و ترقیم: فؤاد عبدالباقی' دارالحدیث' قاہرہ' مصر	1193
ترمذی' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ' ''الجامع الکبیر'' تحقیق: ڈاکٹر بشار عواد معروف' دارالغرب الاسلامی' بیروت 1998ء	849
قزوینی' امام محمد بن یزید ابن ماجہ' ''السنن'' تحقیق: بشار عواد معروف' دارالجیل' بیروت' 1998ء	3090
نسائی' امام احمد بن شعیب' ''المجتبیٰ من السنن'' دارالحدیث' قاہرہ' مصر 1407ھ-1987ء	183/5
نسائی' امام احمد بن شعیب' ''السنن الکبریٰ'' تحقیق: سلیمان بنداری' سید کسروی' دارالکتب العلمیہ' 1991ء	28301
نیشاپوری' امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ ''الصحیح'' شرکۃ الطباعۃ العربیہ' ریاض' الطبعۃ الثانیہ' 1981ء	2637
طحاوی' امام ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ' ''شرح معانی الآثار'' تحقیق: محمد جاد الحق' مطبعۃ الانوار المحمدیہ' مصر	170/2
تمیمی' امام ابوحاتم محمد بن حبان' ''صحیح ابن حبان'' دارالفکر' بیروت' طبع اول' 1996ء	3970
الفارسی' امام امیر ابن بلبان' ''الاحسان فی تقریب صحیح ابن حبان'' موسسۃ الرسالہ' بیروت' طبع اول' 1988ء	3967
طبرانی' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب' ''المعجم الکبیر'' تحقیق: حمدی عبدالمجید سلفی' مطبعۃ الزہراء الحدیثہ' موصل' عراق (طبع ثانی)	7430
بیہقی' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی' ''السنن الکبریٰ'' دائرۃ المعارف النظامیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' 1344ھ	191/5

✦✦ حضرت ابوقتادہ انصاری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' ہم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ مکہ کے راستے میں موجود تھے۔ درمیان میں کسی جگہ وہ کسی وجہ سے اپنے ساتھیوں سمیت پیچھے رہ گئے جو حالت احرام میں تھے۔ حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ حالت احرم میں نہیں تھے۔ انہوں نے ایک نیل گائے کو دیکھا تو اپنے گھوڑے پر سوار ہوئے اور اپنے ساتھیوں سے کہا کہ وہ انہیں ان کا کوڑا پکڑا دیں۔ ان کے ساتھیوں نے انکار کردیا۔ حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ نے ان سے نیزہ مانگا تو انہوں نے اس پر بھی انکار کردیا۔ پھر حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ نے خود ہی اپنا نیزہ پکڑا اور اسے نیل گائے پر حملہ کر کے اسے مار دیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے کچھ اصحاب نے اس کا گوشت کھا لیا اور کچھ نے کھانے سے انکار کردیا۔ جب یہ حضرات نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تک پہنچے تو آپ سے اس بارے میں دریافت کیا تو آپ نے فرمایا یہ وہ خوراک ہے جو اللہ تعالیٰ نے تم لوگوں کو کھلائی ہے۔

908 - اَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ اَبِيْ قَتَادَةَ، فِي الْحِمَارِ الْوَحْشِيِّ، مِثْلَ حَدِيْثِ اَبِي النَّضْرِ، اِلا اَنَّ فِيْ حَدِيْثِ زَيْدٍ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ : هَلْ مَعَكُمْ مِنْ لَحْمِهِ مِنْ شَيْءٍ .

حدیث نمبر **907**:

اصحی' ابوعبداللہ مالک بن انس' "الموطا" بروایۃ امام محمد بن حسن شیبانی (موطا امام محمد) تحقیق: عبدالوہاب عبداللطیف' المکتبۃ العلمیہ **443**

اصحی' ابوعبداللہ مالک بن انس' "الموطا" بروایۃ یحییٰ بن یحییٰ اندلسی' تحقیق: بشار عواد معروف' دار الغرب الاسلامی' بیروت' لبنان (طبع اوّل) **1996**ء **1005**

صنعانی' امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام' "المصنف" ' تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی' دار القلم' بیروت' **1970**ء **8338**

بخاری' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل' "الجامع الصحیح" (رقم الحدیث من فتح الباری) **1823**

نیشاپوری' امام مسلم بن حجاج' "الجامع الصحیح" ' تحقیق و ترقیم: فؤاد عبدالباقی' دار الحدیث' قاہرہ' مصر **1196**

سجستانی' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث' "السنن" ' داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **1852**

ترمذی' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ' "الجامع الکبیر" ' تحقیق: ڈاکٹر بشار عواد معروف' دار الغرب الاسلامی' بیروت **1996**ء **847**

نسائی' امام احمد بن شعیب' "المجتبیٰ من السنن" ' دار الحدیث' قاہرہ' مصر **1407**ھ-**1987**ء **182/5**

نسائی' امام احمد بن شعیب' "السنن الکبریٰ" ' تحقیق: سلیمان بنداری' سید کسروی' دار الکتب العلمیہ' **1991**ء **3798**

تمیمی' امام ابوحاتم محمد بن حبان' "صحیح ابن حبان" ' دار الفکر' بیروت' طبع اوّل' **1996**ء **3978**

الفارسی' امام امیر ابن بلبان' "الاحسان فی تقریب صحیح ابن حبان" موسسۃ الرسالہ' بیروت' طبع اوّل' **1988**ء **3975**

بیہقی' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی' "السنن الکبریٰ" ' دائرۃ المعارف النظامیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' **1344**ھ **187/5**

حدیث نمبر **908**:

اصحی' ابوعبداللہ مالک بن انس' "الموطا" بروایۃ امام محمد بن حسن شیبانی (موطا امام محمد) تحقیق: عبدالوہاب عبداللطیف' المکتبۃ العلمیہ **1007**

صنعانی' امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام' "المصنف" ' تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی' دار القلم' بیروت' **1970**ء **8350**

شیبانی' امام احمد بن محمد بن حنبل' "المسند" ' المطبعۃ المیمنیہ' مصر **301/5**

نسائی' امام احمد بن شعیب' "السنن الکبریٰ" ' تحقیق: سلیمان بنداری' سید کسروی' دار الکتب العلمیہ' **1991**ء **2870**

نیشاپوری' امام مسلم بن حجاج' "الجامع الصحیح" ' تحقیق و ترقیم: فؤاد عبدالباقی' دار الحدیث' قاہرہ' مصر **1196**

طحاوی' امام ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ' "شرح معانی الآثار" ' تحقیق: محمد جاد الحق' مطبعۃ الانوار المحمدیہ' مصر **173/2**

✦✦ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ منقول ہے۔تاہم اس میں یہ الفاظ زائد ہیں' نبی اکرم ﷺ نے دریافت کیا' کیا تمہارے پاس اس کا کچھ گوشت ہے؟

909 - اَخبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِىْ بَكْرٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَامِرِ بْنِ رَبِيْعَةَ قَالَ : رَاَيْتُ عُثْمَانَ بْنَ عَفَّانَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ بِالْعَرْجِ فِىْ يَوْمٍ صَائِفٍ وَهُوَ مُحْرِمٌ وَقَدْ غَطّٰى وَجْهَهُ بِقَطِيْفَةِ اَرْجُوَانٍ ثُمَّ اُتِىَ بِلَحْمِ صَيْدٍ فَقَالَ لِاَصْحَابِهِ كُلُوْا قَالُوْا اَلَا تَاْكُلُ اَنْتَ قَالَ اِنِّىْ لَسْتُ كَهَيْئَتِكُمْ اِنَّمَا صِيْدَ مِنْ اَجْلِىْ .

✦✦ عبداللہ بن عامر بیان کرتے ہیں' ہم نے حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کو عرج کے مقام پر دیکھا وہ گرمی کا دن تھا۔حضرت عثمان رضی اللہ عنہ حالت احرام میں تھے۔انہوں نے ایک ارجوانی چادر کے ذریعے اپنے چہرے کو ڈھانپا ہوا تھا۔پھر ان کی خدمت میں شکار کا گوشت لایا گیا تو انہوں نے اپنے ساتھیوں سے کہا تم لوگ کھالو۔انہوں نے دریافت کیا کہ آپ نہیں کھائیں گے۔انہوں نے جواب دیا: میں تمہاری مانند نہیں ہوں۔اسے میرے لئے شکار کیا گیا ہے۔

اخرج السبعة الاحاديث من الجزء الثاني من اختلاف الحديث ' والثامن من كتاب اختلاف مالك والشافعي .

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے پہلی سات روایات کتاب اختلاف الحدیث کے دوسرے جزء میں نقل کی ہیں جبکہ آٹھویں روایت کتاب اختلاف مالک وشافعی میں نقل کی ہے۔

باب ما يجوز للمحرم قتله

باب 38: حالت احرام والے شخص کے لئے (کون سے جانور) کو مارنا جائز ہے

910 - اَخبَرَنَا مَالِكٌ ، عَنْ نَافِعٍ ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُمَا ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ : خَمْسٌ مِنَ الدَّوَابِّ لَيْسَ عَلَى الْمُحْرِمِ فِىْ قَتْلِهِنَّ جُنَاحٌ : اَلْغُرَابُ ، وَالْحِدَاَةُ ، وَالْعَقْرَبُ ، وَالْفَارَةُ ، وَالْكَلْبُ الْعَقُوْرُ .

حدیث نمبر 909:

اکمی' ابوعبداللہ مالک بن انس' "المؤطا" بروایۃ امام محمد بن حسن شیبانی (مؤطا امام محمد) تحقیق: عبدالوہاب عبداللطیف' المکتبۃ العلمیہ	417
اکمی' ابوعبداللہ مالک بن انس' "المؤطا" بروایۃ یحییٰ بن یحییٰ اندلسی' تحقیق: بشار عواد معروف' دار الغرب الاسلامی' بیروت' لبنان (طبع اول) 1996ء	1016
بیہقی' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی' "السنن الکبریٰ" دائرۃ المعارف النظامیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' 1344ھ	191/5
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام" دار المعرفۃ' بیروت' لبنان	241/7
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام" تحقیق: رفعت فوزی' دار الوفاء' طبع اول' 2001ء	647/8

حدیث نمبر 910:

اکمی' ابوعبداللہ مالک بن انس' "المؤطا" بروایۃ امام محمد بن حسن شیبانی (مؤطا امام محمد) تحقیق: عبدالوہاب عبداللطیف' المکتبۃ العلمیہ	427
اکمی' ابوعبداللہ مالک بن انس' "المؤطا" بروایۃ یحییٰ بن یحییٰ اندلسی' تحقیق: بشار عواد معروف' دار الغرب الاسلامی' بیروت' لبنان (طبع اول) 1996ء	1027
طیالسی' امام ابوداؤد سلیمان بن داؤد' "المسند" دار المعرفۃ' بیروت' لبنان	1869

✧✧ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' نبی اکرم نے ارشاد فرمایا ہے: پانچ طرح کے جانوروں میں سے کسی ایک کو مارنے پر حالت احرام والے شخص کو گناہ نہیں ہوگا۔ کوا، چیل، بچھو، چوہا اور باؤلا کتا۔

911 - اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ ، عَنِ ابْنِ اَبِیْ عَمَّارٍ قَالَ : رَاَيْتُ ابْنَ عُمَرَ يَرْمِیْ غُرَابًا بِالْبَيْدَاءِ وَهُوَ مُحْرِمٌ .

✧✧ ابن ابی عمار بیان کرتے ہیں' میں نے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کو دیکھا انہوں نے بیداء کے مقام پر کوے کو کنکری ماری۔

بقیہ حاشیہ حدیث نمبر **910**:

صنعانی' امام' ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام' "المصنف" تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی' دارالقلم' بیروت' **1970**ء — **8375**

حمیدی' امام' ابوبکر عبداللہ بن زبیر' "المسند" عالم الکتب' بیروت' مکتبۃ المتنبی' قاہرہ' مصر — **619**

کوفی' امام' ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ' "المصنف" المطبعۃ العزیزیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' **1386**ھ — **14818**

شیبانی' امام' احمد بن محمد بن حنبل' "المسند" المطبعۃ المیمنیہ' مصر — **3/2**

دارمی' امام' ابومحمد عبداللہ بن عبدالرحمٰن' "السنن" تحقیق: عبداللہ ہاشم یمانی' دارالمحاسن' قاہرہ' **1966**ء — **1823**

بخاری' امام' ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل' "الجامع الصحیح" (رقم الحدیث من فتح الباری) — **1826**

نیشاپوری' امام' مسلم بن حجاج' "الجامع الصحیح" تحقیق وترقیم: فؤاد عبدالباقی' دارالحدیث' قاہرہ' مصر — **1199**

سجستانی' امام' ابوداؤد سلیمان بن اشعث' "السنن"' داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان — **1846**

قزوینی' امام' محمد بن یزید ابن ماجہ' "السنن" تحقیق: بشار عواد معروف' دارالجیل' بیروت' **1998**ء — **3088**

نسائی' امام' احمد بن شعیب' "المجتبیٰ من السنن" دارالحدیث' قاہرہ' مصر' **1407**ھ-**1987**ء — **187/5**

نسائی' امام' احمد بن شعیب' "السنن الکبریٰ" تحقیق: سلیمان بنداری' سید کسروی' دارالکتب العلمیہ' **1991**ء — **3811**

موصلی' امام' ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ' "المسند" تحقیق: حسین سلیم اسد' دارالمامون للتراث' طبع اوّل' **1987**ء — **5428**

تمیمی' امام' ابوحاتم محمد بن حبان' "صحیح ابن حبان"' دارالفکر' بیروت' طبع اوّل' **1996**ء — **39849**

الفارسی' امام' امیر ابن بلبان' "الاحسان فی تقریب صحیح ابن حبان" موسسۃ الرسالہ' بیروت' طبع اوّل' **1988**ء — **3961**

دارقطنی' امام' علی بن عمر' "السنن" مکتبۃ المتنبی' قاہرہ' مصر — **232/2**

بیہقی' امام' ابوبکر احمد بن حسین بن علی' "السنن الکبریٰ" دائرۃ المعارف النظامیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' **1344**ھ — **209/5**

شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام" دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان — **182/2**

شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام" تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اوّل' **2001**ء — **582/8**

حدیث نمبر **912**:

اصبحی' ابوعبداللہ مالک بن انس' "المؤطا" بروایۃ یحییٰ بن یحییٰ اندلسی' تحقیق: بشار عواد معروف' دارالغرب الاسلامی' بیروت' لبنان (طبع اوّل) **1996**ء — **1032**

صنعانی' امام' ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام' "المصنف" تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی' دارالقلم' بیروت' **1970**ء — **8409**

کوفی' امام' ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ' "المصنف" المطبعۃ العزیزیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' **1386**ھ — **15274**

بیہقی' امام' ابوبکر احمد بن حسین بن علی' "السنن الکبریٰ" دائرۃ المعارف النظامیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' 1344 — **212/5**

شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام" دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان — **237/7**

شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام" تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اوّل' **2001**ء — **540/8**

وہ اس وقت حالت احرام میں تھے۔

912 - وَاَخْبَرَنَا مَالِكٌ ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ ، عَنْ رَبِيْعَةَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْهُدَيْرِ اَنَّهُ رَاَى عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ يُقَرِّدُ بَعِيْرًا لَهُ فِي طِيْنٍ بِالسُّقْيَاءِ وَهُوَ مُحْرِمٌ .

✦✦ ربیع بن عبداللہ بیان کرتے ہیں' انہوں نے حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کو دیکھا: وہ سقیا کے مقام پر اپنے اونٹ کو مٹی میں لوٹ پوٹ کر رہے تھے۔ حالانکہ وہ حالت احرام میں تھے۔

913 - اَخْبَرَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ ، عَنِ ابْنِ اَبِىْ نَجِيْحٍ ، قَالَ : سَمِعْتُ مَيْمُوْنَ بْنَ مِهْرَانَ قَالَ كُنْتُ عِنْدَ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُمَا وَسَاَلَهُ رَجُلٌ فَقَالَ اَخَذْتُ قَمْلَةً فَاَلْقَيْتُهَا ثُمَّ طَلَبْتُهَا فَلَمْ اَجِدْهَا فَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُمَا تِلْكَ ضَالَّةٌ لَا تُبْتَغٰى

✦✦ میمون بن مہران بیان کرتے ہیں' میں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کے پاس موجود تھا ایک شخص نے ان سے دریافت کیا اور بولا میں نے ایک "جوں" کو لے کر اسے نکال دیا ہے پھر میں نے اسے تلاش کیا تو وہ مجھے نہیں ملی تو حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا وہ ایک ایسی گم شدہ چیز ہے جسے تلاش نہیں کیا جاتا۔

914 - اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ ، عَنِ ابْنِ اَبِىْ نَجِيْحٍ ، عَنْ مَيْمُوْنَ بْنِ مِهْرَانَ قَالَ : جَلَسْتُ اِلَى ابْنِ عَبَّاسٍ فَجَلَسَ اِلَيْهِ رَجُلٌ لَمْ اَرَ رَجُلًا اَطْوَلَ شَعَرًا مِنْهُ فَقَالَ اَحْرَمْتُ وَعَلَىَّ هٰذَا الشَّعَرُ فَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ اشْتَمِلْ عَلٰى مَا دُوْنَ الْاُذُنَيْنِ مِنْهُ قَالَ قَبَّلْتُ امْرَاَةً لَيْسَتْ بِامْرَاَتِىْ قَالَ زَنٰى فُوْكَ قَالَ رَاَيْتُ قَمْلَةً فَطَرَحْتُهَا قَالَ تِلْكَ الضَّالَّةُ لَا تُبْتَغٰى .

✦✦ میمون بن مہران بیان کرتے ہیں' میں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کے پاس بیٹھا ہوا تھا ایک شخص ان کے پاس آ کر بیٹھا' میں نے اس سے زیادہ لمبے بالوں والا شخص کبھی نہیں دیکھا' وہ بولا میں نے احرام باندھ لیا ہے اور میرے یہ بال ہیں (جو آپ دیکھ رہے ہیں) حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: کانوں سے جو نیچے ہیں تم انہیں کٹوالو۔

وہ بولا: میں نے ایک عورت کا بوسہ لے لیا ہے جو میری بیوی نہیں تھی۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: تمہارے منہ نے زنا کیا ہے وہ بولا: میں نے ایک "جوں" دیکھی اور اسے پھینک دیا حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: یہ ایک ایسی گمشدہ چیز ہے جسے

حدیث نمبر 913

صنعانی' امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام' "المصنف"' تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی' دار القلم' بیروت' 1970ء 8263

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام"' دار المعرفۃ' بیروت' لبنان 201/2

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام"' تحقیق: رفعت فوزی' دار الوفاء' طبع اوّل 2001ء 516/3

حدیث نمبر 914

بیہقی' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی' "السنن الکبریٰ"' دائرۃ المعارف النظامیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' 1344ھ 213/5

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام"' دار المعرفۃ' بیروت' لبنان 201/2

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام"' تحقیق: رفعت فوزی' دار الوفاء' طبع اوّل 2001ء 540/3

تلاش نہیں کیا جاتا۔

اخرج الاوّل فی کتاب اختلاف مالك والشافعی ' والثانی والثالث من کتاب الحج من الامالی ' والرابع من کتاب المناسك وهو اٰخر حدیث فیه ' والخامس من کتاب مختصر الحج الکبیر ۔

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے پہلی روایت کتاب اختلاف مالک وشافعی میں نقل کی ہے جبکہ دوسری اور تیسری روایت کتاب حج میں نقل کی ہیں جو امالی سے تعلق رکھتی ہے چوتھی روایت کتاب المناسک میں نقل کی ہے اور یہ اس میں موجود آخری روایت ہے۔ جبکہ پانچ روایت کتاب الحج الکبیر کی مختصر میں روایت کی ہے۔

باب الحجامة للمحرم

باب 39: حالت احرام والے شخص کا پچھنے لگوانا

915 -- اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ ، عَنْ طَاوُوسٍ ، وَعَطَاءٍ ، احدهما او کلاهما ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ احْتَجَمَ وَهُوَ مُحْرِمٌ ۔

✧✧ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے پچھنے لگوائے تھے اور آپ اس وقت حالت احرام میں

حدیث نمبر **915**:

حمیدی' امام' ابوبکر عبداللہ بن زبیر'' المسند'' عالم الکتب' بیروت' مکتبۃ المتنبی' قاہرہ' مصر	**500**
کوفی' امام' ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ'' المصنف'' المطبعۃ العزیزیہ' حیدر آباد دکن' ہندوستان' **1386** ھ	**14588**
شیبانی' امام' احمد بن محمد بن حنبل'' المسند'' المطبعۃ المیمنیہ' مصر	**21/1**
الکسی' امام' ابومحمد عبد بن حمید بن نصر'' مسند'' تحقیق: صبحی سامرائی' محمود خلیل' عالم الکتب' **1988**ء	**622**
دارمی' امام' ابومحمد عبداللہ بن عبدالرحمن'' السنن'' تحقیق: عبداللہ ہاشم یمانی' دار المحاسن' قاہرہ' **1966**ء	**1820**
بخاری' امام' ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل'' الجامع الصحیح'' (رقم الحدیث من فتح الباری)	**1835**
نیشاپوری' امام' مسلم بن حجاج'' الجامع الصحیح'' تحقیق وترقیم: فؤاد عبدالباقی' دار الحدیث' قاہرہ' مصر	**1202**
بجستانی' امام' ابوداؤد سلیمان بن اشعث'' السنن''، دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان	**1835**
نسائی' امام' احمد بن شعیب'' المجتبیٰ من السنن'' دار الحدیث' قاہرہ' مصر **1407** ھ-**1987**ء	**830**
نسائی' امام' احمد بن شعیب'' المجتبیٰ من السنن'' دار الحدیث' قاہرہ' مصر **1407** ھ-**1987**ء	**193/5**
نسائی' امام' احمد بن شعیب'' السنن الکبریٰ'' تحقیق: سلیمان بنداری' سید کسروی' دار الکتب العلمیہ' **1991**ء	**2303**
نیشاپوری' امام' ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ'' الصحیح'' شرکۃ الطباعۃ العربیہ' ریاض' الطبعۃ الثانیہ' **1981**ء	**2651**
تمیمی' امام' ابوحاتم محمد بن حبان'' صحیح ابن حبان''، دار الفکر' بیروت' طبع اوّل' **1996**ء	**3954**
الفارسی' امام' امیر ابن بلبان'' الاحسان فی تقریب صحیح ابن حبان'' موسسۃ الرسالہ' بیروت' طبع اوّل' **1988**ء	**3951**
بیہقی' امام' ابوبکر احمد بن حسین بن علی'' السنن الکبریٰ'' دائرۃ المعارف النظامیہ' حیدر آباد دکن' ہندوستان' **1344** ھ	**64/5**
شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس'' الام'' دار المعرفۃ' بیروت' لبنان	**206/2**
شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس'' الام'' تحقیق: رفعت فوزی' دار الوفاء' طبع اوّل' **2001**ء	**520/3**

تھے۔

916 - اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ ، عَنْ عَمْرٍو ، عَنْ عَطَاءٍ ، وَطَاوُسٍ ، احدهما او كلاهما عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ احْتَجَمَ وَهُوَ مُحْرِمٌ۔

✦✦ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے پچھنے لگوائے تھے اور آپ اس وقت حالت احرام میں تھے۔

917 - اَخْبَرَنَا مَالِكُ بْنُ اَنَسٍ ، عَنْ نَافِعٍ ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّهُ كَانَ يَقُوْلُ : لَا يَحْتَجِمُ الْمُحْرِمُ اِلَّا اَنْ يُضْطَرَّ اِلَيْهِ مِمَّا لَا بُدَّ لَهُ مِنْهُ ،

قَالَ مَالِكٌ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ : مِثْلَ ذٰلِكَ .

✦✦ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: حالت احرام والا شخص پچھنے نہیں لگوا سکتا' البتہ اگر انتہائی مجبوری کا عالم ہو تو پھر ایسا کیا جا سکتا ہے جب اس کے علاوہ اور کوئی چارہ نہ ہو۔

امام مالک رحمۃ اللہ علیہ نے بھی اس کی مانند فتویٰ دیا ہے۔

اخرج الاوّل من كتاب الحج من الامالي ' والثاني والثالث في كتاب اختلاف مالك والشافعي .

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے پہلی روایت کتاب الحج میں نقل کی ہے جو امالی سے تعلق رکھتی ہے جبکہ دوسری اور تیسری روایات کتاب اختلاف مالک وشافعی میں نقل کی ہیں۔

باب نظر المحرم في المرأة وانشاد الشعر

باب 40: حالت احرام والے شخص کا آئینے میں دیکھنا اور شعر کہنا

918 - اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ ، عَنْ اَيُّوْبَ بْنِ مُوْسٰى ، عَنْ نَافِعٍ ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا اَنَّهُ نَظَرَ فِي الْمِرْآةِ وَهُوَ مُحْرِمٌ .

✦✦ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما احرام کی حالت میں آئینہ دیکھ لیا کرتے تھے۔

919 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ الْقَاسِمِ الْاَزْرَقِيُّ عَنْ اَبِيْهِ اَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

حدیث نمبر 917:

اخرجہ ابو عبداللہ مالک بن انس "الموطا" بروایۃ امام محمد بن حسن شیبانی (موطا امام محمد) تحقیق: عبدالوہاب عبداللطیف' المکتبۃ العلمیہ 416

اخرجہ ابو عبداللہ مالک بن انس "الموطا" بروایۃ یحیٰی بن یحیٰی اندلسی تحقیق: بشار عواد معروف' دار الغرب الاسلامی' بیروت' لبنان (طبع اول) 1996ء 1003

شافعی امام ابو عبداللہ محمد بن ادریس "الام" دار المعرفۃ' بیروت' لبنان 212/7

شافعی امام ابو عبداللہ محمد بن ادریس "الام" تحقیق: رفعت فوزی' دار الوفاء' طبع اول 2001ء 581/8

حدیث نمبر 918:

اخرجہ ابو عبداللہ مالک بن انس "الموطا" بروایۃ یحیٰی بن یحیٰی اندلسی تحقیق: بشار عواد معروف' دار الغرب الاسلامی' بیروت' لبنان (طبع اول) 1996ء 1034

رَكِبَ رَاحِلَتَهُ وَهُوَ مُحْرِمٌ فَتَدَلَّتْ فَجَعَلَتْ تُقَدِّمُ يَدًا وَتُؤَخِّرُ اُخْرٰى قَالَ الرَّبِيعُ اَظُنُّهُ قَالَ عُمَرُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ شِعْرًا

كَاَنَّ رَاكِبَهَا غُصْنٌ بِمَرْوَحَةٍ　　　اِذَا تَدَلَّتْ بِهِ اَوْ شَارِبٌ ثَمِلُ

ثُمَّ قَالَ : اَللّٰهُ اَكْبَرُ - اَللّٰهُ اَكْبَرُ .

✧✧ عبدالرحمٰن بن حسن اپنے والد کے حوالے سے یہ بات نقل کرتے ہیں: حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ اپنی سواری پر سوار ہوئے اور وہ اس وقت حالت احرام میں تھے اور ہاتھ آگے پیچھے کر رہے تھے۔

ربیع نامی راوی بیان کرتے ہیں' میرا خیال ہے' حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے یہ شعر پڑھا تھا

''اس (سواری کا) سوار کھلے میدان میں موجود شاخ کی طرح ہے جو ادھر ادھر جھومتی ہے یا شراب پینے والے کی طرح ہے (جو جھومتا ہے)'' پھر انہوں نے اللہ اکبر اللہ اکبر کہا تھا۔

920 - اَخْبَرَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعْدِ بْنِ اِبْرَاهِيمَ ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ ، عَنْ اَبِي بَكْرِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ ، عَنْ مَرْوَانَ بْنِ الْحَكَمِ ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ الْاَسْوَدِ بْنِ عَبْدِ يَغُوثَ ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، قَالَ : اِنَّ مِنَ الشِّعْرِ حِكْمَةٌ .

✧✧ عبدالرحمٰن بن اسود بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: بعض شعر حکمت ہوتے ہیں۔

921 - اَخْبَرَنَا اِبْرَاهِيمُ ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ ، عَنْ اَبِيهِ ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، قَالَ : الشِّعْرُ كَلَامٌ حَسَنُهُ كَحَسَنِ الْكَلَامِ وَقَبِيحُهُ كَقَبِيحِهِ۔

✧✧ ہشام بن عروہ اپنے والد کے حوالے سے یہ بات بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے' شعر ایک کلام کی طرح ہے اچھا شعر اچھے کلام کی طرح ہوتا ہے اور برا شعر برے کلام کی طرح ہوتا ہے۔

اخرج الاربعة الاحاديث من كتاب الحج من الامالى .

امام شافعی نے یہ چاروں روایات کتاب الحج میں نقل کی ہیں جو امالی سے تعلق رکھتی ہے۔

حدیث نمبر **920**:

طیالسی' امام ابوداؤد سلیمان بن داؤد' ''المسند'' دار المعرفۃ' بیروت لبنان **557**

صنعانی' امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام' ''المصنف'' تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی' دار القلم' بیروت' **1970**ء **20499**

شیبانی' امام احمد بن محمد بن حنبل' ''المسند'' المطبعۃ المیمنیہ' مصر' **456/3**

دارمی' امام ابومحمد عبداللہ بن عبدالرحمٰن' ''السنن'' تحقیق: عبداللہ ہاشم یمانی' دار المحاسن' قاہرہ' **1966**ء **2707**

بخاری' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل' ''الجامع الصحیح'' (رقم الحدیث من فتح الباری) **6145**

بخاری' امام محمد بن اسماعیل' ''الادب المفرد'' مطبعہ مصطفی البابی الحلبی' قاہرہ' طبع رابع **1955**ء **858**

نسائی' امام احمد بن شعیب' ''المجتبیٰ من السنن'' دار الحدیث' قاہرہ' مصر **1407**ھ-**1987**ء **6010**

قزوینی' امام محمد بن یزید ابن ماجہ' ''السنن'' تحقیق: بشار عواد معروف' دار الجیل' بیروت' **1998**ء **3755**

بیہقی' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی' ''السنن الکبریٰ'' دائرۃ المعارف النظامیہ' حیدر آباد دکن' ہندوستان' **1344**ھ **68/5**

باب تقديم فرض الرجل على نذره وعلى فرض غيره

باب 41: آدمی کا کسی ایک فرض کو اپنی نذر یا کسی دوسرے فرض سے پہلے ادا کرنا

922 - اَخْبَرَنَا الْقَدَّاحُ، عَنْ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ عَنْ زَيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، قَالَ اِنِّيْ لَعِنْدَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ وَسُئِلَ عَنْ هٰذِهٖ فَقَالَ: هٰذِهٖ حَجَّةُ الْاِسْلَامِ فَلْيَلْتَمِسْ اَنْ يَقْضِيَ نَذْرَهٗ يَعْنِيْ لِمَنْ كَانَ عَلَيْهِ الْحَجُّ وَنَذَرَ حَجًّا۔

✦✦ زید بن جبیر بیان کرتے ہیں' میں حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما کے پاس موجود تھا' ان سے اس کے بارے میں دریافت کیا گیا تو انہوں نے فرمایا: تو وہ شخص بولا یہ حج ہے' آدمی کو چاہیے کہ وہ اپنی نذر پوری کرے یعنی اس پر جو حج ہے اور جو اس نے حج کی نذر مانی ہے۔ اس میں سے (پہلے فرض حج کرنا چاہیے)

923 - اَخْبَرَنَا مُسْلِمُ بْنُ خَالِدٍ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ عَطَاءٍ، قَالَ: سَمِعَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلًا، يَقُوْلُ: لَبَّيْكَ عَنْ فُلَانٍ، فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنْ كُنْتَ حَجَجْتَ فَلَبِّ عَنْهُ، وَاِلَّا فَاحْجُجْ عَنْ نَفْسِكَ ثُمَّ احْجُجْ عَنْهُ

✦✦ عطاء بیان کرتے ہیں' نبی اکرم ﷺ نے ایک شخص کو سنا وہ کہہ رہا تھا: فلاں کی طرف سے میں حج کے لئے حاضر ہوں نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اگر تو تم خود حج کر چکے ہو تو تم اس کی طرف سے تلبیہ پڑھو ورنہ اپنی طرف سے حج کرو اور بعد میں اس کی طرف سے حج کر لینا۔

924 - اَخْبَرَنَا مُسْلِمٌ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ عَطَاءٍ، سَمِعَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلًا، يَقُوْلُ: لَبَّيْكَ عَنْ فُلَانٍ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنْ كُنْتَ حَجَجْتَ فَلَبِّ عَنْهُ، وَاِلَّا فَاحْجُجْ۔

✦✦ عطاء بیان کرتے ہیں' نبی اکرم ﷺ نے ایک شخص کو سنا وہ یہ کہہ رہا تھا' میں فلاں کی طرف سے حج کرنے کے لئے تیار ہوں' نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اگر تم حج کر چکے ہو تو اس کی طرف سے تلبیہ پڑھو ورنہ پہلے خود حج کرو۔

925 - اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ، عَنْ اَيُّوْبَ، عَنْ اَبِيْ قِلَابَةَ قَالَ: سَمِعَ ابْنُ عَبَّاسٍ رَجُلًا يَقُوْلُ: لَبَّيْكَ عَنْ شُبْرُمَةَ،

حدیث نمبر 925

دار قطنی' امام علی بن عمر' ''السنن'' مکتبۃ المتنبی' قاہرہ مصر	271/2
کوفی' امام ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ' ''المصنف'' المطبعۃ العزیزیہ' حیدر آباد دکن' ہندوستان' 1386ھ	13388
سجستانی' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث' ''السنن''، دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان	1811
قزوینی' امام محمد بن یزید ابن ماجہ' ''السنن''، تحقیق: بشار عواد معروف' دار الجیل' بیروت' 1998ء	2903
موصلی' امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ' ''المسند''، تحقیق: حسین سلیم اسد' دار المامون للتراث' طبع اول 1987ء	2440
نیشاپوری' امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ ''الصحیح'' شرکۃ الطباعۃ العربیہ' ریاض' الطبعۃ الثانیہ 1981ء	3039
طحاوی' امام ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ' ''شرح مشکل الآثار''، تحقیق: شعیب ارناؤوط' موسسۃ الرسالہ' بیروت' لبنان 1987ء	2547
تمیمی' امام ابوحاتم محمد بن حبان' ''صحیح ابن حبان''، دار الفکر' بیروت' طبع اول 1996ء	399
الفارسی' امام امیر ابن بلبان' ''الاحسان فی تقریب صحیح ابن حبان'' موسسۃ الرسالہ' بیروت' طبع اول 1988ء	3988

فَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ : وَيْحَكَ وَمَا شُبْرُمَةُ قَالَ : فَذَكَرَ قَرَابَةً لَهُ فَقَالَ احَجَجْتَ عَنْ نَفْسِكَ ؟ قَالَ لَا قَالَ فَاحْجُجْ عَنْ نَفْسِكَ ثُمَّ احْجُجْ عَنْ شُبْرُمَةَ .

✧✧ ابوقلابہ بیان کرتے ہیں' حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے ایک شخص کو سنا جو یہ کہہ رہا تھا' میں شبرمہ کی طرف سے حج کے لئے تیار ہوں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: تمہارا ستیاناس ہو یہ شبرمہ کون ہے؟ اس شخص نے اس کے ساتھ اپنی رشتے داری کا تعلق ظاہر کیا تو حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: کیا تم نے اپنی طرف سے حج کرلیا ہے؟ تو اس نے جواب دیا نہیں' حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: پہلے تم اپنی طرف سے حج کرو بعد میں شبرمہ کی طرف سے حج کرنا۔

926 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ الثَّقَفِيُّ ، عَنْ اَيُّوْبَ بْنِ اَبِيْ تَمِيْمَةَ وَخَالِدِ الْحَذَّاءِ ، عَنْ اَبِيْ قِلَابَةَ ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا اَنَّهُ سَمِعَ رَجُلًا يَقُوْلُ لَبَّيْكَ عَنْ شُبْرُمَةَ ، فَقَالَ : وَيْلَكَ وَمَا شُبْرُمَةُ ، فَقَالَ اَحَدُهُمَا قَالَ اَخِيْ وَقَالَ الْآخَرُ فَذَكَرَ قَرَابَةً ، قَالَ اَفَحَجَجْتَ عَنْ نَفْسِكَ قَالَ لَا قَالَ فَاجْعَلْ هٰذِهٖ عَنْ نَفْسِكَ ثُمَّ احْجُجْ عَنْ شُبْرُمَةَ .

✧✧ حضرت ابوقلابہ بیان کرتے ہیں' حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے ایک شخص کو سنا جو یہ کہہ رہا تھا میں شبرمہ کی طرف سے حج کرنے کے لئے حاضر ہوں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: تمہارا ستیاناس ہو یہ شبرمہ کون ہے؟ (ایک راوی نے یہ بات ذکر کی ہے) وہ شخص بولا وہ میرا بھائی ہے (دوسرے راوی نے یہ بات ذکر کی ہے) اس شخص نے اپنی رشتے داری کا ذکر کیا تو حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: کیا تم نے اپنی طرف سے حج کرلیا ہے؟ تو اس نے جواب دیا: نہیں' حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: پہلے تم اپنی طرف سے حج کرلو بعد میں شبرمہ کی طرف سے حج کرنا۔

اخرج الاربعة الاحاديث من كتاب المناسك ' والخامس من كتاب الحج من الامالي .

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے پہلی چار روایات کتاب المناسک میں نقل کی ہیں جبکہ پانچویں روایت امالی سے تعلق رکھنے والی کتاب الحج میں نقل کی ہے۔

باب الحج عن العاجز

باب 42: عاجز شخص کی طرف سے حج کرنا

927 - اَخْبَرَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ ، قَالَ : سَمِعْتُ الزُّهْرِيَّ ، يُحَدِّثُ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ يَسَارٍ ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ ، اَنَّ

بقیہ حاشیہ حدیث نمبر 925:

طبرانی' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب' ''المعجم الکبیر'' تحقیق: احمدی عبدالمجید سلفی' مطبعۃ الزہراء الحدیثۃ' موصل' عراق (طبع ثانی) 12419

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام'' دار المعرفۃ' بیروت' لبنان 123/2

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام'' تحقیق: رفعت فوزی' دار الوفاء' طبع اول' 2001ء 300/3

حدیث نمبر 926:

کوفی' امام ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ' ''المصنف'' المطبعۃ العزیزیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' 1386ھ 12870

امْرَأَةً مِنْ خَثْعَمَ سَأَلَتِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، فَقَالَتْ : إِنَّ فَرِيضَةَ اللّٰهِ فِي الْحَجِّ عَلَى عِبَادِهِ ، أَدْرَكَتْ أَبِي شَيْخًا كَبِيرًا لا يَسْتَطِيعُ أَنْ يَسْتَمْسِكَ عَلَى رَاحِلَتِهِ ، فَهَلْ تَرَى أَنْ أَحُجَّ عَنْهُ ؟ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : نَعَمْ .

✦✦ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں خثعم قبیلے سے تعلق رکھنے والی ایک خاتون نے نبی اکرم ﷺ سے دریافت کیا۔ اس نے عرض کی: اللہ تعالیٰ نے حج کے بارے میں اپنے بندوں پر جوفرض کیا ہے وہ میرے عمر رسیدہ باپ پر لازم ہوگیا (یعنی اس پر حج فرض ہوگیا) لیکن وہ سواری پر بیٹھ نہیں سکتا تو آپ کا کیا خیال ہے؟ میں ان کی طرف سے حج کرلوں تو نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: ہاں!

امام سفیان ثوری بیان کرتے ہیں' میں نے اس حدیث کو امام زہری کی زبانی سن کر یاد رکھا ہے۔

928 - أَخْبَرَنِي عَمْرُو بْنُ دِينَارٍ ، عَنِ الزُّهْرِيِّ ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ يَسَارٍ ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ وَزَادَ فِيهِ : فَقَالَتْ : يَا رَسُولَ اللّٰهِ ، فَهَلْ يَنْفَعُهُ ذٰلِكَ ؟ قَالَ : نَعَمْ ، كَمَا لَوْ كَانَ عَلَيْهِ دَيْنٌ فَقَضَيْتِهِ نَفَعَهُ .

✦✦ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ نبی اکرم ﷺ سے منقول ہے تاہم اس میں یہ الفاظ ہیں: اس عورت نے عرض کی: یارسول اللہ ﷺ! کیا یہ بات اس کو نفع دے گی؟ تو نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: ہاں! جس طرح اگر اس پر کوئی قرض ہوتا اور تم اسے ادا کردیتی تو یہ اسے فائدہ دیتا۔

حدیث نمبر **927**:

نیشاپوری' امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ "الصحیح" شرکۃ الطباعۃ العربیہ' ریاض' الطبعۃ الثانیہ' **1981ء** — **3042**

حمیدی' امام ابوبکر عبداللہ بن زبیر "المسند" عالم الکتب' بیروت' مکتبۃ المتنبی' قاہرہ' مصر — **507**

شیبانی' امام احمد بن محمد بن حنبل "المسند" المطبعۃ المیمنیہ' مصر — **219/1**

دارمی' امام ابومحمد عبداللہ بن عبدالرحمٰن "السنن" تحقیق: عبداللہ ہاشم یمانی' دارالمحاسن' قاہرہ' **1966ء** — **1841**

نسائی' امام احمد بن شعیب "المجتبی من السنن" دارالحدیث' قاہرہ' مصر **1407ھ-1987ء** — **117/5**

موصلی' امام ابویعلی احمد بن علی بن مثنی "المسند" تحقیق: حسین سلیم اسد' دارالمامون للتراث' طبع اول **1987ء** — **2364**

نیشاپوری' امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ "الصحیح" شرکۃ الطباعۃ العربیہ' ریاض' الطبعۃ الثانیہ' **1981ء** — **3032**

بیہقی' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی "السنن الکبری" دائرۃ المعارف النظامیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' **1344ھ** — **328/4**

طیالسی' امام ابوداؤد سلیمان بن داؤد "المسند" دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان — **266**

تمیمی' امام ابوحاتم محمد بن حبان "صحیح ابن حبان" دارالفکر' بیروت' طبع اول **1996ء** — **3998**

الفارسی' امام امیر ابن بلبان "الاحسان فی تقریب صحیح ابن حبان" موسسۃ الرسالۃ' بیروت' طبع اول **1988ء** — **3995**

طبرانی' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب "المعجم الکبیر" تحقیق: احمدی عبدالمجید سلفی' مطبعۃ الزہراء الحدیثۃ' موصل' عراق (طبع ثانی) — **721/18**

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس "الام" دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان — **113/2**

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس "الام" تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اول **2001ء** — **280/3**

حدیث نمبر **928**:

حمیدی' امام ابوبکر عبداللہ بن زبیر "المسند" عالم الکتب' بیروت' مکتبۃ المتنبی' قاہرہ' مصر — **507**

نیشاپوری' امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ "الصحیح" شرکۃ الطباعۃ العربیہ' ریاض' الطبعۃ الثانیہ' **1981ء** — **3042**

929 - اَخْبَرَنَا مَالِكٌ ، عَنِ الزُّهْرِيِّ ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ يَسَارٍ ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبَّاسٍ ، قَالَ : كَانَ الْفَضْلُ بْنُ عَبَّاسٍ رَدِيفَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، فَجَائَتْهُ امْرَاَةٌ مِنْ خَثْعَمَ تَسْتَفْتِيهِ ، فَجَعَلَ الْفَضْلُ يَنْظُرُ اِلَيْهَا وَتَنْظُرُ اِلَيْهِ ، فَجَعَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَصْرِفُ وَجْهَ الْفَضْلِ اِلَى الشِّقِّ الْآخَرِ ، فَقَالَتْ : يَا رَسُولَ اللّٰهِ ، فَرِيضَةُ اللّٰهِ فِي الْحَجِّ عَلَى عِبَادِهِ ، اَدْرَكَتْ اَبِي شَيْخًا كَبِيرًا لَا يَسْتَطِيعُ اَنْ يَثْبُتَ عَلَى الرَّاحِلَةِ ، اَفَاَحُجُّ عَنْهُ ؟ قَالَ : نَعَمْ ، وَذٰلِكَ فِي حَجَّةِ الْوَدَاعِ .

✧✧ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' حضرت فضل بن عباس رضی اللہ عنہما نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پیچھے سواری پر سوار تھے خثعم قبیلے سے تعلق رکھنے والی ایک عورت آئی تا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے مسئلہ دریافت کرے' حضرت فضل رضی اللہ عنہ نے اس کی طرف دیکھنا شروع کر دیا اور اس نے حضرت فضل رضی اللہ عنہ کی طرف دیکھنا شروع کر دیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت فضل رضی اللہ عنہ کے چہرے کو دوسری طرف پھیر دیا' اس خاتون نے عرض کی: یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! اللہ تعالیٰ نے حج کے بارے میں اپنے بندوں پر جو چیز لازم کی ہے وہ میرے بوڑھے عمر رسیدہ باپ پر لازم ہوگئی ہے لیکن وہ سواری پر سیدھی طرح بیٹھ نہیں سکتا' کیا میں اس کی طرف سے حج کرلوں؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہاں! (راوی کہتے ہیں) یہ حجۃ الوداع کی بات ہے۔

حدیث نمبر **928**:

بیہقی' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی' "السنن الکبریٰ" دائرۃ المعارف النظامیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' **1344**ھ — **328/4**

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام" دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان — **113/2**

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام" تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اوّل' **2001**ء — **280/3**

حدیث نمبر **929**:

اصبحی' ابوعبداللہ مالک بن انس' "المؤطا" بروایۃ امام محمد بن حسن شیبانی (مؤطا امام محمد) تحقیق: عبدالوہاب عبداللطیف' المکتبۃ العلمیہ — **281**

اصبحی' ابوعبداللہ مالک بن انس' "المؤطا" بروایۃ یحییٰ بن یحییٰ اندلسی' تحقیق: بشار عواد معروف' دارالغرب الاسلامی' بیروت' لبنان (طبع اوّل) **1996**ء — **1036**

شیبانی' امام احمد بن محمد بن حنبل' "المسند" المطبعۃ المیمنیہ' مصر — **346/1**

بخاری' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل' "الجامع الصحیح" (رقم الحدیث من فتح الباری) — **1513**

نیشاپوری' امام مسلم بن حجاج' "الجامع الصحیح" تحقیق وترقیم: فؤاد عبدالباقی' دارالحدیث' قاہرہ' مصر — **1334**

نسائی' امام احمد بن شعیب' "المجتبیٰ من السنن" دارالحدیث' قاہرہ' مصر **1407**ھ-**1987**ء — **118/5**

سجستانی' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث' "السنن" داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان — **1809**

نسائی' امام احمد بن شعیب' "السنن الکبریٰ" تحقیق: سلیمان بنداری' سید کسروی' دارالکتب العلمیہ' **1991**ء — **3621**

نیشاپوری' امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ "الصحیح" شرکۃ الطباعۃ العربیہ' ریاض' الطبعۃ الثانیہ' **1981**ء — **3031**

طحاوی' امام ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ' "شرح مشکل الآثار" تحقیق: شعیب ارناؤوط' موسسۃ الرسالہ' بیروت' لبنان' **1987**ء — **2820**

تمیمی' امام ابوحاتم محمد بن حبان' "صحیح ابن حبان" دارالفکر' بیروت' طبع اوّل' **1996**ء — **3992**

الفارسی' امام امیر ابن بلبان' "الاحسان فی تقریب صحیح ابن حبان" موسسۃ الرسالہ' بیروت' طبع اوّل' **1988**ء — **3989**

طبرانی' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب' "المعجم الکبیر" تحقیق: احمدی عبدالمجید سلفی' مطبعۃ الزہراء الحدیثۃ' موصل' عراق (طبع ثانی) — **722/18**

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام" تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اوّل' **2001**ء — **282/3**

930 - اَخبَرَنَا مُسلِمُ بنُ خَالِدِ الزَّنجِیُّ ، عَنِ ابنِ جُرَیجٍ ، قَالَ ابنُ شِهَابٍ ، حَدَّثَنِی سُلَیمَانُ بنُ یَسَارٍ ، عَنِ ابنِ عَبَّاسٍ ، عَنِ الفَضلِ بنِ عَبَّاسٍ ، اَنَّ امرَاَةً مِن خَثعَمَ قَالَت لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیهِ وَسَلَّمَ : اِنَّ اَبِی قَد اَدرَکَتهُ فَرِیضَةُ اللّٰهِ فِی الحَجِّ وَهُوَ شَیخٌ کَبِیرٌ لا یَستَطِیعُ اَن یَستَوِیَ عَلٰی ظَهرِ بَعِیرِهٖ ، قَالَ : فَحُجِّی عَنهُ ○

✦✦ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما حضرت فضل بن عباس رضی اللہ عنہما کی طرف سے یہ بات بیان کرتے ہیں "خثعم" قبیلے سے تعلق رکھنے والی عورت نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کی حج کے بارے میں اللہ تعالیٰ نے جو چیز عرض کی ہے وہ میرے والد پر لازم ہوگئی ہے۔ وہ بہت بوڑھے ہیں اس لئے سواری پر بیٹھ نہیں سکتے' کیا میں ان کی طرف سے حج کرلوں؟ تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم ان کی طرف سے حج کرلو۔

931 - اَخبَرَنَا عَمرُو بنُ اَبِی سَلَمَةَ ، عَن عَبدِ العَزِیزِ بنِ مُحَمَّدٍ ، عَن عَبدِ الرَّحمٰنِ بنِ الحَارِثِ المَخزُومِیِّ ، عَن زَیدِ بنِ عَلِیِّ بنِ حُسَینٍ ، عَن اَبِیهِ ، عَن عُبَیدِ اللّٰهِ بنِ اَبِی رَافِعٍ ، عَن عَلِیِّ بنِ اَبِی طَالِبٍ رَضِیَ

حدیث نمبر **930**:

دارمی' امام' ابومحمد عبداللہ بن عبدالرحمٰن "السنن" تحقیق: عبداللہ ہاشم یمانی' دارالمحاسن' قاہرہ' 1966ء	1839
بخاری' امام' ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل "الجامع الصحیح" (رقم الحدیث من فتح الباری)	1853
نیشاپوری' امام' مسلم بن حجاج "الجامع الصحیح" تحقیق وترقیم: فؤاد عبدالباقی' دارالحدیث' قاہرہ' مصر	1335
ترمذی' امام' ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ "الجامع الکبیر" تحقیق: ڈاکٹر بشار عواد معروف' دارالغرب الاسلامی' بیروت 1996ء	928
نیشاپوری' امام' ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ "الصحیح" شرکۃ الطباعۃ العربیۃ' ریاض' الطبعۃ الثانیۃ 1981ء	3030
طحاوی' امام' ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ "شرح مشکل الآثار" تحقیق: شعیب ارناؤوط' موسسۃ الرسالۃ' بیروت' لبنان 1987ء	2536
طبرانی' امام' ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب "المعجم الکبیر" تحقیق: احمدی عبدالمجید سلفی' مطبعۃ الزہراء الحدیثۃ' موصل' عراق (طبع ثانی)	720/15
بیہقی' امام' ابوبکر احمد بن حسین بن علی "السنن الکبریٰ" دائرۃ المعارف النظامیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان 1344ھ	23/4
شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس "الام" دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان	114/2
شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس "الام" تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اول 2001ء	282/3

حدیث نمبر **931**:

شیبانی' امام' احمد بن محمد بن حنبل "المسند" المطبعۃ المیمنیہ' مصر	75/1
اصبحی' ابوعبداللہ مالک بن انس "الموطا" بروایۃ یحییٰ بن یحییٰ اندلسی' تحقیق: بشار عواد معروف' دارالغرب الاسلامی' بیروت' لبنان (طبع اول) 1996ء	1935
ترمذی' امام' ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ "الجامع الکبیر" تحقیق: ڈاکٹر بشار عواد معروف' دارالغرب الاسلامی' بیروت 1996ء	885
موصلی' امام' ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ "المسند" تحقیق: حسین سلیم اسد' دارالمامون للتراث' طبع اول 1987ء	312
نیشاپوری' امام' ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ "الصحیح" شرکۃ الطباعۃ العربیۃ' ریاض' الطبعۃ الثانیۃ 1981ء	2889
طحاوی' امام' ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ "شرح مشکل الآثار" تحقیق: شعیب ارناؤوط' موسسۃ الرسالۃ' بیروت' لبنان 1987ء	2535
بیہقی' امام' ابوبکر احمد بن حسین بن علی "السنن الکبریٰ" دائرۃ المعارف النظامیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان 1344ھ	329/4
شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس "الام" دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان	114/2
شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس "الام" تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اول 2001ء	283/3

اللّٰهُ عَنْهُ ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، قَالَ : وَكُلُّ مِنًى مَنْحَرٌ ، ثُمَّ جَائَتْهُ امْرَاَةٌ مِنْ خَثْعَمَ ، فَقَالَتْ : اِنَّ اَبِى شَيْخٌ قَدْ اَفْنَدَ وَاَدْرَكَتْهُ فَرِيضَةُ اللّٰهِ عَلَى عِبَادِهِ فِى الْحَجِّ وَلَا يَسْتَطِيعُ اَدَائَهَا ، فَهَلْ يَجْزِى عَنْهُ اَنْ اُوَدِّيَهَا عَنْهُ ؟ قَالَ : نَعَمْ

✧✧ حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: منیٰ پورے کا پورا قربانی کرنے کی جگہ ہے خثعم قبیلے سے تعلق رکھنے والی عورت آپ کی خدمت میں حاضر ہوئی' اس نے عرض کی: میرے والد بوڑھے ہو چکے ہیں اور اللہ تعالیٰ نے اپنے بندوں پر حج کے معاملے میں جو چیز فرض کی ہے وہ ان پر لازم ہو گئی ہے لیکن وہ اسے ادا کرنے کی استطاعت نہیں رکھتے تو کیا یہ بات جائز ہو گی کہ میں ان کی طرف اسے ادا کرلوں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہاں!

932 - اَخْبَرَنَا سَعِيدُ بْنُ سَالِمٍ ، عَنْ حَنْظَلَةَ قَالَ : سَمِعْتُ طَاوُسًا ، يَقُولُ : اَتَتِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ امْرَاَةٌ ، فَقَالَتْ : اِنَّ اُمِّى مَاتَتْ وَعَلَيْهَا حَجٌّ ، فَقَالَ : حُجِّى عَنْ اُمِّكِ○

✧✧ طاؤس بیان کرتے ہیں' ایک عورت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئی اور بولی: میری والدہ کا انتقال ہو گیا ہے ان کے ذمے حج لازم تھا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم اپنی ماں کی طرف سے حج کر لو۔

933 - اَخْبَرَنَا مَالِكٌ ، اَوْ غَيْرُهُ ، عَنْ اَيُّوبَ ، عَنِ ابْنِ سِيرِينَ ، اَنَّ رَجُلاً جَعَلَ عَلَى نَفْسِهِ اَنْ لَا يَبْلُغَ اَحَدٌ مِنْ وَلَدِهِ الْحَلَبَ فَيَحْلُبُ وَيَشْرَبُ وَيَسْقِيهُ اِلَّا حَجَّ وَحَجَّ بِهِ مَعَهُ ، فَبَلَغَ رَجُلٌ مِنْ وَلَدِهِ الَّذِى قَالَ الشَّيْخُ وَقَدْ كَبِرَ الشَّيْخُ ، فَجَاءَ ابْنُهُ اِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، فَاَخْبَرَهُ الْخَبَرَ ، فَقَالَ : اِنَّ اَبِى قَدْ كَبِرَ وَلَا يَسْتَطِيعُ اَنْ يَحُجَّ ، اَفَاُحُجَّ عَنْهُ ؟ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : نَعَمْ○

✧✧ ابن سیرین بیان کرتے ہیں' ایک شخص نے اپنے ذمے یہ نذر مانی کہ اس کی اولاد میں سے جو بھی بچہ دودھ دوہنے کی عمر تک پہنچے گا اور وہ دودھ دوہ لے گا اور اسے پی لے گا اور اپنے ساتھ اسے بھی پلائے گا تو وہ لڑکا بھی حج کرے گا اور وہ شخص بھی اس کے ساتھ حج کرے گا تو اس شخص کے بچوں میں سے ایک بچہ اس وقت اس عمر تک پہنچا جب وہ شخص بزرگ ہو چکا تھا اس کی عمر زیادہ

حدیث نمبر **932**:

بخاری' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل' ''الجامع الصحیح'' (رقم الحدیث من فتح الباری)	1852
بیہقی' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی' ''السنن الکبریٰ'' دائرۃ المعارف النظامیہ' حیدر آباد دکن' ہندوستان' 1344ھ	435/4
موصلی' امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ' ''المسند''، تحقیق: حسین سلیم اسد' دار المامون للتراث' طبع اوّل 1987ء	1149
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام'' دار المعرفۃ' بیروت' لبنان	114/2
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام''، تحقیق: رفعت فوزی' دار الوفاء' طبع اوّل 2001ء	283/3

حدیث نمبر **933**:

اصبحی' ابوعبداللہ مالک بن انس' ''الموطا'' بروایۃ امام محمد بن حسن شیبانی (موطا امام محمد) تحقیق: عبدالوہاب عبداللطیف' المکتبۃ العلمیہ	483
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام'' دار المعرفۃ' بیروت' لبنان	211/7
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام''، تحقیق: رفعت فوزی' دار الوفاء' طبع اوّل 2001ء	677/8

ہو چکی تھی تو اس کا بیٹا نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا' آپ نے اس بارے میں بتایا تو وہ بولا' میرے والد بڑی عمر کے ہو چکے ہیں اور وہ حج کرنے کی استطاعت نہیں رکھتے کیا میں ان کی طرف سے حج کر لوں؟ تو نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: ہاں!

1250 - اَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ ثَوْبَانَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِيَاسِ بْنِ الْبُكَيْرِ قَالَ : طَلَّقَ رَجُلٌ امْرَاَتَهُ ثَلَاثًا قَبْلَ اَنْ يَدْخُلَ بِهَا ثُمَّ بَدَا لَهُ اَنْ يَنْكِحَهَا فَجَاءَ يَسْتَفْتِي فَذَهَبْتُ مَعَهُ اَسْاَلُ لَهُ فَسَاَلَ اَبَا هُرَيْرَةَ وَعَبْدَ اللّٰهِ بْنِ عَبَّاسٍ عَنْ ذٰلِكَ فَقَالَا لَا نَرٰى اَنْ يَنْكِحَهَا حَتّٰى تَنْكِحَ زَوْجًا غَيْرَكَ قَالَ اِنَّمَا كَانَ طَلَاقِيْ اِيَّاهَا وَاحِدَةً فَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ اِنَّكَ اَرْسَلْتَ مِنْ يَدِكَ مَا كَانَ لَكَ مِنْ فَضْلٍ .

قَالَ الشَّافِعِيُّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ : مَا عَابَ ابْنُ عَبَّاسٍ وَلَا اَبُوْ هُرَيْرَةَ عَلَيْهِ اَنْ يُطَلِّقَ ثَلَاثًا .

✧✧ محمد بن ایاس بیان کرتے ہیں ایک شخص نے اپنی بیوی کے ساتھ صحبت کرنے سے پہلے ہی اسے تین طلاقیں دے دی پھر اسے یہ مناسب لگا کہ وہ اس عورت کے ساتھ نکاح کرے وہ مسئلہ دریافت کرنے کے لئے آیا میں بھی اس کے ساتھ چل پڑا تاکہ اس کے ساتھ مسئلہ دریافت کر سکوں اس نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے اس بارے میں دریافت کیا تو انہوں نے جواب دیا: ہمارے خیال میں تم اس عورت سے اس وقت تک نکاح نہیں کر سکتے جب تک وہ تمہارے علاوہ کسی اور شخص کیساتھ شادی نہیں کر لیتی (اور پھر طلاق یافتہ یا بیوہ نہیں ہو جاتی) وہ شخص بولا میں نے جو اسے طلاق دی تھی وہ ایک ہی شمار ہونی چاہیے تو حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: تمہارے پاس جو اختیار تھا تم نے وہ چھوڑ دیا ہے اب تمہارے پاس کوئی گنجائش نہیں ہے۔

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما اور حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے اس شخص پر اس حوالے سے کوئی اعتراض

حدیث نمبر **1249**:

اصبحی' ابوعبداللہ مالک بن انس' "المؤطا" بروایۃ یحییٰ بن یحییٰ اندلسی' تحقیق: بشار عواد معروف' دار الغرب الاسلامی' بیروت' لبنان (طبع اوّل) **1996**ء	**1658**
طحاوی' امام ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ' "شرح معانی الآثار" تحقیق: محمد جاد الحق' مطبعۃ الانوار المحمدیہ' مصر	**58/3**
صنعانی' امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام' "المصنف" تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی' دار القلم' بیروت **1970**ء	**11074**
کوفی' امام ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ' "المصنف" المطبعۃ العزیزیہ' حیدر آباد دکن' ہندوستان **1386**ھ	**17848**
اصبحی' ابوعبداللہ مالک بن انس' "المؤطا" بروایۃ یحییٰ بن یحییٰ اندلسی' تحقیق: بشار عواد معروف' دار الغرب الاسلامی' بیروت' لبنان (طبع اوّل) **1996**ء	**108**
طحاوی' امام ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ' "شرح معانی الآثار" تحقیق: محمد جاد الحق' مطبعۃ الانوار المحمدیہ' مصر	**58/3**
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام" دار المعرفۃ' بیروت' لبنان	**103/5**
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام" تحقیق: رفعت فوزی' دار الوفاء' طبع اوّل **2001**ء	**358/6**

نہیں کیا کہ اس نے تین طلاقیں کیوں دی ہیں۔

1251 - اَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ، عَنْ بُكَيْرٍ، عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ اَبِىْ عَيَّاشٍ الْاَنْصَارِيِّ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ يَسْتَفْتِيْ عَبْدَ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو عَنْ رَجُلٍ طَلَّقَ امْرَاَتَهُ ثَلَاثًا قَبْلَ اَنْ يَمَسَّهَا قَالَ عَطَاءٌ فَقُلْتُ اِنَّمَا طَلَاقُ الْبِكْرِ وَاحِدَةٌ فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو اِنَّمَا اَنْتَ قَاصٌّ الْوَاحِدَةُ تُبِيْنُهَا وَالثَّلَاثُ تُحَرِّمُهَا حَتّٰى تَنْكِحَ زَوْجًا غَيْرَهُ.

قَالَ الشَّافِعِيُّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: وَلَمْ يَقُلْ لَّهُ عَبْدُ اللّٰهِ بِئْسَ مَا صَنَعْتَ حِيْنَ طَلَّقَهَا ثَلَاثًا.

✦✦ عطاء بن یسار بیان کرتے ہیں ایک شخص نے حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ سے ایسے شخص کے بارے میں دریافت کیا جو اپنی بیوی کے ساتھ صحبت کرنے سے پہلے تین طلاقیں دے دیتا ہے عطاء بیان کرتے ہیں۔ میں نے جواب دیا: کنواری لڑکی کو ایک طلاق دی جاتی ہے حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تم ایک مولوی ہو ایک طلاق نے اسے الگ کر دیا اور تین نے (اس وقت تک) حرام کر دیا جب تک وہ عورت اس شخص کے علاوہ کسی دوسرے شخص سے نکاح نہیں کر لیتی (اور طلاق یافتہ یا بیوہ نہیں ہو جاتی) امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ بیان کرتے ہیں حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے اس سے یہ نہیں کہا' کیا کہ تم نے برا عمل کیا ہے؟ جب اس نے اپنی بیوی کو تین طلاقیں دیں تھی۔

1252 - اَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ، عَنْ بُكَيْرٍ، عَنِ ابْنِ اَبِىْ عَيَّاشٍ اَنَّهُ كَانَ جَالِسًا مَعَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الزُّبَيْرِ وَعَاصِمِ بْنِ عُمَرَ قَالَ فَجَاءَهُمَا مُحَمَّدُ بْنُ اِيَاسِ بْنِ الْبُكَيْرِ فَقَالَ اِنَّ رَجُلًا مِّنْ اَهْلِ الْبَادِيَةِ طَلَّقَ امْرَاَتَهُ ثَلَاثًا قَبْلَ اَنْ يَّدْخُلَ بِهَا فَمَاذَا تَرَيَانِ فَقَالَ بْنُ الزُّبَيْرِ اِنَّ هٰذَا الْاَمْرَ مَا لَنَا فِيْهِ قَوْلٌ اذْهَبْ اِلَى ابْنِ عَبَّاسٍ وَاَبِىْ هُرَيْرَةَ فَاِنِّيْ تَرَكْتُهُمَا عِنْدَ عَائِشَةَ فَسَلْهُمَا ثُمَّ ائْتِنَا فَاَخْبِرْنَا فَذَهَبَ فَسَاَلَهُمَا قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ لِاَبِىْ هُرَيْرَةَ اَفْتِهِ يَا اَبَا هُرَيْرَةَ فَقَدْ جَاءَتْكَ مُعْضِلَةٌ فَقَالَ اَبُوْ هُرَيْرَةَ: الْوَاحِدَةُ تُبِيْنُهَا وَالثَّلَاثُ تُحَرِّمُهَا حَتّٰى تَنْكِحَ زَوْجًا غَيْرَهُ، وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: مِثْلَ ذٰلِكَ.

قَالَ الشَّافِعِيُّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: وَلَمْ يَعِيْبَا عَلَيْهِ الثَّلَاثَ وَلَا عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا

✦✦ ابن ابی عیاش بیان کرتے ہیں وہ حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہما اور عاصم بن عمر رضی اللہ عنہ کے ساتھ بیٹھے ہوئے تھے محمد بن ایاس بن بکیر ان دونوں حضرات کے پاس آئے اور بولے دیہات سے تعلق رکھنے والے ایک شخص نے اپنی بیوی کی رخصتی ہونے سے پہلے ہی اسے تین طلاقیں دے دیں ہیں آپ دونوں کی اس بارے میں کیا رائے ہے؟ تو ابن زبیر رضی اللہ عنہما نے فرمایا: اس بارے

حدیث نمبر 1252:

اصبحی' ابوعبداللہ مالک بن انس' "الموطا" بروایۃ یحییٰ بن یحییٰ اندلسی' تحقیق: بشار عواد معروف' دارالغرب الاسلامی' بیروت' لبنان (طبع اول) 1996ء 1659

طحاوی' امام ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ' "شرح معانی الآثار" تحقیق: محمد جادالحق' مطبعۃ الانوار المحمدیہ' مصر 57/3

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام" دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان 139/5

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام" تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اول 2001ء 357/6

میں ہم کچھ نہیں کہہ سکتے تم حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما اور حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کے پاس جاؤ! میں نے ان دونوں حضرات کو سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کی خدمت میں چھوڑا تھا تم ان دونوں سے یہ سوال کرو۔ پھر ہمیں آ کر (اس کے جواب کے بارے میں) بتا دینا۔ وہ شخص گیا اس نے ان دونوں سے پوچھا تو حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے کہا اے ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ آپ اسے فتویٰ دیں کیونکہ آپ کے پاس ایک مشکل مسئلہ آیا ہے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ایک طلاق نے اس عورت کو الگ کر دیا تین طلاقوں نے اسے حرام کر دیا جب تک وہ دوسرے شخص کے ساتھ شادی نہیں کر لیتی (اور طلاق یافتہ یا بیوہ نہ ہو جائے) تو حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے بھی اس کی مانند جواب دیا۔

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ بیان کرتے ہیں ان دونوں نے حضرات نے تین طلاقیں دینے کے بارے میں کوئی تنقید نہیں کی۔

اس طرح سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے بھی نہیں کی۔

اخرج الحديثين من كتاب اباحة الطلاق ' والى اخر الخامس من كتاب احكام القرآن .

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے دونوں پہلی روایات ''اباحۃ الطلاق'' میں نقل کی ہیں اور اس کے بعد پانچویں تک کتاب احکام القرآن میں نقل کی ہیں۔

باب منه : في الطلاق الثلاث بعد الدخول

باب 4: رخصتی ہو جانے کے بعد تین طلاقیں دینا

1253 - اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ عَائِشَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

حدیث نمبر **1253**:

طیالسی' امام ابوداؤد سلیمان بن داؤد' ''المسند'' دار المعرفۃ' بیروت لبنان — 1437

صنعانی' امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام' ''المصنف'' تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی' دار القلم' بیروت 1970ء — 11131

حمیدی' امام ابوبکر عبداللہ بن زبیر' ''المسند'' عالم الکتب' بیروت' مکتبۃ المتنبی' قاہرہ' مصر — 226

کوفی' امام ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ' ''المصنف'' المطبعۃ العزیزیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' 1386ھ — 16933

مروزی' امام اسحاق بن ابراہیم' ''المسند'' مکتبۃ الایمان' مدینہ منورہ' طبع اوّل' 1412ھ-1991ء — 7/4

شیبانی' امام احمد بن محمد بن حنبل' ''المسند'' المطبعۃ المیمنیہ' مصر — 34/6

بخاری' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل' ''الجامع الصحیح'' (رقم الحدیث من فتح الباری) — 2639

نیشاپوری' امام مسلم بن حجاج' ''الجامع الصحیح'' تحقیق وترقیم: فؤاد عبدالباقی' دار الحدیث' قاہرہ' مصر — 1433

سجستانی' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث' ''السنن'' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان — 2309

قزوینی' امام محمد بن یزید ابن ماجہ' ''السنن'' تحقیق: بشار عواد معروف' دار الجیل' بیروت' 1998ء — 1932

ترمذی' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ' ''الجامع الکبیر'' تحقیق: ڈاکٹر بشار عواد معروف' دار الغرب الاسلامی' بیروت 1998ء — 1118

نسائی' امام احمد بن شعیب' ''المجتبیٰ من السنن'' دار الحدیث' قاہرہ' مصر 1407ھ-1987ء — 20/6

نسائی' امام احمد بن شعیب' ''السنن الکبریٰ'' تحقیق: سلیمان بنداری' سید کسروی' دار الکتب العلمیہ' 1991ء — 5604

وَسَلَّمَ اَنَّ امْرَاَةَ رِفَاعَةَ جَاءَتْ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَتْ : اِنَّ رِفَاعَةَ طَلَّقَنِيْ فَبَتَّ طَلَاقِي، وَاِنَّ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ الزُّبَيْرِ تَزَوَّجَنِيْ، وَاِنَّمَا مَعَهُ مِثْلُ هُدْبَةِ الثَّوْبِ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : تُرِيْدِيْنَ اَنْ تَرْجِعِي اِلَى رِفَاعَةَ؟ لَا، حَتّٰى تَذُوْقِي عُسَيْلَتَهُ وَيَذُوْقَ عُسَيْلَتَكِ .

✦✦ سیدہ عائشہ صدیقہ ﷺ بیان کرتی ہیں' رفاعہ کی اہلیہ نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئیں انہوں نے کہا: رفاعہ نے مجھے طلاق دی اور طلاق ''بتہ'' دی پھر عبدالرحمٰن بن زبیر ﷺ نے میرے ساتھ شادی کر لی اس کا ساتھ میرے لئے کپڑے کے کنارے کی طرح ہے نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: کیا تم چاہتی ہو کہ رفاعہ کے پاس واپس چلی جاؤ؟ ایسا اس وقت تک نہیں ہو سکتا جب تک تم زبیر) کا شہد نہیں چکھ لیتی اور وہ تمہارا شہد نہیں چکھ لیتا۔

1254 - اَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنِ الْمِسْوَرِ بْنِ رِفَاعَةَ الْقُرَظِيِّ، عَنِ الزُّبَيْرِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الزُّبَيْرِ، اَنَّ رِفَاعَةَ طَلَّقَ امْرَاَتَهُ تَمِيمَةَ بِنْتَ وَهْبٍ فِيْ عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثَلَاثًا، فَنَكَحَهَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ الزُّبَيْرِ، فَاعْتَرَضَ عَنْهَا فَلَمْ يَسْتَطِعْ اَنْ يَمَسَّهَا فَفَارَقَهَا، فَاَرَادَ رِفَاعَةُ اَنْ يَنْكِحَهَا وَهُوَ زَوْجُهَا الْاَوَّلُ الَّذِيْ كَانَ طَلَّقَهَا، فَذَكَرَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَنَهَاهُ اَنْ يَتَزَوَّجَهَا، وَقَالَ : لَا تَحِلُّ لَكَ حَتّٰى تَذُوْقَ الْعُسَيْلَةَ

✦✦ زبیر بن عبدالرحمٰن بیان کرتے ہیں رفاعہ نے اپنی اہلیہ تمیمہ بنت وہب کو نبی اکرم ﷺ کے زمانہ اقدس میں تین طلاقیں دے دیں تو عبدالرحمٰن بن زبیر ﷺ نے اس عورت کے ساتھ شادی کر لی وہ اس عورت کے قریب گئے مگر اس سے صحبت نہیں کر سکے اور اس سے الگ ہو گئے رفاعہ نے یہ چاہا کہ وہ اس عورت کے ساتھ نکاح کر لے کیوں کہ وہ اس کے پہلے شوہر تھے جس نے انہیں طلاق دی تھی انہوں نے اس بات کا تذکرہ نبی اکرم ﷺ سے کیا نبی اکرم ﷺ نے انہیں اس عورت کے ساتھ شادی کرنے سے منع کر دیا اور ارشاد فرمایا: وہ تمہارے لئے اس وقت تک حلال نہیں ہو سکتی جب تک وہ (اپنے دوسرے شوہر کا) شہد نہیں چکھ لیتی۔

حاشیہ حدیث نمبر **1253**:

موصلی امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ ''المسند'' تحقیق: حسین سلیم اسد دارالمامون للتراث طبع اول **1987**ء	**443**
بستی امام ابوحاتم محمد بن حبان ''صحیح ابن حبان'' دارالفکر بیروت طبع اول **1996**ء	**4122**
فارسی امام امیر ابن بلبان ''الاحسان فی تقریب صحیح ابن حبان'' موسسۃ الرسالہ بیروت طبع اول **1988**ء	**4119**
طبرانی امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب ''المعجم الاوسط'' تحقیق: محمود الطحان مکتبۃ المعارف ریاض سعودی عربیہ (طبع اول)	**8640**
بیہقی امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی ''السنن الکبریٰ'' دائرۃ المعارف النظامیہ حیدرآباد دکن ہندوستان **1344**ھ	**333/7**

حدیث نمبر **1254**:

شیبانی ابوعبداللہ مالک بن انس ''الموطا'' بروایۃ امام محمد بن حسن شیبانی (موطا امام محمد) تحقیق: عبدالوہاب عبداللطیف المکتبۃ العلمیہ	**582**
اصبحی ابوعبداللہ مالک بن انس ''الموطا'' بروایۃ یحییٰ بن یحییٰ اندلسی تحقیق: بشار عواد معروف دارالغرب الاسلامی بیروت لبنان (طبع اول) **1996**ء	**1516**
بیہقی امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی ''السنن الکبریٰ'' دائرۃ المعارف النظامیہ حیدرآباد دکن ہندوستان **1344**ھ	**375/7**
شافعی امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس ''الام'' دارالمعرفۃ بیروت لبنان	**248/5**
شافعی امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس ''الام'' تحقیق: رفعت فوزی دارالوفاء طبع اول **2001**ء	**2629/6**

1255 - اَخْبَرَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَآئِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَمِعَهَا تَقُوْلُ : جَائَتِ امْرَاَةُ رِفَاعَةَ الْقُرَظِيِّ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَتْ : اِنِّيْ كُنْتُ عِنْدَ رِفَاعَةَ فَطَلَّقَنِيْ فَبَتَّ طَلَاقِيْ، فَتَزَوَّجْتُ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ الزَّبِيْرِ، وَاِنَّمَا مَعَهُ مِثْلُ هُدْبَةِ الثَّوْبِ، فَتَبَسَّمَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَالَ : اَتُرِيْدِيْنَ اَنْ تَرْجِعِيْ اِلٰى رِفَاعَةَ؟ لَا، حَتّٰى تَذُوْقِيْ عُسَيْلَتَهُ وَيَذُوْقَ عُسَيْلَتَكِ قَالَ : وَاَبُوْ بَكْرٍ عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَخَالِدُ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ الْعَاصِ بِالْبَابِ يَنْتَظِرُ اَنْ يُؤْذَنَ لَهُ فَنَادٰى : يَا اَبَا بَكْرٍ، اَلَا تَسْمَعُ مَا تَجْهَرُ بِهٖ هٰذِهٖ عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ .

✧✧ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' رفاعہ قرظی کی اہلیہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئی اور عرض کی: میں رفاعہ کی بیوی تھی اس نے مجھے طلاق دے دی اور طلاق ''بتہ'' دی پھر میں نے عبدالرحمٰن بن زبیر رضی اللہ عنہما کے ساتھ شادی کر لی اس کا ساتھ میرے لئے کپڑے کے کنارے کی مانند نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مسکرا دیئے آپ نے فرمایا: کیا تم چاہتی ہو دوبارہ رفاعہ کے ساتھ شادی کرلو؟ ایسا اس وقت تک نہیں ہوسکتا جب تک تم (عبدالرحمٰن کا شہد نہیں چکھ لیتی اور وہ تمہارا شہد نہیں چکھ لیتا)

راوی بیان کرتے ہیں: حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ اس وقت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس موجود تھے اور حضرت خالد بن سعید بن العاص رضی اللہ عنہ دروازے پر منتظر تھے کہ انہیں اندر آنے کی اجازت ملے' وہ بلند آواز سے بولے: اے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ! کیا آپ سن رہے ہیں؟ یہ عورت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی موجودگی میں کیسی باتیں کر رہی ہے۔

1256 - اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَآئِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا، اَنَّهُ سَمِعَهَا تَقُوْلُ : جَائَتِ امْرَاَةُ رِفَاعَةَ يَعْنِي الْقُرَظِيَّ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَتْ : اِنِّيْ كُنْتُ عِنْدَ رِفَاعَةَ فَطَلَّقَنِيْ فَبَتَّ طَلَاقِيْ، فَتَزَوَّجْتُ بَعْدَهُ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ الزَّبِيْرِ، وَاِنَّمَا مَعَهُ مِثْلُ هُدْبَةِ الثَّوْبِ، فَتَبَسَّمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَقَالَ : تُرِيْدِيْنَ اَنْ تَرْجِعِيْ اِلٰى رِفَاعَةَ؟ لَا، حَتّٰى يَذُوْقَ عُسَيْلَتَكِ، وَتَذُوْقِيْ عُسَيْلَتَهُ،

وَاَبُوْ بَكْرٍ عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَخَالِدُ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ الْعَاصِ بِالْبَابِ يَنْتَظِرُ اَنْ يُؤْذَنَ، فَنَادٰى : يَا اَبَا بَكْرٍ، اَلَا تَسْمَعُ مَا تَجْهَرُ بِهٖ هٰذِهٖ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

✧✧ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: رفاعہ کی اہلیہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئیں اور بولی کے میں رفاعہ کی اہلیہ تھی اس نے مجھے طلاق دے دی اور طلاق ''بتہ'' دے دی میں نے اس کے بعد عبدالرحمٰن بن زبیر رضی اللہ عنہما سے شادی کر لی اور اس کا ساتھ میرے لئے کپڑے کے اس کنارے کے مانند ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مسکرا دیئے اور آپ نے ارشاد فرمایا: تم یہ چاہتی ہو کے دوبارہ رفاعہ کے ساتھ شادی کرلو ایسا اس وقت تک نہیں ہوسکتا (جب تک وہ (عبدالرحمٰن) تمہارا شہد نہ چکھ لے اور تم اس کا شہد نہ چکھ لو)

سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس موجود تھے اور حضرت خالد بن سعید بن العاص رضی اللہ عنہ دروازے پر موجود تھے اور اس بات کا انتظار کر رہے تھے کہ انہیں اندر آنے کی اجازت ملے وہ بلند آواز سے بولے: اے ابوبکر! کیا آپ سن نہیں رہے؟ یہ عورت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی موجودگی میں بلند آواز میں کیسی باتیں کر رہی ہے؟

اخرج الاول من كتاب الرسالة والثانی والثالث من كتاب الرجعة والرابع من الجزء الثانی من اختلاف الحديث .

امام شافعی نے پہلی روایت کتاب رسالہ میں نقل کی ہے دوسری اور تیسری روایت کتاب الرجعۃ میں جب کہ چوتھی روایت کتاب اختلاف حدیث کے دوسرے جزء میں نقل کی ہے۔

باب طلاق العبد وانها تحرم عليه باثنتين

باب 5: غلام کا طلاق دینا' عورت دو طلاقوں کے ساتھ اس پر حرام ہو جاتی ہے

1257 - اخبرنا مالك ، حدثنی نافع ، أن ابن عمر كان يقول : من أذن لعبده أن ينكح فالطلاق بيد العبد ليس بيد غيره من طلاقه شیء .

✦✦ نافع بیان کرتے ہیں حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما یہ فرمایا کرتے تھے جو شخص اپنے غلام کو نکاح کرنے کی اجازت دے تو طلاق کا اختیار غلام کے پاس ہوگا اس کے طلاق دینے کا اختیار اس کے علاوہ اور کسی کے پاس نہیں ہوگا۔

1258 - أَخْبَرَنَا مَالِكٌ ، حَدَّثَنِيْ عَبْدُ رَبِّهِ بْنُ سَعِيْدٍ ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِبْرَاهِيْمَ بْنِ الْحَارِثِ التَّيْمِيِّ ، أَنَّ نُفَيْعًا مُكَاتِبًا لِأُمِّ سَلَمَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اسْتَفْتَى زَيْدَ بْنَ ثَابِتٍ فَقَالَ اِنِّيْ طَلَّقْتُ امْرَأَةً لِّيْ حُرَّةً تَطْلِيْقَتَيْنِ فَقَالَ زَيْدُ بْنُ حُرِمَتْ عَلَيْكَ .

✦✦ محمد بن ابراہیم بیان کرتے ہیں سیّدہ ام سلمہ رضی اللہ عنہا جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زوجہ محترمہ ہیں' ان کے مکاتب غلام "نفیع" نے حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ سے مسئلہ دریافت کیا اور بولے: میں نے اپنی بیوی کو جو ایک آزاد عورت تھی' دو طلاقیں دے دی ہیں تو حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ نے فرمایا: وہ تمہارے لئے حرام ہو گئی ہے۔

حدیث نمبر **1257**

اصحی' ابوعبداللہ مالک بن انس' "الموطا" بروایۃ امام محمد بن حسن شیبانی (موطا امام محمد) تحقیق: عبدالوہاب عبداللطیف' المکتبۃ العلمیہ	560
اصحی' ابوعبداللہ مالک بن انس' "الموطا" بروایۃ یحیی بن یحیی اندلسی' تحقیق: بشار عواد معروف' دار الغرب الاسلامی' بیروت' لبنان (طبع اول) 1996ء	1676
صنعانی' امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام' "المصنف" تحقیق: عبدالرحمن اعظمی' دار القلم' بیروت 1970ء	12966
کوفی' امام ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ' "المصنف" المطبعۃ العزیزیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان 1386ھ	18283
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام" دار المعرفۃ' بیروت' لبنان	257/5
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام" تحقیق: رفعت فوزی' دار الوفاء' طبع اول 2001ء	650/6

حدیث نمبر **1258**

اصحی' ابوعبداللہ مالک بن انس' "الموطا" بروایۃ یحیی بن یحیی اندلسی' تحقیق: بشار عواد معروف' دار الغرب الاسلامی' بیروت' لبنان (طبع اول) 1996ء	1674
بیہقی' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی' "السنن الکبری" دائرۃ المعارف النظامیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان 1344ھ	369/7
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام" دار المعرفۃ' بیروت' لبنان	258/5

1259 - اَخْبَرَنَا مَالِكٌ ، حَدَّثَنِي اَبُو الزِّنَادِ ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ يَسَارٍ اَنَّ نُفَيْعًا مُكَاتَبًا لِاُمِّ سَلَمَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَهُ عَبْدٌ كَانَتْ تَحْتَهُ امْرَاَةٌ حُرَّةٌ فَطَلَّقَهَا اثْنَتَيْنِ ثُمَّ اَرَادَ اَنْ يُرَاجِعَهَا فَاَمَرَهُ اَزْوَاجُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يَاْتِيَ عُثْمَانَ بْنَ عَفَّانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ يَسْاَلُهُ عَنْ ذٰلِكَ فَذَهَبَ اِلَيْهِ فَلَقِيَهُ عِنْدَ الدَّرَجِ اٰخِذًا بِيَدِ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ فَسَاَلَهُمَا فَابْتَدَرَاهُ جَمِيعًا فَقَالَا حَرُمَتْ عَلَيْكَ حَرُمَتْ عَلَيْكَ ۔

✧✧ سلیمان بن یسار بیان کرتے ہیں نفیع' جو حضرت ام سلمہ کا مکاتب غلام تھا اس کی بیوی ایک آزاد عورت تھی' اس شخص نے اس عورت کو دو طلاقیں دے دیں' پھر اس نے اس عورت سے رجوع کرنے کا ارادہ کیا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی ازواج نے اس کو ہدایت کی کہ وہ حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کے پاس جائے اور ان سے اس بارے میں دریافت کرے وہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے پاس گیا اور ''درج'' کے مقام کے قریب ان سے ملا انہوں نے اس وقت حضرت زید بن حارث رضی اللہ عنہ کا ہاتھ تھام رکھا تھا اس نے ان دونوں حضرات سے اس بارے میں دریافت کیا تو دونوں نے ایک دوسرے سے پہلے یہ جواب دیا' کہ وہ عورت تمہارے لئے حرام ہوگئی ہے وہ عورت تمہارے لئے حرام ہوگئی ہے۔

1260 - اَخْبَرَنَا مَالِكٌ ، حَدَّثَنِي ابْنُ شِهَابٍ ، عَنِ ابْنِ الْمُسَيِّبِ اَنَّ نُفَيْعًا مُكَاتَبًا لِاُمِّ سَلَمَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ طَلَّقَ امْرَاَتَهُ حُرَّةً تَطْلِيقَتَيْنِ فَاسْتَفْتَى عُثْمَانَ بْنَ عَفَّانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فَقَالَ لَهُ عُثْمَانُ حَرُمَتْ عَلَيْكَ

✧✧ ابن مسیب بیان کرتے ہیں' سیدہ ام سلمہ رضی اللہ عنہا کے مکاتب غلام ''نفیع'' نے اپنی بیوی کو دو طلاقیں دے دی جو ایک

حدیث نمبر **1259**:

اصحی' ابوعبداللہ مالک بن انس' ''الموطا'' بروایۃ امام محمد بن حسن شیبانی (موطا امام محمد) تحقیق: عبدالوہاب عبداللطیف' المکتبۃ العلمیہ	556
اصحی' ابوعبداللہ مالک بن انس' ''الموطا'' بروایۃ یحییٰ بن یحییٰ اندلسی' تحقیق: بشار عواد معروف' دار الغرب الاسلامی' بیروت' لبنان (طبع اول) 1996ء	1072
بیہقی' امام' ابوبکر احمد بن حسین بن علی' ''السنن الکبریٰ'' دائرۃ المعارف النظامیہ' حیدر آباد دکن' ہندوستان' 1344ھ	360/7
صنعانی' امام' ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام' ''المصنف'' تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی' دار القلم' بیروت' 1970ء	12947
بیہقی' امام' ابوبکر احمد بن حسین بن علی' ''السنن الکبریٰ'' دائرۃ المعارف النظامیہ' حیدر آباد دکن' ہندوستان' 1344ھ	368/7
کوفی' امام' ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ' ''المصنف'' المطبعۃ العزیزیہ' حیدر آباد دکن' ہندوستان' 1386ھ	18242
شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام'' دار المعرفۃ' بیروت' لبنان	258
شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام'' تحقیق: رفعت فوزی' دار الوفاء' طبع اول' 2001ء	650/6

حدیث نمبر **1260**:

اصحی' ابوعبداللہ مالک بن انس' ''الموطا'' بروایۃ امام محمد بن حسن شیبانی (موطا امام محمد) تحقیق: عبدالوہاب عبداللطیف' المکتبۃ العلمیہ	555
اصحی' ابوعبداللہ مالک بن انس' ''الموطا'' بروایۃ یحییٰ بن یحییٰ اندلسی' تحقیق: بشار عواد معروف' دار الغرب الاسلامی' بیروت' لبنان (طبع اول) 1996ء	1073
صنعانی' امام' ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام' ''المصنف'' تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی' دار القلم' بیروت' 1970ء	368/7
شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام'' دار المعرفۃ' بیروت' لبنان	258/5
شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام'' تحقیق: رفعت فوزی' دار الوفاء' طبع اول' 2001ء	650/6

آزادی عورت تھیں پھر اس نے حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ سے اس بارے میں دریافت کیا تو حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے اس سے کہا: وہ یہ عورت تمہارے لئے حرام ہوگئی ہے۔

اخرج الاربعة الاحاديث من كتاب الرجعة ' وهوى اٰخر ما فيه .

امام شافعی رحمہ اللہ نے یہ چاروں روایات ''کتاب الرجعۃ'' میں نقل کی ہیں۔

باب : كتابة الطلاق

باب 6: طلاق تحریر کرنا

1261 - اَخْبَرَنَا مَالِكٌ عَنْ نَافِعٍ ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّهُ قَالَ : فِي الْخَلِيَّةِ وَالْبَرِيَّةِ ثَلَاثًا ثَلَاثًا .

✦✦ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں لفظ ''خلیہ'' اور ''بریہ'' سے تین طلاقیں ہو جاتی تھیں۔

اخرجه في كتاب اختلاف مالك والشافعي .

امام شافعی رحمہ اللہ نے اس روایت کو کتاب اختلاف مالک و شافعی میں نقل کیا ہے۔

باب تخيير الامة اذا عتقت

باب 7: کنیز جب آزاد ہو جائے (تو اس کو شوہر سے علیحدگی) کا اختیار دینا

1262 - اَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ رَبِيعَةَ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ عَائِشَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهَا قَالَتْ : كَانَ فِي بُرَيْرَةَ ثَلَاثُ سُنَنٍ وَكَانَتْ فِي اِحْدَى السُّنَنِ اَنَّهَا اُعْتِقَتْ فَخُيِّرَتْ فِي زَوْجِهَا .

✦✦ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' بریرہ کے بارے میں تین شرعی احکام سامنے آئے ان تین میں سے ایک حکم یہ تو کہ جب اسے آزاد کیا گیا تو اس کو اس کے شوہر (سے علیحدگی) کے بارے میں اختیار دیا گیا۔

حدیث نمبر 1261:

اَصْبَحی' ابوعبداللہ مالک بن انس' ''الموطا'' بروایہ امام محمد بن حسن شیبانی (موطا امام محمد) تحقیق: عبدالوہاب عبداللطیف' المکتبۃ العلمیہ	599
اَصْبَحی' ابوعبداللہ مالک بن انس' ''الموطا'' بروایہ یحییٰ بن یحییٰ اندلسی تحقیق: بشار عواد معروف' دارالغرب الاسلامی' بیروت' لبنان (طبع اول) 1996ء	1587
صنعانی' امام' ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام' ''المصنف'' تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی' دارالقلم' بیروت' 1970ء	1184
کوفی' امام' ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ' ''المصنف'' المطبعۃ العزیزیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' 1386ھ	18159
شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام'' دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان	256/7
شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام'' تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اول' 2001ء	729/8

حدیث نمبر 1262:

اَصْبَحی' ابوعبداللہ مالک بن انس' ''الموطا'' بروایہ یحییٰ بن یحییٰ اندلسی تحقیق: بشار عواد معروف' دارالغرب الاسلامی' بیروت' لبنان (طبع اول) 1996ء	1625
صنعانی' امام' ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام' ''المصنف'' تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی' دارالقلم' بیروت' 1970ء	13088
شیبانی' امام احمد بن محمد بن حنبل' ''المسند'' المطبعۃ المیمنیہ' مصر	45/6

1263 - اَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّهٗ كَانَ يَقُوْلُ فِي الْاَمَةِ تَكُوْنُ تَحْتَ الْعَبْدِ فَتَعْتِقُ : اِنَّ لَهَا الْخِيَارَ مَا لَمْ يَمَسَّهَا فَاِنْ مَسَّهَا فَلَا خِيَارَ لَهَا

✧✧ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما ایسی کنیز کے بارے میں یہ فرماتے ہیں: جو کسی غلام کی بیوی ہو اور پھر اس کنیز کو آزاد کر دیا جائے اس کنیز کو اختیار ہو گا اس سے پہلے کے اس کا شوہر اس سے صحبت کر لے اگر اس کے شوہر نے اس کے ساتھ صحبت کر لی تو کنیز کو اختیار باقی نہیں رہے گا۔

1264 - اَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ، اَنَّ مَوْلَاةً لِبَنِي عَدِيِّ بْنِ كَعْبٍ يُقَالُ لَهَا

بقیہ حاشیہ حدیث نمبر **1262**:

دارمی' امام' ابو محمد عبداللہ بن عبدالرحمٰن' "السنن" تحقیق: عبداللہ ہاشم یمانی' دارالمحاسن' قاہرہ' **1966**ء **2295**

بخاری' امام' ابو عبداللہ محمد بن اسماعیل' "الجامع الصحیح" (رقم الحدیث من فتح الباری) **2536**

نیشاپوری' امام' مسلم بن حجاج' "الجامع الصحیح" تحقیق و ترقیم: فؤاد عبدالباقی' دارالحدیث' قاہرہ' مصر **1504**

سجستانی' امام' ابوداؤد سلیمان بن اشعث' "السنن"' داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **2236**

نسائی' امام' احمد بن شعیب' "المجتبیٰ من السنن" دارالحدیث' قاہرہ' مصر **1407**ھ-**1987**ء **126/6**

نسائی' امام' احمد بن شعیب' "السنن الکبریٰ" تحقیق: سلیمان بنداری' سید کسروی' دارالکتب العلمیہ' **1991**ء **5640**

طحاوی' امام' ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ' "شرح مشکل الآثار" تحقیق: شعیب ارناؤوط' موسسۃ الرسالہ' بیروت' لبنان' **1987**ء **43869**

الفارسی' امام' امیر ابن بلبان' "الاحسان فی تقریب صحیح ابن حبان" موسسۃ الرسالہ' بیروت' طبع اوّل' **1988**ء **4269**

حدیث نمبر **1263**:

اصبحی' ابوعبداللہ مالک بن انس' "المؤطا" بروایۃ امام محمد بن حسن شیبانی (مؤطا امام محمد) تحقیق: عبدالوہاب عبداللطیف' المکتبۃ العلمیہ **573**

اصبحی' ابوعبداللہ مالک بن انس' "المؤطا" بروایۃ یحییٰ بن یحییٰ اندلسی تحقیق: بشار عواد معروف' دارالغرب الاسلامی' بیروت' لبنان (طبع اوّل) **1996**ء **1626**

صنعانی' امام' ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام' "المصنف" تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی' دارالقلم' بیروت' **1970**ء **13016**

کوفی' امام' ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ' "المصنف" المطبعۃ العزیزیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' **1386**ھ **16529**

طحاوی' امام' ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ' "شرح مشکل الآثار" تحقیق: شعیب ارناؤوط' موسسۃ الرسالہ' بیروت' لبنان' **1987**ء **4386**

بیہقی' امام' ابوبکر احمد بن حسین بن علی' "السنن الکبریٰ" دائرۃ المعارف النظامیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' **1344**ھ **222/7**

شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام" تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اوّل' **2001**ء **315/6**

حدیث نمبر **1264**:

اصبحی' ابوعبداللہ مالک بن انس' "المؤطا" بروایۃ امام محمد بن حسن شیبانی (مؤطا امام محمد) تحقیق: عبدالوہاب عبداللطیف' المکتبۃ العلمیہ **5674**

اصبحی' ابوعبداللہ مالک بن انس' "المؤطا" بروایۃ یحییٰ بن یحییٰ اندلسی تحقیق: بشار عواد معروف' دارالغرب الاسلامی' بیروت' لبنان (طبع اوّل) **1996**ء **1626**

صنعانی' امام' ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام' "المصنف" تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی' دارالقلم' بیروت' **1970**ء **13017**

طحاوی' امام' ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ' "شرح مشکل الآثار" تحقیق: شعیب ارناؤوط' موسسۃ الرسالہ' بیروت' لبنان' **1987**ء **4386**

بیہقی' امام' ابوبکر احمد بن حسین بن علی' "السنن الکبریٰ" دائرۃ المعارف النظامیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' **1344**ھ **225/7**

شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام" دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان **122/5**

شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام" تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اوّل' **2001**ء **315/6**

زَبْرَاءُ اَخْبَرَتْهُ اَنَّهَا كَانَتْ تَحْتَ عَبْدٍ وَهِيَ اُمَّةٌ يَوْمَئِذٍ فَعَتَقَتْ قَالَتْ فَاَرْسَلَتْ اِلَيَّ حَفْصَةُ زَوْجُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَدَعَتْنِيْ فَقَالَتْ اِنِّيْ مُخْبِرَتُكِ خَبَرًا وَّلَا اُحِبُّ اَنْ تَصْنَعِيْ شَيْئًا اِنَّ اَمْرَكِ بِيَدِكِ مَا لَمْ يَمَسَّكِ زَوْجُكِ قَالَتْ فَفَارَقْتُهُ ثَلَاثًا .

✦✦ عروہ بن زبیر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں بنوعدی بن کعب کی ایک کنیز تھی جس کا نام ''زبراء'' تھا اس نے انہیں بتایا کہ وہ ایک غلام کی بیوی تھی اوران دنوں وہ ایک کنیز تھی پھر وہ آزاد ہو گئی۔

وہ خاتون بیان کرتی ہیں' سیدہ حفصہ رضی اللہ عنہا جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زوجہ محترمہ تھی' انہوں نے مجھے بلوایا اور فرمایا: میں تمہیں ایک بات بتانے لگی ہوں میں یہ نہیں چاہتی کہ تم کچھ کرلو (لیکن تمہیں پتہ ہونا چاہیے) جب تک تمہارا شوہر تمہارے ساتھ صحبت نہیں کر لیتا اس وقت تک تم کو اپنی ذات کے بارے میں اختیار ہے' وہ خاتون بیان کرتی ہیں' تو میں نے اس شوہر سے مکمل علیحدگی اختیار کر لی۔

1265 - اَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُرْوَةَ، اَنَّ مَوْلَاةً لِبَنِيْ عَدِيٍّ يُقَالُ لَهَا زَبْرَاءُ اَخْبَرَتْهُ اَنَّهَا كَانَتْ تَحْتَ عَبْدٍ وَهِيَ اُمَّةٌ يَوْمَئِذٍ فَعَتَقَتْ قَالَتْ فَاَرْسَلَتْ اِلَيَّ حَفْصَةُ فَدَعَتْنِيْ فَقَالَتْ اِنِّيْ مُخْبِرَتُكِ خَبَرًا وَّلَا اُحِبُّ اَنْ تَصْنَعِيْ شَيْئًا اِنَّ اَمْرَكِ بِيَدِكِ مَا لَمْ يَمَسَّكِ زَوْجُكِ قَالَتْ فَفَارَقْتُهُ ثَلَاثًا

قَالَ الشَّافِعِيُّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ وَلَمْ تَقُلْ لَهَا حَفْصَةُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا لَا يَجُوْزُ اَنْ تُطَلِّقِيْ ثَلَاثًا .

✦✦ عروہ بیان کرتے ہیں' بنوعدی کی ایک کنیز تھی جس کا نام ''زبراء'' تھا اس نے انہیں بتایا ہے کہ وہ ایک غلام کی بیوی تھیں اور وہ بھی ان دنوں کنیز تھیں پھر وہ آزاد ہو گئیں وہ خاتون بیان کرتی ہیں' سیدہ حفصہ رضی اللہ عنہا نے مجھے پیغام بھجوا کر بلوایا اور فرمایا: میں تمہیں ایک بات بتانے لگی ہوں میں یہ نہیں کہتی تم ایسا کرلو (لیکن تمہیں پتا ہونا چاہیے) جب تک تمہارا شوہر تمہارے ساتھ صحبت نہ کر لے تمہاری ذات کا اختیار تمہیں حاصل ہے۔

وہ خاتون بیان کرتی ہے: اس نے اس مرد سے علیحدگی اختیار کر لی۔

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ بیان کرتے ہیں: سیدہ حفصہ رضی اللہ عنہا نے اسے یہ نہیں کہا: یہ بات جائز نہیں ہے کہ تم تین طلاقیں حاصل کرلو۔

1266 - اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ، عَنْ اَيُّوْبَ بْنِ اَبِيْ تَمِيْمَةَ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّهُ ذُكِرَ عِنْدَهُ زَوْجُ بَرِيْرَةَ فَقَالَ كَانَ ذٰلِكَ مُغِيْثٌ عَبْدُ بَنِيْ فُلَانٍ كَاَنِّيْ اَنْظُرُ اِلَيْهِ يَتْبَعُهَا فِي الطَّرِيْقِ وَهُوَ يَبْكِيْ .

حدیث نمبر **1266**:

صنعانی' امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام' ''المصنف'' تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی' دارالقلم' بیروت' **1970**ء **1010**

کوفی' امام ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ' ''المصنف'' المطبعۃ العزیزیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' **1386**ھ **17580**

شیبانی' امام احمد بن محمد بن حنبل' ''المسند'' المطبعۃ المیمنیہ' مصر **215/1**

دارمی' امام ابومحمد عبداللہ بن عبدالرحمٰن' ''السنن'' تحقیق: عبداللہ ہاشم یمانی' دارالمحاسن' قاہرہ' **1966**ء **2297**

بخاری' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل' ''الجامع الصحیح'' (رقم الحدیث من فتح الباری) **5280**

سجستانی' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث' ''السنن'' ، داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **2231**

قزوینی' امام محمد بن یزید ابن ماجہ' ''السنن'' تحقیق: بشار عواد معروف' دارالجیل' بیروت' **1998**ء **2075**

✦✦ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کے بارے میں منقول ہے: ان کے سامنے حضرت بریرہ رضی اللہ عنہا کے شوہر کا تذکرہ کیا گیا تو انہوں نے فرمایا: ان کا نام مغیث تھا اور وہ بنوفلاں کے غلام تھے گویا اس وقت بھی میں انہیں دیکھ رہا ہوں کے وہ راستے میں اس خاتون کے پیچھے جارہے تھے اور رورہے تھے۔

1267 - اَخْبَرَنَا الْقَاسِمُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ بْنِ حَفْصٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا اَنَّ زَوْجَ بَرِيْرَةَ كَانَ عَبْدًا ۔

✦✦ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: بریرہ کا شوہر ایک غلام تھا۔

اخرج الستة الاحاديث من كتاب احكام القرآن ۔

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے یہ چھ روایات کتاب احکام القرآن میں نقل کی ہیں۔

باب الذی بیدہ عقدة النکاح

باب 8: نکاح کی گرہ (یعنی اسے ختم کرنے کا اختیار) کس کے ہاتھ میں ہے

1268 - اَخْبَرَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ، عَنْ اَيُّوْبَ، عَنِ ابْنِ سِيْرِيْنَ قَالَ: اَلَّذِيْ بِيَدِهٖ عُقْدَةُ النِّكَاحِ: اَلزَّوْجُ

بقیہ حاشیہ حدیث نمبر **1266**:

ترمذی' امام' ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ' "الجامع الکبیر"' تحقیق: ڈاکٹر بشار عواد معروف' دارالغرب الاسلامی' بیروت' **1996**ء — **1156**

نسائی' امام' احمد بن شعیب' "المجتبیٰ من السنن"' دارالحدیث' قاہرہ' مصر' **1407**ھ-**1987**ء — **245/6**

نسائی' امام' احمد بن شعیب' "السنن الکبریٰ"' تحقیق: سلیمان بنداری' سید کسروی' دارالکتب العلمیہ' **1991**ء — **5976**

طحاوی' امام' ابوجعفر' احمد بن محمد بن سلامہ' "شرح معانی الآثار"' تحقیق: محمد جاد الحق' مطبعۃ الانوار المحمدیہ' مصر — **82/3**

طحاوی' امام' ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ' "شرح مشکل الآثار"' تحقیق: شعیب ارناؤوط' موسسۃ الرسالہ' بیروت' لبنان' **1987**ء — **4378**

تمیمی' امام' ابوحاتم محمد بن حبان' "صحیح ابن حبان"' دارالفکر' بیروت' طبع اوّل' **1996**ء — **4275**

الفارسی' امام' امیر ابن بلبان' "الاحسان فی تقریب صحیح ابن حبان"' موسسۃ الرسالہ' بیروت' طبع اوّل' **1988**ء — **4272**

شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام"' دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان — **11825**

بیہقی' امام' ابوبکر احمد بن حسین بن علی' "السنن الکبریٰ"' دائرۃ المعارف النظامیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' **1344**ھ — **221/7**

دارقطنی' امام' علی بن عمر' "السنن"' مکتبۃ المتنبی' قاہرہ' مصر — **154/2**

شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام"' دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان — **122/5**

شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام"' تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اوّل' **2001**ء — **317/6**

حدیث نمبر **1268**:

صنعانی' امام' ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام' "المصنف"' تحقیق: عبدالرحمن اعظمی' دارالقلم' بیروت' **1970**ء — **10850**

کوفی' امام' ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ' "المصنف"' المطبعۃ العزیزیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' **1386**ھ — **16069**

شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام"' دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان — **74/5**

شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام"' تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اوّل' **2001**ء — **101/6**

✦✦ ابن سیرین بیان کرتے ہیں: نکاح کی گرہ ختم کرنے کا اختیار شوہر کے ہاتھ میں ہے۔

1269 - اَخْبَرَنَا سَعِيْدُ بْنُ سَالِمٍ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنِ ابْنِ اَبِیْ مُلَيْكَةَ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ اَنَّهُ قَالَ : اَلَّذِیْ بِيَدِهٖ عُقْدَةُ النِّكَاحِ الزَّوْجُ .

✦✦ سعید بن جبیر بیان کرتے ہیں: جس کے ہاتھ میں نکاح کی گرہ ہے وہ شوہر ہے۔

1270 - اَخْبَرَنَا سَعِيْدُ بْنُ سَالِمٍ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ اَنَّهُ بَلَغَهُ، عَنِ ابْنِ الْمُسَيَّبِ اَنَّهُ قَالَ : هُوَ الزَّوْجُ .

✦✦ ابن مسیب بیان کرتے ہیں: (اس اختیار کا مالک) شوہر ہے۔

اخرج الثلاثة الاحاديث من كتاب الصداق والايلاء .

امام شافعی نے یہ تینوں روایات کتاب ''الصداق وایلاء'' میں نقل کی ہیں۔

باب الطلاق قبل المس ونصف الصداق

باب 9: چھونے سے پہلے طلاق دینا اور نصف مہر کی ادائیگی

1271 - اَخْبَرَنَا مُسْلِمُ بْنُ خَالِدٍ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ لَيْثِ بْنِ اَبِیْ سُلَيْمٍ، عَنْ طَاوُسٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ لَيْسَ لَهَا اِلَّا نِصْفُ الْمَهْرِ وَلَا عِدَّةَ عَلَيْهَا يَعْنِیْ لِمَنْ قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى : "وَاِنْ طَلَّقْتُمُوْهُنَّ مِنْ قَبْلِ اَنْ تَمَسُّوْهُنَّ وَقَدْ فَرَضْتُمْ لَهُنَّ فَرِيْضَةً"، وَقَوْلُ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ : "ثُمَّ طَلَّقْتُمُوْهُنَّ مِنْ قَبْلِ اَنْ تَمَسُّوْهُنَّ فَمَا لَكُمْ عَلَيْهِنَّ مِنْ عِدَّةٍ تَعْتَدُّوْنَهَا" .

✦✦ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: ایسی عورت کو صرف نصف مہر ملے گا اور اس پر کوئی عدت لازم نہیں ہوگی۔

اس کی وجہ یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے:

''اور اگر تم انہیں ان کے ساتھ صحبت کرنے سے پہلے طلاق دے دو اور تم نے ان کے لئے مہر مقرر کیا ہو''۔

حدیث نمبر **1270**

صنعانی' امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام' ''المصنف'' تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی' دار القلم' بیروت' 1970ء	10860
کوفی' امام ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ' ''المصنف'' المطبعۃ العزیزیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' 1386ھ	16973
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام'' دار المعرفۃ' بیروت' لبنان	74/5
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام'' تحقیق: رفعت فوزی' دار الوفاء' طبع اوّل 2001ء	192/6

حدیث نمبر **1271**

صنعانی' امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام' ''المصنف'' تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی' دار القلم' بیروت' 1970ء	10882
کوفی' امام ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ' ''المصنف'' المطبعۃ العزیزیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' 1386ھ	6699
بیہقی' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی' ''السنن الکبریٰ'' دائرۃ المعارف النظامیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' 1344ھ	254/7
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام'' دار المعرفۃ' بیروت' لبنان	215/5
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام'' تحقیق: رفعت فوزی' دار الوفاء' طبع اوّل 2001ء	49/8

(ایک اور مقام پر) ارشاد باری تعالیٰ ہے:

''پھر تم انہیں ان کے ساتھ صحبت کرنے سے پہلے طلاق دے دو تو تمہارے حوالے سے ان پر کوئی عدت لازم نہیں ہوگی جس کو وہ شمار کریں''۔

1272 - اَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ نَّافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّهُ قَالَ : لِكُلِّ مُطَلَّقَةٍ مُتْعَةٌ اِلَّا الَّتِىْ فُرِضَ لَهَا الصَّدَاقُ وَلَمْ يَدْخُلْ بِهَا فَحَسْبُهَا نِصْفُ الْمَهْرِ .

✧✧ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: ہر طلاق یافتہ عورت کو ساز و سامان دیا جائے گا ماسوائے اس عورت کے جس کا مہر مقرر کیا گیا ہو اور اس کے شوہر نے اس کے ساتھ صحبت نہ کی ہو ایسی عورت کے لئے نصف مہر ہی کافی ہے۔

1273 - اَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ نَّافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّهُ كَانَ يَقُوْلُ لِكُلِّ مُطَلَّقَةٍ مُتْعَةٌ اِلَّا الَّتِىْ يُطَلِّقُهَا وَقَدْ فُرِضَ لَهَا صَدَاقٌ فَلَمْ تُمَسَّ فَحَسْبُهَا مَا فُرِضَ لَهَا .

✧✧ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما یہ بیان کرتے ہیں: ہر طلاق یافتہ عورت کو ساز و سامان دیا جائے گا سوائے اس عورت کے جسے اس کا شوہر طلاق دیدے اور اس کا مہر مقرر کیا ہوا اور اس کے ساتھ اس نے صحبت نہ کی ہو تو اس عورت کے لئے مقرر شدہ مہر ہی کافی ہوگا۔

1274 - اَخْبَرَنَا مُسْلِمٌ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ لَيْثِ بْنِ اَبِىْ سُلَيْمٍ، عَنْ طَاوُسٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُمَا اَنَّهُ قَالَ فِى الرَّجُلِ يَتَزَوَّجُ الْمَرْاَةَ فَيَخْلُوْ بِهَا وَلَا يَمَسُّهَا ثُمَّ يُطَلِّقُهَا لَيْسَ لَهَا اِلَّا نِصْفُ الصَّدَاقِ لِاَنَّ اللّٰهَ يَقُوْلُ : ''وَاِنْ طَلَّقْتُمُوْهُنَّ مِنْ قَبْلِ اَنْ تَمَسُّوْهُنَّ وَقَدْ فَرَضْتُمْ لَهُنَّ فَرِيْضَةً فَنِصْفُ مَا فَرَضْتُمْ'' .

✧✧ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں ایسے شخص کے بارے میں جو کسی عورت کے ساتھ شادی کر لیتا ہے پھر اس کے ساتھ خلوت میں چلا جاتا ہے لیکن صحبت نہیں کرتا پھر اسے طلاق دے دیتا ہے: تو ایسی عورت کو صرف نصف مہر ملے گا۔

کیونکہ اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا ہے:

''اگر تم ان کے ساتھ صحبت کرنے سے پہلے انہیں طلاق دے دیتے ہو اور تم نے ان کے لئے مہر مقرر کیا ہو تو جو تم نے مقرر کیا۔ (اس کا نصف ان کو ملے گا)''

1275 - اَخْبَرَنَا ابْنُ اَبِىْ فُدَيْكٍ وَسَعِيْدُ بْنُ سَالِمٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ جَعْفَرِ بْنِ الْمِسْوَرِ، عَنْ وَاصِلِ بْنِ اَبِىْ

حدیث نمبر **1272**:

اصبحی' ابوعبداللہ مالک بن انس' ''المؤطا'' بروایۃ امام محمد بن حسن شیبانی (مؤطا امام محمد) تحقیق: عبدالوہاب عبداللطیف' المکتبۃ العلمیہ **588**

اصبحی' ابوعبداللہ مالک بن انس' ''المؤطا'' بروایۃ یحییٰ بن یحییٰ اندلسی' تحقیق: بشار عواد معروف' دار الغرب الاسلامی' بیروت' لبنان (طبع اول) **1996**ء **1668**

صنعانی' امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام' ''المصنف'' تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی' دار القلم' بیروت' **1970**ء **12224**

کوفی' امام ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ' ''المصنف'' المطبعۃ العزیزیہ' حیدر آباد دکن' ہندوستان' **1386**ھ **18662**

طحاوی' امام ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ' ''شرح مشکل الآثار'' تحقیق: شعیب ارناؤوط' موسسۃ الرسالہ' بیروت' لبنان' **1987**ء **2043**

سَعِيدٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، عَنْ اَبِيهِ اَنَّهُ تَزَوَّجَ امْرَاَةً وَلَمْ يَدْخُلْ بِهَا حَتّٰى طَلَّقَهَا فَاَرْسَلَ اِلَيْهَا بِالصَّدَاقِ تَامًّا فَقِيلَ لَهُ فِىْ ذٰلِكَ فَقَالَ اَنَا اَوْلٰى بِالْفَضْلِ.

✦✦ محمد بن جبیر اپنے والد کے بارے میں یہ بات نقل کرتے ہیں' انہوں نے ایک خاتون کے ساتھ شادی کر لی لیکن اس کے ساتھ صحبت کرنے سے پہلے ہی اسے طلاق دے دی پھر انہوں نے اس خاتون کو مہر بھجوایا جو مکمل تھا ان سے اس بارے میں کچھ کہا گیا تو وہ بولے: میں اضافی ادائیگی کرنے کا زیادہ مستحق ہوں۔

اخرج الحديثين من كتاب اليمين مع الشاهد والثالث فى كتاب اختلاف مالك والشافعى والرابع من كتاب العدد والخامس من كتاب الصداق والايلاء .

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے پہلی دو روایات کتاب ''الیمین مع شاہد'' میں نقل کی ہیں تیسری روایت کتاب ''اختلاف مالک وشافعی'' میں نقل کی ہے چوتھی روایت کتاب ''العدد'' میں نقل کی ہے اور پانچویں روایت کتاب ''الصداق والایلاء'' میں نقل کی ہے۔

باب من تزوج مطلقته بعد ما تزوجت غيره فهى عنده على ما بقى

باب 10: جو شخص اپنی مطلقہ کے ساتھ شادی کر لے' اس کے بعد کہ اس عورت نے دوسری شادی کی ہو (اور پھر بیوہ یا مطلقہ ہوگئی ہو) تو وہ عورت اس شخص کے ساتھ باقی رہ جانے والی طلاقوں کے حساب سے رہے گی

1276 - اَخْبَرَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ حُمَيْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ وَعُبَيْدِ اللهِ بْنِ عَبْدِ اللهِ بْنِ عُتْبَةَ وَسُلَيْمَانَ بْنِ يَسَارٍ اَنَّهُمْ سَمِعُوا اَبَا هُرَيْرَةَ يَقُوْلُ: سَاَلْتُ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ عَنْ رَجُلٍ مِّنْ اَهْلِ الْبَحْرَيْنِ طَلَّقَ امْرَاَتَهُ تَطْلِيقَةً اَوْ تَطْلِيقَتَيْنِ ثُمَّ انْقَضَتْ عِدَّتُهَا فَتَزَوَّجَهَا رَجُلٌ غَيْرُهُ ثُمَّ طَلَّقَهَا وَمَاتَ عَنْهَا ثُمَّ تَزَوَّجَهَا زَوْجُهَا الْاَوَّلُ قَالَ: هِيَ عِنْدَهُ عَلٰى مَا بَقِيَ

✦✦ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' میں نے حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ سے بحرین سے تعلق رکھنے والے ایک

حدیث نمبر **1275**

شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس'' الام'' دار المعرفۃ' بیروت' لبنان	**74/5**
شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس'' الام'' تحقیق: رفعت فوزی' دار الوفاء' طبع اول' 2001ء	**190/6**

حدیث نمبر **1276**

صنعانی' امام' ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام'' المصنف'' تحقیق: عبدالرحمن اعظمی' دار القلم' بیروت' 1970ء	**11149**
کوفی' امام' ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ'' المصنف'' المطبعۃ العزیزیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' 1386ھ	**18371**
بیہقی' امام' ابوبکر احمد بن حسین بن علی'' السنن الکبریٰ'' دائرۃ المعارف النظامیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' 1344ھ	**364/7**
شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس'' الام'' دار المعرفۃ' بیروت' لبنان	**250/5**
شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس'' الام'' تحقیق: رفعت فوزی' دار الوفاء' طبع اول' 2001ء	**365/5**

ایسے شخص کے بارے میں دریافت کیا جو اپنی بیوی کو ایک یا دو طلاقیں دے دیتا ہے پھر اس عورت کی عدت ختم ہو جاتی ہے پھر دوسرا شخص اس کے ساتھ شادی کر لیتا ہے پھر وہ دوسرا شخص بھی اس کو طلاق دے دیتا ہے یا وہ فوت ہو جاتا ہے پھر وہ پہلے والا شوہر اس عورت کے ساتھ شادی کر لیتا ہے تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: وہ عورت اس مرد کے پاس باقی رہ جانے والی (طلاقوں) کے حساب سے رہے گی۔

اخرجه من كتاب الرجعة .

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے اس روایت کو کتاب الرجعہ میں نقل کیا ہے۔

كتاب الرجعة

کتاب رجعت کا بیان

باب ما كان من الطلاق والرجعة

باب 1: طلاق اور رجعت کے احکام

1277 - اَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ قَالَ: كَانَ الرَّجُلُ اِذَا طَلَّقَ امْرَاَتَهُ ثُمَّ ارْتَجَعَهَا قَبْلَ اَنْ تَنْقَضِيَ عِدَّتُهَا كَانَ ذٰلِكَ لَهُ وَاِنْ طَلَّقَهَا اَلْفَ مَرَّةٍ فَعَمَدَ رَجُلٌ اِلَى امْرَاَةٍ لَهُ فَطَلَّقَهَا ثُمَّ اَمْهَلَهَا حَتّٰى اِذَا شَارَفَتِ انْقِضَاءَ عِدَّتِهَا ارْتَجَعَهَا ثُمَّ طَلَّقَهَا وَقَالَ وَاللّٰهِ لَا اٰوِيْكِ اِلَيَّ وَلَا تَحِلِّيْنَ اَبَدًا فَاَنْزَلَ اللّٰهُ تَعَالٰى "اَلطَّلَاقُ مَرَّتَانِ فَاِمْسَاكٌ بِمَعْرُوْفٍ اَوْ تَسْرِيْحٌ بِاِحْسَانٍ" فَاسْتَقْبَلَ النَّاسُ الطَّلَاقَ جَدِيْدًا مِنْ يَوْمَئِذٍ مَنْ كَانَ مِنْهُمْ طَلَّقَ اَوْ لَمْ يُطَلِّقْ.

✦✦ ہشام بن عروہ اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: پہلے کوئی شخص نے اپنی بیوی کو طلاق دے دیتا پھر وہ اس کی عدت ختم ہونے سے پہلے اس سے رجوع کرنا چاہتا تو اس کو اس کا اختیار ہوتا اگرچہ کسی شخص نے اپنی بیوی کو ایک ہزار طلاقیں دی ہوتیں ایک مرتبہ ایک شخص نے اپنی بیوی کو طلاق دی۔ اور اسے ایسے ہی رہنے دیا' جب اس عورت کی عدت ختم ہونے والی تھی تو اس شخص نے اس عورت سے رجوع کیا' پھر اسے طلاق دے دی۔ اور بولا اللہ کی قسم! میں نہ تو تمہیں اپنے ساتھ رہنے دوں گا اور نہ ہی تم کبھی آزاد ہو گی تو اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل کی:

"طلاقیں دو مرتبہ ہوتی ہیں پھر تم مناسب طریقے سے ساتھ رکھو یا علیحدہ ہو جاؤ"۔

اس کے بعد لوگوں نے نئے طریقے سے طلاقیں دینا شروع کیں تو آدمی یا تو طلاق دیتا تھا یا نہیں دیتا تھا۔

حدیث نمبر **1277**:

اصحی' ابوعبداللہ مالک بن انس' "الموطا" بروایہ یحییٰ بن یحییٰ اندلسی' تحقیق: بشار عواد معروف' دار الغرب الاسلامی' بیروت' لبنان (طبع اول) **1996**ء — **1721**

کوفی' امام ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ' "المصنف" المطبعۃ العزیزیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان **1386**ھ — **19210**

ترمذی' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ' "الجامع الکبیر" تحقیق: ڈاکٹر بشار عواد معروف' دار الغرب الاسلامی' بیروت **1996**ء — **1192**

بیہقی' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی' "السنن الکبریٰ" دائرۃ المعارف النظامیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان **1344**ھ — **444/7**

نیشاپوری' امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم' "المستدرک" مکتبۃ المطبوعات الاسلامیہ' حلب' طبع بیروت — **279/2**

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام" دار المعرفۃ' بیروت' لبنان — **242/5**

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام" تحقیق: رفعت فوزی' دار الوفاء' طبع اول **2001**ء — **258/10**

1278 - اَخْبَرَنَا مَالِكٌ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ : كَانَ الرَّجُلُ اِذَا طَلَّقَ امْرَاَتَهُ ثُمَّ ارْتَجَعَهَا قَبْلَ اَنْ تَنْقَضِيَ عِدَّتُهَا كَانَ ذٰلِكَ لَهُ وَاِنْ طَلَّقَهَا اَلْفَ مَرَّةٍ فَعَمَدَ رَجُلٌ اِلَى امْرَاَتِهِ فَطَلَّقَهَا حَتّٰى اِذَا شَارَفَتِ انْقِضَاءَ عِدَّتِهَا ارْتَجَعَهَا ثُمَّ طَلَّقَهَا ثُمَّ قَالَ وَاللّٰهِ لَا اٰوِيْكِ اِلَيَّ وَلَا تَحِلِّيْنَ اَبَدًا فَاَنْزَلَ اللّٰهُ تَعَالٰى "اَلطَّلَاقُ مَرَّتَانِ فَاِمْسَاكٌ بِمَعْرُوْفٍ اَوْ تَسْرِيْحٌ بِاِحْسَانٍ" فَاسْتَقْبَلَ النَّاسُ الطَّلَاقَ جَدِيْدًا مَنْ كَانَ مِنْهُمْ طَلَّقَ وَمَنْ لَّمْ يُطَلِّقْ

✧✧ ہشام بن عروہ اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں' ایک شخص نے اپنی بیوی کو طلاق دی ہوتی پھر اس کی عدت ختم ہونے سے پہلے اس سے رجوع کرلیا کرتا جس کا اسے حق حاصل تھا اگرچہ آدمی نے ایک ہزار مرتبہ بھی طلاق دی ہوتی' ایک مرتبہ ایک شخص نے اپنی بیوی کو طلاق دی۔ جب اس عورت کی عدت ختم ہونے کے قریب تھی تو اس شخص نے اس عورت سے رجوع کرلیا۔ اور پھر اسے طلاق دے دی۔ پھر وہ شخص بولا:

اللہ کی قسم! میں نہ تمہیں اپنے ساتھ رہنے دوں گا اور نہ ہی تمہیں کبھی آزاد کروں گا تو اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل کی۔

''طلاق دو مرتبہ ہوتی ہے پھر مناسب طریقے سے ساتھ رکھو یا احسان کے ساتھ علیحدہ کرو''۔

تو پھر جس نے طلاق دینی ہوتی تھی یا جس نے نہیں دینی ہوتی تھی تو اس نے طلاق دینے میں اس نئے طریقے کو اختیار کرلیا۔

اخرج الاوّل من الجزء الثانی من اختلاف الحدیث والثانی من کتاب العدد' وھو آخر حدیث فیه .

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے پہلی روایت اختلاف حدیث کے دوسرے جزء میں نقل کی ہے جب کہ دوسری روایت کتاب ''العدد'' میں نقل کی ہے یہ اس میں موجود آخری حدیث ہے۔

باب الرجعة فی الواحدة والاثنتین

باب 2: ایک یا دو (طلاقوں) کے بعد رجوع کا حق ہوتا ہے

1279 - اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ شَافِعٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ السَّائِبِ، عَنْ نَافِعِ بْنِ عُجَيْرِ بن عَبْدِ يَزِيْدَ، اَنَّ رُكَانَةَ بْنَ عَبْدِ يَزِيْدَ طَلَّقَ امْرَاَتَهُ ثُمَّ اَتٰى رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ : اِنِّيْ طَلَّقْتُ امْرَاَتِي الْبَتَّةَ، وَوَاللّٰهِ مَا اَرَدْتُ اِلَّا وَاحِدَةً، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : مَا اَرَدْتَ اِلَّا وَاحِدَةً؟ فَقَالَ رُكَانَةُ : وَاللّٰهِ مَا اَرَدْتُ اِلَّا وَاحِدَةً، فَرَدَّهَا اِلَيْهِ .

✧✧ نافع بن عجیر بیان کرتے ہیں رکانہ بن عبد یزید نے اپنی اہلیہ کو طلاق دے دی پھر وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور بولے: میں نے اپنی بیوی کو طلاق ''بتہ'' دے دی ہے اللہ کی قسم! میرا ارادہ صرف ایک طلاق دینے کا تھا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم نے صرف ایک کا ہی ارادہ کیا تھا؟ تو حضرت رکانہ رضی اللہ عنہ نے جواب دیا: میں نے صرف ایک کا ہی ارادہ کیا تھا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کی اہلیہ کو اس کے پاس واپس بھجوادیا۔

1280 - اَخْبَرَنَا عَمِّيْ مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ شَافِعٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ السَّائِبِ، عَنْ نَافِعِ بْنِ عُجَيْرِ بْنِ عَبْدِ يَزِيْدَ، اَنَّ رُكَانَةَ بْنَ عَبْدِ يَزِيْدَ طَلَّقَ امْرَاَتَهُ سُهَيْمَةَ الْمُزَنِيَّةَ الْبَتَّةَ ثُمَّ اَتٰى رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ،

فَقَالَ : يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اِنِّيْ طَلَّقْتُ امْرَاَتِيْ سُهَيْمَةَ الْبَتَّةَ، وَوَاللّٰهِ مَا اَرَدْتُ اِلا وَاحِدَةً، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِرُكَانَةَ : وَاللّٰهِ مَا اَرَدْتَ اِلا وَاحِدَةً؟ فَقَالَ رُكَانَةُ : وَاللّٰهِ مَا اَرَدْتُ اِلا وَاحِدَةً، فَرَدَّهَا اِلَيْهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَطَلَّقَهَا الثَّانِيَةَ فِيْ زَمَانِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، وَالثَّالِثَةَ فِيْ زَمَانِ عُثْمَانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ .

✦✦ نافع بن عجیر بیان کرتے ہیں حضرت رکانہ بن عبد یزید رضی اللہ عنہ نے اپنی اہلیہ سہیمہ مزنیہ کو طلاق ''بتہ'' دے دی پھر وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے انہوں نے عرض کی: یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! میں نے اپنی بیوی سہیمہ کو طلاق ''بتہ'' دے دی ہے اللہ تعالیٰ کی قسم! میرا ارادہ صرف ایک طلاق دینے کا تھا' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے رکانہ سے فرمایا: اللہ تعالیٰ کی قسم! تم نے صرف ایک طلاق مراد لی تھی؟ تو رکانہ نے جواب دیا: اللہ تعالیٰ کی قسم! میں نے صرف ایک طلاق کا ارادہ کیا تھا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس خاتون کو ان صاحب کے ساتھ بھیج دیا اس کے بعد انہوں نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے دور خلافت میں اس عورت کو دوسری طلاق دی حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے دور خلافت میں تیسری طلاق دی۔

1281 - اَخْبَرَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ عَمْرٍو، اَنَّهُ سَمِعَ مُحَمَّدَ بْنَ عَبَّادِ بْنِ جَعْفَرٍ يَقُوْلُ : اَخْبَرَنِي الْمُطَّلِبُ بْنُ حَنْطَبٍ اَنَّهُ طَلَّقَ امْرَاَتَهُ الْبَتَّةَ ثُمَّ اَتَى عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فَذَكَرَ ذٰلِكَ لَهُ فَقَالَ مَا حَمَلَكَ عَلٰى ذٰلِكَ

حدیث نمبر **1280**

بخاری' امام' ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل' ''الجامع الصحیح'' (رقم الحدیث من فتح الباری)	2206
دارقطنی' امام' علی بن عمر' ''السنن'' مکتبۃ المتنبی' قاہرہ' مصر	33/4
بیہقی' امام' ابوبکر احمد بن حسین بن علی' ''السنن الکبریٰ'' دائرۃ المعارف النظامیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' 1344ھ	342/7
نیشاپوری' امام' ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم' ''المستدرک'' مکتبۃ المطبوعات الاسلامیہ' حلب' طبع بیروت	199/2
طیالسی' امام' ابوداؤد سلیمان بن داؤد' ''المسند'' دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان	1188
کوفی' امام' ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ' ''المصنف'' المطبعۃ العزیزیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' 1386ھ	18126
دارمی' امام' ابومحمد عبداللہ بن عبدالرحمٰن' ''السنن'' تحقیق: عبداللہ ہاشم یمانی' دارالمحاسن' قاہرہ' 1966ء	2277
سجستانی' امام' ابوداؤد سلیمان بن اشعث' ''السنن'' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان	2208
قزوینی' امام' محمد بن یزید ابن ماجہ' ''السنن'' تحقیق: بشار عواد معروف' دارالجیل' بیروت' 1998ء	2051
ترمذی' امام' ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ' ''الجامع الکبیر'' تحقیق: ڈاکٹر بشار عواد معروف' دارالغرب الاسلامی' بیروت 1996ء	1177
موصلی' امام' ابویعلیٰ' احمد بن علی بن مثنیٰ' ''المسند'' تحقیق: حسین سلیم اسد' دارالمامون للتراث' طبع اول 1987ء	1537
تمیمی' امام' ابوحاتم محمد بن حبان' ''صحیح ابن حبان'' دارالفکر' بیروت' طبع اول 1996ء	4277
الفارسی' امام' امیر ابن بلبان' ''الاحسان فی تقریب صحیح ابن حبان'' موسسۃ الرسالہ' بیروت' طبع اول 1988ء	4274
طبرانی' امام' ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب' ''المعجم الکبیر'' تحقیق: احمدی عبدالمجید سلفی' مطبعۃ الزہراء الحدیثۃ' موصل' عراق (طبع ثانی)	4612
طحاوی' امام' ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامۃ' ''شرح معانی الآثار'' تحقیق: محمد جاد الحق' مطبعۃ الانوار المحمدیہ' مصر	33/4
نیشاپوری' امام' ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم' ''المستدرک'' مکتبۃ المطبوعات الاسلامیہ' حلب' طبع بیروت	199/2
بیہقی' امام' ابوبکر احمد بن حسین بن علی' ''السنن الکبریٰ'' دائرۃ المعارف النظامیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' 1344ھ	342/7

قَالَ قُلْتُ قَدْ فَعَلْتُ قَالَ فَقَرَأَ وَلَوْ اَنَّهُمْ فَعَلُوْا مَا يُوْعَظُوْنَ بِهٖ لَكَانَ خَيْرًا لَّهُمْ وَاَشَدَّ تَثْبِيْتًا مَا حَمَلَكَ عَلٰى ذٰلِكَ قَالَ قُلْتُ قَدْ فَعَلْتُ قَالَ اَمْسِكْ عَلَيْكَ امْرَاَتَكَ فَاِنَّ الْوَاحِدَةَ لَا تَبُتُّ .

✧✧ محمد بن عباد بیان کرتے ہیں: مطلب بن حطب نے مجھے یہ بتایا ہے: انہوں نے اپنی اہلیہ کو طلاق "بتہ" دے دی پھر وہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کے پاس آئے ان کے سامنے اس بات کا تذکرہ کیا تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے دریافت کیا تم نے ایسا کیوں کیا؟ وہ بولے: اب تو میں ایسا کر چکا ہوں حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے یہ آیت تلاوت کی:

"اگر وہ اس عمل کا ارتکاب کریں جس کے بارے میں انہیں نصیحت کی گئی ہے تو یہ ان کے لئے زیادہ بہتر ہوگا اور زیادہ مضبوط طریقے سے ثابت رکھے گا"۔

(پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے پوچھا:) تم نے ایسا کیوں کیا؟ میں نے جواب دیا: اب تو میں ایسا کر چکا ہوں وہ بولے: تم اپنی بیوی کو اپنے ساتھ رہنے دو کیونکہ ایک طلاق مکمل علیحدگی نہیں کرتی۔

اخوج العشرة الاحاديث من كتاب البيوع .

امام شافعی نے یہ دس روایات کتاب ''البیوع'' میں نقل کی ہیں۔

باب الامر بوضع الجوائح والمسامحة في البيع.

باب 16: نقصان (ہونے کی صورت میں' قیمت) کم کر دینا اور سودے میں نرمی سے کام لینا

1426 - اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ، عَنْ حُمَيْدِ بْنِ قَيْسٍ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ عَتِيْقٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ رَضِيَ اللّٰهُ

حدیث نمبر **1425**:

صنعانی' امام' ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام' ''المصنف''، تحقیق: عبدالرحمن اعظمی' دار القلم' بیروت' **1970**ء — **14378**

کوفی' امام' ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ' ''المصنف'' المطبعۃ العزیزیہ' حیدر آباد دکن' ہندوستان' **1386**ھ — **20635**

بیہقی' امام' ابوبکر احمد بن حسین بن علی' ''السنن الکبریٰ'' دائرۃ المعارف النظامیہ' حیدر آباد دکن' ہندوستان' **1344**ھ — **302/5**

شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام'' دار المعرفۃ' بیروت' لبنان — **47/3**

شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام''، تحقیق: رفعت فوزی' دار الوفاء' طبع اول' **2001**ء — **95/4**

حدیث نمبر **1426**:

حمیدی' امام' ابوبکر عبداللہ بن زبیر' ''المسند'' عالم الکتب' بیروت' مکتبۃ المتنبی' قاہرہ' مصر — **1280**

شیبانی' امام' احمد بن محمد بن حنبل' ''المسند'' المطبعۃ المیمنیہ' مصر — **309/3**

نیشاپوری' امام' مسلم بن حجاج' ''الجامع الصحیح'' تحقیق و ترقیم: فؤاد عبدالباقی' دار الحدیث' قاہرہ' مصر — **1536**

سجستانی' امام' ابوداؤد سلیمان بن اشعث' ''السنن''، دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان — **3374**

قزوینی' امام' محمد بن یزید ابن ماجہ' ''السنن'' تحقیق: بشار عواد معروف' دار الجیل' بیروت' **1998**ء — **2218**

نسائی' امام' احمد بن شعیب' ''المجتبیٰ من السنن'' دار الحدیث' قاہرہ' مصر **1407**ھ-**1987**ء — **5/7**

ترمذی' امام' ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ' ''الجامع الکبیر''، تحقیق: ڈاکٹر بشار عواد معروف' دار الغرب الاسلامی' بیروت **1998**ء — **65/7**

نسائی' امام' احمد بن شعیب' ''السنن الکبریٰ''، تحقیق: سلیمان بنداری' سید کسروی' دار الکتب العلمیہ' **1991**ء — **6120**

طحاوی' امام' ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ' ''شرح معانی الآثار'' تحقیق: محمد جاد الحق' مطبعۃ الانوار المحمدیہ' مصر — **25/4**

تمیمی' امام' ابوحاتم محمد بن حبان' ''صحیح ابن حبان''، دار الفکر' بیروت' طبع اول' **1996**ء — **5002**

الفارسی' امام' امیر ابن بلبان' ''الاحسان فی تقریب صحیح ابن حبان'' موسسۃ الرسالہ' بیروت' طبع اول' **1988**ء — **4996**

عَنْهُمَا، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى عَنْ بَيْعِ السِّنِيْنَ، وَاَمَرَ بِوَضْعِ الْجَوَائِحِ .

قَالَ الشَّافِعِيُّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ : سَمِعْتُ سُفْيَانَ يُحَدِّثُ هٰذَا الْحَدِيْثَ كَثِيْرًا فِيْ طُوْلِ مُجَالَسَتِيْ لَهُ مَا لَا اُحْصِيْ مَا سَمِعْتُهُ يُحَدِّثُهُ مِنْ كَثْرَتِهِ، لَا يَذْكُرُ فِيْهِ : اَمَرَ بِوَضْعِ الْجَوَائِحِ، لَا يَزِيْدُ عَلٰى اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى عَنْ بَيْعِ السِّنِيْنَ، ثُمَّ زَادَ بَعْدَ ذٰلِكَ : فَاَمَرَ بِوَضْعِ الْجَوَائِحِ، قَالَ سُفْيَانُ : وَكَانَ حُمَيْدٌ يَذْكُرُ بَعْدَ بَيْعِ السِّنِيْنَ كَلَامًا قَبْلَ وَضْعِ الْجَوَائِحِ لَا اَحْفَظُهُ، وَكُنْتُ اَكُفُّ عَنْ ذِكْرِ وَضْعِ الْجَوَائِحِ لِاَنِّيْ لَا اَدْرِيْ كَيْفَ كَانَ الْكَلَامُ، وَفِي الْحَدِيْثِ اَمَرَ بِوَضْعِ الْجَوَائِحِ .

✦✦ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سال کے حساب سے سودا کرنے سے منع کیا ہے۔(یعنی جس میں قیمت کی ادائیگی سالوں کے بعد ہو)

اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے نقصان کی صورت میں (قیمت) کم کرنے کی ہدایت کی ہے۔

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے یہ بات بیان کی ہے میں نے سفیان کو یہ حدیث بکثرت بیان کرتے ہوئے سنا ہے' جتنا طویل عرصہ میں ان کے ساتھ رہا' میں اس کی تعداد شمار نہیں کرسکتا' تاہم اس میں انہوں نے اس الفاظ کا تذکرہ نہیں کیا کہ آپ نے نقصان معاف کر دینے کی ہدایت کی ہے۔

وہ صرف یہی بیان کرتے تھے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سالوں کے حساب سے سودا کرنے سے منع کیا ہے۔

پھر بعد میں انہوں نے اس بات کو اضافی طور پر نقل کرنا شروع کیا: آپ نے یہ ہدایت کی ہے کہ نقصان کی صورت میں ادائیگی میں کمی کردی جائے۔

سفیان کہتے ہیں' حمید اس حدیث میں سالوں کے سودے کے ذکر کے بعد کوئی کلام نقل کرتے تھے جو نقصان کی صورت میں قیمت کی ادائیگی معاف کرنے سے پہلے تھا' مجھے وہ بات یاد نہیں ہے' اس لئے میں نقصان کی معافی کا تذکرہ کرنے سے رکا رہا کیونکہ مجھے یہ نہیں معلوم کہ اصل کلام کس طرح تھا؟ تاہم حدیث میں یہ بات موجود ہے: آپ نے یہ ہدایت کی تھی کے نقصان کے اعتبار سے ادائیگی میں کمی کردی جائے۔

1427 - اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ، عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، مِثْلَهُ .

بقیہ حاشیہ حدیث نمبر **1426**

دار قطنی' امام علی بن عمر' "السنن" مکتبۃ المتنبی' قاہرہ' مصر **31/3**

نیشاپوری' امام ابو عبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم' "المستدرک" مکتبۃ المطبوعات الاسلامیہ' حلب' طبع بیروت **40/2**

بیہقی' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی' "السنن الکبریٰ" دائرۃ المعارف النظامیہ' حیدر آباد دکن' ہندوستان' **1344**ھ **306/5**

شافعی' امام ابو عبداللہ محمد بن ادریس' "الام" دار المعرفۃ' بیروت' لبنان **56/3**

شافعی' امام ابو عبداللہ محمد بن ادریس' "الام" تحقیق: رفعت فوزی' دار الوفاء' طبع اول' **2001**ء **96/4**

✦✦ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے منقول ہے۔

1428 - اَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ اَبِی الرِّجَالِ، عَنْ اُمِّهِ عَمْرَةَ، اَنَّهُ سَمِعَهَا تَقُوْلُ : ابْتَاعَ رَجُلٌ ثَمَرَ حَائِطٍ فِیْ زَمَانِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَعَالَجَهُ وَاَقَامَ عَلَيْهِ حَتّٰى تَبَيَّنَ لَهُ النُّقْصَانُ، فَسَاَلَ رَبَّ الْحَائِطِ اَنْ يَّضَعَ، فَحَلَفَ اَنْ لَا يَفْعَلَ، فَذَهَبَتْ اُمُّ الْمُشْتَرِیْ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَتْ ذٰلِكَ لَهُ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : تَاَلّٰى اَنْ لَا يَفْعَلَ خَيْرًا، فَسَمِعَ بِذٰلِكَ رَبُّ الْمَالِ، فَاَتٰى اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ : يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، هُوَ لَهُ .

✦✦ سیّدہ عمرہ بیان کرتی ہیں' نبی اکرم ﷺ کے زمانہ اقدس میں ایک شخص نے ایک باغ کی کھجوریں خریدی اس نے انہیں حاصل کیا اور جب ان کا استعمال شروع کیا تو اسے نقصان سامنے آیا اس نے باغ کے مالک سے درخواست کی کہ (وہ قیمت کی ادائیگی) میں کچھ حصہ معاف کر دے تو مالک نے یہ قسم اٹھائی کہ وہ ایسا نہیں کرے گا' اس خریدار کی ماں' نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئی اور آپ کے سامنے اس بات کا تذکرہ کیا تو نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: اس نے یہ قسم اٹھائی ہے کہ وہ بھلائی کا کام نہیں کرے گا؟ جب اس باغ کے مالک نے یہ بات سنی' تو وہ نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا' اس نے عرض کی: یارسول اللہ ﷺ! یہ (باغ یا کھجوریں) اس شخص کا ہوا۔

اخرج الثلاثة الاحاديث من كتاب البيوع .

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے ان تینوں روایات کو کتاب ''البیوع'' میں نقل کیا ہے۔

حدیث نمبر **1427**:

حمیدی' امام ابوبکر عبداللہ بن زبیر' ''المسند'' عالم الکتب' بیروت' مکتبۃ المتنبی' قاہرہ' مصر	1279
نسائی' امام احمد بن شعیب' ''المجتبیٰ من السنن'' دارالحدیث' قاہرہ' مصر 1407ھ-1987ء	294/7
نسائی' امام احمد بن شعیب' ''السنن الکبریٰ'' تحقیق: سلیمان بنداری' سید کسروی' دارالکتب العلمیہ 1991ء	6222
دارقطنی' امام علی بن عمر' ''السنن'' مکتبۃ المتنبی' قاہرہ' مصر	31/3
نیشاپوری' امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم' ''المستدرک'' مکتبۃ المطبوعات الاسلامیہ' حلب' طبع بیروت	1/2
بیہقی' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی' ''السنن الکبریٰ'' دائرۃ المعارف النظامیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' 1344ھ	69/5
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام'' دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان	56/3
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام'' تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اول 2001ء	96/4

حدیث نمبر **1428**:

بخاری' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل' ''الجامع الصحیح'' (رقم الحدیث من فتح الباری)	2705
نیشاپوری' امام مسلم بن حجاج' ''الجامع الصحیح'' تحقیق و ترقیم: فؤاد عبدالباقی' دارالحدیث' قاہرہ' مصر	1557
بیہقی' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی' ''السنن الکبریٰ'' دائرۃ المعارف النظامیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' 1344ھ	305/5
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام'' دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان	56/3
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام'' تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اول 2001ء	117/4

باب النهی عن بیع السنین

باب 17: سالوں کے حساب سے سودا کرنے کی ممانعت

1429 - اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ حُمَيْدِ بْنِ قَيْسٍ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ عَتِيقٍ، عَنْ جَابِرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى عَنْ بَيْعِ السِّنِيْنَ .

✦✦ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سالوں کے حساب سے سودا کرنے سے منع کیا ہے۔

1430 - اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ، عَنْ اَبِى الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، مِثْلَهُ .

✦✦ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ منقول ہے۔

1431 - اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ، عن عمرو، عَنْ جَابِرٍ قَالَ : نَهَيْتُ ابْنَ الزُّبَيْرِ عَنْ بَيْعِ النَّخْلِ مُعَاوِيَةً .

✦✦ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' میں نے ابن زبیر رضی اللہ عنہما کو کھجور کا باغ (یعنی سالوں کے حساب سے) حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کو فروخت کرنے سے منع کیا ہے۔

1432 - اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ، سَمِعَ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ يَقُوْلُ : نَهَيْتُ ابْنَ الزُّبَيْرِ عَنْ بَيْعِ النَّخْلِ مُعَاوِيَةَ

✦✦ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' میں نے ابن زبیر رضی اللہ عنہما کو حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کے ساتھ کھجور کے باغ کا (سال کے حساب سے) سودا کرنے سے منع کیا۔

1433 - اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ حُمَيْدِ بْنِ قَيْسٍ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ عَتِيقٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى عَنْ بَيْعِ السِّنِيْنَ .

✦✦ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سالوں کے حساب سے سودا کرنے سے منع کیا ہے۔

1434 - اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ، عَنْ اَبِى الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، مِثْلَهُ .

✦✦ حضرت جابر کے حوالے سے یہ روایت ایک اور سند کے ہمراہ منقول ہے۔

اخرج الثلاثة الاحاديث من كتاب البيوع ' والى اخر السادس من كتاب المزارعة وكرى الارضين .

امام شافعی نے پہلی تین روایات کو کتاب البیوع میں نقل کیا ہے اس کے بعد چھٹی روایت تک کتاب المزارعہ اور کری الارضین میں نقل کیا ہے۔

باب النهی عن البيع الی العطاء والاندر والدياس

باب 18: تنخواہ ملنے' اناج فروخت ہو جانے' اور پودے میں سے دانے نکل آنے تک (کی ادائیگی کی شرط پر) سودا کرنا

1435 - اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ عَبْدِ الْكَرِيْمِ، عَنْ عِكْرَمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا اَنَّهُ قَالَ لَا تَبِيْعُوْا اِلَى الْعَطَاءِ وَلَا اِلَى الْاَنْدَرِ وَلَا اِلَى الدِّيَاسِ .

✧✧ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: تنخواہ ملنے' اناج فروخت ہو جانے' اور پودے میں سے دانے نکل آنے تک (کی ادائیگی کی شرط پر) سودا نہ کرو۔

اخرجه من كتاب البيوع .

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے اس روایت کو کتاب البیوع میں نقل کیا ہے۔

باب النهی عن بيع الصبرة من التمر لا يعلم كيلها

باب 19: کھجور کے ڈھیر کو فروخت کرنے کی ممانعت' جس کے ماپ کا علم نہ ہو

1436 - اَخْبَرَنَا سَعِيْدٌ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ اَبِى الزُّبَيْرِ، اَنَّهُ اَخْبَرَهُ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، اَنَّهُ سَمِعَهُ يَقُوْلُ: نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ بَيْعِ الصُّبْرَةِ مِنَ التَّمْرِ، لَا يُعْلَمُ مَكِيْلَتُهَا بِالْكَيْلِ الْمُسَمّٰى مِنَ التَّمْرِ

✧✧ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کھجور کے ایسے ڈھیر کو فروخت کرنے سے منع کیا ہے جس کے ماپ کا علم نہ ہو یعنی انہیں ماپی ہوئی متعین کھجوروں کے عوض میں فروخت کیا جائے۔

اخرجه من كتاب البيوع .

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے اس روایت کو کتاب البیوع میں نقل کیا ہے۔

حدیث نمبر **1435**:

صنعانی' امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام' "المصنف"' تحقیق: عبدالرحمن اعظمی' دارالقلم بیروت' **1970**ء — **24666**

کوفی' امام ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ' "المصنف"' المطبعۃ العزیزیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' **1386**ھ — **20242**

بیہقی' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی' "السنن الکبریٰ"' دائرۃ المعارف النظامیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' **1344**ھ — **25/6**

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام"' دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان — **96/3**

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام"' تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اوّل' **2001**ء — **191/4**

حدیث نمبر **1436**:

نیشاپوری' امام مسلم بن حجاج' "الجامع الصحیح"' تحقیق و ترقیم: فؤاد عبدالباقی' دارالحدیث' قاہرہ' مصر — **1529**

دارمی' امام ابومحمد عبداللہ بن عبدالرحمٰن' "السنن"' تحقیق: عبداللہ ہاشم یمانی' دارالمحاسن' قاہرہ' **1966**ء — **269/7**

نسائی' امام احمد بن شعیب' "السنن الکبریٰ"' تحقیق: سلیمان بنداری' سید کسروی' دارالکتب العلمیہ' **1991**ء — **16/38**

نیشاپوری' امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم' "المستدرک"' مکتبہ المطبوعات الاسلامیہ' حلب' طبع بیروت — **38/4**

بیہقی' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی' "السنن الکبریٰ"' دائرۃ المعارف النظامیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' **1344**ھ — **308/5**

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام"' دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان — **36/3**

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام"' تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اوّل' **2001**ء — **134/4**

باب الصرف المضمون الی اجل معلوم

باب 20: متعین مدت کے لئے بیع صرف کرنا جو "مضمون" ہو

1437 - اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ، عَنْ اَيُّوْبَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَبِیْ حَسَّانَ الْاَعْرَجِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ : اَشْهَدُ اَنَّ السَّلَفَ الْمَضْمُوْنَ، اِلٰی اَجَلٍ مُّسَمًّی قَدْ اَحَلَّهُ اللّٰهُ تَعَالٰی فِیْ كِتَابِهٖ وَاَذِنَ فِیْهِ، ثُمَّ قَالَ : "يٰاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا اِذَا تَدَايَنْتُمْ بِدَيْنٍ اِلٰی اَجَلٍ مُّسَمًّی"

✦✦ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' میں یہ گواہی دیتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ نے اپنی کتاب میں متعین مدت کی بیع' جو مضمون ہو' کو حلال قرار دیا ہے اور اس کی اجازت دی ہے پھر انہوں نے یہ آیت پڑھی۔

"اے ایمان والو! جب تم طے شدہ مدت کے لئے دوسرے کو قرض دو"۔

1438 - اَخْبَرَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ، عَنِ ابْنِ اَبِیْ نَجِيْحٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ كَثِيْرٍ، عَنْ اَبِی الْمِنْهَالِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدِمَ الْمَدِيْنَةَ وَهُمْ يُسْلِفُوْنَ فِی التَّمْرِ السَّنَةَ وَالسَّنَتَيْنِ، وَرُبَّمَا قَالَ : وَالثَّلَاثَ، فَقَالَ : مَنْ اَسْلَفَ فَلْيُسْلِفْ فِیْ كَيْلٍ مَّعْلُوْمٍ وَّوَزْنٍ مَّعْلُوْمٍ اِلٰی اَجَلٍ مَّعْلُوْمٍ، قَالَ : فَحَفِظْتُهٗ كَمَا وَصَفْتُ مِنْ سُفْيَانَ مِرَارًا .

حدیث نمبر 1437:

صنعانی' امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام' "المصنف" تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی' دارالقلم' بیروت' 1970ء	14064
کوفی' امام ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ' "المصنف" المطبعۃ العزیزیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' 1386ھ	22312
طبرانی' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب' "المعجم الکبیر" تحقیق: احمدی عبدالمجید سلفی' مطبعۃ الزہراء الحدیثۃ' موصل' عراق' (طبع ثانی)	1293
نیشاپوری' امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم' "المستدرک" مکتبۃ المطبوعات الاسلامیہ' حلب' طبع بیروت	86/2
بیہقی' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی' "السنن الکبریٰ" دائرۃ المعارف النظامیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' 1344ھ	18/6
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام" دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان	93/3
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام" تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اول' 2001ء	182/4

حدیث نمبر 1438:

صنعانی' امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام' "المصنف" تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی' دارالقلم' بیروت' 1970ء	14059
حمیدی' امام ابوبکر عبداللہ بن زبیر' "المسند" عالم الکتب' بیروت' مکتبۃ المتنبی' قاہرہ' مصر	510
کوفی' امام ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ' "المصنف" المطبعۃ العزیزیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' 1386ھ	22297
شیبانی' امام احمد بن محمد بن حنبل' "المسند" المطبعۃ المیمنیہ' مصر	29/1
الکسی' امام ابومحمد عبد بن حمید بن نصر' "مسند" تحقیق: صبحی سامرائی' محمود خلیل' عالم الکتب' 1988ء	676
دارمی' امام ابومحمد عبداللہ بن عبدالرحمٰن' "السنن" تحقیق: عبداللہ ہاشم یمانی' دارالمحاسن' قاہرہ' 1966ء	2586
بخاری' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل' "الجامع الصحیح" (رقم الحدیث من فتح الباری)	2239
نیشاپوری' امام مسلم بن حجاج' "الجامع الصحیح" تحقیق وترقیم: فؤاد عبدالباقی' دارالحدیث' قاہرہ' مصر	1604

✦✦ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مدینہ منورہ تشریف لائے تو لوگ سال یا دو سال کی (راوی نے بعض اوقات تین سال کا بھی تذکرہ کیا) کے لئے بیع کیا کرتے تھے۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا جس شخص نے بیع سلف کرنی ہو وہ متعین ماپی ہوئی چیز یا متعین وزن شدہ چیز کا سودا کرے جو متعین مدت تک کے لئے ہو (یعنی ادائیگی کی مدت کا پتہ چل جائے)

راوی بیان کرتے ہیں' میں نے اسے اسی طرح یاد رکھا' جیسے میں نے اسے سفیان کے حوالے سے بیان کیا ہے۔

1439 - اَخْبَرَنِیْ مَنْ اُصَدِّقُهٗ، عَنْ سُفْيَانَ، اَنَّهٗ قَالَ كَمَا قُلْتُ، وَقَالَ فِي الْاَجَلِ : اِلٰى اَجَلٍ مَّعْلُوْمٍ ۔

✦✦ ان صاحب نے مجھے یہ بات بتائی ہے جن کی میں تصدیق کرتا ہوں' سفیان کے حوالے سے' بالکل اسی طرح' جس طرح میں نے بیان کیا ہے' تاہم انہوں نے مدت کے بارے میں یہ الفاظ استعمال کئے ہیں: متعین مدت ہو۔

1440 - اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ، عَنِ ابْنِ اَبِیْ نَجِيْحٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ كَثِيْرٍ، عَنْ اَبِی الْمِنْهَالِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا، قَالَ : قَدِمَ النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمَدِيْنَةَ وَهُمْ يُسْلِفُوْنَ التَّمْرَ السَّنَةَ وَالسَّنَتَيْنِ وَالثَّلَاثَ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : مَنْ اَسْلَفَ فَلْيُسْلِفْ فِیْ كَيْلٍ مَّعْلُوْمٍ، وَوَزْنٍ مَّعْلُوْمٍ، وَاَجَلٍ مَّعْلُوْمٍ، اَوْ اِلٰى اَجَلٍ مَّعْلُوْمٍ

✦✦ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مدینہ منورہ تشریف لائے تو لوگ سال کے لئے' دو سال کے لئے' تین سال کے لئے کھجوروں کی بیع سلف کر لیا کرتے تھے تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس شخص نے بیع سلف کرنی ہو وہ ماپی ہوئی' متعین چیز' متعین وزن کا' متعین مدت کے بعد ادائیگی (راوی کو شک ہے یا شاید یہ الفاظ ہیں) متعین مدت تک کے لئے ادائیگی کے ساتھ سودا کرے۔

اخرج الثلاثة الاحاديث من كتاب البيوع ' والرابع من الجزء الثاني من اختلاف الحديث ۔

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے ان تینوں روایات کو کتاب البیوع میں نقل کیا ہے جبکہ چوتھی روایت کو کتاب اختلاف حدیث کے دوسرے جزء میں نقل کیا ہے۔

بقیہ حاشیہ حدیث نمبر **1438**:

بجستانی' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث' ''السنن''، دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان	3463
قزوینی' امام محمد بن یزید ابن ماجہ' ''السنن''، تحقیق: بشار عواد معروف' دار الجیل' بیروت' 1998ء	2280
ترمذی' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ' ''الجامع الکبیر''، تحقیق: ڈاکٹر بشار عواد معروف' دار الغرب الاسلامی' بیروت 1998ء	1311
نسائی' امام احمد بن شعیب' ''المجتبیٰ من السنن'' دار الحدیث' قاہرہ' مصر 1407ھ-1987ء	290/1
نسائی' امام احمد بن شعیب' ''السنن الکبریٰ''، تحقیق: سلیمان بنداری' سید کسروی' دار الکتب العلمیہ' 1991ء	290/9
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام'' دار المعرفۃ' بیروت' لبنان	94/3
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام''، تحقیق: رفعت فوزی' دار الوفاء' طبع اول' 2001ء	193/4

باب منه

باب 21: بلاعنوان

1441 - اَخْبَرَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّهُ كَانَ لَا يَرَى بَاْسًا اَنْ يَبِيْعَ الرَّجُلُ شَيْئًا اِلَى اَجَلٍ لَيْسَ عِنْدَهُ اَصْلُهُ .

✦✦ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کے نزدیک اس بات میں کوئی حرج نہیں تھا کہ آدمی کسی چیز کو طے شدہ مدت کے لئے فروخت کرے جس کی اصل اس کے پاس نہ ہو۔

1442 - اَخْبَرَنَا سَعِيْدٌ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ مِثْلَهُ .

✦✦ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ منقول ہے۔

1443 - اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ مُوْسٰى، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ : ذٰلِكَ الْمَعْرُوْفُ اَنْ يَاْخُذَ بَعْضَهُ طَعَامًا وَبَعْضَهُ دَنَانِيْرَ .

✦✦ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' یہی بات معروف ہے کہ وہ آدمی بعض اناج لے اور بعض دینار حاصل کرلے۔

اخرج الثلاثة الاحاديث من كتاب البيوع .

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے ان تینوں روایات کو کتاب البیوع میں نقل کیا ہے۔

باب السلف فی الورق

باب 22: چاندی میں ''بیع سلف'' کرنا

حدیث نمبر 1441

صنعانی' امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام' ''المصنف'' تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی' دارالقلم' بیروت' 1970ء	20747
بیہقی' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی' ''السنن الکبریٰ'' دائرۃ المعارف النظامیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' 1344ھ	20/6
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام'' دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان	94/3
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام'' تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اول' 2001ء	186/4

حدیث نمبر 1443

صنعانی' امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام' ''المصنف'' تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی' دارالقلم' بیروت' 1970ء	1410
کوفی' امام ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ' ''المصنف'' المطبعۃ العزیزیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' 1386ھ	19981
بیہقی' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی' ''السنن الکبریٰ'' دائرۃ المعارف النظامیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' 1344ھ	27/6
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام'' دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان	123/3
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام'' تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اول' 2001ء	275/2

1444 - اَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ، عَنِ الْقَاسِمِ قَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَبَّاسٍ وَرَجُلٌ يَسْاَلُهُ عَنْ رَجُلٍ سَلَّفَ فِىْ سَبَائِكَ فَاَرَادَ اَنْ يَّبِيْعَهَا قَبْلَ اَنْ يَّقْبِضَهَا قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ تِلْكَ الْوَرَقُ بِالْوَرَقِ وَكَرِهَ ذٰلِكَ قَالَ مَالِكٌ وَذٰلِكَ فِيْمَا نَرٰى لِاَنَّهُ اَرَادَ اَنْ يَّبِيْعَهَا مِنْ صَاحِبِهِ الَّذِىْ اشْتَرَاهُ وَبِاَكْثَرَ مِنَ الثَّمَنِ الَّذِىْ ابْتَاعَهَا وَلَوْ بَاعَهَا مِنْ غَيْرِ الَّذِىْ اشْتَرَاهَا مِنْهُ لَمْ يَكُنْ بِبَيْعِهِ بَاْسٌ

✧✧ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کے بارے میں منقول ہے ایک شخص نے ان سے دریافت کیا ایسے شخص کے بارے میں جو اپنے کپڑوں میں بیع سلف کرتا ہے۔ راوی کہتے ہیں: اس نے یہ مراد لیا تھا کہ وہ ان کو قبضے میں لینے سے پہلے آگے فروخت کر دیتا تو حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: یہ چاندی کے عوض میں چاندی کا سودا ہوگا انہوں نے اسے مکروہ قرار دیا۔

امام مالک رحمۃ اللہ علیہ بیان کرتے ہیں اس کی وجہ یہ ہے جو ہم سمجھے ہیں چونکہ اس شخص نے یہ ارادہ کیا تھا کہ وہ اس چیز کو اسی شخص کو فروخت کر دے گا جس سے اس نے خریدی تھی اور اس سے زیادہ قیمت میں کرے گا جتنی قیمت میں اس نے خریدی تھی اگر وہ کسی دوسرے شخص کو فروخت کرتا ہے جو اس شخص کے علاوہ ہو جس سے اس نے خریدا ہے تو اس سودے میں کوئی حرج نہیں ہے۔

1445 - اَخْبَرَنَا سَعِيْدُ بْنُ سَالِمٍ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ عَطَاءٍ اَنَّهُ سَمِعَ ابْنَ عَبَّاسٍ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُمَا يَقُوْلُ لَا نَرٰى بِالسَّلَفِ بَاْسًا لِلْوَرِقِ فِىْ شَىْءٍ مِّنَ الْوَرِقِ نَقْدًا.

✧✧ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں ہمارے نزدیک چاندی کی بیع سلف میں کوئی حرج نہیں ہے جبکہ وہ چاندی کے عوض میں ہو اور نقد ہو۔

1446 - اَخْبَرَنَا سعيد، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ اَنَّ ابْنَ عُمَرَ كَانَ يُجِيْزُهُ.

حدیث نمبر **1444**:

اصبحی ابوعبداللہ مالک بن انس "الموطا" بروایۃ یحییٰ بن یحییٰ اندلسی تحقیق: بشار عواد معروف دار الغرب الاسلامی بیروت لبنان (طبع اول) 1996ء	1924
صنعانی امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام "المصنف" تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی دار القلم بیروت 1970ء	14284
کوفی امام ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ "المصنف" المطبعۃ العزیزیہ حیدرآباد دکن ہندوستان 1386ھ	21405
شافعی امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس "الام" دار المعرفۃ بیروت لبنان	243/7
شافعی امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس "الام" تحقیق: رفعت فوزی دار الوفاء طبع اول 2001ء	981/8

حدیث نمبر **1445**:

بیہقی امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی "السنن الکبریٰ" دائرۃ المعارف النظامیہ حیدرآباد دکن ہندوستان 1344ھ	19/
شافعی امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس "الام" دار المعرفۃ بیروت لبنان	94/3
شافعی امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس "الام" تحقیق: رفعت فوزی دار الوفاء طبع اول 2001ء	184/4

حدیث نمبر **1446**:

بیہقی امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی "السنن الکبریٰ" دائرۃ المعارف النظامیہ حیدرآباد دکن ہندوستان 1344ھ	19/6
شافعی امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس "الام" دار المعرفۃ بیروت لبنان	94/3
شافعی امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس "الام" تحقیق: رفعت فوزی دار الوفاء طبع اول 2001ء	184/4

✦✦ عمرو بن دینار بیان کرتے ہیں' حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے اسے جائز قرار دیا ہے۔
اخرج الاوّل فی کتاب اختلاف مالک والشافعی ' والثانی والثالث من کتاب البیوع .
امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے پہلی روایت کتاب اختلاف مالک وشافعی میں نقل کی ہے جبکہ دوسری اور تیسری روایت کتاب البیوع میں نقل کی ہے۔

باب استسلاف الحیوان و حسن القضاء

باب 23: جانوروں میں بیع سلف کرنا اور اچھے طریقے سے ادائیگی کرنا

1447 - اَخْبَرَنَا مَالِكُ بْنُ اَنَسٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ اَبِیْ رَافِعٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اسْتَسْلَفَ مِنْ رَجُلٍ بِكْرًا، فَجَائَتْهُ اِبِلٌ مِّنْ اِبِلِ الصَّدَقَةِ، فَاَمَرَنِیْ اَنْ اَقْضِيَهُ اِيَّاهُ .

✦✦ حضرت ابورافع رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک شخص سے ''جوان'' اونٹ ادھار لیا پھر جب صدقے کے اونٹ آپ کے پاس آئے تو آپ نے مجھے ہدایت کی: میں اس شخص کو ادائیگی کردوں۔

1448 - اَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ اَبِیْ رَافِعٍ مَّوْلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ : اسْتَسْلَفَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَكْرًا، فَجَائَتْهُ اِبِلٌ مِّنْ اِبِلِ الصَّدَقَةِ، قَالَ اَبُوْ

حدیث نمبر **1447**

اصبحی' ابوعبداللہ مالک بن انس' ''الموطا'' بروایۃ امام محمد بن حسن شیبانی (موطاامام محمد) تحقیق: عبدالوہاب عبداللطیف' المکتبۃ العلمیہ	**807**
اصبحی' ابوعبداللہ مالک بن انس' ''الموطا'' بروایۃ یحیٰی بن یحیٰی اندلسی' تحقیق: بشار عواد معروف' دار الغرب الاسلامی' بیروت' لبنان (طبع اول) **1996**ء	**1986**
صنعانی' امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام' ''المصنف'' تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی' دار القلم' بیروت' **1970**ء	**1415**
شیبانی' امام احمد بن محمد بن حنبل' ''المسند'' المطبعۃ المیمنیہ' مصر	**690/6**
دارمی' امام ابومحمد عبداللہ بن عبدالرحمٰن' ''السنن'' تحقیق: عبداللہ ہاشم یمانی' دار المحاسن' قاہرہ' **1966**ء	**568**
نیشاپوری' امام مسلم بن حجاج' ''الجامع الصحیح'' تحقیق و ترقیم: فؤاد عبدالباقی' دار الحدیث' قاہرہ' مصر	**1600**
سجستانی' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث' ''السنن''، دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان	**4466**
قزوینی' امام محمد بن یزید ابن ماجہ' ''السنن'' تحقیق: بشار عواد معروف' دار الجیل' بیروت' **1998**ء	**2285**
ترمذی' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ' ''الجامع الکبیر'' تحقیق: ڈاکٹر بشار عواد معروف' دار الغرب الاسلامی' بیروت **1996**ء	**3138**
نسائی' امام احمد بن شعیب' ''المجتبیٰ من السنن'' دار الحدیث' قاہرہ' مصر **1407**ھ-**1987**ء	**219/7**
نسائی' امام احمد بن شعیب' ''السنن الکبریٰ'' تحقیق: سلیمان بنداری' سید کسروی' دار الکتب العلمیہ' **1991**ء	**6219**
نیشاپوری' امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ ''الصحیح'' شرکۃ الطباعۃ العربیہ' ریاض' الطبعۃ الثانیہ' **1981**ء	**2332**
طحاوی' امام ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ' ''شرح معانی الآثار'' تحقیق: محمد جاد الحق' مطبعۃ الانوار المحمدیہ' مصر	**59/4**
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام'' دار المعرفۃ' بیروت' لبنان	**20/2**
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام'' تحقیق: رفعت فوزی' دار الوفاء' طبع اول' **2001**ء	**50/3**

رَافِعٍ : فَامَرَنِیْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ اَقْضِيَ الرَّجُلَ بَكْرَهُ، فَقُلْتُ : يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اِنْ لَمْ اَجِدْ فِي الْاِبِلِ اِلَّا جَمَلًا خِيَارًا رَبَاعِيًا، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : اَعْطِهِ اِيَّاهُ، فَاِنَّ خِيَارَ النَّاسِ اَحْسَنُهُمْ قَضَاءً .

✧✧ حضرت ابورافع رضی اللہ عنہ جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے آزاد کردہ غلام ہیں' بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک اونٹ ادھار لیا پھر جب صدقے کے اونٹ آئے تو حضرت ابورافع بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے تاکید کی کہ میں اس شخص کو اس کا ''جوان'' اونٹ واپس کر دوں۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مجھے اس شخص کے اونٹ جیسا کوئی اونٹ نہیں ملا' صرف ایک اونٹ ہے جو اس شخص کے اونٹ سے بہتر ہے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اسے وہی دے دو! کیونکہ تم لوگوں میں سب سے اچھا وہی شخص ہے جو بہتر طریقے سے قرض واپس کرے۔

1449 - اَخْبَرَنَا الثِّقَةُ، عَنْ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ، عَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، بِمِثْلِ مَعْنَاهُ .

✧✧ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے منقول ہے۔

اخرج الاوّل من كتاب الزكوٰة' والثاني والثالث من كتاب البيوع .

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے پہلی روایت کتاب الزکوٰۃ میں نقل کی ہے جب کہ دوسری اور تیسری روایت کتاب البیوع میں نقل کی ہے۔

باب بيع الحيوان بالحيوان متفاضلًا

باب 24: جانور کے عوض میں جانور کو تفاضل کے طور پر فروخت کرنا

حدیث نمبر **1449**:

طیالسی' امام ابوداؤد سلیمان بن داؤد' ''المسند'' دار المعرفۃ' بیروت لبنان — 2356
صنعانی' امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام' ''المصنف''، تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی' دار القلم' بیروت' 1970ء — 14157
شیبانی' امام احمد بن محمد بن حنبل' ''المسند'' المطبعۃ المیمنیہ' مصر — 377/2
بخاری' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل' ''الجامع الصحیح'' (رقم الحدیث من فتح الباری) — 2305
نیشاپوری' امام مسلم بن حجاج' ''الجامع الصحیح''، تحقیق و ترقیم: فؤاد عبدالباقی' دار الحدیث' قاہرہ' مصر — 1601
قزوینی' امام محمد بن یزید ابن ماجہ' ''السنن''، تحقیق: بشار عواد معروف' دار الجیل' بیروت' 1998ء — 2423
ترمذی' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ' ''الجامع الکبیر''، تحقیق: ڈاکٹر بشار عواد معروف' دار الغرب الاسلامی' بیروت 1998ء — 31316
نسائی' امام احمد بن شعیب' ''المجتبیٰ من السنن'' دار الحدیث' قاہرہ' مصر 1407ھ-1987ء — 210/7
نسائی' امام احمد بن شعیب' ''السنن الکبریٰ''، تحقیق: سلیمان بنداری' سید کسروی' دار الکتب العلمیہ' 1991ء — 6211
طحاوی' امام ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ' ''شرح معانی الآثار''، تحقیق: محمد جاد الحق' مطبعۃ الانوار المحمدیہ' مصر — 59/4
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام'' دار المعرفۃ' بیروت' لبنان — 117/3
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام''، تحقیق: رفعت فوزی' دار الوفاء' طبع اوّل' 2001ء — 242/4

1450 - اَخْبَرَنَا الثِّقَةُ، عَنِ اللَّيْثِ، عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا، قَالَ : جَاءَ عَبْدٌ فَبَايَعَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى الْهِجْرَةِ وَلَمْ يَسْمَعْ اَنَّهُ عَبْدٌ، فَجَاءَ سَيِّدُهُ يُرِيْدُهُ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : بِعْهُ، فَاشْتَرَاهُ بِعَبْدَيْنِ اَسْوَدَيْنِ، ثُمَّ لَمْ يُبَايِعْ اَحَدًا بَعْدَهُ حَتّٰى يَسْاَلَهُ : اَعَبْدٌ هُوَ اَوْ حُرٌّ

✦✦ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' ایک غلام آیا اور اس نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے دست اقدس پر ہجرت کرنے کی بیعت کی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات نہیں سنی کہ وہ غلام ہے' اس کا آقا اسے تلاش کرتا ہوا آیا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے فرمایا: اسے فروخت کردو! نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے دوسیاہ غلاموں کے عوض میں خرید لیا' اس کے بعد آپ جب بھی کسی سے بیعت لیتے تھے تو اس سے دریافت کر لیتے تھے: وہ غلام ہے یا آزاد شخص ہے؟

1451 - اَخْبَرَنَا سَعِيْدُ بْنُ سَالِمٍ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، اَنَّ عَبْدَ الْكَرِيْمِ الْجَزَرِيَّ، اَخْبَرَهُ اَنَّ زِيَادَ بْنَ اَبِي مَرْيَمَ مَوْلٰى عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ، اَخْبَرَهُ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعَثَ مُصَدِّقًا لَهُ فَجَائَهُ بِظَهْرٍ مُسَانٍّ، فَلَمَّا رَآهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ : هَلَكْتَ وَاَهْلَكْتَ، فَقَالَ : يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اِنِّي كُنْتُ اَبِيْعُ الْبَكْرَيْنِ وَالثَّلَاثَةَ بِالْبَعِيْرِ الْمُسِنِّ يَدًا بِيَدٍ، وَعَلِمْتُ مِنْ حَاجَةِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَى الظَّهْرِ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : فَذَاكَ اِذًا .

✦✦ حضرت زیاد بن ابوحمیم بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے صدقہ وصول کرنے والے شخص کو بھیجا وہ کچھ ''مسنہ'' اونٹ لے کر آیا جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے دیکھا تو فرمایا: تم ہلاکت کا شکار ہو گئے اور تم نے دوسروں کو بھی ہلاکت کا شکار کر دیا ہے اس نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میں نے دو جوان اونٹوں کو فروخت کیا اور تین اونٹوں کو فروخت کیا ''مسنہ'' کے عوض میں نقد' کیونکہ

حدیث نمبر **1450**:

شیبانی' امام احمد بن محمد بن حنبل' ''المسند'' المطبعۃ المیمنیہ' مصر	349/3
نیشاپوری' امام مسلم بن حجاج' ''الجامع الصحیح'' تحقیق وترقیم فواد عبدالباقی' دارالحدیث' قاہرہ' مصر	1602
جستانی' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث' ''السنن'' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان	3358
قزوینی' امام محمد بن یزید ابن ماجہ' ''السنن'' تحقیق: بشار عواد معروف' دارالجیل' بیروت' 1998ء	2869
ترمذی' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ' ''الجامع الکبیر'' تحقیق: ڈاکٹر بشار عواد معروف' دارالغرب الاسلامی' بیروت 1998ء	1239
نسائی' امام احمد بن شعیب' ''المجتبیٰ من السنن'' دارالحدیث' قاہرہ' مصر 1407ھ-1987ء	150/7
نسائی' امام احمد بن شعیب' ''السنن الکبریٰ'' تحقیق: سلیمان بنداری' سید کسروی' دارالکتب العلمیہ' 1991ء	6245
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام'' دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان	117/3
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام'' تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اول' 2001ء	242/4

حدیث نمبر **1451**

صنعانی' امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام' ''المصنف'' تحقیق: عبدالرحمن اعظمی' دارالقلم' بیروت' 1970ء	14154
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام'' دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان	117/3
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام'' تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اول' 2001ء	242/4

مجھے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی ضرورت کا علم تھا کہ آپ کو سواری کی ضرورت ہے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اگر ایسا ہے تو پھر ٹھیک ہے۔

1452 - اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنِ ابْنِ طَاوُسٍ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّهُ سُئِلَ عَنْ بَعِيْرٍ بِبَعِيْرَيْنَ فَقَالَ قَدْ يَكُوْنُ الْبَعِيْرُ خَيْرًا مِّنَ الْبَعِيْرَيْنِ .

✧✧ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے دو اونٹوں کے عوض میں ان کو فروخت کرنے کے بارے میں دریافت کیا گیا' تو انہوں نے فرمایا: بعض اوقات ایک اونٹ' دو اونٹوں سے بہتر ہوتا تھا۔

1453 - اَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ صَالِحِ بْنِ كَيْسَانَ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيٍّ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ اَبِىْ طَالِبٍ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّهُ بَاعَ جَمَلًا لَّهُ يُدْعٰى عُصَيْفِيْرًا بِعِشْرِيْنَ بَعِيْرًا اِلٰى اَجَلٍ .

✧✧ حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ کے بارے میں یہ بات منقول ہے' انہوں نے ایک اونٹ فروخت کیا جس کا نام ''عصیفیر'' تھا' انہوں نے اسے 20 اونٹوں کے عوض میں فروخت کیا تھا اور طے شدہ مدت کی ادائیگی کے عوض میں فروخت کیا تھا۔

1454 - اَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّهُ اشْتَرٰى رَاحِلَةً بِاَرْبَعِ اَبْعِرَةٍ مَضْمُوْنَةً عَلَيْهِ يُوَفِّيْهَا صَاحِبَهَا بِالرَّبَذَةِ .

حدیث نمبر **1452**:

صنعانی' امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام' ''المصنف'' تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی' دار القلم' بیروت' **1970ء** — **14140**
بیہقی' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی' ''السنن الکبریٰ'' دائرۃ المعارف النظامیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' **1344ھ** — **287/5**
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس'' ''الام'' دار المعرفۃ' بیروت' لبنان — **118/3**
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس'' ''الام'' تحقیق: رفعت فوزی' دار الوفاء' طبع اوّل' **2001ء** — **243/4**

حدیث نمبر **1453**:

اصبحی' ابوعبداللہ مالک بن انس' ''المؤطا'' بروایۃ امام محمد بن حسن شیبانی (مؤطا امام محمد) تحقیق: عبدالوہاب عبداللطیف' المکتبۃ العلمیہ — **1890**
اصبحی' ابوعبداللہ مالک بن انس' ''المؤطا'' بروایۃ یحییٰ بن یحییٰ اندلسی' تحقیق: بشار عواد معروف' دار الغرب الاسلامی' بیروت' لبنان (طبع اوّل) **1996ء** — **1901**
صنعانی' امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام' ''المصنف'' تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی' دار القلم' بیروت' **1970ء** — **14142**
بیہقی' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی' ''السنن الکبریٰ'' دائرۃ المعارف النظامیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' **1344ھ** — **22/6**
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس'' ''الام'' دار المعرفۃ' بیروت' لبنان — **118/3**
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس'' ''الام'' تحقیق: رفعت فوزی' دار الوفاء' طبع اوّل' **2001ء** — **243/4**

حدیث نمبر **1454**:

اصبحی' ابوعبداللہ مالک بن انس' ''المؤطا'' بروایۃ امام محمد بن حسن شیبانی (مؤطا امام محمد) تحقیق: عبدالوہاب عبداللطیف' المکتبۃ العلمیہ — **801**
اصبحی' ابوعبداللہ مالک بن انس' ''المؤطا'' بروایۃ یحییٰ بن یحییٰ اندلسی' تحقیق: بشار عواد معروف' دار الغرب الاسلامی' بیروت' لبنان (طبع اوّل) **1996ء** — **1902**
کوفی' امام ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ' ''المصنف'' المطبعۃ العزیزیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' **1386ھ** — **20421**
بیہقی' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی' ''السنن الکبریٰ'' دائرۃ المعارف النظامیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' **1344ھ** — **822**
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس'' ''الام'' دار المعرفۃ' بیروت' لبنان — **118/3**
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس'' ''الام'' تحقیق: رفعت فوزی' دار الوفاء' طبع اوّل' **2001ء** — **243/4**

✦✦ نافع بیان کرتے ہیں' حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ نے ایک اونٹنی چار اونٹوں کے عوض میں خریدی تھی جن کا ضمان ان کے ذمے ہوتا تھا اور اس کے مالک نے اسے ''ربذہ'' کے مقام پر ان کے حوالے کرنا تھا۔

1455 - وَبِه، عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّهُ اشْتَرٰی رَاحِلَةً بِاَرْبَعِ اَبْعِرَةٍ مَضْمُوْنَةً عَلَيْهِ بِالرَّبَذَةِ .

1455 -اسی سند کے ہمراہ یہ بات منقول ہے کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے چار اونٹوں کے عوض میں ایک اونٹنی خریدی تھی جس کا ضمان ان کے ذمے تھا یہ ''ربذہ'' کے مقام پر ایسا کیا تھا۔

اخرج الخمسة الحاديث من كتاب البيوع ' والسادس في كتاب اختلاف مالك والشافعي .

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے پہلی روایات کتاب البیوع میں نقل کی ہیں جبکہ چھٹی روایت کتاب مالک وشافعی میں نقل کی ہے۔

باب النهي عن بيع الحيوان باللحم

باب 25: گوشت کے عوض میں جانور کو فروخت کرنے کی ممانعت

1456 - اَخْبَرَنَا مُسْلِمٌ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ اَبِيْ بَزَّةَ، قَالَ قَدِمْتُ الْمَدِيْنَةَ فَوَجَدْتُ جَزُوْرًا قَدْ نُحِرَتْ فَجُزِّئَتْ اَجْزَاءً، كُلُّ جُزْءٍ مِنْهَا بِعَنَاقٍ، فَاَرَدْتُ اَنْ اَبْتَاعَ مِنْهَا جُزْئًا، فَقَالَ لِيْ رَجُلٌ مِّنْ اَهْلِ الْمَدِيْنَةِ : اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى اَنْ يُّبَاعَ حَيٌّ بِمَيِّتٍ، قَالَ : فَسَاَلْتُ عَنْ ذٰلِكَ الرَّجُلِ، فَاُخْبِرْتُ عَنْهُ خَيْرًا .

✦✦ قاسم بن ابو بزہ بیان کرتے ہیں' میں مدینہ منورہ آیا میں نے وہاں ایک اونٹ پایا جسے ذبح کرنے کے بعد اس کے اجزاء کیے گئے تھے ان میں سے ہر ایک جزء ایک اونٹنی کے عوض میں تھا میں نے اس کے ایک جز کو خریدنے کا ارادہ کیا تو مدینہ سے تعلق رکھنے والے ایک شخص نے مجھ سے کہا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس بات سے منع کیا ہے کہ مردہ کے عوض میں زندہ کو فروخت کیا جائے۔

راوی کہتے ہیں: میں نے ان صاحب کے بارے میں دریافت کیا' تو مجھے ان کے بارے میں اچھی بات ہی بتائی گئی۔

1457 - اَخْبَرَنَا ابْنُ اَبِيْ يَحْيٰى، عَنْ اَبِيْ صَالِحٍ مَوْلَى التَّوْاَمَةِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنْ اَبِيْ بَكْرِ الصِّدِّيْقِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّهُ كَرِهَ بَيْعَ اللَّحْمِ بِالْحَيَوَانِ

حدیث نمبر 1456

بیہقی' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی' ''السنن الکبریٰ'' دائرۃ المعارف النظامیہ حیدرآباد دکن ہندوستان' 1344ھ — 296/5

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام'' دار المعرفۃ' بیروت' لبنان — 81/3

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام'' تحقیق: رفعت فوزی' دار الوفاء' طبع اول' 2001ء — 167/4

حدیث نمبر 1457

صنعانی' امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام' ''المصنف'' تحقیق: عبدالرحمن اعظمی' دار القلم' بیروت' 1970ء — 14165

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام'' دار المعرفۃ' بیروت' لبنان — 81/3

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام'' تحقیق: رفعت فوزی' دار الوفاء' طبع اول' 2001ء — 167/4

✧✧ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے حوالے سے یہ بات نقل کرتے ہیں: انہوں نے گوشت کے عوض میں جانور کو فروخت کرنے کو مکروہ قرار دیا ہے۔

اخرج الحديثين من كتاب الصرف .

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے ان دونوں روایات کو کتاب ''صرف'' میں نقل کیا ہے۔

باب كراهية بيع الصوف على ظهر الغنم واللبن فى ضروعها

باب 26: بکری پر موجود اون کو فروخت کرنا' تھن میں موجود دودھ کو فروخت کرنا' مکروہ ہے

1458 - اَخْبَرَنَا سَعِيْدُ بْنُ سَالِمٍ، عَنْ مُوْسَى بْنِ عُبَيْدَةَ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ يَسَارٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا اَنَّهُ كَانَ يَكْرَهُ بَيْعَ الصُّوْفِ عَلٰى ظَهْرِ الْغَنَمِ وَاللَّبَنِ فِيْ ضُرُوْعِ الْغَنَمِ اِلَّا بِكَيْلٍ .

✧✧ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کے بارے میں منقول ہے انہوں نے بکری کی پشت پر موجود اون کو فروخت کرنے کو مکروہ قرار دیا ہے اسی طرح بکری کے تھن میں موجود دودھ کو فروخت کرنے کو مکروہ قرار دیا ہے (البتہ اگر اسے ماپا جائے تو اس کے لئے حکم الگ ہے)۔

اخرجه من كتاب البيوع .

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے اس روایت کو کتاب ''البیوع'' میں نقل کیا ہے۔

باب الوكالة فى الابتياع والبيع

باب 27: خرید وفروخت میں وکیل مقرر کرنا

1459 - اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ شَبِيبِ بْنِ غَرْقَدَةَ، اَنَّهُ سَمِعَ الْحَيَّ، يُحَدِّثُوْنَ عَنْ عُرْوَةَ بْنِ اَبِى الْجَعْدِ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَعْطَاهُ دِيْنَارًا لِيَشْتَرِيَ لَهُ بِهِ شَاةً اَوْ اُضْحِيَّةً، فَاشْتَرٰى لَهُ شَاتَيْنِ، فَبَاعَ اِحْدَاهُمَا بِدِيْنَارٍ وَّاَتَاهُ بِشَاةٍ وَّدِيْنَارٍ، فَدَعٰى لَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ بَيْعِهِ بِالْبَرَكَةِ، فَكَانَ لَوِ اشْتَرٰى تُرَابًا لَرَبِحَ فِيْهِ .

حدیث نمبر **1458**:

صنعانی' امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام' ''المصنف'' 'تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی' دارالقلم' بیروت' **1970**ء	**14314**
کوفی' امام ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ' ''المصنف'' 'المطبعۃ العزیزیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' **1386**ھ	**20500**
دارقطنی' امام علی بن عمر' ''السنن'' 'مکتبۃ المتنبی' قاہرہ' مصر	**14/3**
بیہقی' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی' ''السنن الکبریٰ'' دائرۃ المعارف النظامیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' **1344**ھ	**340/5**
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام'' دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان	**106/3**
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام'' 'تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اول' **2001**ء	**120/4**

✦✦ حضرت عروہ بن جعد رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں ایک دینار دیا تاکہ وہ اس کے ذریعے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے ایک بکری یا قربانی کا ایک جانور خرید لیں انہوں نے اس کے ذریعے ''دو'' بکریاں خریدیں ان دونوں میں سے ایک کو ایک دینار کے عوض میں فروخت کر دیا اور پھر ایک بکری اور ایک دینار لے کر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے سودے میں برکت کی دعا کی' پھر تو اگر وہ مٹی بھی خریدتے تھے تو اس میں بھی ان کو منافع ہوتا تھا۔

1460 - قَالَ : وَقَدْ رَوَى هٰذَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ شَبِيبِ بْنِ غَرْقَدَةَ فَوَصَلَهُ، وَيَرْوِيهِ عَنْ عُرْوَةَ بْنِ اَبِى الْجَعْدِ، بِمِثْلِ هٰذِهِ الْقِصَّةِ اَوْ مَعْنَاهَا .

✦✦ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہے۔

اخرج الحديثين من كتاب الاهون والاجارات .

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے ان دونوں روایات کو کتاب ''الرحون والحجارات'' میں نقل کیا ہے۔

باب تحريم بيع الخمر

باب 28: شراب کی فروخت کا حرام ہونا

1461 - اَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ، عَنِ ابْنِ وَعْلَةَ الْمِصْرِيِّ، اَنَّهُ سَاَلَ ابْنَ عَبَّاسٍ عَمَّا يُعْصَرُ مِنَ

حدیث نمبر **1459**:

حمیدی' امام ابوبکر عبداللہ بن زبیر' ''المسند'' عالم الکتب' بیروت' مکتبۃ المتنبی' قاہرہ' مصر — 843

شیبانی' امام احمد بن محمد بن حنبل' ''المسند'' المطبعۃ المیمنیہ' مصر — 375/4

بخاری' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل' ''الجامع الصحیح'' (رقم الحدیث من فتح الباری) — 3642

سجستانی' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث' ''السنن''، داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان — 3384

بیہقی' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی' ''السنن الکبریٰ'' دائرۃ المعارف النظامیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' 1344ھ — 112/6

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام''، تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اوّل 2001ء — 62/5

حدیث نمبر **1461**:

اصبحی' ابوعبداللہ مالک بن انس' ''الموطا'' بروایۃ امام محمد بن حسن شیبانی (موطا امام محمد) تحقیق: عبدالوہاب عبداللطیف' المکتبۃ العلمیہ — 713

اصبحی' ابوعبداللہ مالک بن انس' ''الموطا'' بروایۃ یحییٰ بن یحییٰ اندلسی' تحقیق: بشار عواد معروف' دارالغرب الاسلامی' بیروت' لبنان (طبع اوّل) 1996ء — 2454

شیبانی' امام احمد بن محمد بن حنبل' ''المسند'' المطبعۃ المیمنیہ' مصر — 230/1

دارمی' امام ابومحمد عبداللہ بن عبدالرحمٰن' ''السنن''، تحقیق: عبداللہ ہاشم یمانی' دارالمحاسن' قاہرہ' 1966ء — 2109

نیشاپوری' امام مسلم بن حجاج' ''الجامع الصحیح''، تحقیق و ترقیم: فواد عبدالباقی' دارالحدیث' قاہرہ' مصر — 1579

نسائی' امام احمد بن شعیب' ''المجتبیٰ من السنن''، دارالحدیث' قاہرہ' مصر 1407ھ-1987ء — 307/7

نسائی' امام احمد بن شعیب' ''السنن الکبریٰ''، تحقیق: سلیمان بنداری' سید کسروی' دارالکتب العلمیہ' 1991ء — 6260

موصلی' امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنی' ''المسند''، تحقیق: حسین سلیم اسد' دارالمامون للتراث' طبع اوّل 1987ء — 2608

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام''، دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان — 179/6

الْعِنَبِ، فَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ : اَهْدٰى رَجُلٌ لِّرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَاوِيَةَ خَمْرٍ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : اَمَا عَلِمْتَ اَنَّ اللّٰهَ حَرَّمَهَا؟ فَقَالَ : لَا، فَسَارَّ اِنْسَانًا اِلٰى جَنْبِهٖ، فَقَالَ : بِمَ سَارَرْتَهٗ؟ فَقَالَ : اَمَرْتُهٗ اَنْ يَّبِيْعَهَا، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : اِنَّ الَّذِيْ حَرَّمَ شُرْبَهَا حَرَّمَ بَيْعَهَا، فَفَتَحَ الْمَزَادَتَيْنِ حَتّٰى ذَهَبَ مَا فِيْهِمَا .

✧✧ حضرت ''ابن وعلہ مصری'' بیان کرتے ہیں' انہوں نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے اس چیز کے بارے میں دریافت کیا جسے انگور میں سے نچوڑ دیا جاتا ہے تو حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: ایک شخص نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں شراب کا مشکیزہ تحفے کے طور پر پیش کیا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: کیا تم یہ بات نہیں جانتے کہ اللہ تعالیٰ نے اسے حرام قرار دیا ہے؟ تو اس نے جواب دیا: جی نہیں! پھر اس نے اپنے پہلو میں موجود ایک شخص سے سرگوشی میں کچھ بات کی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا' تم نے اسے سرگوشی میں کیا کہا ہے؟ اس نے عرض کی' میں نے اسے اس شراب کو فروخت کرنے کی ہدایت کی ہے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بے شک اس نے جس چیز کے پینے کو حرام قرار دیا' اس کی فروخت کو بھی حرام قرار دیا ہے تو اس شخص نے ان دونوں مشکیزوں کا منہ کھولا اور ان میں موجود شراب کو بہا دیا۔

1462 - اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ، عَنْ طَاوُسٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا، قَالَ : بَلَغَ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ رَجُلًا بَاعَ خَمْرًا، فَقَالَ : قَاتَلَ اللّٰهُ فُلَانًا بَاعَ الْخَمْرَ، اَمَا عَلِمَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ : قَاتَلَ اللّٰهُ الْيَهُوْدَ، حُرِّمَتْ عَلَيْهِمُ الشُّحُوْمُ فَجَمَلُوْهَا فَبَاعُوْهَا .

✧✧ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو یہ پتہ چلا کہ ایک شخص شراب فروخت کرتا ہے تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ فلاں شخص کو برباد کردے جو شراب فروخت کرتا ہے کیا اسے یہ پتا نہیں ہے؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: اللہ تعالیٰ یہودیوں کو برباد کردے' جب ان کے لئے چربی کو حرام قرار دیا گیا تو انہوں نے اسے پگھلا کر فروخت کرنا شروع

حدیث نمبر **1462**

صنعانی' امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام ''المصنف'' تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی' دارالقلم' بیروت' **1970**ء **11046**
حمیدی' امام ابوبکر عبداللہ بن زبیر' ''المسند'' عالم الکتب' بیروت' مکتبۃ المتنبی' قاہرہ' مصر **13**
کوفی' امام ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ' ''المصنف'' المطبعۃ العزیزیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' **1386**ھ **2108**
شیبانی' امام احمد بن محمد بن حنبل' ''المسند'' المطبعۃ المیمنیہ' مصر **245/1**
دارمی' امام ابومحمد عبداللہ بن عبدالرحمٰن' ''السنن'' تحقیق: عبداللہ ہاشم یمانی' دارالمحاسن' قاہرہ' **1966**ء **2110**
نسائی' امام احمد بن شعیب' ''السنن الکبریٰ'' تحقیق: سلیمان بنداری' سید کسروی' دارالکتب العلمیہ' **1991**ء **2223**
نسائی' امام احمد بن شعیب' ''المجتبیٰ من السنن'' دارالحدیث' قاہرہ' مصر **1407**ھ-**1987**ء **771/7**
نسائی' امام احمد بن شعیب' ''السنن الکبریٰ'' تحقیق: سلیمان بنداری' سید کسروی' دارالکتب العلمیہ' **1991**ء **4583**
موصلی' امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ' ''المسند'' تحقیق: حسین سلیم اسد' دارالمامون للتراث' طبع اول **1987**ء **200**
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام'' دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان **170/6**
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام'' تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اول **2001**ء **444/7**

کر دیا۔

1463 - اَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا اَنَّ رِجَالًا مِّنْ اَهْلِ الْعِرَاقِ قَالُوْا لَهُ اِنَّا نَبْتَاعُ مِنْ ثَمَرِ النَّخْلِ وَالْعِنَبِ فَنَعْصِرُهُ خَمْرًا فَنَبِيْعُهَا

فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ اِنِّیْ اُشْهِدُ اللّٰهَ عَلَيْكُمْ وَمَلَائِكَتَهُ وَمَنْ يَّسْمَعُ مِنَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ اَنِّیْ لَا اٰمُرُكُمْ بِبَيْعِهَا وَلَا تَبَاعُوْهَا وَلَا تَعْصِرُوْهَا وَلَا تَسْقُوْهَا فَاِنَّهَا رِجْسٌ مِّنْ عَمَلِ الشَّيْطٰنِ ۔

✦✦ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کے بارے میں منقول ہے: عراق سے تعلق رکھنے والے کچھ افراد نے کہا ہے: ہم کھجوریں اور انگور خرید لیتے ہیں پھر ہم ان کا رس نچوڑ کر اسے فروخت کر دیتے ہیں تو حضرت عبداللہ نے فرمایا: میں اللہ تعالیٰ کو گواہ بنا کر اور اس کے فرشتوں کو تمہارے لئے گواہ بنا کر اور جو بھی جن یا انسان اس کو سن رہا ہے اسے گواہ بنا کر میں یہ کہتا ہوں: تمہیں اسے فروخت کرنے کی ہدایت نہیں دیتا ہوں! تم اسے فروخت نہ کرو اور اس طرح نہ نچوڑو اور اسے نہ پیو چونکہ یہ ناپاک ہے اور شیطان کے عمل سے تعلق رکھتا ہے۔

اخرج الثلاثة الاحاديث من كتاب الاشربة ۔

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے یہ تینوں روایات کو کتاب ''الاشربہ'' میں نقل کی ہیں۔

باب النهي عن ثمن الكلب ومهر البغي وحلوان الكاهن

باب 29: کتے کی قیمت' فاحشہ عورت کی کمائی اور کاہن شخص کی کمائی کا حکم

1464 - اَخْبَرَنَا مَالِكٌ ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ ، عَنْ اَبِیْ بَكْرِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ ، عَنْ اَبِیْ مَسْعُوْدٍ الْاَنْصَارِیِّ

حدیث نمبر **1463**:

اصبحی' ابوعبداللہ مالک بن انس' ''الموطا'' بروایۃ امام محمد بن حسن شیبانی (موطا امام محمد) تحقیق: عبدالوہاب عبداللطیف' المکتبۃ العلمیہ **714**

اصبحی' ابوعبداللہ مالک بن انس' ''الموطا'' بروایۃ یحییٰ بن یحییٰ اندلسی' تحقیق: بشار عواد معروف' دار الغرب الاسلامی' بیروت' لبنان (طبع اوّل) **1996ء** **2457**

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام'' دار المعرفۃ' بیروت' لبنان **180/6**

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام'' تحقیق: رفعت فوزی' دار الوفاء' طبع اول **2001ء** **445/7**

حدیث نمبر **1464**:

اصبحی' ابوعبداللہ مالک بن انس' ''الموطا'' بروایۃ یحییٰ بن یحییٰ اندلسی' تحقیق: بشار عواد معروف' دار الغرب الاسلامی' بیروت' لبنان (طبع اول) **1996ء** **1918**

حمیدی' امام ابوبکر عبداللہ بن زبیر' ''المسند'' عالم الکتب' بیروت' مکتبۃ المتنبی' قاہرہ' مصر **450**

کوفی' امام ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ' ''المصنف'' المطبعۃ العزیزیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان **1386ھ** **2900**

شیبانی' امام احمد بن محمد بن حنبل' ''المسند'' المطبعۃ المیمنیہ' مصر **118/4**

نیشاپوری' امام مسلم بن حجاج' ''الجامع الصحیح'' تحقیق و ترقیم: فؤاد عبدالباقی' دار الحدیث' قاہرہ' مصر **1567**

سجستانی' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث' ''السنن'' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **328**

قزوینی' امام محمد بن یزید ابن ماجہ' ''السنن'' تحقیق: بشار عواد معروف' دار الجیل' بیروت' **1998ء** **2159**

رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى عَنْ ثَمَنِ الْكَلْبِ ، وَمَهْرِ الْبَغِيِّ ، وَحُلْوَانِ الْكَاهِنِ ۔

✦✦ حضرت ابومسعود انصاری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کتے کی قیمت' فاحشہ عورت کی کمائی اور کاہن شخص کی کمائی سے منع کیا ہے۔

1465 - اَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ اَبِیْ بَكْرِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ هِشَامٍ، عَنْ اَبِیْ مَسْعُوْدِ الْاَنْصَارِیِّ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى عَنْ ثَمَنِ الْكَلْبِ، وَمَهْرِ الْبَغِيِّ، وَحُلْوَانِ الْكَاهِنِ قَالَ مَالِكٌ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ : وَاِنَّمَا كُرِهَ بَيْعُ الْكِلَابِ الضَّوَارِیْ وَغَيْرِ الضَّوَارِیْ لِنَهْيِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ ثَمَنِ الْكَلْبِ ۔

✦✦ حضرت ابومسعود انصاری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کتے کی قیمت' فاحشہ عورت کی کمائی اور کاہن شخص کو ملنے والی نیاز سے منع کیا ہے۔

امام مالک رحمۃ اللہ علیہ بیان کرتے ہیں' شکاری کتوں اور غیر شکاری کتوں کی فروخت کو مکروہ قرار دیا گیا ہے کیونکہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کتے کی قیمت سے منع کیا ہے۔

اخرج الاوّل من كتاب البيوع ' والثانی وقول مالك فی كتاب اختلاف مالك والشافعی ۔

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے پہلی روایت کو کتاب ''البیوع'' میں نقل کیا ہے اور دوسری روایت اور امام مالک رحمۃ اللہ علیہ کے قول کو کتاب

بقیہ حاشیہ حدیث نمبر **1464**:

ترمذی' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ' ''الجامع الکبیر'' تحقیق: ڈاکٹر بشار عواد معروف' دار الغرب الاسلامی' بیروت **1996**ء — **1133**

نسائی' امام احمد بن شعیب' ''المجتبیٰ من السنن'' دار الحدیث' قاہرہ' مصر **1407**ھ-**1987**ء — **1887**

نسائی' امام احمد بن شعیب' ''السنن الکبریٰ'' تحقیق: سلیمان بنداری' سید کسروی' دار الکتب العلمیہ' **1991**ء — **4803**

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام'' دار المعرفۃ' بیروت' لبنان — **113**

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام'' تحقیق: رفعت فوزی' دار الوفاء' طبع اوّل' **2001**ء — **23/4**

حدیث نمبر **1465**:

✧✧ حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' عربوں کے عیسائی' جو بنوتغلب سے تعلق رکھتے ہیں' ان کے ذبیحے نہ کھاؤ' کیونکہ انہوں نے اپنی نصرانیت (راوی کو شک ہے یا شاید یہی الفاظ ہیں) اپنے دین میں سے صرف شراب پینے کا حکم اختیار کیا ہے۔ یہ شک امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کو ملے۔

1536 - قَالَ الشَّافِعِيُّ: وَالَّذِي يُرْوى عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ فِي اِحْلالِ ذَبَائِحِهِمْ اِنَّمَا هُوَ مِنْ حَدِيْثِ عِكْرَمَةَ اَخْبَرَنِيْهِ ابْنُ الدَّرَاوَرْدِيِّ، وَابْنُ اَبِي يَحْيٰى، عَنْ ثَوْرٍ الدِّيْلِيِّ، عَنْ عِكْرَمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُمَا اَنَّهُ سُئِلَ عَنْ ذَبْحِ نَصَارَى الْعَرَبِ فَقَالَ قَوْلاً حَكٰى هُوَ اِحْلالَهَا وَتَلَا: "وَمَن يَتَوَلَّهُم مِّنكُمْ فَإِنَّهُ مِنْهُمْ".

وَلٰكِنَّ صَاحِبَنَا سَكَتَ عَنِ اسْمِ عِكْرَمَةَ وَثَوْرٌ لَمْ يَلْقَ ابْنَ عَبَّاسٍ.

✧✧ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے عربوں کے عیسائیوں کے ذبیحے کے بارے میں دریافت کیا گیا' تو انہوں نے ایسی بات کہی جس سے یہ ثابت ہوتا تھا کہ وہ اسے حلال قرار دیتے ہیں' انہوں نے یہ آیت تلاوت کی۔

''تم میں سے جو انہیں دوست بنائے گا وہ انہیں سے متعلق ہوگا''۔

لیکن ہمارے ساتھی نے عکرمہ کے نام سے سکوت کیا ہے اور ''ثور'' نامی راوی نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے ملاقات نہیں کی ہے۔

اخرج الاوّل من كتاب الجزية ' والثانى والثالث من كتاب الصيد والذبائح ' والرابع والخامس من كتاب والسير على سير والواقدى .

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے پہلی روایت کتاب جزیہ میں نقل کی جبکہ دوسری اور تیسری روایت کتاب الصید والذبائح میں نقل کی ہیں اور چوتھی اور پانچویں کتاب السیر میں نقل کی ہے۔

حدیث نمبر **1535**:

بیہقی' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی' ''السنن الکبریٰ'' دائرۃ المعارف النظامیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' **1344**ھ	**217/9**
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام'' دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان	**282/4**
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام''، تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اوّل' **2001**ء	**604/5**

حدیث نمبر **1536**:

بیہقی' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی' ''السنن الکبریٰ'' دائرۃ المعارف النظامیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' **1344**ھ	**217/9**
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام'' دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان	**210/4**
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام''، تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اوّل' **2001**ء	**610/5**

کتاب الاشربة والانبذة والاوعية

مشروبات' نبیذ اور برتنوں کا بیان

باب تحریم الخمر

باب 1: شراب کا حرام ہونا

1537 - اَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ اِسْحَاقَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِیْ طَلْحَةَ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: كُنْتُ اَسْقِیْ اَبَا عُبَيْدَةَ بْنَ الْجَرَّاحِ وَاَبَا طَلْحَةَ الْاَنْصَارِیَّ وَاُبَیَّ بْنَ كَعْبٍ شَرَابًا مِنْ فَضِيْخٍ وَ تَمْرٍ فَجَاءَهُمْ اٰتٍ فَقَالَ اِنَّ الْخَمْرَ قَدْ حُرِّمَتْ، فَقَالَ اَبُوْ طَلْحَةَ: يَا اَنَسُ قُمْ اِلٰی هٰذِهِ الْجَرَارِ فَاكْسِرْهَا، قَالَ اَنَسٌ: فَقُمْتُ اِلٰی مِهْرَاسٍ لَنَا فَضَرَبْتُهَا بِاَسْفَلِهٖ حَتّٰی تَكَسَّرَتْ

✦✦ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' میں حضرت ابوعبیدہ جراح رضی اللہ عنہ' حضرت ابوطلحہ انصاری رضی اللہ عنہ' حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ کو کچی اور پکی کھجوروں کی بنی ہوئی شراب پلا رہا تھا اسی دوران ایک شخص ان کے پاس آیا اور بولا شراب کو حرام قرار دے دیا گیا ہے۔ حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اس مٹکے کے پاس جاؤ اور اسے توڑ دو' حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' میں نے سوٹی اٹھائی اور اسے مٹکے کے نیچے والے حصے پر مارا تو وہ ٹوٹ گیا۔

1538 - اَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: مَنْ شَرِبَ الْخَمْرَ فِی الدُّنْيَا ثُمَّ لَمْ يَتُبْ مِنْهَا حُرِمَهَا فِی الْاٰخِرَةِ ۔

حدیث نمبر 1537:

اصبحی' ابوعبداللہ مالک بن انس' "المؤطا" بروایۃ امام محمد بن حسن شیبانی (مؤطا امام محمد) تحقیق: عبدالوہاب عبداللطیف' المکتبۃ العلمیہ	716
اصبحی' ابوعبداللہ مالک بن انس' "المؤطا" بروایۃ یحیٰی بن یحیٰی اندلسی' تحقیق: بشار عواد معروف' دار الغرب الاسلامی' بیروت' لبنان (طبع اول) 1996ء	2455
بخاری' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل' "الجامع الصحیح" (رقم الحدیث من فتح الباری)	5582
نیشاپوری' امام مسلم بن حجاج' "الجامع الصحیح" تحقیق و ترقیم: فؤاد عبدالباقی' دار الحدیث' قاہرہ' مصر	1980
اسفرائینی' امام ابوعوانہ یعقوب بن اسحاق' "المسند" مجلس دائرۃ المعارف العثمانیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' 1966ء	91/5
تمیمی' امام ابوحاتم محمد بن حبان' "صحیح ابن حبان"' دار الفکر' بیروت' طبع اول' 1996ء	5373
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام" دار المعرفۃ' بیروت' لبنان	971/6
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام" تحقیق: رفعت فوزی' دار الوفاء' طبع اول' 2001ء	187/1

✧✧ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: جو شخص دنیا میں شراب پئے اور توبہ نہ کرے تو وہ آخرت میں (جنتی مشروب) سے محروم رہے گا۔

اخرج الحديثين من كتاب الاشربة .

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے یہ دونوں روایات کتاب الاشربہ میں نقل کی ہیں۔

باب كل شراب اسكر فهو حرام

باب 2: ہر نشہ آور مشروب حرام ہے

1539 - حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ اَبِي سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ عَآئِشَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ

حدیث نمبر 1539:

طیالسی' امام' ابوداؤد سلیمان بن داؤد' "المسند" دار المعرفۃ' بیروت' لبنان 1857

صنعانی' امام' ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام' "المصنف"' تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی' دار القلم' بیروت' 1970ء 17056

کوفی' امام' ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ' "المصنف"' المطبعۃ العزیزیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' 1386ھ 2450

شیبانی' امام' احمد بن محمد بن حنبل' "المسند"' المطبعۃ المیمنیہ' مصر 19/2

دارمی' امام' ابومحمد عبداللہ بن عبدالرحمٰن' "السنن"' تحقیق: عبداللہ ہاشم یمانی' دار المحاسن' قاہرہ' 1966ء 2096

بخاری' امام' ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل' "الجامع الصحیح"' (رقم الحدیث من فتح الباری) 5575

نیشاپوری' امام' مسلم بن حجاج' "الجامع الصحیح"' تحقیق و ترقیم: فؤاد عبدالباقی' دار الحدیث' قاہرہ' مصر 2003

سجستانی' امام' ابوداؤد سلیمان بن اشعث' "السنن"' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان 3679

قزوینی' امام' محمد بن یزید ابن ماجہ' "السنن"' تحقیق: بشار عواد معروف' دار الجیل' بیروت' 1998ء 3373

ترمذی' امام' ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ' "الجامع الکبیر"' تحقیق: ڈاکٹر بشار عواد معروف' دار الغرب الاسلامی' بیروت 1998ء 1861

تمیمی' امام' ابوحاتم محمد بن حبان' "صحیح ابن حبان"' دار الفکر' بیروت' طبع اوّل' 1996ء 5375

شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام"' تحقیق: رفعت فوزی' دار الوفاء' طبع اوّل' 2001ء 439/7

حدیث نمبر 1539:

کوفی' امام' ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ' "المصنف"' المطبعۃ العزیزیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' 1386ھ 23729

بخاری' امام' ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل' "الجامع الصحیح"' (رقم الحدیث من فتح الباری) 242

نیشاپوری' امام' مسلم بن حجاج' "الجامع الصحیح"' تحقیق و ترقیم: فؤاد عبدالباقی' دار الحدیث' قاہرہ' مصر 2001

قزوینی' امام' محمد بن یزید ابن ماجہ' "السنن"' تحقیق: بشار عواد معروف' دار الجیل' بیروت' 1998ء 3386

اصبحی' ابوعبداللہ مالک بن انس' "الموطا"' بروایۃ یحیٰی بن یحیٰی اندلسی' تحقیق: بشار عواد معروف' دار الغرب الاسلامی' بیروت' لبنان (طبع اوّل) 1996ء 297/8

نسائی' امام' احمد بن شعیب' "السنن الکبریٰ"' تحقیق: سلیمان بنداری' سید کسروی' دار الکتب العلمیہ' 1991ء 5101

طحاوی' امام' ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ' "شرح مشکل الآثار"' تحقیق: شعیب ارناؤوط' موسسۃ الرسالہ' بیروت' لبنان 1987ء 4071

طحاوی' امام' ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ' "شرح معانی الآثار"' تحقیق: محمد جاد الحق' مطبعۃ الانوار المحمدیہ' مصر 170/6

شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام"' تحقیق: رفعت فوزی' دار الوفاء' طبع اوّل' 2001ء 439/7

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَتْ : قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : كُلُّ شَرَابٍ اَسْكَرَ فَهُوَ حَرَامٌ .

✦✦ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے: ہر نشہ آور مشروب حرام ہے۔

1540 - اَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ اَبِىْ سَلَمَةَ، عَنْ عَآئِشَةَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهَا، قَالَتْ : سُئِلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْبِتْعِ، فَقَالَ : كُلُّ شَرَابٍ اَسْكَرَ فَهُوَ حَرَامٌ .

✦✦ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں نبی اکرم ﷺ سے ''تبع'' (نامی مخصوص شراب) کے بارے میں دریافت کیا گیا تو آپ نے ارشاد فرمایا: ہر نشہ آور مشروب حرام ہے۔

1541 - اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ، عَنِ ابْنِ طَاوُسٍ، عَنْ اَبِيْهِ، اَنَّ اَبَا وَهْبٍ الْجَيْشَانِىَّ سَاَلَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

حدیث نمبر **1540**:

اصحی' ابوعبداللہ مالک بن انس' ''الموطا'' بروایہ امام محمد بن حسن شیبانی (موطا امام محمد) تحقیق: عبدالوہاب عبداللطیف' المکتبۃ العلمیہ **711**

اصحی' ابوعبداللہ مالک بن انس' ''الموطا'' بروایہ یحییٰ بن یحییٰ اندلسی' تحقیق: بشار عواد معروف' دارالغرب الاسلامی' بیروت' لبنان (طبع اول) **1996**ء **2541**

بیہقی' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی' ''السنن الکبریٰ'' دائرۃ المعارف النظامیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان **1344**ھ **291/8**

شیبانی' امام احمد بن محمد بن حنبل' ''المسند'' المطبعۃ المیمنیہ' مصر **190/6**

دارمی' امام ابومحمد عبداللہ بن عبدالرحمٰن' ''السنن'' تحقیق: عبداللہ ہاشم یمانی' دارالمحاسن' قاہرہ **1966**ء **2103**

بخاری' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل' ''الجامع الصحیح'' (رقم الحدیث من فتح الباری) **5585**

نیشاپوری' امام مسلم بن حجاج' ''الجامع الصحیح'' تحقیق و ترقیم فؤاد عبدالباقی' دارالحدیث' قاہرہ' مصر **2001**

سجستانی' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث' ''السنن'' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **3682**

ترمذی' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ' ''الجامع الکبیر'' تحقیق: ڈاکٹر بشار عواد معروف' دارالغرب الاسلامی' بیروت **1996**ء **1863**

نسائی' امام احمد بن شعیب' ''المجتبیٰ من السنن'' دارالحدیث' قاہرہ' مصر **1407**ھ-**1987**ء **298/8**

نسائی' امام احمد بن شعیب' ''السنن الکبریٰ'' تحقیق: سلیمان بنداری' سید کسروی' دارالکتب العلمیہ **1991**ء **5102**

طحاوی' امام ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ' ''شرح معانی الآثار'' تحقیق: محمد جادالحق' مطبعۃ الانوار المحمدیہ' مصر **216/4**

طحاوی' امام ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ' ''شرح مشکل الآثار'' تحقیق: شعیب ارناؤوط' موسسۃ الرسالہ' بیروت' لبنان **1987**ء **4868**

تمیمی' امام ابوحاتم محمد بن حبان' ''صحیح ابن حبان'' دارالفکر' بیروت' طبع اول **1996**ء **5354**

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام'' دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان **179/6**

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام'' تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اول **2001**ء **365/7**

حدیث نمبر **1541**:

شیبانی' امام احمد بن محمد بن حنبل' ''المسند'' المطبعۃ المیمنیہ' مصر **231/4**

سجستانی' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث' ''السنن'' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **3683**

طبرانی' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب' ''المعجم الکبیر'' تحقیق: احمدی عبدالمجید سلفی' مطبعۃ الزہراء الحدیثہ' موصل' عراق (طبع ثانی) **4204**

بیہقی' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی' ''السنن الکبریٰ'' دائرۃ المعارف النظامیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان **1344**ھ **292/8**

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام'' دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان **179/6**

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام'' تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اول **2001**ء **442/7**

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْبِتْعِ، فَقَالَ : كُلُّ مُسْكِرٍ حَرَامٌ .

✧✧ طاؤس کے صاحبزادے اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں۔ حضرت ابووہب جیشانی رضی اللہ عنہ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے ''تبع'' نامی (شراب) کے بارے میں دریافت کیا تو آپ نے ارشاد فرمایا: ہر نشہ آور چیز حرام ہے۔

1542 - اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ، قَالَ : سَمِعْتُ اَبَا الْجُوَيْرِيَةِ الْجَرْمِيَّ يَقُوْلُ : اِنِّيْ لَاَوَّلَ الْعَرَبِ سَاَلَ ابْنَ عَبَّاسٍ وَهُوَ مُسْنِدٌ ظَهْرَهُ اِلَى الْكَعْبَةِ فَسَاَلْتُهُ عَنِ الْبَاذَقِ فَقَالَ سَبَقَ مُحَمَّدٌ الْبَاذَقَ وَمَا اَسْكَرَ فَهُوَ حَرَامٌ

✧✧ ابوجویریہ جرمی بیان کرتے ہیں' میں وہ پہلا عرب ہوں جس نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے سوال کیا وہ اس وقت خانہ کعبہ سے ٹیک لگا کر بیٹھے ہوئے تھے میں نے ان سے ''باذق'' (شراب) کے بارے میں دریافت کیا تو انہوں نے جواب دیا۔ ''باذق'' اور ہر نشہ آور چیز کے بارے میں حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم پہلے ہی یہ حکم دے چکے ہیں کہ وہ حرام ہے۔

1543 - اَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ نَّافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّهُ قَالَ : كُلُّ مُسْكِرٍ خَمْرٌ وَّكُلُّ خَمْرٍ حَرَامٌ .

✧✧ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' ہر نشہ آور چیز ''خمر'' ہے اور ہر ''خمر'' حرام ہے۔

1544 - سَمِعْتُ الرَّبِيْعَ يَقُوْلُ سَمِعْتُ الشَّافِعِيَّ يَقُوْلُ وَهُوَ يَحْتَجُّ فِيْ ذِكْرِ الْمُسْكِرِ وَكَانَ كَلَامًا قَدْ تَقَدَّمَ لَا اَحْفَظُهُ فَقَالَ اَرَاَيْتَ اِنْ شَرِبَ عَشْرَةً وَّلَمْ يَسْكَرْ فَاِنْ قَالَ حَلَالٌ قِيْلَ اَفَرَاَيْتَ اِنْ خَرَجَ فَاَصَابَتْهُ الرِّيْحُ فَسَكِرَ فَاِنْ قَالَ حَرَامًا فَقُلْ لَهُ اَفَرَاَيْتَ شَيْئًا قَطُّ شَرِبَهُ فَصَارَ اِلَى جَوْفِهِ حَلَالٌ ثُمَّ صَيَّرَتْهُ الرِّيْحُ حَرَامًا .

حدیث نمبر **1542**:

صنعانی' امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام' ''المصنف'' 'تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی' دارالقلم' بیروت' 1970ء — 17014

حمیدی' امام ابوبکر عبداللہ بن زبیر' ''المسند'' عالم الکتب' بیروت' مکتبۃ المتنبی' قاہرہ' مصر — 1534

کوفی' امام ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ' ''المصنف'' المطبعۃ العزیزیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' 1386ھ — 23757

بخاری' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل' ''الجامع الصحیح'' (رقم الحدیث من فتح الباری) — 5598

نیشاپوری' امام' مسلم بن حجاج' ''الجامع الصحیح'' 'تحقیق و ترقیم: فؤاد عبدالباقی' دارالحدیث' قاہرہ' مصر — 300/8

نسائی' امام احمد بن شعیب' ''السنن الکبریٰ'' 'تحقیق: سلیمان بنداری' سید کسروی' دارالکتب العلمیہ' 1991ء — 5116

بیہقی' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی' ''السنن الکبریٰ'' دائرۃ المعارف النظامیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' 1344ھ — 294/8

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام'' دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان — 170/6

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام'' 'تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اوّل' 2001ء — 445/7

حدیث نمبر **1543**:

صنعانی' امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام' ''المصنف'' 'تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی' دارالقلم' بیروت' 1970ء — 17004

کوفی' امام ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ' ''المصنف'' المطبعۃ العزیزیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' 1386ھ — 23730

نسائی' امام احمد بن شعیب' ''المجتبیٰ من السنن'' دارالحدیث' قاہرہ' مصر 1407ھ-1987ء — 234/8

نسائی' امام احمد بن شعیب' ''السنن الکبریٰ'' 'تحقیق: سلیمان بنداری' سید کسروی' دارالکتب العلمیہ' 1991ء — 5208

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام'' دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان — 180/6

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام'' 'تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اوّل' 2001ء — 048/7

قَالَ الشَّافِعِيُّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ : مَا اَسْكَرَ كَثِيْرُهُ فَقَلِيْلُهُ حَرَامٌ .

✦✦ ربیع بیان کرتے ہیں میں نے امام شافعی کو یہ کہتے ہوئے سنا: انہوں نے نشہ آور چیز کا تذکرہ کرتے ہوئے دلیل پیش کی اس سے پہلے ان کا کلام گزر چکا ہے جو مجھے یاد نہیں امام شافعی نے فرمایا: تمہاری کیا رائے ہے اگر کوئی شخص دس گلاس پی لیتا ہے اور اسے نشہ نہیں ہوتا۔ اگر وہ یہ کہے یہ حلال ہے تو اس سے دریافت کیا جائے تمہاری کیا رائے ہے؟ تو کیا وہ شخص باہر نکلتا ہے اسے ہوا لگتی ہے اور اس بات پر نشہ پیدا ہو جاتا ہے۔ اگر وہ یہ کہتا ہے کہ حرام ہے: تو اس سے کہیں! تمہاری کیا رائے ہے۔ ایک شخص جس نے ایک چیز پی لی جو اس کے پیٹ تک پہنچ گئی تو وہ حلال تھی پھر اس شخص کو ہوا لگی تو وہ حرام ہوگئی؟

امام شافعی فرماتے ہیں: جس چیز کی زیادہ مقدار نشہ پیدا کرے اسے تھوڑی مقدار بھی حرام ہے۔

1545 - اَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سُئِلَ عَنِ الْغُبَيْرَاءِ، فَقَالَ : لَا خَيْرَ فِيْهَا، وَنَهٰى عَنْهَا،

قَالَ مَالِكٌ : قَالَ زَيْدُ بْنُ اَسْلَمَ : هِيَ السُّكُرْكَةُ .

عطاء بن یسار بیان کرتے ہیں نبی اکرم ﷺ سے "غبیراء" (شراب) کے بارے میں دریافت کیا گیا تو آپ ﷺ نے فرمایا: اس میں بھلائی نہیں ہے۔

(راوی کہتے ہیں) پھر آپ ﷺ نے اسے (استعمال کرنے سے) منع کر دیا۔

امام مالک بیان کرتے ہیں: زید بن اسلم فرماتے ہیں: یہ "سکرکہ" (مخصوص قسم کی شراب جو حبشی استعمال کرتے ہیں اور یہ لفظ بھی حبشی زبان کا) ہے۔

اخرج الستة الاحاديث وقول الشافعي من كتاب الاشربة .

یہ چھ روایات اور امام شافعی کا قول انہوں نے "کتاب الاشربہ" میں نقل کیا ہے۔

باب في المطبوخ حتى يذب ثلثاه

باب 3: ایسی پکائی ہوئی چیز جس کا دو تہائی حصہ خشک ہو جائے

1546 - اَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ دَاوُدَ بْنِ الْحُصَيْنِ، عَنْ وَاقِدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ سَعِيْدِ بْن مُعَاذٍ، وَعَنْ سَلَمَةَ بْنِ عَوْفِ بْنِ سَلَامَةَ اَخْبَرَاهُ عَنْ مَحْمُوْدِ بْنِ لَبِيْدِ الْاَنْصَارِيِّ اَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ حِيْنَ قَدِمَ الشَّامَ فَشَكَا اِلَيْهِ اَهْلُ الشَّامِ وَبَاَلَ الْاَرْضِ وَثِقَلَهَا وَقَالُوْا لَا يُصْلِحُنَا اِلَّا هٰذَا الشَّرَابُ فَقَالَ عُمَرُ : اشْرَبُوا الْعَسَلَ

حدیث نمبر **1544**:

اصحی ابوعبداللہ مالک بن انس "المؤطا" بروایہ امام محمد بن حسن شیبانی (مؤطا امام محمد) تحقیق: عبدالوہاب عبداللطیف المکتبۃ العلمیہ **712**

اصحی ابوعبداللہ مالک بن انس "المؤطا" بروایہ یحییٰ بن یحییٰ اندلسی تحقیق: بشار عواد معروف دار الغرب الاسلامی بیروت لبنان (طبع اول) **1996**ء **2542**

شافعی امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس "الام" دار المعرفۃ بیروت لبنان **179/6**

شافعی امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس "الام" تحقیق: رفعت فوزی دار الوفاء طبع اول **2001**ء **439/7**

فَقَالُوا لَا يُصْلِحُنَا الْعَسَلُ فَقَالَ رِجَالٌ مِنْ اَهْلِ الْاَرْضِ هَلْ لَكَ اَنْ نَجْعَلَ مِنْ هٰذَا الشَّرَابِ شَيْئًا لَا يُسْكِرُ فَقَالَ نَعَمْ فَطَبَخُوهُ حَتّٰى ذَهَبَ مِنْهُ الثُّلُثَانِ وَبَقِيَ الثُّلُثُ فَاَتَوْا بِهٖ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فَاَدْخَلَ عُمَرُ فِيْهِ اِصْبَعَهٗ ثُمَّ رَفَعَ يَدَهٗ فَتَبِعَهَا يَتَمَطَّطُ فَقَالَ هٰذَا الطِّلَاءُ هٰذَا مِثْلُ طِلَاءِ الْاِبِلِ فَاَمَرَهُمْ عُمَرُ اَنْ يَشْرَبُوْهُ فَقَالَ لَهٗ عِبَادَةُ بْنُ الصَّامِتِ اَحْلَلْتَهَا وَاللّٰهِ فَقَالَ عُمَرُ كَلَّا وَاللّٰهِ اللّٰهُمَّ اِنِّيْ لَا اُحِلُّ لَهُمْ شَيْئًا حَرَّمْتَهٗ عَلَيْهِمْ وَلَا اُحَرِّمُ عَلَيْهِمْ شَيْئًا اَحْلَلْتَهٗ لَهُمْ .

✦✦ حضرت محمود بن لبید انصاری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ جب شام تشریف لائے تو اہل شام نے انہیں وہاں پر پھیلی ہوئی وباء کے بارے میں بتایا اور آب و ہوا کے ناموافق ہونے کا تذکرہ کیا تو لوگوں نے یہ کہا: اس صورت میں ہم صحت منداسی صورت میں رہ سکتے ہیں جب شراب پئیں تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تم ''شہد'' استعمال کرو! انہوں نے کہا: ''شہد'' ہمیں موافق نہیں ہے۔

اس علاقے کے رہنے والوں میں سے ایک شخص نے کہا: کیا ہم آپ کے لئے ایسا مشروب تیار کریں جو نشہ پیدا نہیں کرتا؟ تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ٹھیک ہے ان لوگوں نے اسے پکایا اور اس کا دو تہائی حصہ خشک ہو گیا اور ایک تہائی حصہ باقی رہ گیا۔ وہ اسے لے کر حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس آئے حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اپنی انگلی اس میں ڈالی پھر اپنا ہاتھ باہر نکالا اور اسے ملنے لگے اور بولے: یہ تو ''طلا'' ہے جیسے اونٹوں کا ''طلا'' ہوا ہے۔

پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے انہیں ہدایت کی کہ وہ اسے پی لیا کریں تو حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ نے ان سے کہا: اللہ کی قسم! اے اللہ! آپ نے اسے حلال قرار دیدیا ہے تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ہرگز نہیں! اللہ کی قسم! میں کسی چیز کو حلال قرار نہیں دیتا جسے تو نے ان لوگوں کے لئے حرام قرار دیا ہے اور میں کسی ایسی چیز کو حرام قرار نہیں دیتا۔ جسے تو نے ان کے لئے حلال قرار دیا ہے۔

اخرجه من كتاب الاشربة .

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے اس روایت کو کتاب الاشربہ میں نقل کیا ہے۔

باب في الانبذة

باب 4: مختلف طرح کی نبیذ

1547 - اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ، عَنْ مَعْبَدِ بْنِ كَعْبٍ، عَنْ اُمِّهٖ وَكَانَتْ قَدْ صَلَّتِ الْقِبْلَتَيْنِ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى عَنِ الْخَلِيطَيْنِ، وَقَالَ : انْبِذُوْا كُلَّ وَاحِدٍ مِنْهُمَا عَلٰى

حدیث نمبر 1546:

اصحی' ابو عبداللہ مالک بن انس' ''الموطا'' بروایۃ امام محمد بن حسن شیبانی (موطا امام محمد) تحقیق: عبدالوہاب عبداللطیف' المکتبۃ العلمیہ 101

اصحی' ابو عبداللہ مالک بن انس' ''الموطا'' بروایۃ یحییٰ بن یحییٰ اندلسی تحقیق: بشار عواد معروف' دار الغرب الاسلامی' بیروت' لبنان (طبع اول) 1996ء 2656

شافعی' امام ابو عبداللہ محمد بن ادریس' ''الام'' دار المعرفۃ بیروت' لبنان 200/6

شافعی' امام ابو عبداللہ محمد بن ادریس' ''الام'' تحقیق: رفعت فوزی' دار الوفاء' طبع اول 2001ء 448/3

جلدة .

✦✦ معبد بن کعب اپنی والدہ کا یہ بیان نقل کرتے ہیں' جنہوں نے دونوں "قبلوں" کی طرف رُخ کر کے نماز ادا کی وہ فرماتی ہیں: نبی اکرم ﷺ نے دو مختلف چیزوں سے بنی ہوئی "نبیذ" استعمال کرنے سے منع کیا ہے' آپ نے ارشاد فرمایا ہے: دونوں میں سے ہر ایک کی الگ سے "نبیذ" تیار کرو۔

1548 - اَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى اَنْ يُنْبَذَ التَّمْرُ وَالْبُسْرُ جَمِيعًا، وَالتَّمْرُ وَالزَّهْوُ جَمِيعًا .

✦✦ عطاء بن یسار کرتے ہیں' نبی اکرم ﷺ نے اس بات سے منع کیا ہے کہ "تر" کھجور اور خشک کھجور کی ایک ساتھ "نبیذ" تیار کی جائے یا کچی کھجور اور پکی کھجور کی نبیذ (ملاکر) تیار کی جائے۔

اخرج الحديثين من كتاب الاشربة .

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے یہ دونوں روایات کتاب الاشربہ میں نقل کی ہیں۔

باب فى الاوعية

باب 5: مختلف طرح کے برتنوں کا حکم

1549 - اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ، عَنْ اَبِىْ اِسْحَاقَ، عَنِ ابْنِ اَبِىْ اَوْفٰى، قَالَ : نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ نَبِيذِ الْجَرِّ الْاَخْضَرِ وَالْاَبْيَضِ وَالْاَحْمَرِ .

حدیث نمبر **1547**:

حمیدی' امام ابوبکر عبداللہ بن زبیر' "المسند" عالم الکتب' بیروت' مکتبۃ المتنبی' قاہرہ' مصر — 356

شیبانی' امام احمد بن محمد بن حنبل' "المسند" المطبعۃ المیمنیہ' مصر — 18/6

طبرانی' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب' "المعجم الکبیر" تحقیق: احمدی عبدالمجید سلفی' مطبعۃ الزہراء الحدیثۃ' موصل' عراق (طبع ثانی) — 353/25

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام" دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان — 179/6

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام" تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اول **2001**ء — 440/7

حدیث نمبر **1548**:

اصبحی' ابوعبداللہ مالک بن انس' "الموطا" بروایۃ امام محمد بن حسن شیبانی (موطا امام محمد) تحقیق: عبدالوہاب عبداللطیف' المکتبۃ العلمیہ — 718

اصبحی' ابوعبداللہ مالک بن انس' "الموطا" بروایۃ یحییٰ بن یحییٰ اندلسی' تحقیق: بشار عواد معروف' دارالغرب الاسلامی' بیروت' لبنان (طبع اول) **1996**ء — 2448

صنعانی' امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام' "المصنف" تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی' دارالقلم' بیروت **1970**ء — 16982

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام" دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان — 179/6

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام" تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اول **2001**ء — 444/7

حدیث نمبر **1549**:

طیالسی' امام ابوداؤد سلیمان بن داؤد' "المسند" دارالمعرفۃ' بیروت لبنان — 814

صنعانی' امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام' "المصنف" تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی' دارالقلم' بیروت **1970**ء — 16928

✧✧ حضرت ابن ابی اوفی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سبز' سفید اور سرخ گھڑے میں نبیذ تیار کرنے سے منع کیا ہے۔

1550 - اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ اَبِي سَلَمَةَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ : لَا تَنْبِذُوْا فِي الدُّبَّاءِ وَالْمُزَفَّتِ، قَالَ : يَقُوْلُ اَبُوْ هُرَيْرَةَ : وَاجْتَنِبُوا الْحَنَاتِمَ وَالنَّقِيْرَ .

✧✧ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: (دبا اور مزفت) نامی برتنوں میں نبیذ تیار مت کرو۔

بقیہ حاشیہ حدیث نمبر **1549**:

حمیدی' امام ابوبکر عبداللہ بن زبیر' "المسند" عالم الکتب' بیروت' مکتبۃ المتنبی' قاہرہ' مصر 715
کوفی' امام ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ "المصنف" المطبعۃ العزیزیہ' حیدر آباد دکن' ہندوستان' 1386ھ 23880
شیبانی' امام احمد بن محمد بن حنبل' "المسند" المطبعۃ المیمنیہ' مصر' 353/4
بخاری' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل' "الجامع الصحیح" (رقم الحدیث من فتح الباری) 5596
نسائی' امام احمد بن شعیب' "السنن الکبریٰ" تحقیق: سلیمان بنداری' سید کسروی' دار الکتب العلمیہ' 1991ء 51318
طحاوی' امام ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ' "شرح معانی الآثار" تحقیق: محمد جاد الحق' مطبعۃ الانوار المحمدیہ' مصر 226/4
تمیمی' امام ابوحاتم محمد بن حبان' "صحیح ابن حبان"' دار الفکر' بیروت' طبع اوّل' 1996ء 5411
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام"' دار المعرفۃ' بیروت' لبنان 179/6
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام"' تحقیق: رفعت فوزی' دار الوفاء' طبع اوّل' 2001ء 440/7
نسائی' امام احمد بن شعیب' "المجتبیٰ من السنن"' دار الحدیث' قاہرہ' مصر 1407ھ-1987ء 304/8

حدیث نمبر **1550**:

صنعانی' امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام' "المصنف"' تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی' دار القلم' بیروت' 1970ء 16982
حمیدی' امام ابوبکر عبداللہ بن زبیر' "المسند" عالم الکتب' بیروت' مکتبۃ المتنبی' قاہرہ' مصر 1081
کوفی' امام ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ "المصنف" المطبعۃ العزیزیہ' حیدر آباد دکن' ہندوستان' 1386ھ 237/2
شیبانی' امام احمد بن محمد بن حنبل' "المسند" المطبعۃ المیمنیہ' مصر' 241/2
نیشاپوری' امام مسلم بن حجاج' "الجامع الصحیح"' تحقیق و ترقیم: فؤاد عبدالباقی' دار الحدیث' قاہرہ' مصر 1193
قزوینی' امام محمد بن یزید ابن ماجہ' "السنن"' تحقیق: بشار عواد معروف' دار الجیل' بیروت' 1998ء 3401
نسائی' امام احمد بن شعیب' "المجتبیٰ من السنن"' دار الحدیث' قاہرہ' مصر 1407ھ-1987ء 297/8
نسائی' امام احمد بن شعیب' "السنن الکبریٰ" تحقیق: سلیمان بنداری' سید کسروی' دار الکتب العلمیہ' 1991ء 5099
موصلی' امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ' "المسند"' تحقیق: حسین سلیم اسد' دار المامون للتراث' طبع اوّل' 1987ء 5944
طحاوی' امام ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ' "شرح معانی الآثار" تحقیق: محمد جاد الحق' مطبعۃ الانوار المحمدیہ' مصر 226/4
تمیمی' امام ابوحاتم محمد بن حبان' "صحیح ابن حبان"' دار الفکر' بیروت' طبع اوّل' 1996ء 5413
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام"' دار المعرفۃ' بیروت' لبنان 179/6
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام"' تحقیق: رفعت فوزی' دار الوفاء' طبع اوّل' 2001ء 442/7

راوی بیان کرتے ہیں' حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے یہ بات بیان کی: تم لوگ "حنتم" اور "نقیر" نامی برتنوں سے بھی اجتناب کرو۔

1551 - اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ، سَمِعْتُ الزُّهْرِيَّ، يَقُولُ : سَمِعْتُ اَنَسًا، يَقُولُ : نَهَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الدُّبَّاءِ وَالْمُزَفَّتِ اَنْ يُنْتَبَذَ فِيْهِ .

✦✦ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دباء اور مزفت نامی برتنوں میں نبیذ تیار کرنے سے منع کیا ہے۔

1552 - اَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَطَبَ النَّاسَ فِي بَعْضِ مَغَازِيهِ، قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ : فَاَقْبَلْتُ نَحْوَهُ فَانْصَرَفَ قَبْلَ اَنْ اَبْلُغَهُ، فَسَاَلْتُ : مَاذَا قَالَ؟ قَالُوا : نَهَى اَنْ يُنْبَذَ فِي الدُّبَّاءِ وَالْمُزَفَّتِ .

✦✦ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک جنگ کے دوران لوگوں کو خطبہ دیا۔ حضرت عبداللہ بن

حدیث نمبر 1551:

صنعانی' امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام' "المصنف" 'تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی' دارالقلم' بیروت' 1970ء — 16924

حمیدی' امام ابوبکر عبداللہ بن زبیر' "المسند" 'عالم الکتب' بیروت' مکتبۃ المتنبی' قاہرہ' مصر — 1185

کوفی' امام ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ' "المصنف" 'المطبعۃ العزیزیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' 1386ھ — 23773

شیبانی' امام احمد بن محمد بن حنبل' "المسند" 'المطبعۃ المیمنیہ' مصر — 110/3

دارمی' امام ابومحمد عبداللہ بن عبدالرحمٰن' "السنن" 'تحقیق: عبداللہ ہاشم یمانی' دارالمحاسن' قاہرہ' 1966ء — 2116

نیشاپوری' امام مسلم بن حجاج' "الجامع الصحیح" 'تحقیق و ترقیم: فواد عبدالباقی' دارالحدیث' قاہرہ' مصر — 5587

حمیدی' امام ابوبکر عبداللہ بن زبیر' "المسند" 'عالم الکتب' بیروت' مکتبۃ المتنبی' قاہرہ' مصر — 992

نسائی' امام احمد بن شعیب' "المجتبیٰ من السنن" 'دارالحدیث' قاہرہ' مصر 1407ھ-1987ء — 305/8

بخاری' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل' "الجامع الصحیح" (رقم الحدیث من فتح الباری) — 5139

موصلی' امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ' "المسند" 'تحقیق: حسین سلیم اسد' دارالمامون للتراث' طبع اول 1987ء — 4344

اسفرائینی' امام ابوعوانہ یعقوب بن اسحاق' "المسند" 'مجلس دائرۃ المعارف العثمانیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' 1966ء — 310/5

طحاوی' امام ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ' "شرح معانی الآثار" 'تحقیق: محمد جادالحق' مطبعۃ الانوار المحمدیہ' مصر — 226/4

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام" 'دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان — 179/6

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام" 'تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اول' 2001ء — 442/7

حدیث نمبر 1552:

اصحی' ابوعبداللہ مالک بن انس' "الموطا" 'بروایۃ امام محمد بن حسن شیبانی (موطا امام محمد) تحقیق: عبدالوہاب عبداللطیف' المکتبۃ العلمیہ — 719

اصحی' ابوعبداللہ مالک بن انس' "الموطا" 'بروایۃ یحییٰ بن یحییٰ اندلسی' تحقیق: بشار عواد معروف' دارالغرب الاسلامی' بیروت' لبنان (طبع اول) 1996ء — 2446

طیالسی' امام ابوداؤد سلیمان بن داؤد' "المسند" 'دارالمعرفۃ' بیروت لبنان — 1911

صنعانی' امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام' "المصنف" 'تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی' دارالقلم' بیروت' 1970ء — 16933

کوفی' امام ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ' "المصنف" 'المطبعۃ العزیزیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' 1386ھ — 23771

شیبانی' امام احمد بن محمد بن حنبل' "المسند" 'المطبعۃ المیمنیہ' مصر — 3/2

ترمذی' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ' "الجامع الکبیر" 'تحقیق: ڈاکٹر بشار عواد معروف' دارالغرب الاسلامی' بیروت 1996ء — 1868

عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں، میں آپ کی طرف آیا تو میرے پہنچنے سے پہلے آپ خطبہ ختم کر چکے تھے انہوں نے دریافت کیا آپ نے کیا ارشاد فرمایا ہے؟ تو لوگوں نے ارشاد بتایا: آپ نے (مزفت اور دباء) نامی برتنوں میں نبیذ تیار کرنے سے منع کر دیا ہے۔

1553 - اَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى اَنْ يُنْبَذَ فِی الدُّبَّاءِ وَالْمُزَفَّتِ .

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دباء اور مزفت میں نبیذ تیار کرنے سے منع کر دیا ہے۔

1554 - اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ، عَنْ سُلَيْمَانَ الْاَحْوَلِ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ، قَالَ : لَمَّا نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْاَوْعِيَةِ، قِيْلَ لَهٗ : لَيْسَ كُلُّ النَّاسِ يَجِدُ سِقَاءً، فَاَذِنَ لَهُمْ فِیْ غَيْرِ الْمُزَفَّتِ .

بقیہ حاشیہ حدیث نمبر **1552**:

نسائی' امام احمد بن شعیب' "السنن الکبریٰ" تحقیق: سلیمان بنداری' سید کسروی' دار الکتب العلمیہ **1991**ء — **5134**

اسفرائینی' امام ابوعوانہ یعقوب بن اسحاق' "المسند" مجلس دائرۃ المعارف العثمانیہ' حیدر آباد دکن' ہندوستان' **1966**ء — **289/5**

طحاوی' امام ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ' "شرح معانی الآثار" تحقیق: محمد جاد الحق' مطبعۃ الانوار المحمدیہ' مصر — **223/4**

طبرانی' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب' "المعجم الکبیر" تحقیق: احمدی عبدالمجید سلفی' مطبعۃ الزہراء الحدیثۃ' موصل' عراق (طبع ثانی) — **13453**

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام" دار المعرفۃ' بیروت' لبنان — **179/6**

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام" تحقیق: رفعت فوزی' دار الوفاء' طبع اوّل' **2001**ء — **443/7**

حدیث نمبر **1553**:

اصبحی' ابوعبداللہ مالک بن انس' "الموطا" بروایۃ امام محمد بن حسن شیبانی (موطا امام محمد) تحقیق: عبدالوہاب عبداللطیف' المکتبۃ العلمیہ — **720**

اصبحی' ابوعبداللہ مالک بن انس' "الموطا" بروایۃ یحییٰ بن یحییٰ اندلسی' تحقیق: بشار عواد معروف' دار الغرب الاسلامی' بیروت' لبنان (طبع اوّل) **1996**ء — **2447**

طحاوی' امام ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ' "شرح معانی الآثار" تحقیق: محمد جاد الحق' مطبعۃ الانوار المحمدیہ' مصر — **227/4**

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام" دار المعرفۃ' بیروت' لبنان — **179/6**

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام" تحقیق: رفعت فوزی' دار الوفاء' طبع اوّل' **2001**ء — **444/7**

حدیث نمبر **1554**:

صنعانی' امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام' "المصنف" تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی' دار القلم' بیروت' **1970**ء — **16961**

حمیدی' امام ابوبکر عبداللہ بن زبیر' "المسند" عالم الکتب' بیروت' مکتبۃ المتنبی' قاہرہ' مصر — **582**

کوفی' امام ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ' "المصنف" المطبعۃ العزیزیہ' حیدر آباد دکن' ہندوستان' **1386**ھ — **23934**

بخاری' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل' "الجامع الصحیح" (رقم الحدیث من فتح الباری) — **5593**

شیبانی' امام احمد بن محمد بن حنبل' "المسند" المطبعۃ المیمنیہ' مصر — **160/2**

نیشاپوری' امام مسلم بن حجاج' "الجامع الصحیح" تحقیق و ترقیم فؤاد عبدالباقی' دار الحدیث' قاہرہ' مصر — **2000**

نسائی' امام احمد بن شعیب' "السنن الکبریٰ" تحقیق: سلیمان بنداری' سید کسروی' دار الکتب العلمیہ **1991**ء — **5166**

بیہقی' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی' "السنن الکبریٰ" دائرۃ المعارف النظامیہ' حیدر آباد دکن' ہندوستان' **1344**ھ — **310/4**

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام" دار المعرفۃ' بیروت' لبنان — **179/6**

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام" تحقیق: رفعت فوزی' دار الوفاء' طبع اوّل' **2001**ء — **443/7**

✦✦ حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے برتنوں سے منع کیا تو آپ کی خدمت میں عرض کی گئی' ہر شخص کے پاس مشکیزہ نہیں ہوتا تو آپ نے لوگوں کو (وہ برتن) استعمال کرنے کی اجازت دی جو مزفت نہ ہو۔

1555 - اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ، عَنْ اَبِى الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ، اَنَّ النَّبِىَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُنْبَذُ لَهُ سِقَاءٌ، فَاِنْ لَمْ يَكُنْ فَتَوْرٌ مِّنْ حِجَارَةٍ

✦✦ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے مشکیزے میں ''نبیذ'' تیار کی جاتی تھی' اگر وہ نہ ہوتا تو پتھر کے پیالے میں تیار کی جاتی تھی۔

اخرج السبعة الاحاديث من كتاب الاشربة .

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے یہ ساتوں روایات کتاب الاشربہ میں نقل کی ہیں۔

حدیث نمبر **1555**:

طیالسی' امام ابوداؤد سلیمان بن داؤد' ''المسند'' دارالمعرفۃ' بیروت لبنان	1751
صنعانی' امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام' ''المصنف'' تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی' دارالقلم' بیروت' 1970ء	6935
کوفی' امام ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ' ''المصنف'' المطبعۃ العزیزیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' 1386ھ	3859
شیبانی' امام احمد بن محمد بن حنبل' ''المسند'' المطبعۃ المیمنیہ' مصر	35/2
دارمی' امام ابومحمد عبداللہ بن عبدالرحمٰن' ''السنن'' تحقیق: عبداللہ ہاشم یمانی' دارالمحاسن' قاہرہ' 1966ء	2113
نیشاپوری' امام مسلم بن حجاج' ''الجامع الصحیح'' تحقیق و ترقیم محمد فواد عبدالباقی' دارالحدیث' قاہرہ' مصر	1999
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام'' دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان	179/6
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام'' تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اول' 2001ء	243/7

كتاب الحدود

حدود کا بیان

باب لا يتجافى لذى الهياة عن حد

باب 1: صاحبِ حیثیت شخص سے حد کو الگ (معاف) نہیں کیا جائے

1556 - اَخْبَرَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيْزِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِىْ بَكْرِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ حَزْمٍ، عَنْ عَمْرَةَ بِنْتِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ عَائِشَةَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهَا اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ : تَجَافُوْا لِذَوِى الْهَيْئَاتِ عَنْ عَثَرَاتِهِمْ،

✧✧ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''صاحبِ حیثیت لوگوں کی غلطیوں سے درگزر کرو''۔

1557 -قَالَ مُحَمَّدُ بْنُ اِدْرِيْسَ : سَمِعْتُ مِنْ اَهْلِ الْعِلْمِ مَنْ يَّعْرِفُ هٰذَا الْحَدِيْثَ، وَيَقُوْلُ : يُتَجَافٰى لِلرَّجُلِ ذِى الْهَيْئَةِ عَنْ عَثْرَتِهِ مَا لَمْ يَكُنْ حَدًّا .

✧✧ امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ بیان کرتے ہیں' میں نے اہل علم کو یہ بات بیان کرتے ہوئے سنا ہے: جو اس حدیث کا علم رکھتے ہیں'

حدیث نمبر **1556**:

شیبانی' امام احمد بن محمد بن حنبل'' المسند'' المطبعۃ المیمنیہ' مصر	181/6
بخاری' امام محمد بن اسماعیل'' الادب المفرد' مطبعہ مصطفی البابی الحلبی' قاہرہ' طبع رابع 1955ء	465
سجستانی' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث'' السنن''، داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان	4375
نسائی' امام احمد بن شعیب'' السنن الکبریٰ'' تحقیق: سلیمان بنداری' سید کسروی' دارالکتب العلمیہ' 1991ء	7293
طحاوی' امام ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ'' شرح مشکل الآثار'' تحقیق: شعیب ارناؤوط' موسسۃ الرسالہ' بیروت' لبنان' 1987ء	2367
تمیمی' امام ابوحاتم محمد بن حبان'' صحیح ابن حبان''، دارالفکر' بیروت' طبع اوّل' 1996ء	94
طبرانی' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب'' المعجم الاوسط'' تحقیق: محمود الطحان' مکتبۃ المعارف' ریاض' سعودی عربیہ' (طبع اوّل)	3139
دارقطنی' امام علی بن عمر'' السنن'' مکتبۃ المتنبی' قاہرہ' مصر	207/3
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس'' الام'' دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان	145/6
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس'' الام'' تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اوّل' 2001ء	308/7

وہ فرماتے ہیں: (مذہبی طور پر) صاحبِ حیثیت لوگوں سے درگزر کیا جائے گا جب تک وہ کسی حد کا ارتکاب نہ کریں۔

1558 - اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ، عَنْ اَبِىْ جَعْفَرٍ، اَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: اِنْ يُجْلَدْ قُدَامَةُ الْيَوْمَ فَلَنْ يُتْرَكَ اَحَدٌ بَعْدَهُ وَكَانَ قُدَامَةُ بَدْرِيًّا

ابوجعفر بیان کرتے ہیں' حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے یہ بات بیان: اگر آج ''قدامہ'' کو کوڑے لگا دیئے گئے تو اس کے بعد کسی کو نہیں چھوڑا جائے گا۔

راوی بیان کرتے ہیں' حضرت قدامہ رضی اللہ عنہ کو غزوہ بدر میں شرکت کرنے کا شرف حاصل تھا۔

اخرج الحديثين من كتاب الجنائز' والثالث من كتاب الاشربة .

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے پہلی دو روایات کتاب جنائز میں نقل کی ہیں جبکہ تیسری روایت کتاب الاشربہ میں نقل کی ہے۔

باب الحدود كفارة الذنوب

باب 2: حدود' گناہوں کا کفارہ ہوتی ہیں

1559 - اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنِ الزُّهْرِىِّ، عَنْ اَبِىْ اِدْرِيْسَ، عَنْ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: كُنَّا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِىْ مَجْلِسٍ، فَقَالَ: بَايِعُوْنِىْ عَلٰى اَنْ لَا تُشْرِكُوْا بِاللّٰهِ شَيْئًا، وَقَرَاَ عَلَيْهِمُ الْاٰيَةَ، قَالَ: فَمَنْ وَفٰى مِنْكُمْ فَاَجْرُهُ عَلَى اللّٰهِ، وَمَنْ اَصَابَ مِنْ ذٰلِكَ شَيْئًا فَعُوْقِبَ فَهُوَ كَفَّارَةٌ لَهُ، وَمَنْ اَصَابَ مِنْ ذٰلِكَ شَيْئًا فَسَتَرَهُ اللّٰهُ عَلَيْهِ فَهُوَ اِلَى اللّٰهِ، اِنْ شَآءَ غَفَرَ لَهُ، وَاِنْ شَآءَ عَذَّبَهُ .

حدیث نمبر **1559**:

طیالسی' امام ابوداؤد سلیمان بن داوٗد ''المسند'' دار المعرفۃ' بیروت' لبنان	579
صنعانی' امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام' ''المصنف'' تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی' دار القلم' بیروت' 1970ء	98/8
حمیدی' امام ابوبکر عبداللہ بن زبیر' ''المسند'' عالم الکتب' بیروت' مکتبۃ المتنبی' قاہرہ' مصر	387
کوفی' امام ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ' ''المصنف'' المطبعۃ العزیزیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' 1386ھ	27985
شیبانی' امام احمد بن محمد بن حنبل' ''المسند'' المطبعۃ المیمنیہ' مصر	3145
دارمی' امام ابومحمد عبداللہ بن عبدالرحمٰن' ''السنن'' تحقیق: عبداللہ ہاشم یمانی' دار المحاسن' قاہرہ' 1966ء	2457
بخاری' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل' ''الجامع الصحیح'' (رقم الحدیث من فتح الباری)	18
نیشاپوری' امام مسلم بن حجاج' ''الجامع الصحیح'' تحقیق و ترقیم: فؤاد عبدالباقی' دار الحدیث' قاہرہ' مصر	1709
قزوینی' امام محمد بن یزید ابن ماجہ' ''السنن'' تحقیق: بشار عواد معروف' دار الجیل' بیروت' 1998ء	2603
ترمذی' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ' ''الجامع الکبیر'' تحقیق: ڈاکٹر بشار عواد معروف' دار الغرب الاسلامی' بیروت 1996ء	1439
طحاوی' امام ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ' ''شرح مشکل الآثار'' تحقیق: شعیب ارناؤوط' موسسۃ الرسالۃ' بیروت' لبنان' 1987ء	194
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام'' دار المعرفۃ' بیروت' لبنان	138/6
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام'' تحقیق: رفعت فوزی' دار الوفاء' طبع اول' 2001ء	348/7

✧✧ حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' ہم لوگ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ ایک محفل میں شریک تھے۔ آپ نے ارشاد فرمایا: تم میری اس بات پر بیعت کرو: تم کسی کو اللہ کا شریک نہیں ٹھہراؤ گے۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے سامنے آیت تلاش کی۔

پھر ارشاد فرمایا:

تم میں سے جو شخص اسے پورا کرے گا اس کا اجر اللہ تعالیٰ کے ذمے ہوگا اور جو کوئی ان میں سے کسی ایک جرم کا ارتکاب کرے اور اُسے اس کی سزا مل جائے تو یہ اس کے لئے کفارہ ہوگا۔

اور جو شخص ان میں سے کسی بھی جرم کا ارتکاب کرے اور اللہ تعالیٰ اس کی پردہ پوشی کرے تو اس کا معاملہ اللہ تعالیٰ کے سپرد ہوگا اگر اللہ تعالیٰ چاہے گا تو اسے کی مغفرت کردے گا اور اگر چاہے گا تو اس کو عذاب دے گا۔

اخرجه من كتاب الجنائز

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے اس روایت کو کتاب الجنائز میں بیان کیا ہے۔

باب باب تكرار الحد بتكرار الشرب

باب 3: (شراب) پینے کی تکرار کے ساتھ' حد میں بھی تکرار ہوگی

1560 - اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ قَبِيصَةَ بْنِ ذُؤَيْبٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: اِنْ شَرِبَ فَاجْلِدُوهُ ثُمَّ اِنْ شَرِبَ فَاجْلِدُوهُ ثُمَّ اِنْ شَرِبَ فَاجْلِدُوهُ ثُمَّ اِنْ شَرِبَ فَاقْتُلُوهُ لَا يَدْرِي الزُّهْرِيُّ بَعْدَ الثَّالِثَةِ اَوِ الرَّابِعَةِ، فَاُتِيَ بِرَجُلٍ قَدْ شَرِبَ فَجَلَدَهُ، ثُمَّ اُتِيَ بِهِ قَدْ شَرِبَ فَجَلَدَهُ، ثُمَّ اُتِيَ بِهِ قَدْ شَرِبَ فَجَلَدَهُ وَوَضَعَ الْقَتْلَ، وَصَارَتْ رُخْصَةً .

قَالَ : قَالَ سُفْيَانُ : قَالَ الزُّهْرِيُّ لِمَنْصُورِ بْنِ الْمُعْتَمِرِ وَمِخْوَلٍ : كُونَا وَافِدَيِ الْعِرَاقِ بِهٰذَا الْحَدِيثِ .

✧✧ حضرت قبیصہ بن ذویب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اگر یہ شراب پیے تو اسے کوڑے لگاؤ پھر اگر یہ پیے تو اسے کوڑے لگاؤ' اگر پھر پیے تو اسے کوڑے لگاؤ اور اگر پھر بھی پیے تو اسے قتل کردو۔

زہری نامی راوی کو یہ بات معلوم نہیں ہے: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے تیسری مرتبہ کے بعد یا چوتھی مرتبہ کے بعد (قتل) کرنے کا حکم دیا تھا۔

حدیث نمبر **1560**:

صنعانی' امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام' "المصنف" تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی' دارالقلم' بیروت' **1970**ء **13593**

بجستانی' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث' "السنن"' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **4486**

طحاوی' امام ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ' "شرح معانی الآثار" تحقیق: محمد جاد الحق' مطبعۃ الانوار المحمدیہ' مصر **161/3**

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام"' دار المعرفۃ' بیروت' لبنان **144/**

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام" تحقیق: رفعت فوزی' دار الوفاء' طبع اوّل' **2001**ء **369/7**

(راوی بیان کرتے ہیں) پھر ایک شخص کو لایا گیا جس نے شراب پی تھی آپ نے اسے کوڑے لگوائے' پھر وہ لایا گیا اس نے شراب پی تھی آپ نے اسے کوڑے لگوائے' پھر وہ لایا گیا اس نے شراب پی تھی' اسے پھر کوڑے لگوائے گئے لیکن آپ نے اسے قتل نہیں کروایا۔ گویا یہ اجازت ہے۔

سفیان نامی راوی بیان کرتے ہیں زہری نے منصور بن معتمر سے یہ کہا تھا: آپ لوگ یہ حدیث لے کر عراق جائیں۔

1561- اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ ، عَنِ الزُّهْرِيِّ ، وَعَنْ قَبِيصَةَ بْنِ ذُوَيْبٍ ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ : مَنْ شَرِبَ الْخَمْرَ فَاجْلِدُوْهُ .

✦✦ حضرت قبیصہ بن ذویب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو شخص شراب پیے' اسے کوڑے لگاؤ۔

اخرج الاوّل من كتاب الاشربة' والثانی من كتاب اختلاف الحديث .

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے پہلی روایت کتاب ''الاشربہ'' میں نقل کی ہے اور دوسری روایت کتاب اختلاف حدیث میں نقل کی ہے۔

باب مقدار الحد

باب 4: ''حد'' کی مقدار

1562 - اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَزْهَرَ، قَالَ : رَاَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَامَ حُنَيْنٍ سَاَلَ عَنْ رَحْلِ خَالِدِ بْنِ الْوَلِيْدِ، فَجَرِيْتُ بَيْنَ يَدَيْهِ اَسْاَلُ عَنْ رَحْلِ خَالِدِ بْنِ الْوَلِيْدِ حَتّٰى اَتَاهُ جَرِيحًا، وَاُتِيَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِشَارِبٍ، فَقَالَ : اضْرِبُوْهُ، فَضَرَبُوْهُ بِالْاَيْدِى وَالنِّعَالِ وَاَطْرَافِ الثِّيَابِ وَحَثَوْا عَلَيْهِ مِنَ التُّرَابِ، ثُمَّ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : بَكِّتُوهُ، فَبَكَّتُوهُ، ثُمَّ اَرْسَلَهُ، قَالَ : فَلَمَّا كَانَ اَبُوْ بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ سَاَلَ : مَنْ حَضَرَ ذٰلِكَ الْمَضْرُوْبَ؟ فَقَوَّمَهُ اَرْبَعِيْنَ، فَضَرَبَ اَبُوْ بَكْرٍ فِي الْخَمْرِ اَرْبَعِيْنَ حَيَاتَهُ، ثُمَّ عُمَرُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ حَتّٰى تَتَابَعَ النَّاسُ فِيْ شُرْبِ الْخَمْرِ، فَاسْتَشَارَ فَضَرَبَهُ ثَمَانِيْنَ

حدیث نمبر **1562**:

حمیدی' امام ابوبکر عبداللہ بن زبیر' ''المسند'' عالم الکتب' بیروت' مکتبۃ المتنبی' قاہرہ' مصر	897
کوفی' امام ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ' ''المصنف'' المطبعۃ العزیزیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' 1386ھ	28401
شیبانی' امام احمد بن محمد بن حنبل' ''المسند'' المطبعۃ المیمنیہ' مصر	88/4
سجستانی' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث' ''السنن''، دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان	4487
نسائی' امام احمد بن شعیب' ''السنن الکبریٰ'' تحقیق: سلیمان بنداری' سید کسروی' دار الکتب العلمیہ' 1991ء	5281
دارقطنی' امام علی بن عمر' ''السنن'' مکتبۃ المتنبی' قاہرہ' مصر	157/3
نیشاپوری' امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم' ''المستدرک'' مکتبۃ المطبوعات الاسلامیہ' حلب' طبع بیروت	374/4
بیہقی' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی' ''السنن الکبریٰ'' دائرۃ المعارف النظامیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' 1344ھ	31/8
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام'' دار المعرفۃ' بیروت' لبنان	180/6

✧✧ حضرت عبدالرحمن بن زہر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' غزوۂ حنین کے دن میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا' آپ حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ کے خیمے کے بارے میں دریافت کر رہے تھے۔ میں آپ کے ساتھ چلتا ہوا حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ کے خیمے کے بارے میں دریافت کرتا ہوا آیا' میں ان کے پاس آیا تو وہ اس وقت زخمی حالت میں تھے۔ پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں ایک شخص لایا گیا جس نے شراب پی ہوئی تھی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس کی پٹائی کرو! لوگوں نے ہاتھوں کے ذریعے کپڑوں کے کناروں کے ذریعے پٹائی کی اس پہ مٹی پھینکی پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اس کی پٹائی کرو۔ پھر آپ نے اسے چھوڑ دیا۔

راوی بیان کرتے ہیں' جب حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کا زمانۂ خلافت آیا تو انہوں نے ان حضرات کے بارے میں دریافت کیا جو اس شخص کی پٹائی کے موقع پر موجود تھے تمام حضرات نے چالیس کوڑوں کی سزا' اس پٹائی کے برابر تجویز کی تو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے شراب پینے کی وجہ سے اپنی زندگی میں چالیس کوڑے لگوائے پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے بھی چالیس کوڑے لگوائے یہاں تک کہ شراب پینے کے کیس زیادہ آنے لگے تو انہوں نے مشورہ کیا اور شراب کی سزا ''اسی'' کوڑے کر دی گئی۔

1563 - اَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ ثَوْرِ بْنِ زَيْدِ الدِّيلِيِّ، اَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اسْتَشَارَ فِي الْخَمْرِ يَشْرَبُهَا الرَّجُلُ فَقَالَ عَلِيُّ بْنُ اَبِي طَالِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ نَرٰى اَنْ يُجْلَدَه ثَمَانِيْنَ فَاِنَّهُ اِذَا شَرِبَ سَكِرَ وَاِذَا سَكِرَ هَذٰى وَاِذَا هَذٰى افْتَرٰى اَوْ كَمَا قَالَ فَجَلَدَهُ عُمَرُ ثَمَانِيْنَ فِي الْخَمْرِ .

✧✧ سور بن زید بیان کرتے ہیں' حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے شراب کی سزا کے بارے میں مشورہ کیا حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ نے یہ فرمایا: ہمارا یہ خیال ہے کہ اس میں ''اسی'' کوڑے لگوائے جائیں کیونکہ اگر وہ شراب پیئے گا تو نشے میں آ جائے گا اور اگر نشے میں آ گیا تو ہذیان بکے گا تو جب ہذیان بکے گا تو جھوٹا الزام لگائے گا' یا اسی طرح کی کوئی بات کی تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے شراب پینے کی سزا ''اسی'' کوڑے کر دی۔

اخرج الحديثين من كتاب الاشربة .

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ یہ دونوں روایات کتاب الاشربہ'' میں نقل کی ہیں۔

باب الجلد وبسواط له طرفان

باب 5: کوڑے' یا ایسی سوٹی کے ذریعے سزا دینا' جس کے دو کنارے ہوں

1564 - حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ، عَنْ اَبِي جَعْفَرٍ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيٍّ، اَنَّ عَلِيَّ بْنَ اَبِي

حدیث نمبر **1563**:

اصبحی' ابوعبداللہ مالک بن انس' ''الموطا'' بروایۃ امام محمد بن حسن شیبانی (موطا امام محمد) تحقیق: عبدالوہاب عبداللطیف' المکتبۃ العلمیہ	710
اصبحی' ابوعبداللہ مالک بن انس' ''الموطا'' بروایۃ یحییٰ بن یحییٰ اندلسی' تحقیق: بشار عواد معروف' دار الغرب الاسلامی' بیروت' لبنان (طبع اول) 1996ء	2442
صنعانی' امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام' ''المصنف'' تحقیق: عبدالرحمن اعظمی' دار القلم' بیروت' 1970ء	13542
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام'' دار المعرفۃ' بیروت' لبنان	100/6
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام'' تحقیق: رفعت فوزی' دار الوفاء' طبع اول' 2001ء	440/7

طَالِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ جَلَدَ الْوَلِيْدَ بِسَوْطٍ لَهُ طَرَفَانِ .

امام محمد باقر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' حضرت علی بن طالب رضی اللہ عنہ نے ایک شخص کو ایسی سوٹی کے ذریعے سزا دلوائی تھی جس کے دو کنارے تھے۔

اخرجه من كتاب الاشربة .

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے اس روایت کو"کتاب الاشربۃ" میں بیان کیا ہے۔

باب الحد في ريح الشراب المسكر

باب 6: نشہ آور شراب کی بو پر سزا دینا

1565 - اَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنِ السَّائِبِ بْنِ يَزِيْدَ اَنَّهُ اَخْبَرَهُ، اَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ خَرَجَ عَلَيْهِمْ فَقَالَ اِنِّيْ وَجَدْتُ مَعَ فُلَانٍ رِيْحَ شَرَابٍ فَزَعَمَ اَنَّهُ شَرِبَ الطِّلَاءَ وَاَنَا سَائِلٌ عَمَّا شَرِبَ فَاِنْ كَانَ مُسْكِرًا جَلَدْتُهُ فَجَلَدَهُ عُمَرُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ الْحَدَّ تَامًّا

✦✦ سائب بن یزید بیان کرتے ہیں' حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ لوگوں کے پاس تشریف لائے اور فرمایا: فلاں شخص سے شراب کی بو آرہی ہے وہ یہ کہتا ہے' اس نے طلاء پیا ہے' میں اس کے مشروب کے بارے میں تحقیق کرنا چاہتا ہوں اگر وہ نشہ آور ہوا تو میں اسے کوڑے لگواؤں گا۔

راوی کہتے ہیں: حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اسے مکمل حد کے طور پر کوڑے لگوائے تھے۔

1566 - اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنِ السَّائِبِ بْنِ يَزِيْدَ اَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ خَرَجَ

حدیث نمبر **1564**

صنعانی' امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام' "المصنف" تحقیق حبیب الرحمن اعظمی' دارالقلم' بیروت' 1970ء — **13544**

نسائی' امام احمد بن شعیب' "المجتبی من السنن" دارالحدیث' قاہرہ' مصر 1407ھ-1987ء — **2321/8**

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام" دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان — **191/6**

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام" تحقیق رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اول 2001ء — **448/7**

حدیث نمبر **1565**

اصبحی' ابوعبداللہ مالک بن انس' "الموطا" بروایۃ یحیی بن یحیی اندلسی' تحقیق بشار عواد معروف' دارالغرب الاسلامی' بیروت' لبنان (طبع اول) 1996ء — **709**

اصبحی' ابوعبداللہ مالک بن انس' "الموطا" بروایۃ یحیی بن یحیی اندلسی' تحقیق بشار عواد معروف' دارالغرب الاسلامی' بیروت' لبنان (طبع اول) 1996ء — **2441**

نسائی' امام احمد بن شعیب' "المجتبی من السنن" دارالحدیث' قاہرہ' مصر 1407ھ-1987ء — **326/8**

نسائی' امام احمد بن شعیب' "السنن الکبری" تحقیق سلیمان بنداری' سید کسروی' دارالکتب العلمیہ' 1991ء — **5217**

طحاوی' امام ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامۃ' "شرح معانی الآثار" تحقیق محمد جاد الحق' مطبعۃ الانوار المحمدیہ' مصر — **222/4**

دارقطنی' امام علی بن عمر' "السنن" مکتبۃ المتنبی' قاہرہ' مصر — **248/4**

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام" دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان — **144/6**

فَصَلّٰی عَلٰی جَنَازَةٍ فَسَمِعَهُ السَّائِبُ يَقُوْلُ اِنِّیْ وَجَدْتُّ مَعَ عُبَيْدِ اللّٰهِ وَاَصْحَابِهٖ رِيْحَ الشَّرَابِ وَاَنَا سَائِلٌ عَمَّا شَرِبُوْا فَاِنْ كَانَ مُسْكِرًا حَدَدْتُّهُمْ ۔

قَالَ : قَالَ سُفْيَانُ : فَاَخْبَرَنِیْ مَعْمَرٌ ' عَنِ الزُّهْرِیِّ ' عَنِ السَّائِبِ بْنِ يَزِيْدَ : اَنَّهٗ حَضَرَهٗ يَحُدُّهُمْ ۔

✧✧ سائب بن یزید بیان کرتے ہیں' حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ تشریف لائے انہوں نے نماز جنازہ پڑھائی پھر سائب نے انہیں یہ کہتے ہوئے سنا: مجھے عبیداللہ اوراس کے ساتھیوں سے شراب کی بوآئی تھی' میں اس بات کی تصدیق کروں گا کہ انہوں نے کیا پیا ہے؟ اگر وہ نشہ آور چیز ہوئی تو میں ان پر ''حد'' جاری کروں گا۔

سفیان نامی راوی بیان کرتے ہیں' معمر نے زہری کے حوالے سے سائب بن یزید کی یہ بات بیان کی ہے: سائب بھی وہاں موجود تھے جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ان پہ ''حد'' جاری کروائی تھی۔

1567 - اَخْبَرَنَا مُسْلِمُ بْنُ خَالِدٍ الزَّنْجِیُّ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ قَالَ : قُلْتُ لِعَطَاءٍ : اَيُجْلَدُ فِیْ رِيْحِ الشَّرَابِ؟ فَقَالَ عَطَاءٌ : اِنَّ الرِّيْحَ لَتَكُوْنُ مِنَ الشَّرَابِ الَّذِیْ لَيْسَ فِيْهِ بَاْسٌ فَاِذَا اجْتَمَعُوْا جَمِيْعًا عَلٰی شَرَابٍ وَّاحِدٍ فَسَكِرَ اَحَدُهُمْ جُلِدُوْا جَمِيْعًا الْحَدَّ تَامًّا ۔

قَالَ الشَّافِعِیُّ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ : وَقَوْلُ عَطَاءٍ مِثْلُ قَوْلِ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ لَا يُخَالِفُهٗ ۔

✧✧ ابن جریج بیان کرتے ہیں' میں نے عطاء سے دریافت کیا' کیا شراب کی بو کی وجہ سے کوڑے لگائے جائیں گے؟ تو عطاء نے جواب دیا: بعض اوقات ''بو'' اس شراب کی ہوتی ہے جسے پینے میں حرج ہے۔ اگر سب لوگ ایک ہی طرح کی شراب پی رہے ہوں تو ان میں سے کسی ایک کو نشہ ہو جائے تو تمام لوگوں پر مکمل حد جاری کی جائے گی۔

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ بیان کرتے ہیں' عطاء کا قول حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کی رائے کی مانند ہے' اس کے مخالف نہیں ہے۔

1568 - اَخْبَرَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ اَبِیْ يَحْيٰی، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ اَبِيْهِ، اَنَّ عَلِیَّ بْنَ اَبِیْ طَالِبٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ : لَا اُوْتٰی بِاَحَدٍ شَرِبَ خَمْرًا وَّلَا نَبِيْذًا مُسْكِرًا اِلَّا جَلَدْتُّهُ الْحَدَّ ۔

✧✧ امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ اپنے والد (امام محمد الباقر رضی اللہ عنہ) کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ نے یہ بات ارشاد فرمائی: میرے پاس جو بھی ایسا شخص لایا جائے جس نے شراب پی ہو یا نشہ آور نبیذ پی ہو تو میں اس پر حد جاری کروں گا۔

اخرج الاربعة الاحادیث من کتاب الاشربة ۔

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے یہ چاروں روایات کتاب الاشربہ میں نقل کی ہیں۔

حدیث نمبر **1567**:

صنعانی' امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام' ''المصنف''، تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی' دارالقلم' بیروت' 1970ء — 17307

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام'' دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان — 190/6

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام''، تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اوّل' 2001ء — 446/7

باب حد الزنا

باب 7: زنا کی حد

1569 - اَخْبَرَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ، عَنْ يُونُسَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ عُبَادَةَ يَعْنِي ابْنَ الصَّامِتِ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ : خُذُوْا عَنِّي، خُذُوْا عَنِّي، قَدْ جَعَلَ اللّٰهُ لَهُنَّ سَبِيْلا، الْبِكْرُ بِالْبِكْرِ جَلْدُ مِئَةٍ وَّتَغْرِيْبُ عَامٍ، وَالثَّيِّبُ بِالثَّيِّبِ جَلْدُ مِئَةٍ وَّالرَّجْمُ،

✦✦ حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم نے ارشاد فرمایا: مجھ سے (شرعی احکام) حاصل کرلو مجھ سے (شرعی احکام) حاصل کرلو! اللہ تعالیٰ نے ان عورتوں کے لئے حکم جاری کر دیا ہے' زنا کرنے والے کنوارے مرد اور کنواری عورت کو ایک سو کوڑے لگائے جائیں اور ایک سال کے لئے جلاوطن کیا جائے گا۔ (زنا) کرنے والے شادی شدہ مرد اور شادی شدہ عورت کوڑے لگائے جائیں گے اور سنگسار کیا جائے گا۔

1570 - وَقَدْ حَدَّثَنِي الثِّقَةُ، اَنَّ الْحَسَنَ كَانَ يُدْخِلُ بَيْنَهُ وَبَيْنَ عُبَادَةَ حِطَّانَ الرَّقَاشِيَّ، فَلا اَدْرِيْ اَدْخَلَهُ عَبْدُ الْوَهَّابِ بَيْنَهُمَا، فَتُرِكَ مِنْ كِتَابِيْ حِيْنَ حُوِّلْتُ وَهُوَ فِي الْاَصْلِ اَوْ لا، وَالْاَصْلُ يَوْمَ كَتَبْتُ هٰذَا الْكِتَابَ غَائِبٌ عَنِّي .

✦✦ امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ بیان کرتے ہیں' ایک ثقہ راوی نے مجھے یہ حدیث بیان کی ہے جس میں حسن نامی راوی نے اپنے اور حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ کے درمیان حطان رقاشی نامی راوی کا اضافہ کیا ہے' مجھے یہ نہیں معلوم کہ یہ عبدالوہاب نامی راوی نے

حدیث نمبر **1569**:

طیالسی' امام ابوداؤد سلیمان بن داؤد' "المسند" دارالمعرفۃ' بیروت لبنان — 584

سجستانی' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث' "السنن"، داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان — 4417

حدیث نمبر **1570**:

حمیدی' امام ابوبکر عبداللہ بن زبیر' "المسند" عالم الکتب' بیروت' مکتبۃ المتنبی' قاہرہ' مصر — 584

صنعانی' امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام' "المصنف" تحقیق: عبدالرحمن اعظمی' دارالقلم' بیروت' **1970**ء — 13360

کوفی' امام ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ' "المصنف" المطبعۃ العزیزیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' **1386**ھ — 3611

شیبانی' امام احمد بن محمد بن حنبل' "المسند" المطبعۃ المیمنیہ' مصر — 313/5

دارمی' امام ابومحمد عبداللہ بن عبدالرحمن' "السنن" تحقیق: عبداللہ ہاشم یمانی' دارالمحاسن' قاہرہ' **1966**ء — 2332

سجستانی' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث' "السنن"، داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان — 4415

ترمذی' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ' "الجامع الکبیر" تحقیق: ڈاکٹر بشار عواد معروف' دارالغرب الاسلامی' بیروت **1998**ء — 1434

نسائی' امام احمد بن شعیب' "السنن الکبریٰ" تحقیق: سلیمان بنداری' سید کسروی' دارالکتب العلمیہ' **1991**ء — 7142

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام" دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان — 83/7

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام" تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اوّل **2001**ء — 205/10

شامل کیا ہے یا نہیں کیا ہے؟ کیونکہ میں نے جب اپنی تحریر کو دوسری جگہ منتقل کیا تھا تو اس دوران یہ بات مجھ سے رہ گئی تھی اب یہ یاد نہیں ہے کہ وہ اصل میں تھی یا نہیں تھی؟ جن دنوں میں نے تحریر کو لکھا ہے اس وقت اصل میرے پاس موجود نہیں تھی۔

1571 - اَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّهُ قَالَ سَمِعْتُ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ يَقُوْلُ: اَلرَّجْمُ فِيْ كِتَابِ اللّٰهِ حَقٌّ عَلٰى كُلِّ مَنْ زَنٰى اِذَا اَحْصَنَ مِنَ الرِّجَالِ وَالنِّسَآءِ اِذَا قَامَتْ عَلَيْهِ الْبَيِّنَةُ اَوْ كَانَ الْحَبَلُ وَالْاِعْتِرَافُ .

✧✧ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: میں نے حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کو یہ بیان کرتے ہوئے سنا ہے: ''رجم'' کا حکم اللہ تعالیٰ کی کتاب میں ہے اور ''حق'' ہے اس شخص کے لئے جو ''محصن'' ہونے کے باوجود زنا کے ارتکاب کرے خواہ وہ مرد ہو یا عورت ہو یا یہ بات ثبوت کے ذریعے ثابت ہو جائے یا عورت (حاملہ) ہو جائے یا مجرم اعتراف کر لے

1572 - اَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ، اَنَّهُ سَمِعَ سَعِيْدَ بْنَ الْمُسَيَّبِ، يَقُوْلُ: قَالَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: اِيَّاكُمْ اَنْ تَهْلِكُوْا عَنْ اٰيَةِ الرَّجْمِ اَنْ يَقُوْلَ قَائِلٌ: لَا نَجِدُ حَدَّيْنِ فِيْ كِتَابِ اللّٰهِ، فَقَدْ رَجَمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَرَجَمْنَا، فَوَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهِ لَوْلَا اَنْ يَقُوْلَ النَّاسُ زَادَ عُمَرُ فِيْ كِتَابِ اللّٰهِ لَكَتَبْتُهَا: اَلشَّيْخُ وَالشَّيْخَةُ اِذَا زَنَيَا فَارْجُمُوْهُمَا الْبَتَّةَ، فَاِنَّا قَدْ قَرَاْنَاهَا

حدیث نمبر **1571**:

اصبحی ابوعبداللہ مالک بن انس "الموطا" بروایۃ امام محمد بن حسن شیبانی (موطا امام محمد) تحقیق: عبدالوہاب عبداللطیف المکتبۃ العلمیہ **692**

اصبحی ابوعبداللہ مالک بن انس "الموطا" بروایۃ یحییٰ بن یحییٰ اندلسی تحقیق: بشار عواد معروف دار الغرب الاسلامی بیروت لبنان (طبع اول) **1996**ء **2381**

صنعانی امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام "المصنف" تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی دار القلم بیروت **1970**ء **9758**

کوفی امام ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ "المصنف" المطبعۃ العزیزیہ حیدر آباد دکن ہندوستان **1386**ھ **28767**

شیبانی امام احمد بن محمد بن حنبل "المسند" المطبعۃ المیمنیہ مصر **40/1**

دارمی امام ابومحمد عبداللہ بن عبدالرحمٰن "السنن" تحقیق: عبداللہ ہاشم یمانی دار المحاسن قاہرہ **1966**ء **2327**

بخاری امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل "الجامع الصحیح" (رقم الحدیث من فتح الباری) **6829**

نیشاپوری امام مسلم بن حجاج "الجامع الصحیح" تحقیق و ترقیم فؤاد عبدالباقی دار الحدیث قاہرہ مصر **6191**

سجستانی امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث "السنن" دار احیاء التراث العربی بیروت لبنان **4418**

قزوینی امام محمد بن یزید ابن ماجہ "السنن" تحقیق: بشار عواد معروف دار الجیل بیروت **1998**ء **2553**

ترمذی امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ "الجامع الکبیر" تحقیق: ڈاکٹر بشار عواد معروف دار الغرب الاسلامی بیروت **1998**ء **1432**

نسائی امام احمد بن شعیب "السنن الکبریٰ" تحقیق: سلیمان بنداری سید کسروی دار الکتب العلمیہ **1991**ء **7156**

موصلی امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ "المسند" تحقیق: حسین سلیم اسد دار المامون للتراث طبع اول **1987**ء **151**

تمیمی امام ابوحاتم محمد بن حبان "صحیح ابن حبان" دار الفکر بیروت طبع اول **1996**ء **415**

بیہقی امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی "السنن الکبریٰ" دائرۃ المعارف النظامیہ حیدر آباد دکن ہندوستان **1344**ھ **211/8**

شافعی امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس "الام" دار المعرفۃ بیروت لبنان **164/6**

شافعی امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس "الام" تحقیق: رفعت فوزی دار الوفاء طبع اول **2001**ء **203/10**

✦✦ سعید بن مسیب بیان کرتے ہیں' حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں'' رجم'' سے متعلق آیت کے بارے میں ہلاکت سے بچنا اور کوئی شخص یہ نہ کہے: ہمیں ان دونوں طرح کی ''حد'' کا حکم اللہ تعالیٰ کی کتاب میں نہیں ملتا' کیونکہ نبی اکرم ﷺ نے سنگسار کروایا ہے اور ہم نے سنگسار کیا ہے اور اس ذات کی قسم! جس کے دستِ قدرت میں' میری جان ہے' اگر اس بات کا اندیشہ نہ ہوتا کہ لوگ کہیں گے ''عمر'' نے اللہ تعالیٰ کی کتاب میں اضافہ کیا تو میں اس کو تحریر کرواتا۔

''پختہ عمر کا مرد اور پختہ عمر کی عورت (شادی شدہ) انہیں ضرور سنگسار کرو''۔

حضرت عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ہم نے یہ تلاوت کی ہوئی ہے۔

1573 - اَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ، وَزَيْدِ بْنِ خَالِدٍ وَّزَادَ سُفْيَانُ، وَشِبْلٌ، اَنَّ رَجُلاً ذَكَرَ اَنَّ ابْنَهُ زَنٰى بِامْرَاَةِ رَجُلٍ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : لَاَقْضِيَنَّ بَيْنَكُمَا بِكِتَابِ اللّٰهِ، فَجَلَدَ ابْنَهُ مِئَةً وَّغَرَّبَهُ عَامًا، وَاَمَرَ اُنَيْسًا الْاَسْلَمِيَّ اَنْ يَّغْدُوَ عَلٰى امْرَاَةِ الْاٰخَرِ فَاِنِ اعْتَرَفَتْ فَارْجُمْهَا، فَاعْتَرَفَتْ فَرَجَمَهَا .

✦✦ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ اور حضرت زید بن خالد رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' (سفیان نامی راوی نے ایک اور راوی کا تذکرہ کیا ہے) ایک شخص نے اس بات کا تذکرہ کیا' اس کے بیٹے نے فلاں شخص کی بیوی کے ساتھ زنا کا ارتکاب کیا ہے' تو نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: میں تم دونوں کے درمیان اللہ تعالیٰ کی کتاب کے مطابق فیصلہ کروں گا اور پھر آپ نے اس شخص کے بیٹے کو ایک سو

حدیث نمبر 1572:

اصحی' ابوعبداللہ مالک بن انس' ''الموطا'' بروایۃ امام محمد بن حسن شیبانی (موطا امام محمد) تحقیق: عبدالوہاب عبداللطیف' المکتبۃ العلمیہ	693
اصحی' ابوعبداللہ مالک بن انس' ''الموطا'' بروایۃ یحیٰی بن یحیٰی اندلسی' تحقیق: بشار عواد معروف' دار الغرب الاسلامی' بیروت' لبنان (طبع اول) 1996ء	2383
کوفی' امام ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ' ''المصنف'' المطبعۃ العزیزیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' 1386ھ	28779
شیبانی' امام احمد بن محمد بن حنبل' ''المسند'' المطبعۃ المیمنیہ' مصر	36/1
ترمذی' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ' ''الجامع الکبیر'' تحقیق: ڈاکٹر بشار عواد معروف' دار الغرب الاسلامی' بیروت 1996ء	1431

حدیث نمبر 1573:

اصحی' ابوعبداللہ مالک بن انس' ''الموطا'' بروایۃ امام محمد بن حسن شیبانی (موطا امام محمد) تحقیق: عبدالوہاب عبداللطیف' المکتبۃ العلمیہ	695
اصحی' ابوعبداللہ مالک بن انس' ''الموطا'' بروایۃ یحیٰی بن یحیٰی اندلسی' تحقیق: بشار عواد معروف' دار الغرب الاسلامی' بیروت' لبنان (طبع اول) 1996ء	2379
جستانی' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث' ''السنن''، دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان	4445
ترمذی' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ' ''الجامع الکبیر'' تحقیق: ڈاکٹر بشار عواد معروف' دار الغرب الاسلامی' بیروت 1996ء	1433
نسائی' امام احمد بن شعیب' ''المجتبیٰ من السنن'' دار الحدیث' قاہرہ' مصر 1407ھ-1987ء	240/8
نسائی' امام احمد بن شعیب' ''السنن الکبریٰ'' تحقیق: سلیمان بنداری' سید کسروی' دار الکتب العلمیہ 1991ء	5971
طحاوی' امام ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ' ''شرح معانی الآثار'' تحقیق: محمد جاد الحق' مطبعۃ الانوار المحمدیہ' مصر	135/3
طبرانی' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب' ''المعجم الکبیر'' تحقیق: حمدی عبدالمجید سلفی' مطبعۃ الزہراء الحدیثۃ' موصل' عراق (طبع ثانی)	5190
بیہقی' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی' ''السنن الکبریٰ'' دائرۃ المعارف النظامیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' 1344ھ	212/8

کوڑے لگوائے اور ایک سال کے لئے اسے جلاوطن کروا دیا۔ پھر آپ نے حضرت انیس رضی اللہ عنہ کو یہ حکم دیا: وہ اس عورت کے پاس جائیں! اگر وہ اقرار کرے تو اسے سنگسار کروا دیں۔

(راوی) بیان کرتے ہیں: اس عورت نے اعتراف کرلیا تو انہوں نے اسے سنگسار کروا دیا۔

1574 - اَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، وَعَنْ زَيْدِ بْنِ خَالِدٍ الْجُهَنِيِّ، اَنَّهُمَا اَخْبَرَاهُ، اَنَّ رَجُلَيْنِ اخْتَصَمَا اِلَى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ اَحَدُهُمَا: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اقْضِ بَيْنَنَا بِكِتَابِ اللّٰهِ، وَقَالَ الْاٰخَرُ وَهُوَ اَفْقَهُهُمَا: اَجَلْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، فَاقْضِ بَيْنَنَا بِكِتَابِ اللّٰهِ، وَائْذَنْ لِيْ فِيْ اَنْ اَتَكَلَّمَ، قَالَ: تَكَلَّمْ، قَالَ: اِنَّ ابْنِيْ كَانَ عَسِيفًا عَلٰى هٰذَا فَزَنٰى بِامْرَاَتِهِ، فَاُخْبِرْتُ اَنَّ عَلٰى ابْنِي الرَّجْمَ، فَافْتَدَيْتُ مِنْهُ بِمِائَةِ شَاةٍ وَّبِجَارِيَةٍ لِيْ، ثُمَّ اِنِّيْ سَاَلْتُ اَهْلَ الْعِلْمِ فَاَخْبَرُوْنِيْ اَنَّ عَلٰى ابْنِيْ جَلْدَ مِئَةٍ وَّتَغْرِيْبَ عَامٍ، وَاِنَّمَا الرَّجْمُ عَلَى امْرَاَتِهِ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهِ، لَاَقْضِيَنَّ بَيْنَكُمَا بِكِتَابِ اللّٰهِ، اَمَّا غَنَمُكَ وَجَارِيَتُكَ فَرَدٌّ اِلَيْكَ وَجَلَدَ ابْنَهٗ مِئَةً وَّغَرَّبَهٗ عَامًا، وَاَمَرَ اُنَيْسًا الْاَسْلَمِيَّ اَنْ يَّاْتِيَ امْرَاَةَ الْاٰخَرِ فَاِنِ اعْتَرَفَتْ فَارْجُمْهَا، فَاعْتَرَفَتْ فَرَجَمَهَا

✦✦ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ اور حضرت زید بن خالد جہنی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' دو آدمی اپنا مقدمہ لے کر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے ایک نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم آپ ہمارے درمیان اللہ تعالیٰ کی کتاب کے مطابق فیصلہ کیجئے دوسرا بولا: وہ ان دونوں میں زیادہ سمجھدار تھا' یارسول اللہ آپ ہم دونوں کے درمیان اللہ تعالیٰ کی کتاب کے مطابق فیصلہ کیجئے لیکن مجھے آپ کچھ عرض کرنے کی اجازت دیجئے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بولو! وہ بولا: میرا بیٹا اس شخص کے ہاں ملازم تھا اور اس نے اس کی بیوی کے ساتھ زنا کرلیا ہے' مجھے یہ پتہ چلا: میرے بیٹے کو سنگسار کیا جائے گا تو میں نے ایک سو بکریاں اور اپنی ایک کنیز فدیے کے طور پر دے دی' میں نے جب اس بارے میں دریافت کیا تو انہوں نے بتایا: میرے بیٹے کو سو کوڑے لگیں گے اور ایک سال کے لئے جلاوطن کر دیا جائے گا اور سنگسار اس کی بیوی کو کیا جائے گا۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اس ذات کی قسم! جس کے دست قدرت میں میری جان ہے! میں تم دونوں کے درمیان اللہ کی کتاب کے مطابق فیصلہ کروں گا۔ جہاں تک تمہاری بکریوں اور کنیز کا تعلق ہے تو وہ تمہیں واپس مل جائیں گی۔

(راوی بیان کرتے ہیں) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس شخص کے بیٹے کو ایک سو کوڑے لگوائے اور ایک سال کے لئے جلاوطن کروا دیا۔

پھر آپ نے حضرت انیس اسلمی رضی اللہ عنہ کو یہ ہدایت کی وہ دوسرے شخص کی بیوی کے پاس جائیں اگر وہ اعتراف کرے تو اسے سنگسار کروا دیں' اس عورت نے اعتراف کرلیا تو انہوں نے اسے سنگسار کروا دیا۔

1575 - اَخْبَرَنَا مَالِكُ بْنُ اَنَسٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُمَا، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجَمَ يَهُوْدِيَّيْنِ زَنَيَا .

✦✦ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دو یہودیوں کو سنگسار کروا دیا تھا جنہوں نے ''زنا'' کا

ارتکاب کیا تھا۔

1576 - اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ، كلاهما عَنْ اَبِىْ اُمَامَةَ بْنِ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ، اَنَّ رَجُلاً، قَالَ اَحَدُهُمَا : اَحْبَنَ، وَقَالَ الْاٰخَرُ : مُقْعَدًا، كَانَ عِنْدَ جِدَارِ سَعْدٍ فَاَصَابَ امْرَاَةً حَبَلٌ فَرُمِيَتْ بِه، فَسُئِلَ فَاعْتَرَفَ، فَاَمَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِه قَالَ اَحَدُهُمَا : فَجُلِدَ بِاَثْكَالِ النَّخْلِ، وَقَالَ الْاٰخَرُ : بِاَثْكُوْلِ النَّخْلِ.

✦✦ حضرت ابوامامہ بن سہل بن حنیف رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' ایک شخص تھا۔ (یہاں پر ایک راوی نے یہ بات نقل کی ہے جس کا پیٹ بڑا تھا اور دوسرے راوی نے یہ بات بیان کی ہے' اس کی سرین بڑی تھی) وہ حضرت سعد رضی اللہ عنہ کے پڑوس میں رہتا تھا اسی دوران اس نے ایک حاملہ عورت کے ساتھ زنا کرلیا۔ اس پر اس کا الزام لگایا گیا جب اس سے تفتیش کی گئی تو اس نے اعتراف کرلیا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے بارے میں حکم دیا (یہاں پر ایک راوی نے یہ بات نقل کی ہے) اس شخص کو کھجور کی شاخوں کے ذریعے سزا دی گئی اور دوسرے راوی نے لفظ ('' اثکال '' کی جگہ لفظ '' اثکول '') نقل کیا ہے۔

1577 - اَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّهُ قَالَ سَمِعْتُ عُمَرَ

حدیث نمبر **1575**

اصبحی 'ابوعبداللہ مالک بن انس'' الموطا'' بروایۃ امام محمد بن حسن شیبانی (موطاامام محمد) تحقیق :عبدالوہاب عبداللطیف' المکتبۃ العلمیہ	694
اصبحی 'ابوعبداللہ مالک بن انس'' الموطا'' بروایۃ یحیی بن یحیی اندلسی' تحقیق :بشار عواد معروف' دارالغرب الاسلامی' بیروت' لبنان (طبع اول)1996ء	2374
طیالسی' امام ابوداؤد سلیمان بن داؤد'' المسند'' دارالمعرفۃ' بیروت لبنان	1856
صنعانی' امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام'' المصنف'' تحقیق :عبدالرحمن اعظمی' دارالقلم' بیروت' 1970ء	13331
حمیدی' امام ابوبکر عبداللہ بن زبیر'' المسند'' عالم الکتب' بیروت' مکتبۃ المتنبی' قاہرہ مصر	696
نسائی' امام احمد بن شعیب'' السنن الکبری'' تحقیق :سلیمان بنداری' سید کسروی' دارالکتب العلمیہ' 1991ء	1329
دارمی' امام ابومحمد عبداللہ بن عبدالرحمن'' السنن'' تحقیق :عبداللہ ہاشم یمانی' دارالمحاسن' قاہرہ' 1966ء	2326
موصلی' امام ابویعلی احمد بن علی بن مثنی'' المسند'' تحقیق :حسین سلیم اسد' دارالمامون للتراث' طبع اول 1987ء	1699
قزوینی' امام محمد بن یزید ابن ماجہ'' السنن'' تحقیق :بشار عواد معروف' دارالجیل' بیروت' 1998ء	2556
ترمذی' امام ابوعیسی محمد بن عیسی'' الجامع الکبیر'' تحقیق :ڈاکٹر بشار عواد معروف' دارالغرب الاسلامی' بیروت 1996ء	1436
طحاوی' امام ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ'' شرح مشکل الآثار'' تحقیق :شعیب ارناؤوط' موسسۃ الرسالۃ' بیروت' لبنان 1987ء	4542
طحاوی' امام ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ'' شرح معانی الآثار'' تحقیق :محمد جادالحق' مطبعۃ الانوار المحمدیہ' مصر	141/4
تمیمی' امام ابوحاتم محمد بن حبان'' صحیح ابن حبان'' دارالفکر' بیروت' طبع اول 1996ء	4441

حدیث نمبر **1576**

طبرانی' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب'' المعجم الکبیر'' تحقیق :احمدی عبدالمجید سلفی' مطبعۃ الزہراء الحدیثۃ' موصل' عراق (طبع ثانی)	5565
دارقطنی' امام علی بن عمر'' السنن'' مکتبۃ المتنبی' قاہرہ مصر	100/3
قزوینی' امام محمد بن یزید ابن ماجہ'' السنن'' تحقیق :بشار عواد معروف' دارالجیل' بیروت' 1998ء	2574
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس'' الام'' دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان	136/6
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس'' الام'' تحقیق :رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اول 2001ء	343/6

بْنَ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ يَقُوْلُ : الرَّجْمُ فِيْ كِتَابِ اللّٰهِ حَقٌّ عَلٰى كُلِّ مَنْ زَنٰى اِذَا اَحْصَنَ مِنَ الرِّجَالِ اَوِ النِّسَآءِ اِذَا قَامَتْ عَلَيْهِ الْبَيِّنَةُ اَوْ كَانَ الْحَبَلُ اَوِ الْاِعْتِرَافِ ۔

✦✦ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' میں نے حضرت عمر خطاب رضی اللہ عنہ کو یہ بیان کرتے ہوئے سنا ہے: "رجم" کا حکم اللہ تعالیٰ کی کتاب میں موجود ہے اور یہ "حق" ہے اس شخص کے لئے جو محصن مرد یا عورت کا ارتکاب کریں' جب یہ بات ثبوت کے ذریعے ثابت ہو جائے یا عورت حاملہ ہو جائے یا مجرم اعتراف کرے۔

1578 - اَخْبَرَنَا مَالِكٌ ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ يَسَارٍ ، عَنْ اَبِيْ وَاقِدِ اللَّيْثِيِّ ، اَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَتَاهُ رَجُلٌ وَهُوَ بِالشَّامِ فَذَكَرَ لَهُ اَنَّهُ وَجَدَ مَعَ امْرَاَتِهِ رَجُلًا فَبَعَثَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَبَا وَاقِدِ اللَّيْثِيِّ اِلَى امْرَاَتِهِ يَسْاَلُهَا عَنْ ذٰلِكَ فَاَتَاهَا وَعِنْدَهَا نِسْوَةٌ حَوْلَهَا فَذَكَرَ لَهَا الَّذِيْ قَالَ زَوْجُهَا لِعُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ وَاَخْبَرَهَا اَنَّهُ لَا تُؤْخَذُ بِقَوْلِهِ وَجَعَلَ يُلَقِّنُهَا اَشْبَاهَ ذٰلِكَ لِتَنْزِعَ فَاَبَتْ اَنْ تَنْزِعَ وَثَبَتَتْ عَلَى الْاِعْتِرَافِ فَاَمَرَ بِهَا عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهَا فَرُجِمَتْ

✦✦ حضرت ابو واقد لیثی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی خدمت میں ایک شخص حاضر ہوا وہ اس وقت شام میں موجود تھے' اس شخص نے ان کے سامنے اس بات کا تذکرہ کیا' اس نے اپنی بیوی کے ہمراہ ایک شخص کو پایا ہے' حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے ابو واقد لیثی کو اس شخص کی بیوی کے پاس بھیجا تا کہ اس سے اس بارے میں دریافت کریں۔ "ابو واقد" اس خاتون کے پاس آئے وہاں دیگر خواتین بھی موجود تھیں "ابو واقد" نے اس عورت کے سامنے اس بات کا تذکرہ کیا جو اس کے شوہر نے حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ سے کہی ہے اور اسے یہ بتایا: اس کے شوہر کے کہنے کی وجہ سے اس عورت کا پکڑا نہیں جائیگا" "ابو واقد" نے اس عورت کو اسی نوعیت کی تلقین جاری رکھی' تا کہ وہ (اس الزام سے) لاتعلقی ظاہر کرے لیکن اس عورت نے لاتعلقی ظاہر کرنے سے انکار کر دیا اور اپنے اعتراف پر ثابت رہی۔ تو حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کی ہدایت کے مطابق اسے سنگسار کر دیا گیا۔

1579 - اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ، حَدَّثَنِيْ عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ يَزِيْدَ، عَنْ اَبِيْهِ اَنَّ رَجُلًا تَزَوَّجَ امْرَاَةً وَلَهَا ابْنَةٌ مِنْ غَيْرِهِ

حدیث نمبر **1578**:

اصبحی' ابوعبداللہ مالک بن انس' "الموطا" بروایۃ یحیٰ بن یحیٰ اندلسی' تحقیق: بشار عواد معروف' دار الغرب الاسلامی' بیروت' لبنان (طبع اوّل) **1996ء** **2382**

طحاوی' امام ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ' "شرح معانی الآثار" تحقیق: محمد جاد الحق' مطبعۃ الانوار المحمدیہ' مصر **141/3**

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام" دار المعرفۃ' بیروت' لبنان **154/6**

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام" تحقیق: رفعت فوزی' دار الوفاء' طبع اوّل' **2001ء** **390/7**

حدیث نمبر **1579**:

صنعانی' امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام' "المصنف" تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی' دار القلم' بیروت' **1970ء** **21763**

کوفی' امام ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ' "المصنف" المطبعۃ العزیزیہ' حیدر آباد دکن' ہندوستان' **1386ء** **310/7/2**

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام" دار المعرفۃ' بیروت' لبنان **12/6**

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام" تحقیق: رفعت فوزی' دار الوفاء' طبع اوّل' **2001ء** **30/6**

وَلَهُ ابْنٌ مِنْ غَيْرِهَا فَفَجَرَ الْغُلَامُ بِالْجَارِيَةِ وَظَهَرَ بِهَا حَبَلٌ فَلَمَّا قَدِمَ عُمَرُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ مَكَّةَ فَرُفِعَ ذٰلِكَ اِلَيْهِ فَسَاَلَهُمَا فَاعْتَرَفَا فَجَلَدَهُمَا عُمَرُ الْحَدَّ وَحَرَصَ اَنْ يَجْمَعَ بَيْنَهُمَا فَاَبَى الْغُلَامُ ۔

✦✦ عبیداللہ بن ابویزید اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں' ایک شخص نے ایک عورت کے ساتھ شادی کر لی۔ اس عورت کی ایک بیٹی تھی' جو دوسرے شوہر سے تھی اور اس مرد کا ایک بیٹا تھا' جو دوسری بیوی سے تھا۔ اس لڑکے نے اس لڑکی کے ساتھ زنا کر لیا وہ لڑکی حاملہ ہوگئی۔ جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ مکہ مکرمہ تشریف لائے اور یہ معاملہ ان کی خدمت میں رکھا گیا تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ان دونوں سے تفتیش کی' ان دونوں نے اعتراف کیا تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ''حد'' کے طور پر انہیں کوڑے لگوائے حضرت عمر رضی اللہ عنہ یہ چاہتے تھے: وہ دونوں شادی کر لیں لیکن لڑکے نے انکار کر دیا۔

اخرج الخمسة الاحاديث من كتاب اختلاف الحديث ' والسادس والسابع من كتاب الرسالة ' والثامن من كتاب اليمين مع الشاهد ' والتاسع من كتاب الجنائز ' العاشر والحادى عشر من و كتاب القطع فى السرقة ' والثانى عشر من كتاب عشرة النساء .

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے پہلی پانچ روایات کتاب اختلاف الحدیث میں نقل کی ہیں چھٹی اور ساتویں روایت کتاب رسالہ میں نقل کی ہیں۔ آٹھویں روایت کتاب الیمین مع الشاہد میں نقل کی ہے نویں روایت کتاب جنائز میں نقل کی ہے۔ دسویں اور گیارہویں روایت کتاب قطع فی السرقہ میں نقل کی ہیں اور بارہویں روایت کتاب عسترۃ النساء میں نقل کی ہے۔

باب جلد الامة الحد اذا زنت

باب 8: جب کنیز زنا کا ارتکاب کرے تو ''حد'' کے طور پر اسے کوڑے لگوانا

1580 - اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ، عَنْ اَيُّوْبَ بْنِ مُوْسٰى، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ اَبِىْ سَعِيْدٍ، عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ، اَنَّ النَّبِىَّ صَلَّى

حدیث نمبر **1580**:

صنعانی' امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام' ''المصنف'' 'تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی' دارالقلم' بیروت' 1970ء	13597
کوفی' امام ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ' ''المصنف'' ''المطبعۃ العزیزیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' 1386ھ	280
شیبانی' امام احمد بن محمد بن حنبل' ''المسند'' ''المطبعۃ المیمنیہ' مصر	269/2
بخاری' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل' ''الجامع الصحیح'' (رقم الحدیث من فتح الباری)	2152
نیشاپوری' امام مسلم بن حجاج' ''الجامع الصحیح'' 'تحقیق و ترقیم فؤاد عبدالباقی' دارالحدیث' قاہرہ' مصر	1703
سجستانی' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث' ''السنن''، دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان	4470
ترمذی' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ' ''الجامع الکبیر'' 'تحقیق: ڈاکٹر بشار عواد معروف' دارالغرب الاسلامی' بیروت 1996ء	1440
نیشاپوری' امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم' ''المستدرک'' 'مکتبہ المطبوعات الاسلامیہ' حلب' طبع بیروت	7240
موصلی' امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ' ''المسند' 'تحقیق: حسین سلیم اسد' دارالمامون للتراث' طبع اول 1987ء	6451
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس'' ''الام'' دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان	181/7
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس'' ''الام'' 'تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اول 2001ء	464/8

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ : اِذَا زَنَتْ اَمَةُ اَحَدِكُمْ فَتَبَيَّنَ زِنَاهَا فَلْيَجْلِدْهَا الْحَدَّ وَلَا يُثَرِّبْ عَلَيْهَا، ثُمَّ اِنْ عَادَتْ فَزَنَتْ فَتَبَيَّنَ زِنَاهَا فَلْيَجْلِدْهَا الْحَدَّ وَلَا يُثَرِّبْ عَلَيْهَا، ثُمَّ اِنْ عَادَتْ فَزَنَتْ فَتَبَيَّنَ زِنَاهَا فَلْيَبِعْهَا وَلَوْ بِضَفِيرٍ مِنْ شَعْرٍ يَعْنِي الْحَبْلَ .

✦✦ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: جب کسی شخص کی کنیز زنا کا ارتکاب کرے اور اس کا زنا ثابت ہو جائے تو حد کے طور پر اسے کوڑے لگائے لیکن اسے زبانی کلامی برا نہ کہے۔ اگر وہ اس کا دوبارہ ارتکاب کرے اور یہ بات ثابت ہو جائے تو وہ حد کے طور پر کوڑے لگوائے اور زبانی کلامی اسے برا نہ کہے پھر اگر وہ دوبارہ زنا کا ارتکاب کرے اور پھر اس کا زنا ثابت ہو جائے تو اسے فروخت کر دے خواہ بالوں سے بنی ہوئی ایک رسی کے عوض میں کرے۔

1581 - اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيٍّ، اَنَّ فَاطِمَةَ بِنْتَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَدَّتْ جَارِيَةً لَّهَا زَنَتْ .

✦✦ حسن بن محمد بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی صاحبزادی سیّدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا نے اپنی ایک کنیز پر حد جاری کروائی تھی' جس نے زنا کا ارتکاب کیا تھا۔

اخرج الاوّل من كتاب اختلاف علي وعبدالله مما لم يسمع الربيع من الشافعي والثاني من كتاب الجنائز

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے پہلی روایت کتاب اختلاف حضرت علی رضی اللہ عنہ اور حضرت عبد اللہ رضی اللہ عنہ میں نقل کی ہے یہ ان روایات میں سے ایک ہے جسے امام ربیع نے امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ سے نہیں سنا ہے اور دوسری روایت کتاب الجنائز میں نقل کی ہے۔

باب منه : ليس الحد الا على من علمه

باب 9: ''حد'' صرف اس پر جاری ہوتی ہے جسے اس کا علم ہو

1582 - اَخْبَرَنَا مُسْلِمُ بْنُ خَالِدٍ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيْهِ اَنَّ يَحْيَى بْنَ حَاطِبٍ حَدَّثَهُ قَالَ : تُوُفِّيَ حَاطِبٌ فَاَعْتَقَ مَنْ صَلَّى مِنْ رَقِيْقِهِ وَصَامَ، وَكَانَتْ لَهُ اَمَةٌ نُوبِيَّةٌ قَدْ صَلَّتْ وَصَامَتْ وَهِيَ اَعْجَمِيَّةٌ فَلَمْ تَرُعْهُ اِلَّا بِحَبَلِهَا وَكَانَتْ ثَيِّبًا فَذَهَبَتْ اِلَى عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فَحَدَّثَهُ، فَقَالَ عُمَرُ : لَاَنْتَ الرَّجُلُ لَا يَاْتِيْ بِخَيْرٍ وَاَفْزَعَهُ ذٰلِكَ فَاَرْسَلَ اِلَيْهَا عُمَرُ فَقَالَ اَحَبِلْتِ فَقَالَتْ : نَعَمْ مِنْ مَرْغُوْشٍ بِدِرْهَمَيْنِ فَاِذَا هِيَ تَسْتَهِلُّ بِذٰلِكَ لَا تَكْتُمُهُ قَالَ وَصَادَفَهُ عَلِيًّا وَّعُثْمَانُ وَعَبْدُ الرَّحْمٰنِ ابْنُ عَوْفٍ فَقَالَ اَشِيْرُوْا عَلَيَّ قَالَ وَكَانَ

حدیث نمبر **1581**:

صنعانی' امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام' ''المصنف'' تحقیق: حبیب الرحمٰن اعظمی' دار القلم' بیروت' **1970**ء، **13602**

کوفی' امام ابوبکر عبد اللہ بن محمد بن ابوشیبہ' ''المصنف'' المطبعۃ العزیزیہ' حیدر آباد دکن' ہندوستان' **1386**ھ، **28268**.

شافعی' امام ابوعبد اللہ محمد بن ادریس' ''الام'' دار المعرفۃ' بیروت' لبنان **135/6**

شافعی' امام ابوعبد اللہ محمد بن ادریس' ''الام'' تحقیق: رفعت فوزی' دار الوفاء' طبع اوّل' **2001**ء، **341/7**

عُثْمَانُ جَالِسًا فَاضْطَجَعَ فَقَالَ عَلِيٌّ وَعَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَوْفٍ قَدْ وَقَعَ عَلَيْهَا الْحَدُّ فَقَالَ اَشِرْ عَلَيَّ يَا عُثْمَانُ فَقَالَ قَدْ اَشَارَ عَلَيْكَ اَخَوَاكَ فَقَالَ اَشِرْ عَلَيَّ اَنْتَ فَقَالَ اَرَاهَا تَسْتَهِلُّ بِهٖ كَاَنَّهَا لَا تَعْلَمُهُ وَلَيْسَ الْحَدُّ اِلَّا عَلٰى مَنْ عَلِمَهُ فَقَالَ صَدَقْتَ وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهٖ مَا الْحَدُّ اِلَّا عَلٰى مَنْ عَلِمَهُ فَجَلَدَهَا عُمَرُ مِنَةً وَغَرَّبَهَا عَامًا .

✦✦ یحییٰ بن حاطب بیان کرتے ہیں ''حاطب'' کا انتقال ہوگیا۔ انہوں نے اپنی کنیزوں اور غلاموں میں سے نماز پڑھنے والوں اور روزے رکھنے والوں کو آزاد کر دیا ان کی ایک کنیز تھی جو ''نوبیہ'' تھی (یعنی ''نوب'' نامی جگہ کی رہنے والی تھی) وہ بھی نماز پڑھتی تھی اور روزے رکھا کرتی تھی وہ عجمی تھی۔ لیکن اس کے ساتھ مسئلہ یہ ہوا کہ وہ حاملہ ہوگی۔

حضرت حاطب رضی اللہ عنہ یہ مسئلہ لے کر حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس گئے اور انہیں یہ بتایا تو انہوں نے فرمایا: آپ کوئی بھلائی کی خبر لے کر نہیں آئے پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اس عورت کو بلایا اور پوچھا' تم حاملہ ہو؟ اس نے عرض کیا جی ہاں' دو درہم کے عوض میں مرعوش نامی شخص (سے حاملہ ہوئی ہوں) اس عورت نے چلا کر یہ بات کہی۔ اس نے چھپانے کی کوشش نہیں کی۔

راوی بیان کرتے ہیں' اس وقت حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس حضرت علی رضی اللہ عنہ' حضرت عثمان رضی اللہ عنہ اور حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ موجود تھے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: آپ حضرات مجھے مشورہ دیں۔ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ بیٹھے ہوئے تھے وہ لیٹ گئے۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ اور حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ نے کہا: اس پر حد جاری ہوگی۔

حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اے عثمان! آپ مجھے مشورہ دیں۔ انہوں نے کہا: آپ کے دونوں بھائیوں نے آپ کو مشورہ دے تو دیا ہے حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کہا: آپ مجھے مشورہ دیں حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے کہا: میرا یہ خیال ہے: یہ چلا کر اس لئے کہہ رہی ہے گویا اس کو اس چیز کا علم نہیں تھا اور حد اس شخص پر جاری ہوتی ہے جسے جرم کا پتہ ہو تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کہا: آپ نے ٹھیک کہا ہے۔ اس ذات کی قسم! جس کے دست قدرت میں میری جان ہے۔ حد اس پر جاری ہوگی جس کو اس کا علم ہو تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اس عورت کو ایک سو کوڑے لگوائے اور ایک سال کے لئے جلاوطن کر دیا۔

اخرجه من كتاب اختلاف الحديث

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے اس روایت کتاب اختلاف الحدیث میں نقل کیا ہے۔

باب حد السرقة و قيمة ما فيه القطع

باب 10: چوری کی حد' اس قیمت کا بیان' جس کی وجہ سے ہاتھ کاٹا جائے

1583 - اَخْبَرَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عَمْرَةَ، عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى

حدیث نمبر **1583**:

طحاوی' امام ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ' ''شرح معانی الآثار'' تحقیق: محمد جاد الحق' مطبعۃ الانوار المحمدیہ' مصر	166/3
نسائی' امام احمد بن شعیب' ''السنن الکبریٰ'' تحقیق: سلیمان بنداری' سید کسروی' دار الکتب العلمیہ' **1991**ء	6789
مروزی' امام اسحاق بن ابراہیم' ''المسند'' مکتبۃ الایمان' مدینہ منورہ' طبع اول' **1412**ھ-**1991**ء	740
شیبانی' امام احمد بن محمد بن حنبل' ''المسند'' المطبعۃ المیمنیہ' مصر	36/6

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ : اَلْقَطْعُ فِيْ رُبْعِ دِيْنَارٍ فَصَاعِدًا .

سیدہ عائشہ صدیقہ بیان کرتی ہیں نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے: چوتھائی دینار یا اس سے قیمتی چیز کی چوری پر ہاتھ کاٹا جائے گا۔

1584 - اَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَطَعَ سَارِقًا فِيْ مِجَنٍّ قِيْمَتُهُ ثَلَاثَةُ دَرَاهِمَ .

حضرت ابن عمر بیان کرتے ہیں' نبی اکرم ﷺ نے ایک ڈھال چوری کرنے والے شخص کا ہاتھ کٹوا دیا تھا اس ڈھال کی قیمت تین درہم تھی۔

1585 - اَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ بَكْرِ بْنِ حَزْمٍ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ عَمْرَةَ بِنْتِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، اَنَّ

بقیہ حاشیہ حدیث نمبر **1583**:

کوفی' امام' ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ' "المصنف" 'المطبعۃ العزیزیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' 1386ھ — 28077

ترمذی' امام' ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ' "الجامع الکبیر" 'تحقیق: ڈاکٹر بشار عواد معروف' دار الغرب الاسلامی' بیروت 1996ء — 1145

تمیمی' امام' ابوحاتم محمد بن حبان' "صحیح ابن حبان" 'دار الفکر' بیروت' طبع اوّل' 1996ء — 1461

طبرانی' امام' ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب' "المعجم الاوسط" 'تحقیق: محمود الطحان' مکتبۃ المعارف' ریاض' سعودی عربیہ' (طبع اوّل) — 1023

دارقطنی' امام' علی بن عمر' "السنن" 'مکتبۃ المتنبی' قاہرہ' مصر — 189/3

شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام" 'دار المعرفۃ' بیروت' لبنان — 130/6

شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام" 'تحقیق: رفعت فوزی' دار الوفاء' طبع اوّل' 2001ء — 319/7

حدیث نمبر **1584**:

اصبحی' ابوعبداللہ مالک بن انس' "المؤطا" 'بروایۃ امام محمد بن حسن شیبانی (مؤطا امام محمد) تحقیق: عبدالوہاب عبداللطیف' المکتبۃ العلمیہ — 686

اصبحی' ابوعبداللہ مالک بن انس' "المؤطا" 'بروایۃ یحییٰ بن یحییٰ اندلسی' تحقیق: بشار عواد معروف' دار الغرب الاسلامی' بیروت' لبنان (طبع اوّل) 1996ء — 2406

صنعانی' امام' ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام' "المصنف" 'تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی' دار القلم' بیروت' 1970ء — 18967

طیالسی' امام' ابوداؤد سلیمان بن داؤد' "المسند" 'دار المعرفۃ' بیروت' لبنان — 1847

کوفی' امام' ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ' "المصنف" 'المطبعۃ العزیزیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' 1386ھ — 28076

شیبانی' امام' احمد بن محمد بن حنبل' "المسند" 'المطبعۃ المیمنیہ' مصر — 6/2

دارمی' امام' ابومحمد عبداللہ بن عبدالرحمٰن' "السنن" 'تحقیق: عبداللہ ہاشم یمانی' دار المحاسن' قاہرہ' 1966ء — 2306

بخاری' امام' ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل' "الجامع الصحیح" (رقم الحدیث من فتح الباری) — 6796

طحاوی' امام' ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ' "شرح معانی الآثار" 'تحقیق: محمد جاد الحق' مطبعۃ الانوار المحمدیہ' مصر — 162/3

تمیمی' امام' ابوحاتم محمد بن حبان' "صحیح ابن حبان" 'دار الفکر' بیروت' طبع اوّل' 1996ء — 4467

دارقطنی' امام' علی بن عمر' "السنن" 'مکتبۃ المتنبی' قاہرہ' مصر — 1880/3

بیہقی' امام' ابوبکر احمد بن حسین بن علی' "السنن الکبریٰ" 'دائرۃ المعارف النظامیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' 1344ھ — 256/8

شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام" 'دار المعرفۃ' بیروت' لبنان — 130/6

شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام" 'تحقیق: رفعت فوزی' دار الوفاء' طبع اوّل' 2001ء — 320/7

سَارِقًا سَرَقَ اتْرُجَّةً فِيْ عَهْدِ عُثْمَانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فَاَمَرَ بِهَا عُثْمَانَ فَقُوِّمَتْ ثَلَاثَةَ دَرَاهِمَ مِنْ صَرْفِ اثْنَيْ عَشَرَ بِدِيْنَارٍ فَقَطَعَ يَدَهُ .

قَالَ مَالِكٌ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ : وَهِيَ اتْرُجَّةُ الَّتِيْ يَاْكُلُهَا النَّاسُ .

✦✦ سیدہ عمرہ بنت عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کے عہد خلافت میں چور نے اترجہ (پھل) کی چوری کی۔ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے حکم کے تحت اس کی قیمت کا تعین کیا گیا تو اس کی قیمت تین درہم تھی' وہ درہم جو ایک دینار کے بارہ آتے ہیں' تو حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے اس شخص کا ہاتھ کٹوا دیا۔

امام مالک رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: اس' اترجہ' سے مراد وہی پھل ہے جو لوگ کھاتے ہیں۔

1586 - اَخْبَرَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ حُمَيْدِ الطَّوِيْلِ، اَنَّهُ سَمِعَ قَتَادَةَ يَسْاَلُ اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ عَنِ الْقَطْعِ فَقَالَ اَنَسٌ: حَضَرْتُ اَبَا بَكْرِ الصِّدِّيْقَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَطَعَ سَارِقًا فِيْ شَيْءٍ مَّا يَسُرُّنِيْ اَنَّهُ لِيْ بِثَلَاثَةِ دَرَاهِمَ .

✦✦ حمید طویل بیان کرتے ہیں' انہوں نے قتادہ کو حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے ہاتھ کاٹنے کے بارے میں دریافت کرتے ہوئے سنا تو حضرت انس رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں' حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے پاس موجود تھا' انہوں نے ایک چور کا ہاتھ ایسی چیز کی چوری پر کٹوا دیا تھا اگر وہ چیز مجھے تین درہم کے عوض میں بھی مل جاتی تو مجھے پسند نہیں تھی۔

1587 - اَخْبَرَنَا غَيْرُ وَاحِدٍ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ : اَلْقَطْعُ فِيْ رُبْعِ

حدیث نمبر **1585**:

اَکمی' ابوعبداللہ مالک بن انس' "المؤطا" بروایۃ امام محمد بن حسن شیبانی (مؤطا امام محمد) تحقیق: عبدالوہاب عبداللطیف' المکتبۃ العلمیہ **688**

اَکمی' ابوعبداللہ مالک بن انس' "المؤطا" بروایۃ یحییٰ بن یحییٰ اندلسی' تحقیق: بشار عواد معروف' دارالغرب الاسلامی' بیروت' لبنان (طبع اول) **1996ء** **2408**

کوفی' امام ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ' "المصنف" المطبعۃ العزیزیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' **1386ھ** **28087**

صنعانی' امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام' "المصنف" تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی' دارالقلم' بیروت' **1970ء** **18972**

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام" دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان **130/6**

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام" تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اول' **2001ء** **320/7**

حدیث نمبر **1586**:

صنعانی' امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام' "المصنف" تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی' دارالقلم' بیروت' **1970ء** **18970**

کوفی' امام ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ' "المصنف" المطبعۃ العزیزیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' **1386ھ** **26983**

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام" دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان **130/6**

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام" تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اول' **2001ء** **320/7**

حدیث نمبر **1587**:

بیہقی' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی' "السنن الکبریٰ" دائرۃ المعارف النظامیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' **1344ھ** **260/8**

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام" دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان **147/6**

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام" تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اول' **2001ء** **320/7**

دِيْنَارٍ فَصَاعِدًا

✧✧ امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ اپنے والد (امام محمد باقر رضی اللہ عنہ) کے حوالے سے حضرت علی رضی اللہ عنہ کے بارے میں یہ بات نقل کرتے ہیں: انہوں نے ارشاد فرمایا ہے: ایک چوتھائی دینار یا اس سے قیمتی چیز کی چوری پر ہاتھ کاٹا جائے گا۔

1588 - اَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِىْ بَكْرٍ، عَنْ عَمْرَةَ بِنْتِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ اَنَّهَا قَالَتْ : خَرَجَتْ عَائِشَةُ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهَا اِلٰى مَكَّةَ وَمَعَهَا مَوْلَاتَانِ وَغُلَامٌ لِابْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِىْ بَكْرِ الصِّدِّيْقِ فَبَعَثَتْ مَعَ الْمَوْلَاتَيْنِ بِبُرْدٍ مُرَجَّلٍ قَدْ خِيْطَتْ عَلَيْهِ خِرْقَةٌ خَضْرَاءُ قَالَتْ فَاَخَذَ الْغُلَامُ الْبُرْدَ فَفَتَقَ عَنْهُ فَاسْتَخْرَجَهُ وَجَعَلَ مَكَانَهُ لِبْدًا وَفَرْوَةً وَخَاطَ عَلَيْهِ فَلَمَّا قَدِمَتِ الْمَوْلَاتَانِ الْمَدِيْنَةَ دَفَعَتَا ذٰلِكَ اِلٰى اَهْلِهِ فَلَمَّا فَتَقُوْا عَنْهُ وَجَدُوْا فِيْهِ اللِّبْدَ وَلَمْ يَجِدُوْا فِيْهِ الْبُرْدَ فَكَلَّمُوا الْمَوْلَاتَيْنِ فَكَلَّمَتَا عَائِشَةَ زَوْجَ النَّبِىِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَطَعَتْ يَدَهُ وَقَالَتْ، عَائِشَةَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهَا : اَلْقَطْعُ فِىْ رُبْعِ دِيْنَارٍ فَصَاعِدًا

✧✧ سیّدہ عمرہ بنت عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا مکہ مکرمہ کے لئے روانہ ہوئیں ان کے ہمراہ ان کی دو کنیزیں تھیں اور حضرت عبداللہ بن ابوبکر رضی اللہ عنہ کے صاحبزادے کا غلام تھا سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے ان دونوں کنیزوں کے ہمراہ کشیدہ کاری کی ہوئی ایک چادر سبز کپڑے میں سلوا کر بھیجی۔ عمرہ بیان کرتی ہیں اس غلام نے وہ کپڑا لیا اسے ادھیڑا اس میں سے چادر نکالی اور اس کی جگہ ایک موٹی چادر یا فروہ رکھ دی اور اسے اوپر سے سی دیا' جب وہ دونوں کنیزیں مدینہ منورہ پہنچی تو انہوں نے وہ کپڑا اس کے مالک کے سپرد کیا جب ان لوگوں نے اس کپڑے کو ادھیڑا تو اس میں موٹی چادر نکلی انہیں اپنی مخصوص چادر اس میں نہیں ملی۔ ان لوگوں نے دونوں کنیزوں سے اس کے بارے میں بات چیت کی تو ان کنیزوں نے سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کو اس واقعے کے بارے میں بتایا (تحقیق کے بعد جرم ثابت ہوا) تو سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے اس غلام کا ہاتھ کٹوا دیا۔

سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: ایک چوتھائی دینار یا اس سے قیمتی چیز کی چوری پر ہاتھ کاٹا جائے گا۔

1589 - اَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْقَاسِمِ، عَنْ اَبِيْهِ، اَنَّ رَجُلًا مِّنْ اَهْلِ الْيَمَنِ اَقْطَعَ الْيَدِ وَالرِّجْلِ قَدِمَ عَلٰى اَبِىْ بَكْرٍ فَشَكٰى اِلَيْهِ اَنَّ عَامِلَ الْيَمَنِ ظَلَمَهُ وَكَانَ يُصَلِّىْ مِنَ اللَّيْلِ فَيَقُوْلُ اَبُوْ بَكْرٍ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ وَاَبِيْكَ مَا لَيْلُكَ بِلَيْلِ سَارِقٍ ثُمَّ اِنَّهُمُ افْتَقَدُوْا حُلِيًّا لِاَسْمَاءَ بِنْتِ عُمَيْسٍ امْرَاَةِ اَبِىْ بَكْرٍ فَجَعَلَ الرَّجُلُ

حدیث نمبر **1588**:

اَصبحی' ابوعبداللہ مالک بن انس' "الموطا" بروایۃ امام محمد بن حسن شیبانی (موطا امام محمد) تحقیق: عبدالوہاب عبداللطیف' المکتبۃ العلمیہ	**687**
اَصبحی' ابوعبداللہ مالک بن انس' "الموطا" بروایۃ یحییٰ بن یحییٰ اندلسی' تحقیق: بشار عواد معروف' دارالغرب الاسلامی' بیروت' لبنان (طبع اول) **1996**ء	**2410**
حمیدی' امام ابوبکر عبداللہ بن زبیر' "المسند" عالم الکتب' بیروت' مکتبۃ المتنبی' قاہرہ' مصر	**280**
طحاوی' امام ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ' "شرح معانی الآثار" تحقیق: محمد جادالحق' مطبعۃ الانوار المحمدیہ' مصر	**106/3**
بیہقی' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی' "السنن الکبریٰ" دائرۃ المعارف النظامیہ' حیدر آباد دکن' ہندوستان' **1344**ھ	**270/8**
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام" دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان	**140/6**
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام" تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اول' **2001**ء	**380/7**

يَطُوْفُ مَعَهُمْ وَيَقُوْلُ اللّٰهُمَّ عَلَيْكَ بِمَنْ بَيَّتَ اَهْلَ هٰذَا الْبَيْتِ الصَّالِحِ فَوَجَدُوا الْحُلِيَّ عِنْدَ صَائِغٍ وَاَنَّ الْاَقْطَعَ جَاءَ بِهٖ فَاعْتَرَفَ الْاَقْطَعُ اَوْ شُهِدَ عَلَيْهِ فَاَمَرَ بِهٖ اَبُوْ بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فَقُطِعَتْ يَدُهُ الْيُسْرٰى وَقَالَ اَبُوْ بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ وَاللّٰهِ لَدُعَاؤُهٗ عَلٰى نَفْسِهٖ اَشَدُّ عِنْدِىْ مِنْ سَرِقَتِهٖ .

◆◆ عبدالرحمٰن بن قاسم اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں یمن سے تعلق رکھنے والا ایک شخص جس کا ایک ہاتھ اور پاؤں کاٹا جاچکا تھا' حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے پاس آیا اور ان سے یہ شکایت کی' یمن کے گورنر نے اس کے ساتھ یہ زیادتی کی ہے' وہ شخص رات کے وقت نمازیں ادا کیا کرتا تھا اس لئے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے یہ فرمایا: تمہارے باپ کی قسم! تمہاری راتیں چور کی راتوں کی طرح نہیں گزرتی ہوں گی (راوی بیان کرتے ہیں) اس کے بعد لوگوں کو پتہ چلا کہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی اہلیہ حضرت اسماء بنت عمیس رضی اللہ عنہا کا ایک زیور گم ہوگیا ہے۔ وہ یمنی شخص بھی دوسرے لوگوں کے ساتھ مل کر اسے ڈھونڈتا رہا اور یہ کہتا رہا' اے اللہ! تو اس شخص پر گرفت کر! جس نے اس نیک گھرانے کے لوگوں کے ساتھ زیادتی کی ہے۔

(راوی بیان کرتے ہیں) لوگوں کو وہ زیور ایک سنار کے پاس ملا پھر اس ہاتھ کٹے ہوئے یمنی شخص کو لایا گیا۔ تو اس نے اعتراف کیا یا ثبوت کے ذریعے اس کا جرم ثابت ہوگیا تو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے حکم کے تحت اس کا بایاں ہاتھ بھی کاٹ دیا گیا۔

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اللہ کی قسم! اس کا اپنے لئے بددعا کرنا میرے نزدیک اس کے چوری کرنے سے زیادہ شدید ہے۔

اخرج الستة الاحاديث من كتاب القطع في السرقة .

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے یہ چھ روایات کتاب قطع فی السرقہ میں نقل کی ہیں۔

باب اذا وصل الحد الى الامام لم يبق فيه عفو

باب 11: جب "حد" کا مقدمہ حاکم تک پہنچ جائے تو معافی کی گنجائش باقی نہیں رہتی

1590 - اَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ صَفْوَانَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، اَنَّ صَفْوَانَ بْنَ اُمَيَّةَ، قِيْلَ لَهٗ : مَنْ لَمْ يُهَاجِرْ هَلَكَ، فَقَدِمَ صَفْوَانُ الْمَدِيْنَةَ، فَنَامَ فِى الْمَسْجِدِ مُتَوَسِّدًا رِدَائَهٗ، فَجَاءَ سَارِقٌ فَاَخَذَ رِدَائَهٗ مِنْ تَحْتِ رَاْسِهٖ، فَاَخَذَ صَفْوَانُ السَّارِقَ فَجَاءَ بِهٖ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاَمَرَ بِهٖ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

حدیث نمبر **1590**:

اخرجہ ابوعبداللہ مالک بن انس' الموطا' بروایۃ امام محمد بن حسن شیبانی (موطا امام محمد) تحقیق: عبدالوہاب عبداللطیف' المکتبۃ العلمیہ	689
اخرجہ ابوعبداللہ مالک بن انس' الموطا' بروایۃ یحییٰ بن یحییٰ اندلسی تحقیق: بشار عواد معروف' دارالغرب الاسلامی' بیروت' لبنان (طبع اول) 1996ء	2418
صنعانی' امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام' المصنف' تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی' دارالقلم' بیروت' 1970ء	18769
دارقطنی' امام علی بن عمر' السنن' مکتبۃ المتنبی' قاہرہ' مصر	183/3
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' الام' دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان	150/6
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' الام' تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اول 2001ء	381/7

وَسَلَّمَ تُقْطَعَ يَدُهُ، فَقَالَ صَفْوَانُ : اِنِّي لَمْ اُرِدْ هٰذَا، هُوَ عَلَيْهِ صَدَقَةٌ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : فَهَلَّا قَبْلَ اَنْ تَاْتِيَنِيْ بِهٖ .

✧✧ صفوان بن عبداللہ بیان کرتے ہیں' حضرت صفوان بن امیہ رضی اللہ عنہ سے یہ کہا گیا' جس شخص نے ہجرت نہیں کی وہ ہلاکت کا شکار ہوگیا۔تو حضرت صفوان رضی اللہ عنہ ہجرت کر کے مدینہ منورہ آگئے۔وہ مسجد میں سو گئے۔انہوں نے اپنے سر کے نیچے اپنی چادر کا تکیہ بنالیا ایک چور آیا اور اس نے ان کے سر کے نیچے سے چادر نکال لی۔حضرت صفوان رضی اللہ عنہ نے اس چور کو پکڑ لیا اور اسے لے کر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کا ہاتھ کاٹنے کا حکم دیا تو حضرت صفوان رضی اللہ عنہ نے عرض کی' میرا یہ مقصد نہیں تھا یہ چادر اس کے لئے صدقہ ہے تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم نے اسے میرے پاس لانے سے پہلے ایسا کیوں نہیں کیا؟

1591 - اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ عَمْرٍو، عَنْ طَاؤسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، مِثْلَ حَدِيْثِ

حدیث نمبر **1590**:

اصبحی' ابوعبداللہ مالک بن انس' "الموطا" بروایۃ امام محمد بن حسن شیبانی (موطا امام محمد) تحقیق: عبدالوہاب عبداللطیف' المکتبۃ العلمیہ **685**

اصبحی' ابوعبداللہ مالک بن انس' "الموطا" بروایۃ یحییٰ بن یحییٰ اندلسی' تحقیق: بشار عواد معروف' دار الغرب الاسلامی' بیروت' لبنان (طبع اول) **1996ء** **2416**

طحاوی' امام' ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ' "شرح مشکل الآثار"' تحقیق: شعیب ارناؤوط' موسسۃ الرسالۃ' بیروت' لبنان **1987ء** **2383**

قزوینی' امام' محمد بن یزید ابن ماجہ' "السنن"' تحقیق: بشار عواد معروف' دار الجیل' بیروت' **1998ء** **2595**

کوفی' امام' ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ' "المصنف" المطبعۃ العزیزیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' **1386ھ** **28175**

شیبانی' امام' احمد بن محمد بن حنبل' "المسند"' المطبعۃ المیمنیہ' مصر' **401**

نسائی' امام' احمد بن شعیب' "السنن الکبریٰ"' تحقیق: سلیمان بنداری' سید کسروی' دار الکتب العلمیہ' **1991ء** **7364**

نیشاپوری' امام' ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم' "المستدرک" مکتبۃ المطبوعات الاسلامیہ' حلب' طبع بیروت **380/4**

بیہقی' امام' ابوبکر احمد بن حسین بن علی' "السنن الکبریٰ" دائرۃ المعارف النظامیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' **1344ھ** **365/8**

شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام"' دار المعرفۃ' بیروت' لبنان **131/6**

شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام"' تحقیق: رفعت فوزی' دار الوفاء' طبع اول' **2001ء** **325/7**

حدیث نمبر **1591**:

صنعانی' امام' ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام' "المصنف"' تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی' دار القلم' بیروت' **1970ء** **18930**

شیبانی' امام' احمد بن محمد بن حنبل' "المسند"' المطبعۃ المیمنیہ' مصر' **465/6**

بجستانی' امام' ابوداؤد سلیمان بن اشعث' "السنن"' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **70/8**

نسائی' امام' احمد بن شعیب' "السنن الکبریٰ"' تحقیق: سلیمان بنداری' سید کسروی' دار الکتب العلمیہ' **1991ء** **7670**

طحاوی' امام' ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ' "شرح مشکل الآثار"' تحقیق: شعیب ارناؤوط' موسسۃ الرسالۃ' بیروت' لبنان **1987ء** **2385**

دار قطنی' امام' علی بن عمر' "السنن"' مکتبۃ المتنبی' قاہرہ' مصر **205/3**

نیشاپوری' امام' ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم' "المستدرک" مکتبۃ المطبوعات الاسلامیہ' حلب' طبع بیروت **380/3**

شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام"' دار المعرفۃ' بیروت' لبنان **131/3**

شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام"' تحقیق: رفعت فوزی' دار الوفاء' طبع اول' **2001ء** **26/7**

مَالِكٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ .

✦✦ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہے۔

اخرج الحديثين من كتاب القطع والسرقة .

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے یہ دونوں روایات کتاب القطع والسرقہ میں نقل کی ہیں۔

باب منه : فی القطع ومضاعفة غرم العاقلة

باب 12: (ہاتھ) کاٹنا' خاندان کے تاوان کو دوگنا کرنا

1592 - اَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ يَحْيَى بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ حَاطِبٍ اَنَّ رَقِيْقًا لِحَاطِبٍ سَرَقُوْا نَاقَةً لِرَجُلٍ مِّنْ مُزَيْنَةَ فَانْتَحَرُوْهَا فَرُفِعَ ذٰلِكَ اِلٰى عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فَاَمَرَ كَثِيْرَ بْنَ الصَّلْتِ اَنْ يَّقْطَعَ اَيْدِيَهُمْ ثُمَّ قَالَ عُمَرُ اِنِّيْ اَرَاكَ تُجِيْعُهُمْ وَاللّٰهِ لَاُغَرِّمَنَّكَ غُرْمًا يَشُقُّ عَلَيْكَ ثُمَّ قَالَ لِلْمُزَنِيِّ كَمْ ثَمَنُ نَاقَتِكَ قَالَ اَرْبَعُ مِئَةِ دِرْهَمٍ قَالَ عُمَرُ اَعْطِهِ ثَمَانَ مِئَةِ دِرْهَمٍ

✦✦ یحییٰ بن عبدالرحمٰن بیان کرتے ہیں' حضرت حاطب رضی اللہ عنہ کے کچھ غلاموں نے مزینہ قبیلے کی ایک اونٹنی چوری کی اور اسے ذبح کیا یہ مقدمہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کے سامنے پیش کیا گیا تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کثیر بن صلت کو ان غلاموں کا ہاتھ کاٹنے کی ہدایت کی پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میرا خیال ہے تم انہیں زیادہ سخت سزا دو۔ اللہ کی قسم! میں تمہیں ایسے تاوان کا پابند کروں گا۔ جو تمہارے لئے مشقت کا باعث ہوگا پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے مزینہ قبیلے کے اس شخص سے دریافت کیا' اس اونٹنی کی قیمت کیا تھی؟ تو اس شخص نے جواب دیا: چار سو درہم' تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے (غلاموں کے مالک سے) فرمایا: تم اسے آٹھ سو درہم ادا کرو۔

1593 - اَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ نَافِعٍ وَّعَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ عَبْدًا لَهُ سَرَقَ وَهُوَ اٰبِقٌ فَاَبٰى سَعِيْدُ بْنُ الْعَاصِ اَنْ

حدیث نمبر **1592**:

صنعانی' امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام' "المصنف" تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی' دارالقلم بیروت' 1970ء	18977
بیہقی' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی' "السنن الکبریٰ" دائرۃ المعارف النظامیہ حیدرآباد دکن' ہندوستان' 1344ھ	278/8
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام" دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان	231/7
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام" تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اول' 2001ء	640/8

حدیث نمبر **1593**:

اصبحی' ابوعبداللہ مالک بن انس' "المؤطا" بروایہ امام محمد بن حسن شیبانی (مؤطا امام محمد) تحقیق: عبدالوہاب عبداللطیف' المکتبۃ العلمیہ	690
اصبحی' ابوعبداللہ مالک بن انس' "المؤطا" بروایہ یحییٰ بن یحییٰ اندلسی' تحقیق: بشار عواد معروف' دارالغرب الاسلامی' بیروت' لبنان (طبع اول) 1996ء	1793
صنعانی' امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام' "المصنف" تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی' دارالقلم بیروت' 1970ء	18986
دارقطنی' امام علی بن عمر' "السنن" مکتبۃ المتنبی' قاہرہ مصر	7207/3
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام" دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان	150/6
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام" تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اول' 2001ء	738/8

يَقْطَعَهُ فَامَرَ بِهِ ابْنُ عُمَرَ فَقُطِعَتْ يَدَهُ .

✧✧ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کے بارے میں منقول ہے: ان کے ایک غلام نے چوری کی اور مفرور ہوگیا تو حضرت سعید بن العاص رضی اللہ عنہ نے اس کا ہاتھ کاٹنے سے انکار کیا حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کی ہدایت کے تحت اس کا ہاتھ کاٹا گیا۔

اخرج الحديثين في كتاب اختلاف مالك والشافعي .

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے یہ دونوں روایات کتاب اختلاف مالک وشافعی میں نقل کی ہیں۔

باب لا يقطع العبد في مال سيده

باب 13: آقا کے مال کی چوری پر غلام کا ہاتھ نہیں کاٹا جائے گا:

1594 - اَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنِ السَّائِبِ بْنِ يَزِيْدَ اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو الْحَضْرَمِيَّ جَاءَ بِغُلَامٍ لَهُ اِلٰى عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فَقَالَ لَهُ اقْطَعْ يَدَ هٰذَا فَاِنَّهُ سَرَقَ فَقَالَ لَهُ عُمَرُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فِيْمَاذَا سَرَقَ قَالَ سَرَقَ مِرْآةً لِاَمْرَاَتِيْ ثَمَنُهَا سِتُّوْنَ دِرْهَمًا فَقَالَ عُمَرُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَرْسِلْهُ فَلَيْسَ عَلَيْهِ قَطْعٌ خَادِمُكُمْ سَرَقَ مَتَاعَكُمْ .

✧✧ حضرت سائب بن یزید رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ اپنے غلام کو لے کر' حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کے پاس آئے اور بولے' آپ اس کا ہاتھ کٹوا دیں کیونکہ اس نے چوری کی ہے حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے دریافت کیا' اس نے کیا چوری کی ہے؟ تو انہوں نے بتایا: اس نے میری بیوی کا آئینہ چرالیا ہے' جس کی قیمت ساٹھ درہم تھی تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ان سے فرمایا: اسے چھوڑ دو کیونکہ اس کا ہاتھ نہیں کاٹا جائے گا کیونکہ یہ تمہارا خادم ہے' جس نے تمہارا ہی سامان چرایا ہے۔

اخرجه في كتاب اختلاف مالك والشافعي .

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے اس روایت کو کتاب اختلاف مالک وشافعی میں نقل کیا ہے۔

باب ما لا قطع فيه

باب 14: جس چیز کی چوری پر ہاتھ نہیں کاٹا جائے گا

حدیث نمبر **1594**:

اصحی' ابوعبداللہ مالک بن انس' "الموطا" بروایۃ امام محمد بن حسن شیبانی (موطا امام محمد) تحقیق: عبدالوہاب عبداللطیف' المکتبۃ العلمیہ **682**

اصحی' ابوعبداللہ مالک بن انس' "الموطا" بروایۃ یحییٰ بن یحییٰ اندلسی' تحقیق: بشار عواد معروف' دار الغرب الاسلامی' بیروت' لبنان (طبع اول) **1996ء** **433**

صنعانی' امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام' "المصنف" تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی' دار القلم' بیروت' **1970ء** **11986**

دار قطنی' امام علی بن عمر' "السنن" مکتبۃ المتنبی' قاہرہ' مصر **116/3**

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام" دار المعرفۃ' بیروت' لبنان **151/6**

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام" تحقیق: رفعت فوزی' دار الوفاء' طبع اول' **2001ء** **378/7**

1595 - اَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنِ ابْنِ اَبِىْ حُسَيْنٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اَنَّهُ قَالَ : لَا قَطْعَ فِىْ ثَمَرٍ مُعَلَّقٍ، فَاِذَا اٰوَاهُ الْجَرِيْنُ فَفِيْهِ الْقَطْعُ .

حضرت عمرو بن شعیب رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: لٹکے ہوئے پھل (کی چوری پر ہاتھ نہیں کاٹا جائے گا) جب اسے گودام وغیرہ میں محفوظ کرلیا جائے تو اس کی چوری پر ہاتھ کاٹا جائے گا۔

1596 - اَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى بْنِ حَبَّانَ، اَنَّ رَافِعَ بْنَ خَدِيْجٍ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ، اَخْبَرَهُ اَنَّهُ سَمِعَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُوْلُ : لَا قَطْعَ فِىْ ثَمَرٍ وَّلَا كَثَرٍ .

✦✦ حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے سنا ہے: پھل وغیرہ کی

حدیث نمبر **1595**:

اصبحی' ابوعبداللہ مالک بن انس' "الموطا" بروایۃ امام محمد بن حسن شیبانی (موطا امام محمد) تحقیق: عبدالوہاب عبداللطیف' المکتبۃ العلمیہ **683**

اصبحی' ابوعبداللہ مالک بن انس' "الموطا" بروایۃ یحیٰی بن یحیٰی اندلسی' تحقیق: بشار عواد معروف' دار الغرب الاسلامی' بیروت' لبنان (طبع اول) **1996**ء **2407**

شیبانی' امام احمد بن محمد بن حنبل' "المسند" المطبعۃ المیمنیہ' مصر **1870/2**

سجستانی' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث' "السنن"' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **1710**

قزوینی' امام محمد بن یزید ابن ماجہ' "السنن"' تحقیق: بشار عواد معروف' دار الجیل' بیروت' **1998**ء **296**

نسائی' امام احمد بن شعیب' "المجتبیٰ من السنن"' دار الحدیث' قاہرہ' مصر **1407**ھ-**1987**ء **84/8**

نسائی' امام احمد بن شعیب' "السنن الکبریٰ"' تحقیق: سلیمان بنداری' سید کسروی' دار الکتب العلمیہ' **1991**ء **7445**

طحاوی' امام ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ' "شرح معانی الآثار"' تحقیق: محمد جاد الحق' مطبعۃ الانوار المحمدیہ' مصر **173/3**

دارقطنی' امام علی بن عمر' "السنن" مکتبۃ المتنبی' قاہرہ' مصر **194/3**

نیشاپوری' امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم' "المستدرک" مکتبۃ المطبوعات الاسلامیہ' حلب' طبع بیروت **381/4**

بیہقی' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی' "السنن الکبریٰ"' دائرۃ المعارف النظامیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' **1344**ھ **15/4**

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام"' دار المعرفۃ' بیروت' لبنان **146/6**

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام"' تحقیق: رفعت فوزی' دار الوفاء' طبع اول' **2001**ء **376/7**

حدیث نمبر **1596**:

اصبحی' ابوعبداللہ مالک بن انس' "الموطا" بروایۃ امام محمد بن حسن شیبانی (موطا امام محمد) تحقیق: عبدالوہاب عبداللطیف' المکتبۃ العلمیہ **684**

اصبحی' ابوعبداللہ مالک بن انس' "الموطا" بروایۃ یحیٰی بن یحیٰی اندلسی' تحقیق: بشار عواد معروف' دار الغرب الاسلامی' بیروت' لبنان (طبع اول) **1996**ء **2432**

کوفی' امام ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ' "المصنف" المطبعۃ العزیزیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' **1386**ھ **2874**

بخاری' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل' "الجامع الصحیح" (رقم الحدیث من فتح الباری) **2389**

نسائی' امام احمد بن شعیب' "السنن الکبریٰ"' تحقیق: سلیمان بنداری' سید کسروی' دار الکتب العلمیہ' **1991**ء **7449**

طحاوی' امام ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ' "شرح معانی الآثار"' تحقیق: محمد جاد الحق' مطبعۃ الانوار المحمدیہ' مصر **172/3**

طبرانی' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب' "المعجم الکبیر"' تحقیق: احمدی عبدالمجید سلفی' مطبعۃ الزہراء الحدیثۃ' موصل' عراق (طبع ثانی) **4339**

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام"' دار المعرفۃ' بیروت' لبنان **133/6**

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام"' تحقیق: رفعت فوزی' دار الوفاء' طبع اول' **2001**ء **332/7**

چوری پر ہاتھ نہیں کاٹا جائے گا۔

1597 - اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى بْنِ حَبَّانَ، عَنْ عَمِّهِ وَاسِعِ بْنِ حَبَّانَ، عَنْ رَافِعِ بْنِ خَدِيْجٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، بِمِثْلِهِ .

✧✧ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہے۔

اخرج الثلاثة الاحاديث من كتاب القطع فى السرقة .

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے یہ تینوں روایات کتاب قطع فی السرقہ میں نقل کی ہیں۔

باب فى اهل اللقاح وقطاع الطريق والمحارب

باب 15: غارت گری کرنے والے ڈاکوؤں جنگجو لوگوں کے احکام

1598 - اَخْبَرَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ اَبِىْ يَحْيَى، عَنْ جَعْفَرٍ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ، قَالَ : لَا وَاللّٰهِ، مَا سَمَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَيْنًا، وَلَا زَادَ اَهْلَ اللِّقَاحِ عَلٰى قَطْعِ اَيْدِيْهِمْ وَاَرْجُلِهِمْ

✧✧ امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ اپنے والد (امام محمد باقر رضی اللہ عنہ) کے حوالے سے امام زین العابدین رضی اللہ عنہ کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: اللہ کی قسم! نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کسی کی آنکھوں میں گرم سلائیں نہیں پھروائیں۔ آپ نے غارت گروں کے صرف ہاتھ اور پاؤں کٹوائے تھے۔

1599 - اَخْبَرَنَا اِبْرَاهِيْمُ، عَنْ صَالِحٍ مَوْلَى التَّوْاَمَةِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ فِىْ قُطَّاعِ الطَّرِيْقِ اِذَا قَتَلُوْا وَاَخَذُوْا

حدیث نمبر 1597:

طحاوی' امام ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ' "شرح معانی الآثار" تحقیق: محمد جاد الحق' مطبعۃ الانوار المحمدیہ' مصر — 172/3
طیالسی' امام ابوداؤد سلیمان بن داؤد' "المسند" دار المعرفۃ' بیروت لبنان — 958
حمیدی' امام ابوبکر عبداللہ بن زبیر' "المسند" عالم الکتب' بیروت' مکتبۃ المتنبی' قاہرہ' مصر — 407
دارمی' امام ابومحمد عبداللہ بن عبدالرحمٰن' "السنن" تحقیق: عبداللہ ہاشم یمانی' دار المحاسن' قاہرہ' 1966ء — 2311
قزوینی' امام محمد بن یزید ابن ماجہ' "السنن" تحقیق: بشار عواد معروف' دار الجیل' بیروت' 1998ء — 2593
ترمذی' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ' "الجامع الکبیر" تحقیق: ڈاکٹر بشار عواد معروف' دار الغرب الاسلامی' بیروت 1996ء — 1449
اصبحی' ابوعبداللہ مالک بن انس' "الموطا" بروایۃ یحییٰ بن یحییٰ اندلسی' تحقیق: بشار عواد معروف' دار الغرب الاسلامی' بیروت' لبنان (طبع اول) 1998ء — 87/8
نسائی' امام احمد بن شعیب' "السنن الکبریٰ" تحقیق: سلیمان بنداری' سید کسروی' دار الکتب العلمیہ' 1991ء — 7456
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام" دار المعرفۃ' بیروت' لبنان — 133/6
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام" تحقیق: رفعت فوزی' دار الوفاء' طبع اول' 2001ء — 333/7

حدیث نمبر 1599:

صنعانی' امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام' "المصنف" تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی' دار القلم' بیروت' 1970ء — 18544
کوفی' امام ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ' "المصنف" المطبعۃ العزیزیہ' حیدر آباد دکن' ہندوستان' 1386ھ — 28000
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام" دار المعرفۃ' بیروت' لبنان — 161

الْمَالَ قُتِلُوْا اَوْ صُلِبُوْا وَاِذَا قَتَلُوْا وَلَمْ يَاْخُذُوا الْمَالَ قُتِلُوْا وَلَمْ يُصْلَبُوْا وَاِذَا اَخَذُوا الْمَالَ وَلَمْ يَقْتُلُوْا قُطِعَتْ اَيْدِيْهِمْ وَاَرْجُلُهُمْ مِّنْ خِلَافٍ وَاِذَا اَخَافُوا السَّبِيْلَ وَلَمْ يَاْخُذُوْا مَالًا نُفُوْا مِنَ الْاَرْضِ .

✦✦ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' ڈاکو جب لوگوں کو قتل کر دیں اور ان کے مال پر قبضہ کر لیں تو ان ڈاکوؤں کو قتل بھی کیا جائے گا اور سولی پر بھی لٹکایا جائے گا۔ اگر وہ لوگوں کو قتل کر دیں ان کے مال پر قبضہ نہ کریں تو ان کو صرف قتل کیا جائے گا سولی پر نہیں لٹکایا جائے گا لیکن اگر وہ صرف مال حاصل کرتے ہیں قتل نہیں کرتے تو ان کے ہاتھ اور پاؤں مخالف سمت میں کاٹ دیئے جائیں گے۔ اگر وہ راستے میں لوگوں کو خوف زدہ کرتے ہیں اور لوگوں کا مال ہتھیاتے نہیں ہیں تو انہیں جلاوطن کر دیا جائے گا۔

1600 - وَعَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ قَالَ : كُلُّ شَيْءٍ فِي الْقُرْآنِ اَوْ لَهُ كَيْفَ شَآءَ قَالَ ابْنُ جُرَيْجٍ اِلَّا قَوْلَ اللّٰهِ تَعَالٰى "اِنَّمَا جَزَآءُ الَّذِيْنَ يُحَارِبُوْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهُ" فَلَيْسَ بِمُخَيَّرٍ فِيْهَا قَالَ الشَّافِعِيُّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ كَمَا قَالَ ابْنُ جُرَيْجٍ وَغَيْرُهُ "اِنَّمَا جَزَآءُ الَّذِيْنَ يُحَارِبُوْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهُ" فِي الْمُحَارِبِ فِيْ هٰذِهِ الْمَسْاَلَةِ اَقُوْلُ .

✦✦ عمرو بن دینار بیان کرتے ہیں' قرآن میں جس جگہ پر بھی لفظ ''او'' استعمال ہوا ہے تو آدمی کو اس میں اختیار ہے' وہ جیسے چاہے استعمال کرے۔

ابن جریج بیان کرتے ہیں' صرف اللہ تعالیٰ کے اس فرمان کا حکم مختلف ہے۔

''بے شک وہ لوگ جو اللہ اور اس کے رسول کے ساتھ جنگ کرتے ہیں ان کی سزا یہ ہے''۔

اس بارے میں اختیار نہیں ہے۔

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: حکم اسی طرح ہے جیسے ابن جریج اور دیگر حضرات نے بیان کیا ہے۔

''محارب'' شخص کے بارے میں یہی حکم ہے اور اس مسئلے میں' میں بھی یہی رائے رکھتا ہوں۔

اخرج الاوّل من كتاب قتال المشركين ' والثانى من كتاب القطع فى السرقة ' والثالث من كتاب المناسك .

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے پہلی روایات کتاب قتال المشرکین میں نقل کی ہے۔ دوسری روایت کتاب القطع فی السرقہ میں نقل کی ہے اور تیسری روایت کتاب المناسک میں نقل کی ہے۔

کتاب القتل والقصاص والدیات والقسامة

قتل' قصاص' دیات اور قسامت کے احکام

باب ما یحرم فی القتل

باب: 1: کس وجہ سے قتل کرنا حرام ہوجاتا ہے

1601 - اَخْبَرَنَا يَحْيَى بْنُ حَسَّانَ، عَنِ اللَّيْثِ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَزِيدَ اللَّيْثِيِّ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَدِيِّ بْنِ الْخِيَارِ، عَنِ الْمِقْدَادِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، اَنَّهُ اَخْبَرَهُ، اَنَّهُ قَالَ : يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اَرَاَيْتَ اِنْ لَقِيْتُ رَجُلاً مِّنَ الْكُفَّارِ فَقَاتَلَنِيْ فَضَرَبَ اِحْدٰى يَدَيَّ بِالسَّيْفِ فَقَطَعَهَا ثُمَّ لَاذَ مِنِّيْ بِشَجَرَةٍ، فَقَالَ : اَسْلَمْتُ لِلّٰهِ، اَفَاَقْتُلُهُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ بَعْدَ اَنْ قَالَهَا؟ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : لَا تَقْتُلْهُ، فَقُلْتُ : يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اِنَّهُ قَطَعَ يَدِيْ ثُمَّ قَالَ ذٰلِكَ بَعْدَ اَنْ قَطَعَهَا، اَفَاَقْتُلُهُ؟ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : لَا تَقْتُلْهُ، فَاِنْ قَتَلْتَهُ فَاِنَّهُ بِمَنْزِلَتِكَ قَبْلَ اَنْ تَقْتُلَهُ، وَاِنَّكَ بِمَنْزِلَتِهِ قَبْلَ اَنْ يَقُوْلَ كَلِمَتَهُ الَّتِيْ قَالَ

حضرت مقداد رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ آپ کا کیا خیال ہے؟ ایسی صورتحال کے بارے میں' اگر میرا سامنا کفار سے تعلق رکھنے والے کسی شخص سے ہوتا ہے وہ میرے ساتھ مقابلہ کرتا ہے' میرے ایک ہاتھ پر تلوار مار کر اسے کاٹ دیتا ہے پھر مجھ سے بچنے کے لئے ایک درخت کے پیچھے چلا جاتا ہے اور یہ کہتا ہے: میں اللہ تعالیٰ پر ایمان لایا۔ یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! کیا

حدیث نمبر 1601:

صنعانی' امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام' "المصنف"' تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی' دارالقلم' بیروت' 1970ء	18719
کوفی' امام ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ' "المصنف"' المطبعة العزیزیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' 1386ھ	28934
شیبانی' امام احمد بن محمد بن حنبل' "المسند"' المطبعة المیمنیہ' مصر	3/6
نیشاپوری' امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم' "المستدرک"' مکتبہ المطبوعات الاسلامیہ' حلب' طبع بیروت	4019
بجستانی' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث' "السنن"' داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان	2644
اسفرائینی' امام ابوعوانہ یعقوب بن اسحاق' "المسند"' مجلس دائرة المعارف العثمانیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' 1966ء	65/1
طحاوی' امام ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ' "شرح مشکل الآثار"' تحقیق: شعیب ارناؤوط' موسسة الرسالہ' بیروت' لبنان' 1987ء	9414
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام"' دارالمعرفة' بیروت' لبنان	269/1
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام"' تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اول' 2001ء	7/7

میں اسے قتل کردوں۔ اس کے یہ کہنے کے بعد؟ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: تم اسے قتل نہ کرو! میں نے عرض کی: یا رسول اللہ ﷺ اس نے میرا ہاتھ کاٹ دیا تھا اور ہاتھ کاٹنے کے بعد اس نے یہ جملہ کہا ہے کیا میں اسے قتل کردوں۔ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: تم اسے قتل نہ کرو (کیونکہ تم نے اسے قتل کردیا) تو وہ تمہاری اس جگہ پر ہوگا جو تمہارے اس کو قتل کرنے سے پہلے تھی اور تم اس کی اس جگہ پر ہوگے جو اس شخص کے اس کلمے کے پڑھنے سے پہلے تھی۔

1602 - اَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَزِيدَ اللَّيْثِيِّ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَدِيِّ بْنِ الْخِيَارِ، اَنَّ رَجُلاً سَارَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمْ نَدْرِ مَا سَارَّهُ بِهِ حَتّٰى جَهَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاِذَا هُوَ يَسْتَامِرُ فِيْ قَتْلِ رَجُلٍ مِنَ الْمُنَافِقِيْنَ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : اَلَيْسَ يَشْهَدُ اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ؟ قَالَ : بَلٰى، وَلَا شَهَادَةَ لَهُ، قَالَ : اَلَيْسَ يُصَلِّيْ؟ قَالَ : بَلٰى، وَلَا صَلَاةَ لَهُ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : اُولٰئِكَ الَّذِيْنَ نَهَانِي اللّٰهُ عَنْ قَتْلِهِمْ .

✦✦ حضرت عبید اللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' ایک مرتبہ کسی شخص نے نبی اکرم ﷺ سے سرگوشی میں بات کی۔ ہمیں یہ پتہ نہیں چل سکا کہ اس نے آپ کی سرگوشی میں کیا کہا؟ لیکن نبی اکرم ﷺ نے بلند آواز میں جواب دیا تو ہمیں پتہ چلا کہ وہ شخص آپ سے ایک منافق کو قتل کرنے کی اجازت مانگ رہا تھا۔ نبی اکرم ﷺ نے دریافت کیا' کیا وہ شخص اس بات کی گواہی نہیں دیتا کہ اللہ تعالیٰ کے علاوہ اور کوئی معبود نہیں۔ اس نے عرض کی: جی ہاں! لیکن اس کی گواہی کی کوئی حیثیت نہیں ہے۔ نبی اکرم ﷺ نے دریافت کیا' کیا وہ نماز ادا نہیں کرتا' اس نے عرض کی: جی ہاں! لیکن اس کی نماز کی کوئی حیثیت نہیں ہے۔ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: یہ وہ لوگ ہیں جنہیں (قتل کرنے سے) اللہ تعالیٰ نے مجھے منع کیا ہے۔

1603 - اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ اُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ قَالَ : شَهِدْتُ مِنْ نَفَاقِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ ثَلَاثَ مَجَالِسَ .

✦✦ حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: میں نے تین محفلوں میں عبد اللہ بن ابی کی منافقت کا مشاہدہ کیا ہے۔

اخرج الاول من كتاب جراح العمد ' والثاني والثالث من كتاب الاسارى والغلول .

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے پہلی روایت کتاب جراح عمد میں نقل کی ہے جبکہ دوسری وتیسری کتاب الاساری والغلول میں نقل کی ہے۔

حدیث نمبر 1602:

صنعانی' امام ابوبکر عبد الرزاق بن ہمام' "المصنف" 'تحقیق: عبد الرحمٰن اعظمی' دار القلم' بیروت' 1970ء	16888
شیبانی' امام احمد بن محمد بن حنبل' "المسند" 'المطبعة الميمنية' مصر	433/5
تمیمی' امام ابو حاتم محمد بن حبان' "صحیح ابن حبان"' دار الفکر' بیروت' طبع اول' 1996ء	5980
شافعی' امام ابو عبد اللہ محمد بن ادریس' "الام" 'دار المعرفۃ' بیروت' لبنان	157/6
شافعی' امام ابو عبد اللہ محمد بن ادریس' "الام" 'تحقیق: رفعت فوزی' دار الوفاء' طبع اول' 2001ء	396/7

باب من قتل نفسه بشيء عذب به يوم القيامة

باب 2: جو شخص جس چیز کے ذریعے خودکشی کرے گا قیامت کے دن اسے اسی چیز کے ذریعے عذاب دیا جائے گا

1604 - اَخْبَرَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ اَيُّوْبَ، عَنْ اَبِيْ قِلَابَةَ، عَنْ ثَابِتِ بْنِ الضَّحَّاكِ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ : مَنْ قَتَلَ نَفْسَهُ بِشَيْءٍ فِي الدُّنْيَا عُذِّبَ بِهٖ يَوْمَ الْقِيَامَةِ .

✦✦ حضرت ثابت بن ضحاک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: جو شخص جس چیز سے دنیا میں خودکشی کرے گا قیامت کے دن اسے اسی چیز کے ذریعے عذاب دیا جائے گا۔

اخرج من كتاب جراح العمد .

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے اس روایت کو کتاب جراح عمد میں نقل کیا ہے۔

باب ما يحل به القتل

باب 3: کس وجہ سے قتل کرنا حلال ہو جاتا ہے

1605 - اَخْبَرَنَا الثِّقَةُ، عَنْ حَمَّادٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ، عَنْ اَبِيْ اُمَامَةَ بْنِ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ، عَنْ عُثْمَانَ

حدیث نمبر **1604**:

طیالسی' امام ابوداؤد سلیمان بن داؤد' "المسند" دار المعرفۃ' بیروت لبنان	1197
صنعانی' امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام' "المصنف" تحقیق: عبدالرحمن اعظمی' دار القلم' بیروت' 1970ء	15984
حمیدی' امام ابوبکر عبداللہ بن زبیر' "المسند" عالم الکتب' بیروت' مکتبۃ المتنبی' قاہرہ' مصر	850
شیبانی' امام احمد بن محمد بن حنبل' "المسند" المطبعۃ المیمنیہ' مصر	33/4
دارمی' امام ابومحمد عبداللہ بن عبدالرحمن' "السنن" تحقیق: عبداللہ ہاشم یمانی' دار المحاسن' قاہرہ' 1966ء	2366
بخاری' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل' "الجامع الصحیح" (رقم الحدیث من فتح الباری)	1363
بجستانی' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث' "السنن" دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان	110
بجستانی' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث' "السنن" دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان	3257
ترمذی' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ' "الجامع الکبیر" تحقیق: ڈاکٹر بشار عواد معروف' دار الغرب الاسلامی' بیروت 1998ء	2636
نیشاپوری' امام مسلم بن حجاج' "الجامع الصحیح" تحقیق و ترقیم: فؤاد عبدالباقی' دار الحدیث' قاہرہ' مصر	5/7
نسائی' امام احمد بن شعیب' "السنن الکبریٰ" تحقیق: سلیمان بنداری' سید کسروی' دار الکتب العلمیہ' 1991ء	4711
طبرانی' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب' "المعجم الکبیر" تحقیق: احمدی عبدالمجید سلفی' مطبعۃ الزہراء الحدیثۃ' موصل' عراق (طبع ثانی)	1326
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام" دار المعرفۃ' بیروت' لبنان	4/6
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام" تحقیق: رفعت فوزی' دار الوفاء' طبع اول 2001ء	8/7

رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ : لَا يَحِلُّ قَتْلُ امْرِءٍ مُسْلِمٍ اِلا بِاِحْدٰى ثَلَاثٍ : كُفْرٌ بَعْدَ اِيمَانٍ، اَوْ زِنًى بَعْدَ اِحْصَانٍ، اَوْ قَتْلُ نَفْسٍ بِغَيْرِ نَفْسٍ .

✦✦ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: کسی بھی مسلمان کو تین میں سے کسی ایک وجہ سے قتل کیا جاسکتا ہے' ایمان لانے کے بعد کافر ہو جانا' محصن ہونے کے باوجود زنا کا ارتکاب کرنا کسی بھی شخص کو ناحق طور پر قتل کرنا۔

1606 - اَخْبَرَنَا الثِّقَةُ وَهُوَ يَحْيَى بْنُ حَسَّانَ، عَنْ حَمَّادٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ، عَنْ اَبِي اُمَامَةَ بْنِ سَهْلٍ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ : لَا يَحِلُّ دَمُ امْرِءٍ اِلا مِنْ اِحْدٰى ثَلَاثٍ : كُفْرٍ بَعْدَ اِيمَانٍ، اَوْ زِنًى بَعْدَ اِحْصَانٍ، اَوْ قَتْلِ نَفْسٍ بِغَيْرِ نَفْسٍ

✦✦ حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: کسی بھی مسلمان کو تین میں سے ایک وجہ سے قتل کیا جاسکتا ہے' ایمان لانے کے بعد کافر ہو جانا' محصن ہونے کے باوجود زنا کا ارتکاب کرنا ناحق طور پر کسی کو قتل کرنا۔

1607 - اَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ : مَنْ غَيَّرَ دِيْنَهُ

حدیث نمبر **1605**

طیالسی' امام ابوداؤد سلیمان بن داؤد' "المسند" دارالمعرفۃ' بیروت لبنان **72**
صنعانی' امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام' "المصنف"' تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی' دارالقلم' بیروت' **1970**ء **18702**
شیبانی' امام احمد بن محمد بن حنبل' "المسند"' المطبعۃ المیمنیہ' مصر **61/1**
دارمی' امام ابومحمد عبداللہ بن عبدالرحمٰن' "السنن"' تحقیق: عبداللہ ہاشم یمانی' دارالمحاسن' قاہرہ' **1966**ء **2302**
سجستانی' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث' "السنن"' داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **4502**
قزوینی' امام محمد بن یزید ابن ماجہ' "السنن"' تحقیق: بشار عواد معروف' دارالجیل' بیروت' **1998**ء **2533**
طحاوی' امام ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ' "شرح مشکل الآثار"' تحقیق: شعیب ارناؤوط' موسسۃ الرسالہ' بیروت' لبنان' **1987**ء **1802**
نیشاپوری' امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم' "المستدرک"' مکتبہ المطبوعات الاسلامیہ' حلب' طبع بیروت **3502**
شیبانی' امام احمد بن محمد بن حنبل' "المسند"' المطبعۃ المیمنیہ' مصر **4**
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام"' دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان **3/6**
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام"' تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اوّل' **2001**ء **6/7**

حدیث نمبر **1607**

اصبحی' ابوعبداللہ مالک بن انس' "الموطا"' بروایۃ یحیٰی بن یحیٰی اندلسی' تحقیق: بشار عواد معروف' دارالغرب الاسلامی' بیروت' لبنان (طبع اوّل) **1996**ء **2151**
طیالسی' امام ابوداؤد سلیمان بن داؤد' "المسند"' دارالمعرفۃ' بیروت لبنان **2689**
صنعانی' امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام' "المصنف"' تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی' دارالقلم' بیروت' **1970**ء **941**
نیشاپوری' امام مسلم بن حجاج' "الجامع الصحیح"' تحقیق و ترقیم: محمد فؤاد عبدالباقی' دارالحدیث' قاہرہ' مصر **533**
ترمذی' امام ابوعیسٰی محمد بن عیسٰی' "الجامع الکبیر"' تحقیق: ڈاکٹر بشار عواد معروف' دارالغرب الاسلامی' بیروت **1996**ء **1458**
نسائی' امام احمد بن شعیب' "المجتبیٰ من السنن"' دارالحدیث' قاہرہ' مصر **1407**ھ-**1987**ء **104**
شیبانی' امام احمد بن محمد بن حنبل' "المسند"' المطبعۃ المیمنیہ' مصر **7**

فَاضْرِبُوْا عُنُقَهٗ .

✦✦ حضرت زید بن اسلم رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: جو شخص اپنا دین تبدیل کرے (اسلام کو چھوڑ دے) اس کی گردن اُڑا دو۔

اخرج الاوّل من کتاب جراح العمد' والثانی من کتاب اختلاف الحدیث' والثالث من کتاب الاساری والغلول .

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے پہلی روایت کتاب جراح عمد میں نقل کی ہے دوسری کتاب اختلاف الحدیث میں اور تیسری روایت کتاب الاساری والغلول میں نقل کی ہے۔

باب استتابة المرتد

باب 4: مرتد سے توبہ کروانا

1608 - اَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الْقَارِي، عَنْ اَبِيْهِ اَنَّهٗ قَالَ : قَدِمَ عَلٰى عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ رَجُلٌ مِّنْ قِبَلِ اَبِيْ مُوْسٰى يَسْاَلُهٗ عَنِ النَّاسِ فَاَخْبَرَهٗ ثُمَّ قَالَ هَلْ كَانَ فِيْكُمْ مِنْ مُغَرَّبَةِ خَبَرٍ فَقَالَ نَعَمْ رَجُلٌ كَفَرَ بَعْدَ اِسْلَامِهٖ قَالَ فَمَا فَعَلْتُمْ بِهٖ قَالَ قَرَّبْنَاهُ فَضَرَبْنَا عُنُقَهٗ فَقَالَ عُمَرُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فَهَلَّا حَبَسْتُمُوْهُ ثَلَاثًا وَاَطْعَمْتُمُوْهُ كُلَّ يَوْمٍ رَغِيْفًا وَاسْتَتَبْتُمُوْهُ لَعَلَّهٗ يَتُوْبُ وَيُرَاجِعُ اَمْرَ اللّٰهِ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ لَمْ اَحْضُرْ وَلَمْ اٰمُرْ وَلَمْ اَرْضَ اِذْ بَلَغَنِيْ .

✦✦ عبدالرحمٰن بن محمد اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں' حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کی طرف سے ایک شخص حضرت

بقیہ حاشیہ حدیث نمبر **1607**:

نسائی' امام احمد بن شعیب' "السنن الکبریٰ" تحقیق: سلیمان بنداری' سید کسروی' دارالکتب العلمیہ' **1991ء** — **3522**

طحاوی' امام ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ' "شرح مشکل الآثار" تحقیق: شعیب ارناؤوط' موسسۃ الرسالہ' بیروت' لبنان **1987ء** — **2865**

تمیمی' امام ابوحاتم محمد بن حبان' "صحیح ابن حبان"' دارالفکر' بیروت' طبع اوّل **1996ء** — **4481**

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام" دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان — **257/1**

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام" تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اوّل **2001ء** — **568/2**

حدیث نمبر **1608**:

اصبحی' ابوعبداللہ مالک بن انس' "الموطا" بروایۃ یحییٰ بن یحییٰ اندلسی' تحقیق: بشار عواد معروف' دارالغرب الاسلامی' بیروت' لبنان (طبع اوّل) **1996ء** — **2152**

بیہقی' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی' "السنن الکبریٰ" دائرۃ المعارف النظامیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان **1344ھ** — **206/8**

طحاوی' امام ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ' "شرح معانی الآثار" تحقیق: محمد جادالحق' مطبعۃ الانوار المحمدیہ' مصر — **211/3**

صنعانی' امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام' "المصنف" تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی' دارالقلم' بیروت **1970ء** — **18694**

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام" دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان — **286**

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام" تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اوّل **2001ء** — **570/2**

عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوا' حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اس سے مختلف لوگوں کے بارے میں دریافت کیا اس نے انہیں بتایا' حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے دریافت کیا' تمہارے پاس کوئی عجیب وغریب خبر ہے؟ اس نے جواب دیا' جی ہاں! ایک شخص تھا وہ اسلام لانے کے بعد کافر ہو گیا۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے دریافت کیا تم نے اس کے ساتھ کیا سلوک کیا؟ اس نے جواب دیا ہم نے اس کی گردن اُڑا دی۔

حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تم نے اسے تین دن تک قید کیوں نہیں رکھا؟ اسے روزانہ روٹی کھلاتے اسے توبہ کرنے کے لئے کہتے' ہو سکتا ہے کہ وہ توبہ کر لیتا اور اللہ تعالیٰ کے حکم کی طرف واپس آ جاتا۔

(پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا) اے اللہ! میں وہاں موجود نہیں تھا اور میں اس بات سے راضی بھی نہیں ہوں اور جب مجھے اس کا پتہ چلا تو میں نے اسے برقرار بھی نہیں رکھا۔

اخرجه من كتاب الاسارى والغلول .

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے اس روایت کو کتاب الاساری والغلول میں نقل کیا ہے۔

باب من قتل دون ماله فهو شهيد

باب 5: جو شخص اپنے مال کی حفاظت کرتے ہوئے مارا جائے وہ شہید ہے

1609 - اَخْبَرَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ طَلْحَةَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَوْفٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ زَيْدِ بْنِ عَمْرٍو

حدیث نمبر **1609**:

طیالسی' امام ابوداؤد سلیمان بن داؤد' "المسند" دار المعرفۃ' بیروت لبنان 233

صنعانی' امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام' المصنف' تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی' دار القلم' بیروت' 1970ء 1856

حمیدی' امام ابوبکر عبداللہ بن زبیر' "المسند" عالم الکتب' بیروت' مکتبۃ المتنبی' قاہرہ' مصر 83

کوفی' امام ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ' "المصنف" المطبعۃ العزیزیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' 1386ھ 28038

الکسی' امام ابومحمد عبد بن حمید بن نصر' "مسند" تحقیق: صبحی سامرائی' محمود خلیل' عالم الکتب' 1988ء 106

سجستانی' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث' "السنن"' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان 477/2

قزوینی' امام محمد بن یزید ابن ماجہ' "السنن" تحقیق: بشار عواد معروف' دار الجیل' بیروت' 1998ء 2580

دارمی' امام ابومحمد عبداللہ بن عبدالرحمٰن' "السنن" تحقیق: عبداللہ ہاشم یمانی' دار المحاسن' قاہرہ' 1966ء 1418

نسائی' امام احمد بن شعیب' "المجتبیٰ من السنن" دار الحدیث' قاہرہ' مصر 1407ھ-1987ء 115/7

نسائی' امام احمد بن شعیب' "السنن الکبریٰ" تحقیق: سلیمان بنداری' سید کسروی' دار الکتب العلمیہ' 1991ء 553

طحاوی' امام ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ' "شرح مشکل الآثار" تحقیق: شعیب ارناؤوط' موسسۃ الرسالہ' بیروت' لبنان' 1987ء 6139

تمیمی' امام ابوحاتم محمد بن حبان' "صحیح ابن حبان" دار الفکر' بیروت' طبع اول' 1996ء 3190

طبرانی' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب' "المعجم الکبیر" تحقیق: احمدی عبدالمجید سلفی' مطبعۃ الزہراء الحدیثۃ' موصل' عراق' (طبع ثانی) 352

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام" دار المعرفۃ' بیروت' لبنان 30/6

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام" تحقیق: رفعت فوزی' دار الوفاء' طبع اول' 2001ء 77/7

بْنِ نُفَيْلٍ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ : وَمَنْ قُتِلَ دُوْنَ مَالِهِ فَهُوَ شَهِيْدٌ .

✧✧ حضرت سعید بن زید رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: جو شخص اپنے مال کی حفاظت کرتے ہوئے مارا جائے وہ ''شہید'' ہے۔

1610 - اَخْبَرَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ طَلْحَةَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَوْفٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ زَيْدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ نُفَيْلٍ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ : مَنْ قُتِلَ دُوْنَ مَالِهِ فَهُوَ شَهِيْدٌ .

✧✧ حضرت سعید بن زید رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: جو شخص اپنے مال کی حفاظت کرتے ہوئے مارا جائے وہ ''شہید'' ہے۔

اخرج الاوّل من كتاب جراح العمد والثاني من كتاب قتال اهل البغي .

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے پہلی روایت کتاب جراح عمد میں نقل کی ہے اور دوسری روایت کتاب قتال اہل بغی میں نقل کی ہے۔

باب قتل الجماعة بالواحد

باب 6: ایک شخص کے بدلے میں زیادہ لوگوں کو قتل کرنا

1611 - اَخْبَرَنَا مَالِكُ بْنُ اَنَسٍ، عَنْ يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ، اَنَّ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَتَلَ نَفَرًا خَمْسَةً اَوْ سَبْعَةً بِرَجُلٍ قَتَلُوْهُ قَتْلَ غِيلَةٍ وَقَالَ عُمَرُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ لَوْ تَمَالَا عَلَيْهِ اَهْلُ صَنْعَاءَ لَقَتَلْتُهُمْ جَمِيْعًا .

✧✧ سعید بن میسب بیان کرتے ہیں' حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے پانچ یا سات آدمیوں کو ایک شخص کے بدلے میں قتل کروایا تھا' ان سب لوگوں نے اسے قتل کیا تھا اور دھوکے کے ساتھ قتل کیا تھا حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: اگر ''صنعاء'' کے رہنے والے تمام لوگ اس کے قتل میں شریک ہوتے تو میں ان سب کو قتل کروا دیتا۔

اخرجه من كتاب جراح العمد .

حدیث نمبر **1611**

اصبحی' ابوعبداللہ مالک بن انس' ''الموطا'' بروایۃ امام محمد بن حسن شیبانی (موطا امام محمد) تحقیق: عبدالوہاب عبداللطیف' المکتبۃ العلمیہ	671
اصبحی' ابوعبداللہ مالک بن انس' ''الموطا'' بروایۃ یحییٰ بن یحییٰ اندلسی' تحقیق: بشار عواد معروف' دار الغرب الاسلامی' بیروت' لبنان (طبع اول) 1996ء	2552
صنعانی' امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام' ''المصنف'' تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی' دار القلم' بیروت' 1970ء	18073
کوفی' امام ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ' ''المصنف'' المطبعۃ العزیزیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' 1386ھ	27664
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام'' دار المعرفۃ' بیروت' لبنان	20/3
بیہقی' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی' ''السنن الکبریٰ'' دائرۃ المعارف النظامیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' 1344ھ	416
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام'' دار المعرفۃ' بیروت' لبنان	22/6
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام'' تحقیق: رفعت فوزی' دار الوفاء' طبع اول 2001ء	56/7

امام شافعی نے اس روایت کو کتاب جراح عمد میں نقل کیا ہے۔

باب قتل السحرة

باب 7: جادوگروں کو قتل کرنا

1612 - اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ، اَنَّهٗ سَمِعَ بِجَالَةَ يَقُوْلُ كَتَبَ عُمَرُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، اَنِ اقْتُلُوْا كُلَّ سَاحِرٍ وَسَاحِرَةٍ، قَالَ : فَقَتَلْنَا ثَلَاثَ سَوَاحِرَ .

✧✧ عمرو بن دینار بیان کرتے ہیں' انہوں نے بجالہ کو یہ بیان کرتے ہوئے سنا ہے حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے یہ تحریر کیا تھا' ہر جادوگر مرد اور جادوگر عورت کو قتل کر دو۔

راوی بیان کرتے ہیں' ہم نے تین جادوگروں کو قتل کر دیا۔

1613 - قَالَ : وَاَخْبَرَنَا اَنَّ حَفْصَةَ زَوْجَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَتَلَتْ جَارِيَةً لَّهَا سَحَرَتْهَا

✧✧ راوی بیان کرتے ہیں' مجھے یہ پتہ چلا ہے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زوجہ محترمہ سیدہ حفصہ رضی اللہ عنہا نے اپنی ایک کنیز کو قتل کروا دیا تھا جس نے ان پر جادو کر دیا تھا۔

1614 - اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ : يَا عَائِشَةَ، اَمَا عَلِمْتِ اَنَّ اللّٰهَ اَفْتَانِيْ فِيْ اَمْرٍ اسْتَفْتَيْتُهٗ فِيْهِ وَقَدْ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَكَثَ كَذَا وَكَذَا يُخَيَّلُ اِلَيْهِ اَنَّهٗ يَاْتِي النِّسَاءَ وَلَا يَاْتِيْهِنَّ اَتَانِيْ رَجُلَانِ فَجَلَسَ اَحَدُهُمَا عِنْدَ رِجْلَيَّ وَالْاٰخَرُ عِنْدَ رَاْسِيْ، فَقَالَ الَّذِيْ عِنْدَ رِجْلَيَّ لِلَّذِيْ عِنْدَ رَاْسِيْ : مَا بَالُ الرَّجُلِ؟ قَالَ :

حدیث نمبر **1612**:

صنعانی' امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام' "المصنف" 'تحقیق: عبدالرحمن اعظمی' دارالقلم بیروت' **1970**ء	**9972**
کوفی' امام ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ' "المصنف" المطبعة العزیزیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' **1386**ھ	**2982**
شیبانی' امام احمد بن محمد بن حنبل' "المسند" المطبعة المیمنیہ' مصر	**190/1**
نسائی' امام احمد بن شعیب' "السنن الکبریٰ" تحقیق: سلیمان بنداری' سید کسروی' دارالکتب العلمیہ' **1991**ء	**3043**
موصلی' امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنی' "المسند" تحقیق: حسین سلیم اسد' دارالمامون للتراث' طبع اول' **1987**ء	**860**
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام" دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان	**256/1**
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام" تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اول' **2001**ء	**566/2**

حدیث نمبر **1613**:

صنعانی' امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام' "المصنف" 'تحقیق: عبدالرحمن اعظمی' دارالقلم بیروت' **1970**ء	**18748**
اصبحی' ابوعبداللہ مالک بن انس' "الموطا" بروایۃ یحییٰ بن یحییٰ اندلسی' تحقیق: بشار عواد معروف' دارالغرب الاسلامی' بیروت' لبنان (طبع اول) **1996**ء	**2553**
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام" دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان	**256/1**
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام" تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اول' **2001**ء	**566/2**

مَطْبُوبٌ، قَالَ : وَمَنْ طَبَّهُ؟ قَالَ : لَبِيدُ بْنُ اَعْصَمَ، قَالَ : وَفِيمَ؟ قَالَ : فِي جُفِّ طَلْعَةٍ ذَكَرٍ، فِي مُشْطٍ وَّمُشَاقَةٍ تَحْتَ رَاعُوفَةٍ اَوْ رَاعُوثَةٍ، شَكَّ الرَّبِيعُ، فِي بِئْرِ ذَرْوَانَ قَالَ : فَجَائَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ : هٰذِهِ الَّذِىْ اُرِيْتُهَا كَاَنَّ رُئُوسَ نَخْلِهَا رُئُوسُ الشَّيَاطِيْنِ، وَكَاَنَّ مَائَهَا نُقَاعَةُ الْحِنَّاءِ، فَاَمَرَ بِهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاُخْرِجَ، قَالَتْ عَائِشَةُ : فَقُلْتُ : يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، فَهَلَّا، قَالَ سُفْيَانُ : تَعْنِي تَنَشَّرْتَ، قَالَتْ عَائِشَةُ : فَقَالَ : اَمَّا اللّٰهُ فَقَدْ شَفَانِيْ، وَاَكْرَهُ اَنْ اُثِيْرَ عَلَى النَّاسِ مِنْهُ شَرًّا، قَالَتْ : وَلَبِيْدُ بْنُ اَعْصَمَ رَجُلٌ مِّنْ بَنِي زُرَيْقٍ حَلِيفٌ لِيَهُوْدَ

✧✧ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اے عائشہ! کیا تمہیں پتہ ہے؟ اللہ تعالیٰ نے مجھے اس چیز کے بارے میں بتا دیا ہے' جس کے بارے میں نے اس سے پوچھا تھا' سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' کچھ دنوں تک نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی یہ کیفیت رہی کہ آپ کو یہ خیال ہوتا تھا کہ آپ نے اپنی ازواج کے ساتھ صحبت کی ہے لیکن آپ نے ایسا نہیں کیا ہوتا تھا۔ (نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:) میرے پاس دو آدمی آئے ایک میرے پاؤں کے پاس بیٹھ گئے دوسرا میرے سرہانے بیٹھ گیا۔ جو میرے پاؤں کے پاس تھا اس نے میرے سرہانے والے سے کہا ان صاحب کا کیا معاملہ ہے' اس نے جواب دیا: ان پر جادو ہوا ہے۔ پہلے نے پوچھا: ان پر کس نے جادو کیا ہے؟ دوسرے نے جواب دیا: لبید بن اعصم نے' پہلے نے دریافت کیا: کس چیز میں کیا ہے؟ دوسرے نے جواب دیا: نر کھجور کے گوشے میں' کنگھی میں اور سر کے بالوں میں' ایک پتھر کے نیچے جو ''ذروان'' کے کنویں کے اندر ہے۔ (یہاں پر ایک لفظ کے بارے میں ایک راوی کو شک ہے) راوی بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم وہاں تشریف لائے تو آپ نے ارشاد فرمایا: یہ وہی جگہ ہے جو مجھے خواب میں دکھائی گئی تھی' اس باغ کے کھجوروں کے درخت یوں تھے

حدیث نمبر 1614:

حمیدی' امام ابوبکر عبداللہ بن زبیر'' المسند'' عالم الکتب' بیروت' مکتبۃ المتنبی' قاہرہ' مصر	259
کوفی' امام ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ' المصنف'' المطبعۃ العزیزیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' 1386ھ	23519
مروزی' امام اسحاق بن ابراہیم'' المسند'' مکتبۃ الایمان' مدینہ منورہ' طبع اوّل' 1412ھ-1991ء	737
شیبانی' امام احمد بن محمد بن حنبل'' المسند'' المطبعۃ المیمنیہ' مصر	50/6
بخاری' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل'' الجامع الصحیح'' (رقم الحدیث من فتح الباری)	3175
نیشاپوری' امام مسلم بن حجاج'' الجامع الصحیح'' تحقیق وترقیم فؤاد عبدالباقی' دارالحدیث' قاہرہ' مصر	2189
قزوینی' امام محمد بن یزید ابن ماجہ'' السنن'' تحقیق: بشار عواد معروف' دارالجیل' بیروت' 1998ء	3545
نسائی' امام احمد بن شعیب'' السنن الکبریٰ'' تحقیق: سلیمان بنداری' سید کسروی' دارالکتب العلمیہ' 1991ء	7615
موصلی' امام ابویعلی احمد بن علی بن مثنیٰ'' المسند'' تحقیق: حسین سلیم اسد' دارالمامون للتراث' طبع اوّل 1987ء	4882
طحاوی' امام ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ'' شرح مشکل الآثار'' تحقیق: شعیب ارناؤوط' موسسۃ الرسالہ' بیروت' لبنان' 1987ء	5934
تمیمی' امام ابوحاتم محمد بن حبان'' صحیح ابن حبان'' دارالفکر' بیروت' طبع اوّل' 1996ء	6582
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس'' الام'' دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان	256/1
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس'' الام'' تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اوّل' 2001ء	506/2

جیسے شیاطین کے ''سر'' ہوتے ہیں اور کنویں کا پانی یوں تھا جیسے مہندی ملی ہوئی ہے۔
راوی بیان کرتے ہیں' نبی اکرم ﷺ کے حکم کے تحت اس پتھر کو نکالا گیا' سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں میں نے نبی اکرم ﷺ سے دریافت کیا' آپ نے اس بات کو پھیلایا کیوں نہیں؟ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ نے مجھے شفاء عطا کر دی ہے تو مجھے یہ بات اچھی نہیں لگی کہ میں اس حوالے سے لوگوں کے درمیان شر کو پھیلاؤں۔
راوی بیان کرتے ہیں' لبید بن اعصم بنو زریق سے تعلق رکھنے والا شخص تھا' جو یہودیوں کا حلیف تھا۔

اخرج الثلاثة الاحاديث من كتاب الطعام والشراب وعمارة الارضين مما لم يسمع الربيع من الشافعي .

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے پہلی تین روایات کتاب الطعام والشراب وعمارۃ الارضین میں نقل کی ہیں اور یہ ان روایات میں سے ہیں جنہیں امام ربیع نے امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ سے نہیں سنا۔

باب حسن القتلة

باب 8: اچھے طریقے سے قتل کرنا

1615 - اَخْبَرَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ، عَنْ صُهَيْبٍ مَوْلٰى عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَامِرٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ : مَنْ قَتَلَ عُصْفُوْرًا فَمَا فَوْقَهَا بِغَيْرِ حَقِّهَا سَاَلَهُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ عَنْ قَتْلِهِ، قِيْلَ : يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، مَا حَقُّهَا؟ قَالَ : اَنْ يَّذْبَحَهَا فَيَاْكُلَهَا، وَلَا يَقْطَعَ رَاْسَهَا فَيَرْمِيَ بِهَا .

✦✦ حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے: جو شخص ناحق طور پر چڑیا یا کسی پرندے وغیرہ کو قتل کرے گا تو اللہ تعالیٰ اس قتل کے بارے میں اس سے حساب لے گا' عرض کی گئی یا رسول اللہ ﷺ! اس کا حق کیا ہے؟ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: اسے ذبح کر کے کھا لے اور اس کا سر مکمل طور پر کاٹ کر نہ پھینکے۔

حدیث نمبر **1615**:

طحاوی' امام ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ' ''شرح مشکل الآثار'' تحقیق: شعیب ارناؤوط' موسسۃ الرسالۃ' بیروت' لبنان' **1987**ء	**872**
طیالسی' امام ابوداؤد سلیمان بن داؤد' ''المسند'' دار المعرفۃ' بیروت لبنان	**2279**
حمیدی' امام ابوبکر عبداللہ بن زبیر' ''المسند'' عالم الکتب' بیروت' مکتبۃ المتنبی' قاہرہ' مصر	**587**
شیبانی' امام احمد بن محمد بن حنبل' ''المسند'' المطبعۃ المیمنیہ' مصر	**1166/2**
دارمی' امام ابومحمد عبداللہ بن عبدالرحمن' ''السنن'' تحقیق: عبداللہ ہاشم یمانی' دار المحاسن' قاہرہ' **1966**ء	**1984**
نسائی' امام احمد بن شعیب' ''المجتبیٰ من السنن'' دار الحدیث' قاہرہ' مصر' **1407**ھ-**1987**ء	**206/7**
نسائی' امام احمد بن شعیب' ''السنن الکبریٰ'' تحقیق: سلیمان بنداری' سید کسروی' دار الکتب العلمیہ' **1991**ء	**4534**
نیشاپوری' امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم' ''المستدرک'' مکتبۃ المطبوعات الاسلامیہ' حلب' طبع بیروت	**233/4**
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام'' دار المعرفۃ' بیروت' لبنان	**241/4**
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام'' تحقیق: رفعت فوزی' دار الوفاء' طبع اول' **2001**ء	**595/5**

1616 - اَخْبَرَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ اَيُّوبَ بْنِ اَبِي تَمِيمَةَ، عَنْ عِكْرِمَةَ، قَالَ : لَمَّا بَلَغَ ابْنَ عَبَّاسٍ اَنَّ عَلِيًّا رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ حَرَّقَ الْمُرْتَدِّينَ وَالزَّنَادِقَةَ، قَالَ : لَوْ كُنْتُ اَنَا لَمْ اُحَرِّقْهُمْ وَلَقَتَلْتُهُمْ لِقَوْلِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : مَنْ بَدَّلَ دِينَهُ فَاقْتُلُوهُ، وَلَمْ اُحَرِّقْهُمْ لِقَوْلِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : لَا يَنْبَغِي لِاَحَدٍ اَنْ يُعَذِّبَ بِعَذَابِ اللّٰهِ

عکرمہ بیان کرتے ہیں' جب حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کو پتہ چلا' حضرت علی رضی اللہ عنہ نے مرتدین اور زندیقوں کو جلوادیا ہے تو حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: اگر میں ان کی جگہ ہوتا تو میں انہیں جلواتا نہیں بلکہ میں انہیں قتل کروادیتا۔

کیونکہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: جو شخص اپنے دین کو تبدیل کرے اسے قتل کردو۔

[میں] انہیں جلواتا نہیں۔

کیونکہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ ارشاد فرمایا ہے: کسی بھی شخص کو یہ حق نہیں ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ کے عذاب کی طرح عذاب دے۔

1617 - اَخْبَرَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ اَبِيهِ، اَنَّ عَلِيًّا رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ فِي ابْنِ مِلْجَمٍ بَعْدَ مَا ضَرَبَهُ اَطْعِمُوهُ وَاسْقُوهُ وَاَحْسِنُوا اِسَارَهُ فَاِنْ عِشْتُ فَاَنَا وَلِيُّ دَمِي اَعْفُو اِنْ شِئْتُ وَاِنْ شِئْتُ

حدیث نمبر **1616**:

صنعانی' امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام' "المصنف"' تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی' دارالقلم' بیروت' **1970**ء — **9413**

حمیدی' امام ابوبکر عبداللہ بن زبیر' "المسند"' عالم الکتب' بیروت' مکتبۃ المتنبی' قاہرہ' مصر — **533**

شیبانی' امام احمد بن محمد بن حنبل' "المسند"' المطبعۃ المیمنیہ' مصر — **217/1**

[بخاری]' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل' "الجامع الصحیح" (رقم الحدیث من فتح الباری) — **3017**

[سجستانی]' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث' "السنن"' داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان — **4351**

[ترمذی]' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ' "الجامع الکبیر"' تحقیق: ڈاکٹر بشار عواد معروف' دارالغرب الاسلامی' بیروت **1996**ء — **1458**

نسائی' امام احمد بن شعیب' "المجتبیٰ من السنن"' دارالحدیث' قاہرہ' مصر **1407**ھ-**1987**ء — **104/7**

نسائی' امام احمد بن شعیب' "السنن الکبریٰ"' تحقیق: سلیمان بنداری' سید کسروی' دارالکتب العلمیہ' **1991**ء — **3523**

طحاوی' امام ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ' "شرح مشکل الآثار"' تحقیق: شعیب ارناؤوط' موسسۃ الرسالہ' بیروت' لبنان' **1987**ء — **2864**

تمیمی' امام ابوحاتم محمد بن حبان' "صحیح ابن حبان"' دارالفکر' بیروت' طبع اوّل' **1996**ء — **4482**

دارقطنی' امام علی بن عمر' "السنن"' مکتبۃ المتنبی' قاہرہ' مصر — **108/3**

نیشاپوری' امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم' "المستدرک"' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' طبع بیروت — **5383**

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام"' دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان — **257/1**

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام"' تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اوّل' **2001**ء — **588/2**

حدیث نمبر **1617**:

بیہقی' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی' "السنن الکبریٰ"' دائرۃ المعارف النظامیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' **1344**ھ — **183/8**

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام"' دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان — **217/4**

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام"' تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اوّل' **2001**ء — **821/8**

اسْتَقَدْتُ وَاِنْ مُتُّ فَقَتَلْتُمُوْهُ فَلَا تُمَثِّلُوْا

✦✦ امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ اپنے والد (امام محمد باقر رضی اللہ عنہ) کا یہ بیان نقل کرتے ہیں حضرت علی رضی اللہ عنہ نے ابن ملجم کے بارے میں یہ ارشاد فرمایا تھا جب اس نے آپ پر حملہ کر دیا تھا' تم اسے کھلاؤ پلاؤ اور اچھے طریقے سے اس کا خیال رکھو! اگر میں زندہ رہا تو میں اپنے خون کا خود نگران ہوں اگر میں چاہوں گا تو معاف کر دوں گا۔ اگر چاہوں گا تو اس سے دیت لوں گا لیکن اگر میں مر گیا' تو تم اسے قتل کر دینا لیکن اس کا ''مثلہ'' نہ کرنا۔

اخرج الاوّل من كتاب قتال المشركين ' والثانى من كتاب الاسارى والغلول ' والثالث من كتاب قتال اهل البغى .

امام شافعی رحمہ اللہ نے پہلی روایت کو قتال المشرکین میں نقل کی ہے دوسری روایت کتاب الاساری والغلول میں اور تیسری روایت کتاب قتال اہل البغی میں نقل کی ہے۔

باب ان اعدى الناس على الله تعالىٰ القاتل غير قاتله

باب 9: اللہ تعالیٰ کے بارے میں سب سے سرکش وہ شخص ہے جو ناحق طور پر کسی کو قتل کرے

1618 - اَخْبَرَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ جَدِّهِ، قَالَ : وُجِدَ فِيْ قَائِمِ سَيْفِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كِتَابٌ : اِنَّ اَعْدَى النَّاسِ عَلَى اللّٰهِ سُبْحَانَهُ وَتَعَالَى الْقَاتِلُ غَيْرَ قَاتِلِهِ، وَالضَّارِبُ غَيْرَ ضَارِبِهِ، وَمَنْ تَوَلّٰى غَيْرَ مَوَالِيْهِ فَقَدْ كَفَرَ بِمَا اَنْزَلَ اللّٰهُ سُبْحَانَهُ عَلٰى مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ .

امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ اپنے والد کے حوالے سے اپنے دادا کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی تلوار کے قبضے میں ایک تحریر ملی تھی۔ جس میں یہ بات موجود تھی: اللہ تعالیٰ کے احکام کی نافرمانی کے حوالے سے سب سے زیادہ سرکش وہ شخص ہے جو کسی کو ناحق طور پر قتل کرے یا ناحق طور پر مارے اور جو شخص اپنے آزاد کرنے والوں کے علاوہ کسی اور کی طرف خود کو منسوب کرے یا اس چیز کا انکار کرے جسے اللہ تعالیٰ نے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر نازل کیا۔

1619 - اَخْبَرَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ، قَالَ : قُلْتُ لِاَبِيْ جَعْفَرٍ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيٍّ : مَا كَانَ فِي الصَّحِيْفَةِ الَّتِيْ كَانَتْ فِيْ قِرَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ فَقَالَ : كَانَ فِيْهَا : لَعَنَ اللّٰهُ الْقَاتِلَ غَيْرَ قَاتِلِهِ، وَالضَّارِبَ غَيْرَ ضَارِبِهِ، وَمَنْ تَوَلّٰى غَيْرَ وَلِيِّ نِعْمَتِهِ فَقَدْ كَفَرَ بِمَا اَنْزَلَ اللّٰهُ عَلٰى مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ .

حدیث نمبر **1618**

صنعانی' امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام' ''المصنف'' تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی' دارالقلم' بیروت' **1970**ء — **18847**

موصلی' امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ' ''المسند'' تحقیق: حسین سلیم اسد' دارالمامون للتراث' طبع اول **1987**ء — **330/6**

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام'' دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان — **4/6**

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام'' تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اول' **2001**ء — **11/7**

✧✧ محمد بن اسحٰق بیان کرتے ہیں: میں نے امام محمد باقر رضی اللہ عنہ سے دریافت کیا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی تلوار کے قبضے میں جو صحیفہ موجود تھا' وہ کیا تھا؟ انہوں نے بتایا: اس میں یہ تحریر تھا' اللہ تعالیٰ اس شخص پر لعنت کرے جو کسی کو ناحق طور پر قتل کرے اور کسی کو ناحق طور پر مارے اور اس شخص پر (لعنت کرے) جو اپنے آزاد کرنے کے علاوہ کسی اور کی طرف خود کو منسوب کرے اور (اس شخص پر لعنت کرے) اس چیز کا انکار کرے جسے اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر نازل کیا ہے''۔

اخوج الحدیثین من کتاب جراح العمد .

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے یہ دونوں روایات کتاب جراح عمد میں نقل کی ہیں۔

باب لا تزر وازرة وزر اُخرٰی

باب 10: کوئی شخص کسی دوسرے کا بوجھ نہیں اُٹھائے گا

1620 - اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ اَوْسٍ قَالَ : كَانَ الرَّجُلُ يُؤْخَذُ بِذَنْبِ غَيْرِهٖ حَتّٰى جَآءَ اِبْرَاهِيْمُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ "وَاِبْرَاهِيْمَ الَّذِیْ وَفّٰى . اَلَّا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِّزْرَ اُخْرٰى" .

✧✧ حضرت عمرو بن اوس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' پہلے کسی شخص کو کسی دوسرے کے گناہ میں پکڑا جاتا تھا' یہاں تک کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام آئے تو اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا:

وہ ابراہیم جس نے اپنے عہد کو پورا کیا (اور حکم یہ ہے) کوئی شخص کسی دوسرے کا بوجھ نہیں اٹھائے گا۔ امام ربیع نے یہاں تک پہلے لفظ ''اخبرنا'' کے ساتھ روایت نقل کی پھر لفظ ''حدثنا'' کے ساتھ نقل کی۔

1621 - اَخْبَرَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ سَعِيْدِ بْنِ اَبْجَرَ، عَنْ اِيَادِ بْنِ لَقِيْطٍ، عَنْ اَبِیْ رِمْثَةَ، قَالَ :

حدیث نمبر **1620**:

بیہقی' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی' ''السنن الکبریٰ'' دائرۃ المعارف النظامیہ' حیدر آباد دکن' ہندوستان' 1344ھ — 345/8

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام'' دار المعرفۃ' بیروت' لبنان — 95/7

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام'' 'تحقیق: رفعت فوزی' دار الوفاء' طبع اوّل' 2001ء — 213/8

حدیث نمبر **1621**:

حمیدی' امام ابوبکر عبداللہ بن زبیر' ''المسند'' عالم الکتب' بیروت' مکتبۃ المتنبی' قاہرہ' مصر — 866

شیبانی' امام احمد بن محمد بن حنبل' ''المسند'' المطبعۃ المیمنیہ' مصر — 228

دارمی' امام ابومحمد عبداللہ بن عبدالرحمٰن' ''السنن'' 'تحقیق: عبداللہ ہاشم یمانی' دار المحاسن' قاہرہ' [illegible]ء — [illegible]

بجستانی' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث' ''السنن''، دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان — [illegible]

اصبحی' ابوعبداللہ مالک بن انس' ''المؤطا'' بروایۃ یحییٰ بن یحییٰ اندلسی' تحقیق: بشار عواد معروف' دار الغرب الاسلامی' بیروت' لبنان (طبع اوّل) [illegible]ء — [illegible]

نسائی' امام احمد بن شعیب' ''السنن الکبریٰ'' 'تحقیق: سلیمان بنداری' سید کسروی' دار الکتب العلمیہ' 1991ء — [illegible]

تمیمی' امام ابوحاتم محمد بن حبان' ''صحیح ابن حبان''، دار الفکر' بیروت' طبع اوّل' [illegible]ء — [illegible]

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام'' دار المعرفۃ' بیروت' لبنان — [illegible]

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام'' 'تحقیق: رفعت فوزی' دار الوفاء' طبع اوّل' 2001ء — 12/7

دَخَلْتُ مَعَ اَبِیْ عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَرَاٰی اَبِی الَّذِیْ بِظَهْرِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ : دَعْنِیْ اُعَالِجُ هٰذَا الَّذِیْ بِظَهْرِكَ، فَاِنِّیْ طَبِیْبٌ رَفِیْقٌ، وَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ : مَنْ هٰذَا مَعَكَ؟ قَالَ : ابْنِیْ، اَشْهَدُ بِهٖ، قَالَ : اَمَا اِنَّهٗ لَا یَجْنِیْ عَلَیْكَ، وَلَا تَجْنِیْ عَلَیْهِ .

✦✦ حضرت ابورمثہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' میں اپنے والد کے ہمراہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا' میرے والد نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی کمر مبارک کا جائزہ لیا اور بولے آپ مجھے موقع دیں کہ میں آپ کی کمر کا علاج کروں کیونکہ میں طبیب ہوں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم مہربان آدمی ہو پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سوال کیا تمہارے ساتھ کون ہے' انہوں نے جواب دیا' میں اس کی گواہی دیتا (یعنی قسم اٹھاتا) ہوں۔ آپ نے ارشاد فرمایا: ''یہ تمہارے کیے کی سزا نہیں بھگتے گا اور تم اس کے کیے کی سزا نہیں بھگتو گے''۔

اخرج الاوّل من کتاب احکام القرآن ' والثانی من کتاب جراح العمد .

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے پہلی روایت کتاب احکام القرآن میں نقل کی ہے اور دوسری روایت کتاب جراح عمد میں نقل کی ہے۔

باب الوفاء لاهل الذمة والقصاص لهم

باب 11: ذمیوں کے ساتھ عہد کو پورا کرنا اور ان کے لئے قصاص لینا

1622 - اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ، اَخْبَرَنَا اِبْرَاهِیْمُ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْبَیْلَمَانِیِّ، اَنَّ رَجُلًا مِّنَ الْمُسْلِمِیْنَ قَتَلَ رَجُلًا مِّنْ اَهْلِ الذِّمَّةِ، فَرُفِعَ ذٰلِكَ اِلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ : اَنَا اَحَقُّ مَنْ اَوْفٰی بِذِمَّتِهٖ ثُمَّ اَمَرَ بِهٖ فَقُتِلَ

✦✦ محمد بن منکدر' عبدالرحمن کا یہ بیان کرتے ہیں: مسلمانوں سے تعلق رکھنے والے ایک شخص نے ایک ذمی کو قتل کر دیا۔ یہ مقدمہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں پیش کیا گیا' آپ نے ارشاد فرمایا: میں اس بات کا سب سے زیادہ حقدار ہوں کہ اپنے ذمے کو پورا کروں' پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم کے تحت اس (قاتل) کو قتل کر دیا گیا۔

1623 - اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ، حَدَّثَنَا قَیْسُ بْنُ الرَّبِیْعِ الْاَسَدِیُّ، عَنْ اَبَانَ ابْنِ تَغْلِبَ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ مَیْمُوْنَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ مَوْلٰی بَنِیْ هَاشِمٍ، عَنْ اَبِی الْجَنُوْبِ الْاَسَدِیِّ قَالَ : اُتِیَ عَلِیُّ ابْنُ اَبِیْ طَالِبٍ

حدیث نمبر **1622**:

صنعانی' امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام' ''المصنف'' تحقیق: عبدالرحمن اعظمی' دارالقلم' بیروت' **1970**ء	**18514**
کوفی' امام ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ' ''المصنف'' المطبعۃ العزیزیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' **1386**ھ	**27260**
دارقطنی' امام علی بن عمر' ''السنن'' مکتبۃ المتنبی' قاہرہ' مصر	**135/3**
بیہقی' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی' ''السنن الکبریٰ'' دائرۃ المعارف النظامیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' **1344**ھ	**30/8**
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام'' دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان	**320/7**
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام'' تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اول' **2001**ء	**128/9**

رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ بِرَجُلٍ مِّنَ الْمُسْلِمِیْنَ قَتَلَ رَجُلًا مِّنْ اَھْلِ الذِّمَّۃِ قَالَ فَقَامَتْ عَلَیْہِ الْبَیِّنَۃُ فَاَمَرَ بِقَتْلِہٖ فَجَاءَ اَخُوْہُ فَقَالَ اِنِّیْ قَدْ عَفَوْتُ عَنْہُ قَالَ لَعَلَّھُمْ ھَدَّدُوْکَ اَوْ فَرَّقُوْکَ اَوْ فَزَّعُوْکَ قَالَ : لَا وَلٰکِنْ قَتْلُہٗ لَا یَرُدُّ عَلَیَّ اَخِیْ وَعَوَّضُوْنِیْ فَرَضِیْتُ قَالَ اَنْتَ اَعْلَمُ مَنْ کَانَ لَہٗ ذِمَّتُنَا فَدَمُہٗ کَدَمِنَا وَدِیَتُہٗ کَدِیَتِنَا .

✧✧ حضرت ابوجندب اسدی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ کی خدمت میں ایک مسلمان کو لایا گیا جس نے ایک ذمی کو قتل کیا تھا راوی بیان کرتے ہیں' یہ بات ثبوت سے ثابت ہوگئی تو حضرت علی رضی اللہ عنہ نے اسے قتل کرنے کا حکم دیا۔ اس (مقتول) کا بھائی آیا اور بولا: میں نے اسے معاف کیا تو حضرت علی رضی اللہ عنہ نے دریافت کیا' ہوسکتا ہے ان لوگوں نے تمہیں ڈرایا ہو! تم پر دباؤ ڈالا ہو! اس نے جواب دیا: نہیں۔ لیکن اس قاتل کو قتل کرنے سے میرا مرحوم بھائی واپس نہیں آئے گا انہوں نے مجھے معاوضہ دے دیا ہے میں اس سے راضی ہوں' حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تم بہتر سمجھتے ہو جس شخص کو ہم نے ذمہ دیا ہے اس کا خون ہمارے خون کی طرح ہے اور اس کی دیت ہماری دیت کی طرح ہے۔

اخرج الحدیثین من کتاب الدیات والقصاص

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے یہ دونوں روایات کتاب دیات والقصاص میں نقل کی ہیں۔

باب لا یقتل مسلم بکافر

باب 12: کسی مسلمان کو کسی کافر کے بدلے میں قتل نہیں کیا جائے گا

1624 - اَخْبَرَنَا مُسْلِمٌ، عَنِ ابْنِ اَبِیْ حُسَیْنٍ، عَنْ عَطَاءٍ، وَطَاوُسٍ، احسبہ، قَالَ : وَمُجَاھِدٌ، وَالْحَسَنُ، ان رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ، قَالَ یَوْمَ الْفَتْحِ : وَلَا یُقْتَلُ مُؤْمِنٌ بِکَافِرٍ .

✧✧ مجاہد اور حسن بصری بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فتح مکہ کے دن یہ ارشاد فرمایا تھا: کسی مسلمان کو کسی کافر کے بدلے میں قتل نہیں کیا جائے گا۔

1625 - اَخْبَرَنَا سُفْیَانُ، عَنْ مُطَرِّفٍ، عَنِ الشَّعْبِیِّ، عَنْ اَبِیْ جُحَیْفَۃَ، قَالَ : سَاَلْتُ عَلِیًّا : ھَلْ عِنْدَکُمْ مِنْ

حدیث نمبر **1623**:

بیہقی' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی' ''السنن الکبریٰ'' دائرۃ المعارف النظامیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' 1344ھ — 34/8

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس'' الام'' دار المعرفۃ' بیروت' لبنان — 321/7

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس'' الام'' تحقیق: رفعت فوزی' دار الوفاء' طبع اوّل' 2001ء — 131/9

حدیث نمبر **1624**:

بیہقی' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی' ''السنن الکبریٰ'' دائرۃ المعارف النظامیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' 1344ھ — 29/8

کوفی' امام ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ' ''المصنف'' المطبعۃ العزیزیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' 1386ھ — 27473

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس'' الام'' دار المعرفۃ' بیروت' لبنان — 28/6

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس'' الام'' تحقیق: رفعت فوزی' دار الوفاء' طبع اوّل' 2001ء — 88/7

رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَيْءٌ سِوَى الْقُرْآنِ؟ فَقَالَ : لَا، وَالَّذِیْ فَلَقَ الْحَبَّةَ وَبَرَاَ النَّسَمَةَ، اِلَّا اَنْ يُعْطِيَ اللّٰهُ عَبْدًا فَهْمًا فِيْ كِتَابِهِ، وَمَا فِي الصَّحِيفَةِ، فَقُلْتُ : وَمَا فِي الصَّحِيفَةِ؟ قَالَ : الْعَقْلُ، وَفِكَاكُ الْاَسِيْرِ، وَلَا يُقْتَلُ مُسْلِمٌ بِكَافِرٍ، وَفِيْ مَوْضِعٍ اٰخَرَ : وَلَا يُقْتَلُ مُؤْمِنٌ بِكَافِرٍ .

✦✦ حضرت ابوجحیفہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے دریافت کیا' کیا آپ کے پاس قرآن کے علاوہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے ملی ہوئی کوئی خاص چیز ہے؟ تو انہوں نے جواب دیا: نہیں' اس ذات کی قسم! جس نے دانے کو چیرا ہے اور ہر جان کو پیدا کیا ہے' صرف وہ فہم ہے جو اللہ تعالیٰ اپنی کتاب کے بارے میں کسی بندے کو دیتا ہے یا ایک صحیفہ ہے' میں نے دریافت کیا اس صحیفے میں کیا ہے؟ آپ نے جواب دیا' دیت کے احکام ہیں' قیدی کو آزاد کرنے کا حکم ہے (یہ حکم ہے) کسی کافر کے بدلے میں کسی مسلمان کو قتل نہیں کیا جائے گا۔

ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں: کسی کافر کے بدلے میں کسی مؤمن کو قتل نہیں کیا جائے گا۔

1626- اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ ، عَنْ مُطَرِّفٍ ، عَنِ الشَّعْبِيِّ ، عَنْ اَبِیْ جُحَيْفَةَ ، قَالَ : سَاَلْتُ عَلِيًّا : هَلْ عِنْدَكُمْ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَيْءٌ سِوَى الْقُرْآنِ ؟ فَقَالَ : لَا ، وَالَّذِیْ فَلَقَ الْحَبَّةَ وَبَرَاَ النَّسَمَةَ ، اِلَّا اَنْ يُعْطِيَ اللّٰهُ عَبْدًا فَهْمًا فِيْ كِتَابِهِ ، وَمَا فِي الصَّحِيفَةِ ، فَقُلْتُ : وَمَا فِي الصَّحِيفَةِ ؟ قَالَ : الْعَقْلُ ، وَفِكَاكُ الْاَسِيْرِ ، وَلَا يُقْتَلُ مُسْلِمٌ بِكَافِرٍ ، وَفِيْ مَوْضِعٍ آخَرَ : وَلَا يُقْتَلُ مُؤْمِنٌ بِكَافِرٍ .

حدیث نمبر **1625**

طیالسی' امام ابوداؤد سلیمان بن داؤد' "المسند" دارالمعرفۃ' بیروت لبنان **91**

صنعانی' امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام' "المصنف" تحقیق: عبدالرحمن اعظمی' دارالقلم بیروت' **1970**ء **15808**

حمیدی' امام ابوبکر عبداللہ بن زبیر' "المسند" عالم الکتب' بیروت' مکتبۃ المتنبی' قاہرہ' مصر **40**

کوفی' امام ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ' "المصنف" المطبعۃ العزیزیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' **1386**ھ **27471**

شیبانی' امام احمد بن محمد بن حنبل' "المسند" المطبعۃ المیمنیہ' مصر **79/1**

دارمی' امام ابومحمد عبداللہ بن عبدالرحمن' "السنن" تحقیق: عبداللہ ہاشم یمانی' دارالمحاسن' قاہرہ' **1966**ء **2361**

بخاری' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل' "الجامع الصحیح" (رقم الحدیث من فتح الباری) **111**

قزوینی' امام محمد بن یزید ابن ماجہ' "السنن" تحقیق: بشار عواد معروف' دارالجیل' بیروت' **1998**ء **2658**

ترمذی' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ' "الجامع الکبیر" تحقیق: ڈاکٹر بشار عواد معروف' دارالغرب الاسلامی' بیروت **1998**ء **1412**

نسائی' امام احمد بن شعیب' "المجتبیٰ من السنن" دارالحدیث' قاہرہ' مصر **1407**ھ-**1987**ء **23/8**

نسائی' امام احمد بن شعیب' "السنن الکبریٰ" تحقیق: سلیمان بنداری' سید کسروی' دارالکتب العلمیہ' **1991**ء **6946**

موصلی' امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ' "المسند" تحقیق: حسین سلیم اسد' دارالمامون للتراث' طبع اول **1987**ء **451**

طحاوی' امام ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ' "شرح معانی الآثار" تحقیق: محمد جادالحق' مطبعۃ الانوار المحمدیہ' مصر **192/3**

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام" دارالمعرفۃ' بیروت لبنان **38/6**

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام" تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اول **2001**ء **98/7**

✧✧ ابو جحیفہ بیان کرتے ہیں' میں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے دریافت کیا' کیا آپ کو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے ان کے علاوہ کوئی اور چیز ملی ہے۔ انہوں نے جواب دیا' اس ذات کی قسم! جس کے دانے کو چیرا ہے۔ جان کو پیدا کیا ہے' صرف وہ فہم ہے جو کسی بندے کو دیا جاتا ہے' یا وہ احکام ہیں جو صحیفے ہیں' میں نے دریافت کیا وہ احکام کون سے ہیں۔ انہوں نے جواب دیا' دیت کے احکام ہیں قیدی کو آزاد کرنے کا حکم ہے اور یہ ہے: کسی کافر کے بدلے میں کسی مسلمان کو قتل نہیں کیا جائے گا۔

1627 - اَخْبَرَنَا مُسْلِمٌ، عَنِ ابْنِ حُسَيْنٍ، عَنْ عَطَاءٍ، وَطَاوُسٍ، وَمُجَاهِدٍ، وَالْحَسَنِ، ان النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ فِي خُطْبَتِهِ عَامَ الْفَتْحِ : لَا يُقْتَلُ مُسْلِمٌ بِكَافِرٍ، فَقَالَ : هٰذَا مُرْسَلٌ، قُلْتُ : نَعَمْ .

✧✧ طاؤس' مجاہد اور حسن بصری بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فتح مکہ کے سال یہ بات ارشاد فرمائی: کسی کافر کے بدلے میں کسی مؤمن کو قتل نہیں کیا جائے گا۔

راوی بیان کرتے ہیں' کیا یہ مرسل ہے؟ تو میں نے جواب دیا: جی ہاں!

1628 - اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ، قَالَ اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ زَيْدٍ، اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ بْنُ حُسَيْنٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ اَنَّ ابْنَ شَاسٍ الْجُذَامِيَّ قَتَلَ رَجُلًا مِنْ اَنْبَاطِ الشَّامِ، فَرُفِعَ اِلٰى عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فَاَمَرَ بِقَتْلِهِ، فَكَلَّمَهُ الزُّبَيْرُ وَنَاسٌ مِنْ اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَنَهَوْهُ عَنْ قَتْلِهِ، قَالَ فَجَعَلَ دِيَتَهُ اَلْفَ دِيْنَارٍ .

✧✧ زہری بیان کرتے ہیں' ابن شاس جذامی نامی ایک شخص نے شام کے ایک کسان کو قتل کر دیا' یہ مقدمہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی خدمت میں پیش کیا گیا تو انہوں نے قاتل کو قتل کرنے کا حکم دیا گیا۔

حضرت زبیر رضی اللہ عنہ اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب نے اس بارے میں' ان سے بات کی اور اس کے قتل سے انہیں روکا' تو حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے اس مقتول کی دیت ایک ہزار دینار مقرر کی۔

1629 - وَبِهِ عَنِ الزُّهْرِيِّ ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ قَالَ : دِيَةُ كُلِّ مَعَاهِدٍ فِيْ عَهْدِهِ اَلْفُ دِيْنَارٍ .

✧✧ سعید بن مسیب بیان کرتے ہیں' ہر ''ذمی'' کی دیت ایک ہزار دینار ہوگی۔

اخرج الحديثين من الجزء الثانى من اختلاف الحديث ' والثالث من كتاب جراح العمد ' والى اخر السادس من كتاب الديات والقصاص

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے پہلی دو روایات کتاب اختلاف الحدیث کے دوسرے جزء میں نقل کی ہیں۔ تیسری روایت کتاب جراح عمد میں نقل کی ہے اور باقی روایات کتاب الدیات والقصاص میں نقل کی ہیں۔

حدیث نمبر **1628**

بیہقی' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی' ''السنن الکبریٰ'' دائرۃ المعارف النظامیہ' حیدر آباد دکن' ہندوستان' **1344**ھ — **33/8**

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام'' دار المعرفۃ' بیروت' لبنان — **321/7**

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام'' تحقیق: رفعت فوزی' دار الوفاء' طبع اوّل **2001**ء — **133/8**

باب التخییر فی العقل والقود

باب 13: قصاص اور دیت میں اختیار دینا

1630 - اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ بْنِ اَبِىْ فُدَيْكٍ، عَنِ ابْنِ اَبِىْ ذِئْبٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ اَبِىْ سَعِيْدٍ الْمَقْبُرِىِّ، عَنْ اَبِىْ شُرَيْحٍ الْكَعْبِىِّ، اَنَّ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: مَنْ قُتِلَ لَهُ قَتِيْلٌ فَاَهْلُهُ بَيْنَ خِيَرَتَيْنِ، اِنْ اَحَبُّوا فَلَهُمُ الْعَقْلُ، وَاِنْ اَحَبُّوا فَلَهُمُ الْقَوَدُ.

✦✦ حضرت ابوشریح کعبی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: جس شخص کا کوئی عزیز قتل ہو جائے تو اس کے پسماندگان کو دو میں سے ایک بات کا اختیار ہوگا اگر وہ چاہیں تو دیت لیں اور اگر چاہیں تو قصاص لیں۔

1631 - اَخْبَرَنَا الثِّقَةُ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِىْ كَثِيْرٍ، عَنْ اَبِىْ سَلَمَةَ، عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ، عَنِ النَّبِىِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، مِثْلَهُ، اَوْ مِثْلَ مَعْنَاهُ.

✦✦ یہی روایت حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کے حوالے سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے منقول ہے۔

1632 - اَخْبَرَنِىْ اَبُوْ حَنِيْفَةَ بْنُ سِمَاكِ بْنِ الْفَضْلِ الْيَمَانِىُّ، قَالَ: حَدَّثَنِى ابْنُ اَبِىْ ذِئْبٍ، عَنِ الْمَقْبُرِىِّ، عَنْ اَبِىْ شُرَيْحٍ الْكَعْبِىِّ، اَنَّ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ عَامَ الْفَتْحِ: مَنْ قُتِلَ لَهُ قَتِيْلٌ فَهُوَ بِخَيْرِ النَّظَرَيْنِ، اِنْ اَحَبَّ اَخَذَ الْعَقْلَ، وَاِنْ اَحَبَّ فَلَهُ الْقَوَدُ،

فَقَالَ اَبُوْ حَنِيْفَةَ: فَقُلْتُ لِابْنِ اَبِىْ ذِئْبٍ: اَتَاْخُذُ بِهٰذَا يَا اَبَا الْحَارِثِ؟ فَضَرَبَ صَدْرِىْ وَصَاحَ عَلَىَّ صِيَاحًا كَثِيْرًا وَنَالَ مِنِّىْ، وَقَالَ: اُحَدِّثُكَ عَنْ رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَتَقُوْلُ: تَاْخُذُ بِهِ نَعَمْ اٰخُذُ بِهِ،

حدیث نمبر 1631

شیبانی' امام احمد بن محمد بن حنبل' "المسند" المطبعة المیمنیة' مصر	238/2
بخاری' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل' "الجامع الصحیح" (رقم الحدیث من فتح الباری)	112
نیشاپوری' امام مسلم بن حجاج' "الجامع الصحیح" تحقیق وترقیم فؤاد عبدالباقی' دارالحدیث' قاہرہ' مصر	1355
سجستانی' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث' "السنن"، داراحیاء التراث العربی بیروت' لبنان	4505
قزوینی' امام محمد بن یزید ابن ماجہ' "السنن" تحقیق: بشار عواد معروف' دارالجیل' بیروت' 1998ء	2624
ترمذی' امام ابوعیسٰی محمد بن عیسٰی' "الجامع الکبیر" تحقیق: ڈاکٹر بشار عواد معروف' دارالغرب الاسلامی' بیروت 1996ء	1405
اسفرائنی' امام ابوعوانہ یعقوب بن اسحاق' "المسند" مجلس دائرۃ المعارف العثمانیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' 1966ء	43/4
طحاوی' امام ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ' "شرح معانی الآثار" تحقیق: محمد جاد الحق' مطبعۃ الانوار المحمدیہ' مصر	174/3
دارقطنی' امام علی بن عمر' "السنن" مکتبۃ المتنبی' قاہرہ' مصر	97/
بیہقی' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی' "السنن الکبرٰی" دائرۃ المعارف النظامیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' 1344ھ	177/5
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام" دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان	319/7
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام" تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اول 2001ء	125/9

وَذٰلِكَ الْفَرْضُ عَلَيَّ وَعَلٰى مَنْ سَمِعَهُ، اِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ اخْتَارَ مُحَمَّدًا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ النَّاسِ فَهَدَاهُمْ بِهٖ وَعَلٰى يَدَيْهِ اخْتَارَ لَهُمْ مَا اخْتَارَ لَهُ عَلٰى لِسَانِهٖ، فَعَلَى الْخَلْقِ اَنْ يَّتَّبِعُوْهُ طَائِعِيْنَ اَوْ دَاخِرِيْنَ، لَا مَخْرَجَ لِمُسْلِمٍ مِنْ ذٰلِكَ، قَالَ : وَمَا سَكَتَ عَنِّيْ حَتّٰى تَمَنَّيْتُ اَنْ يَّسْكُتَ

✧✧ حضرت ابوشریح کعبی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فتح مکہ کے موقع پر ارشاد فرمایا تھا۔

''جن لوگوں کا کوئی شخص قتل ہو جائے انہیں دو میں سے ایک بات کا اختیار ہوگا وہ چاہیں تو دیت وصول کر لیں اور اگر چاہیں تو انہیں قصاص لینے کا اختیار ہے''۔

ابوحنیفہ بن سماک بن فضل بیان کرتے ہیں' میں نے ابن ابی ذئب سے پوچھا: کیا آپ اس کے مطابق فتویٰ دیتے ہیں اے ابوالحارث! تو انہوں نے میرے سینے پر ہاتھ مارا اور بلند آواز میں مجھ پر غصے ہوتے ہوئے فرمایا: میں تمہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالے سے حدیث سنا رہا ہوں اور تم یہ کہہ رہے ہو کہ تم اس کے مطابق فتویٰ دیتے ہو؟ ہاں! میں اس کے مطابق فتویٰ دیتا ہوں اور میرے اوپر یہ بات لازم ہے' اور ہر اس شخص پر لازم ہے جس نے اسے سنا ہو۔ بے شک اللہ تعالیٰ نے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو تمام لوگوں میں اختیار کیا۔ پھر انہیں حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے ذریعے ہدایت عطا کی اور ان لوگوں کے لئے اسی چیز کو اختیار کیا جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زبانی بیان کیا ہے اس لئے مخلوق پر یہ بات لازم ہے کہ وہ فرمانبرداری کرتے ہوئے اس کی پیروی کریں۔ کسی بھی مسلمان کے لئے اس حوالے سے کوئی گنجائش نہیں ہے۔

راوی بیان کرتے ہیں' وہ خاموش نہیں ہوئے یہاں تک کہ میں نے آرزو کی کہ اب وہ خاموش ہو جائیں۔

1633 - اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ بْنِ اَبِيْ فُدَيْكٍ، عَنِ ابْنِ اَبِيْ ذِئْبٍ، عَنْ سَعِيْدٍ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ اَبِيْ شُرَيْحٍ الْكَعْبِيِّ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ : اِنَّ اللّٰهَ حَرَّمَ مَكَّةَ وَلَمْ يُحَرِّمْهَا النَّاسُ، فَلَا يَحِلُّ لِمَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ اَنْ يَّسْفِكَ دَمًا وَّلَا يُعْضَدَ بِهَا شَجَرًا، فَاِنِ ارْتَخَصَ اَحَدٌ، فَقَالَ : اُحِلَّتْ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ، فَاِنَّ اللّٰهَ اَحَلَّهَا لِيْ وَلَمْ يُحِلَّهَا لِلنَّاسِ، وَاِنَّمَا اُحِلَّتْ لِيْ سَاعَةً مِّنَ النَّهَارِ ثُمَّ هِيَ حَرَامٌ كَحُرْمَتِهَا

حدیث نمبر **1633**

شیبانی' امام احمد بن محمد بن حنبل' ''المسند'' المطبعۃ المیمنیہ' مصر — **31/4**

بخاری' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل' ''الجامع الصحیح'' (رقم الحدیث من فتح الباری) — **104**

نیشاپوری' امام مسلم بن حجاج' ''الجامع الصحیح'' تحقیق و ترقیم: فؤاد عبدالباقی' دار الحدیث' قاہرہ' مصر — **1354**

سجستانی' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث' ''السنن''، دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان — **4504**

ترمذی' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ' ''الجامع الکبیر'' تحقیق: ڈاکٹر بشار عواد معروف' دار الغرب الاسلامی' بیروت **1998**ء — **809**

طبرانی' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب' ''المعجم الکبیر'' تحقیق: احمدی عبدالمجید سلفی' مطبعۃ الزہراء الحدیثۃ' موصل' عراق (طبع ثانی) — **484/22**

طحاوی' امام ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ' ''شرح مشکل الآثار'' تحقیق: شعیب ارناؤوط' موسسۃ الرسالۃ' بیروت' لبنان' **1987**ء — **4791**

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام'' دار المعرفۃ' بیروت' لبنان — **9/6**

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام'' تحقیق: رفعت فوزی' دار الوفاء' طبع اول' **2001**ء — **24/7**

بِالْاَمْسِ ثُمَّ اَنْتُمْ یَا خُزَاعَةُ، قَدْ قَتَلْتُمْ هٰذَا الْقَتِیلَ مِنْ هُذَیْلٍ، وَاَنَا وَاللّٰهِ عَاقِلُهُ، فَمَنْ قَتَلَ بَعْدَهُ قَتِیلًا فَاَهْلُهُ بَیْنَ خِیَرَتَیْنِ : اِنْ اَحَبُّوا قَتَلُوا، وَاِنْ اَحَبُّوا اَخَذُوا الْعَقْلَ .

✦✦ حضرت ابوشریح کعبی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: بے شک اللہ تعالیٰ نے ''مکہ'' کو حرم قرار دیا ہے اسے لوگوں نے حرم قرار نہیں دیا۔ اللہ تعالیٰ اور آخرت کے دن پر ایمان لانے والے کسی بھی شخص کے لئے یہ بات جائز نہیں ہے کہ وہ یہاں خون بہائے یا وہ یہاں کسی درخت کو کاٹ دے۔ اگر کوئی شخص رخصت حاصل کرنے کی کوشش کرے اور یہ کہے: یہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے حلال قرار دیا گیا تھا' تو بے شک اللہ تعالیٰ نے اسے میرے لئے حلال قرار دیا ہے۔ لوگوں نے اسے حلال قرار نہیں دیا۔ میرے لئے بھی اسے دن کے' ایک مخصوص حصے کے لئے' قرار دیا گیا' تو یہ اب اسی طرح قابل احترام ہے جیسے گزشتہ کل تھا۔ پھر اے ''خزاعہ'' قبیلے والو! تم نے ''ہذیل'' قبیلے کے اس شخص کو قتل کیا تھا' اللہ کی قسم! میں اس کی دیت دوں گا۔ اس کے بعد جو شخص کسی کو قتل کردے تو مقتول کے ورثاء کو' دو' میں سے ایک کا اختیار ہوگا۔ وہ چاہیں تو اسے جواب میں قتل کردیں اور اگر وہ چاہیں تو دیت وصول کرلیں۔

1634 - اَخْبَرَنَا مَعَاذُ بْنُ مُوْسٰی، عَنْ بُکَیْرِ بْنِ مَعْرُوْفٍ، عَنْ مَقَاتِلِ بْنِ حَیَّانَ، قَالَ مُقَاتِلٌ : اَخَذْتُ هٰذَا التَّفْسِیْرَ عَنْ نَفَرٍ حَفِظَ مُعَاذٌ مِنْهُمْ مُجَاهِدًا وَالْحَسَنَ وَالضَّحَاكَ بْنَ مُزَاحِمٍ فِیْ قَوْلِهٖ تَبَارَكَ وَتَعَالٰی : "فَمَنْ عُفِیَ لَهُ مِنْ اَخِیْهِ شَیْءٌ فَاتِّبَاعٌ بِالْمَعْرُوْفِ" الْاٰیَةَ، قَالَ : کَانَ کُتِبَ عَلٰی اَهْلِ التَّوْرَاةِ مَنْ قَتَلَ نَفْسًا بِغَیْرِ نَفْسٍ اَنْ یُقَادَ بِهَا وَلَا یُعْفٰی عَنْهُ وَلَا تُقْبَلَ مِنْهُ الدِّیَةُ وَفُرِضَ عَلٰی اَهْلِ الْاِنْجِیْلِ اَنْ یُعْفٰی عَنْهُ وَلَا یُقْتَلَ وَرُخِّصَ لِاُمَّةِ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِنْ شَاءَ قَتَلَ وَاِنْ شَاءَ اَخَذَ الدِّیَةَ وَاِنْ شَاءَ عَفٰی وَذٰلِكَ قَوْلُهٗ ذٰلِكَ تَخْفِیْفٌ مِّنْ رَّبِّکُمْ وَرَحْمَةٌ یَقُوْلُ الدِّیَةُ تَخْفِیْفٌ مِّنَ اللّٰهِ تَعَالٰی اِذْ جَعَلَ الدِّیَةَ وَلَا یُقْتَلُ ثُمَّ قَالَ "فَمَنِ اعْتَدٰی بَعْدَ ذٰلِكَ فَلَهٗ عَذَابٌ اَلِیْمٌ" وَقَالَ فِیْ قَوْلِهٖ تَعَالٰی "وَلَکُمْ فِی الْقِصَاصِ حَیَاةٌ یّٰاُولِی الْاَلْبَابِ لَعَلَّکُمْ تَتَّقُوْنَ" یَنْتَهِیْ بِهَا بَعْضُکُمْ عَنْ بَعْضٍ مَخَافَةَ اَنْ یُّقْتَلَ .

✦✦ مقاتل بیان کرتے ہیں: میں نے علم تفسیر اس فن کے ماہرین سے سیکھا ہے' جن میں مجاہد ہیں' حسن بصری ہیں' ضحاک

حدیث نمبر **1635**

صنعانی' امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام' ''المصنف'' 'تحقیق' عبدالرحمن اعظمی' دار القلم' بیروت' **1970**ء	**18450**
کوفی' امام ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ' ''المصنف'' 'المطبعۃ العزیزیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' **1386**ھ	**2762**
بخاری' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل' ''الجامع الصحیح'' (رقم الحدیث من فتح الباری)	**2298**
نسائی' امام احمد بن شعیب' ''المجتبیٰ من السنن'' 'دار الحدیث' قاہرہ' مصر **1407**ھ-**1987**ء	**36/8**
نسائی' امام احمد بن شعیب' ''السنن الکبریٰ'' 'تحقیق' سلیمان بنداری' سید کسروی' دار الکتب العلمیہ' **1991**ء	**6983**
حیمی' امام ابوحاتم محمد بن حبان' ''صحیح ابن حبان'' 'دار الفکر' بیروت' طبع اول' **1996**ء	**6019**
دارقطنی' امام علی بن عمر' ''السنن'' 'مکتبۃ المتنبی' قاہرہ' مصر	**86/3**
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام'' 'دار المعرفۃ' بیروت' لبنان	**9/6**

بن مزاحم ہیں جو اللہ تعالیٰ کے اس فرمان کے بارے میں ہے۔

''اور جس شخص کو اس کے بھائی کی طرف سے کچھ معاف کر دیا جائے وہ مناسب طریقے سے پیروی کریں''۔

وہ فرماتے ہیں: اہل تورات پر یہ بات لازم تھی جو شخص ناحق طور پر کسی کو قتل کر دے اسے قصاص میں قتل کر دیا جائے گا اسے معاف نہیں کیا جا سکتا اور اس سے دیت قبول نہیں کی جا سکتی۔ اہل انجیل پر یہ بات لازم کی گئی کہ ایسے شخص کو معاف کر دیا جائے گا اسے قتل نہیں کیا جا سکتا جبکہ نبی اکرم ﷺ کو یہ رخصت دی گئی کہ وہ (مقتول کا وارث) اگر چاہے تو قتل کر دے اور اگر چاہے تو دیت وصول کر لے اور اگر چاہے تو معاف کر دے۔ اللہ تعالیٰ کے اس فرمان سے یہی مراد ہے۔

''یہ تمہارے پروردگار کی طرف سے ملنے والی تخفیف ہے اور رحمت ہے''۔

وہ یہ فرماتے ہیں: دیت اللہ تعالیٰ کی طرف سے ملنے والی تخفیف ہے کیونکہ جب اس نے دیت کو مقرر کر دیا تو اب قتل نہیں کیا جا سکتا۔ اس نے یہ ارشاد فرمایا:

''اور جو شخص اس کے بعد حد سے تجاوز کرے تو اس کے لئے دردناک عذاب ہوگا''۔

اس نے یہ بھی ارشاد فرمایا ہے۔

''تمہارے لئے قصاص میں زندگی ہے''۔

یعنی اس طرح تم ایک دوسرے کو قتل کرنے سے باز رہو گے۔ اس اندیشے کے تحت کہ تمہیں بھی قتل کر دیا جائے گا۔

1635 - اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، اَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ دِيْنَارٍ، قَالَ : سَمِعْتُ مُجَاهِدًا يَقُوْلُ : سَمِعْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ يَقُوْلُ : كَانَ فِيْ بَنِيْ اِسْرَائِيْلَ الْقِصَاصُ وَلَمْ تَكُنْ فِيْهِمِ الدِّيَةُ فَقَالَ اللّٰهُ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى لِهٰذِهِ الْاُمَّةِ : ''كُتِبَ عَلَيْكُمُ الْقِصَاصُ فِي الْقَتْلٰى اَلْحُرُّ بِالْحُرِّ وَالْعَبْدُ بِالْعَبْدِ وَالْاُنْثٰى بِالْاُنْثٰى فَمَنْ عُفِيَ لَهٗ مِنْ اَخِيْهِ شَيْءٌ فَاتِّبَاعٌ بِالْمَعْرُوْفِ وَاَدَاءٌ اِلَيْهِ بِاِحْسَانٍ ذٰلِكَ تَخْفِيْفٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَرَحْمَةٌ'' مِمَّا كُتِبَ عَلٰى مَنْ كَانَ قَبْلَكُمْ ''فَمَنِ اعْتَدٰى بَعْدَ ذٰلِكَ فَلَهٗ عَذَابٌ اَلِيْمٌ''

✧✧ مجاہد بیان کرتے ہیں' میں نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کو یہ بیان کرتے ہوئے سنا ہے: بنی اسرائیل میں قصاص کا حکم تھا ان میں دیت کا حکم نہیں تھا تو اللہ تعالیٰ نے اس امت کے بارے میں یہ ارشاد فرمایا۔

''مقتولین کے بارے میں تم پر قصاص لازم کیا گیا ہے۔ آزاد شخص کو آزاد کے بدلے میں' غلام شخص کو غلام کے بدلے میں' عورت کو عورت کے بدلے میں' اور جس شخص کو اس کے بھائی کی طرف سے کچھ معافی مل جائے تو وہ مناسب طریقے سے اس کی پیروی کرے اور اسے احسان کے ساتھ ادائیگی کرے۔ یہ تمہارے پروردگار کی طرف سے ملنے والی تخفیف اور رحمت ہے۔ (یعنی اس چیز کے مقابلے میں تخفیف ہے جو تم سے پہلے لوگوں پر لازم کی گئی تھی)۔

تو جو شخص اس کے بعد حد سے تجاوز کرے تو اسے دردناک عذاب ہوگا۔

اخرج الحدیثین من کتاب الدیات والقصاص والثالث من کتاب الرسالة ' والی اخر السادس من کتاب جراح العمد ۔

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے پہلی دو روایات کتاب الدیات وقصاص میں نقل کی ہے جبکہ تیسری روایت کتاب رسالہ میں نقل کی ہے اس کے بعد چھٹی روایات تک کتاب جراح عمد میں نقل کی ہیں۔

باب ما فی قتل العمد وعمد الخطا

باب 14: قتل عمد اور عمد خطا کا حکم

1636 - اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ، عَنِ ابْنِ اَبِیْ لَيْلٰى، عَنِ الْحَكَمِ، اَوْ عَنْ عِيْسَى بْنِ اَبِیْ لَيْلٰى، عَنِ ابْنِ اَبِیْ لَيْلٰى قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنِ اعْتَبَطَ مُؤْمِنًا بِقَتْلٍ فَهُوَ قَوَدُ يَدِهِ، اِلَّا اَنْ يُرْضِىَ وَلِيَّ الْمَقْتُوْلِ، فَمَنْ حَالَ دُوْنَهُ فَعَلَيْهِ لَعْنَةُ اللّٰهِ وَغَضَبُهُ، لَا يُقْبَلُ مِنْهُ صَرْفٌ وَّلَا عَدْلٌ .

✧✧ ابن ابی لیلیٰ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: جو شخص ظلم کے طور پر کسی مومن کو قتل کر دے تو اس کے ورثاء کو قصاص کا اختیار ہوگا البتہ اگر مقتول کا ولی راضی ہو جائے تو وہ دیت بھی لے سکتا ہے اور جو شخص اس کے علاوہ پر حائل ہو جائے تو اس پر اللہ تعالیٰ کی لعنت ہوگی اور غضب ہوگا اور اس شخص کی کوئی نفل عبادت قبول نہیں ہوگی۔

1637 - اَخْبَرَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ زَيْدِ بْنِ جُدْعَانَ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ رَبِيْعَةَ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ

حدیث نمبر **1636**:

صنعانی' امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام' "المصنف" ' تحقیق: عبدالرحمن اعظمی' دارالقلم' بیروت' **1970**ء — **1718**

بیہقی' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی' "السنن الکبریٰ" ' دائرۃ المعارف النظامیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' **1344**ھ — **26/8**

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام" ' دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان — **4/6**

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام" ' تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اول' **2001**ء — **12/7**

حدیث نمبر **1637**:

صنعانی' امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام' "المصنف" ' تحقیق: عبدالرحمن اعظمی' دارالقلم' بیروت' **1970**ء — **17212**

حمیدی' امام ابوبکر عبداللہ بن زبیر' "المسند" ' عالم الکتب' بیروت' مکتبۃ المتنبی' قاہرہ' مصر — **702**

کوفی' امام ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ' "المصنف" ' المطبعۃ العزیزیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' **1386**ھ — **6727**

شیبانی' امام احمد بن محمد بن حنبل' "المسند" ' المطبعۃ المیمنیہ' مصر — **11/2**

سجستانی' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث' "السنن" ' داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان — **4549**

قزوینی' امام محمد بن یزید ابن ماجہ' "السنن" ' تحقیق: بشار عواد معروف' دارالجیل' بیروت' **1998**ء — **2628**

نسائی' امام احمد بن شعیب' "المجتبیٰ من السنن" ' دارالحدیث' قاہرہ' مصر' **1407**ھ-**1987**ء — **24/8**

نسائی' امام احمد بن شعیب' "السنن الکبریٰ" ' تحقیق: سلیمان بنداری' سید کسروی' دارالکتب العلمیہ' **1991**ء — **7002**

موصلی' امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ' "المسند" ' تحقیق: حسین سلیم اسد' دارالمامون للتراث' طبع اول' **1987**ء — **5675**

دارقطنی' امام علی بن عمر' "السنن" ' مکتبۃ المتنبی' قاہرہ' مصر — **105/3**

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام" ' دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان — **8/6**

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام" ' تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اول' **2001**ء — **12/7**

عَنْهُمَا، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ : اَلا اِنَّ فِيْ قَتْلِ الْعَمْدِ وَالْخَطَاِ بِالسَّوْطِ اَوِ الْعِصِيِّ مِئَةٌ مِّنَ الْاِبِلِ مُغَلَّظَةٌ مِّنْهَا اَرْبَعُوْنَ خَلِفَةً فِيْ بُطُوْنِهَا اَوْلادُهَا

✧✧ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: قتل عمد میں' یا سوٹی وعصا کے ذریعے قتل خطا میں۔ اس میں سو اونٹوں کی دیت ہوگی جن میں سے چالیس خلفہ ہوں گے۔ جن کے پیٹ میں ان کے بچے ہوں گے۔

1638 - اَخْبَرَنَا الثَّقَفِيُّ، عَنْ خَالِدِ الْحَذَّاءِ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ رَبِيْعَةَ، عَنْ عُقْبَةَ بْنِ اَوْسٍ، عَنْ رَجُلٍ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَعْنِيْ مِثْلَهُ .

✧✧ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ منقول ہے۔

1639 - اَخْبَرَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ، عَنْ طَاوُسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اَنَّهُ قَالَ : مَنْ قُتِلَ فِيْ عِمِّيَّةٍ فِيْ رِمِّيًّا تَكُوْنُ بَيْنَهُمْ بِحِجَارَةٍ اَوْ جَلْدٍ بِالسَّوْطِ اَوْ ضَرْبٍ بِعَصًا فَهُوَ خَطَاٌ، عَقْلُهُ عَقْلُ الْخَطَاِ، وَمَنْ قُتِلَ عَمْدًا فَهُوَ قَوَدُ يَدِهِ، فَمَنْ حَالَ دُوْنَهُ فَعَلَيْهِ لَعْنَةُ اللّٰهِ وَغَضَبُهُ، لا يُقْبَلُ مِنْهُ صَرْفٌ وَّلا عَدْلٌ .

✧✧ طاؤس بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: جس شخص کو پتھر' کوڑے' عصا کے ذریعے مار کر قتل کیا جائے (اور اس کے قاتل کا پتہ نہ چلے' لوگوں کے درمیان) اس کی لاش ملے تو یہ قتل خطا ہوگا اور اس کی دیت قتل خطا کی دیت ہوگی اور

حدیث نمبر 1638:

صنعانی' امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام' "المصنف" تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی' دارالقلم' بیروت' 1970ء — 17213

شیبانی' امام احمد بن محمد بن حنبل' "المسند" المطبعة الميمنية' مصر — 410/3

نسائی' امام احمد بن شعیب' "المجتبیٰ من السنن" دارالحدیث' قاہرہ' مصر 1407ھ-1987ء — 41/8

نسائی' امام احمد بن شعیب' "السنن الکبریٰ" تحقیق: سلیمان بنداری' سید کسروی' دارالکتب العلمیہ' 1991ء — 6997

طحاوی' امام ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ' "شرح مشکل الآثار" تحقیق: شعیب ارناؤوط' موسسة الرسالہ' بیروت' لبنان 1987ء — 4945

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام" دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان — 8/6

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام" تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اول' 2001ء — 21/7

حدیث نمبر 1639:

صنعانی' امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام' "المصنف" تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی' دارالقلم' بیروت' 1970ء — 1720

سجستانی' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث' "السنن"' داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان — 4540

نسائی' امام احمد بن شعیب' "المجتبیٰ من السنن" دارالحدیث' قاہرہ' مصر 1407ھ-1987ء — 39/8

نسائی' امام احمد بن شعیب' "السنن الکبریٰ" تحقیق: سلیمان بنداری' سید کسروی' دارالکتب العلمیہ' 1991ء — 6992

طحاوی' امام ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ' "شرح مشکل الآثار" تحقیق: شعیب ارناؤوط' موسسة الرسالہ' بیروت' لبنان 1987ء — 4980

دارقطنی' امام علی بن عمر' "السنن" مکتبۃ المتنبی' قاہرہ' مصر — 93/3

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام" دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان — 330/7

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام" تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اول' 2001ء — 100/9

جس شخص کو عمداً قتل کیا جائے تو اس کے قصاص کا اختیار ہوگا اور جو شخص اس کے علاوہ کچھ کرنا چاہے تو اس پر اللہ تعالیٰ کی لعنت اور اس کا غضب ہوگا۔ اس شخص کی فرض یا نفل عبادت قبول نہیں ہوگی۔

1640 - اَخْبَرَنَا ابْنُ عُلَيَّةَ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ زَيْدِ بْنِ جُدْعَانَ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ رَبِيعَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ : اَلَا اِنَّ فِيْ قَتْلِ الْعَمْدِ الْخَطَاِ بِالسَّوْطِ وَالْعَصَا مِئَةً مِّنَ الْاِبِلِ مُغَلَّظَةً، مِنْهَا اَرْبَعُوْنَ خَلِفَةً فِيْ بُطُوْنِهَا اَوْلَادُهَا .

✦✦ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے: وہ قتل عمد خطا جو سوٹی یا لاٹھی کے ذریعے ہو' اس میں سو اونٹ دیت کے طور پر دیئے جائیں گے' جن میں سے چالیس ''خلفہ'' ہوں گے۔ جن کے بچے ان کے پیٹ میں ہوں گے۔

اخرج الثلاثة الاحاديث من كتاب جراح العمد ' والرابع والخامس من كتاب الديات والقصاص

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے پہلی تین روایات کو جراح عمد میں نقل کیا ہے جبکہ چوتھی اور پانچویں روایت کو کتاب الدیات والقصاص میں نقل کیا ہے۔

باب فى قتل الخطاء فى الحزب

باب 15: جنگ کے دوران قتل خطاء

1641 - اَخْبَرَنَا مُطَرِّفٌ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ، قَالَ : كَانَ اَبُوْ حُذَيْفَةَ بْنُ الْيَمَانِ شَيْخًا كَبِيْرًا، فَرُفِعَ فِي الْاٰطَامِ مَعَ النِّسَآءِ يَوْمَ اُحُدٍ، فَخَرَجَ يَتَعَرَّضُ لِلشَّهَادَةِ، فَجَاءَ مِنْ نَاحِيَةِ الْمُشْرِكِيْنَ فَابْتَدَرَهُ الْمُسْلِمُوْنَ فَشَقُّوْهُ بِاَسْيَافِهِمْ، وَحُذَيْفَةُ يَقُوْلُ : اَبِيْ اَبِيْ، فَلَا يَسْمَعُوْنَهُ مِنْ شُغْلِ الْحَرْبِ حَتّٰى قَتَلُوْهُ، فَقَالَ حُذَيْفَةُ : يَغْفِرُ اللّٰهُ لَكُمْ وَهُوَ اَرْحَمُ الرَّاحِمِيْنَ، فَقَضَى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْهِ بِدِيَتِهِ .

✦✦ عروہ بیان کرتے ہیں' حضرت حذیفہ بن یمان رضی اللہ عنہ کے والد عمر رسیدہ آدمی تھے۔ ''غزوۂ اُحد'' کے موقع پر انہیں خواتین کے ساتھ بلند مکانات میں رکھا گیا تو وہ شہادت حاصل کرنے کے لئے وہاں سے نکلے۔ وہ مشرکین کی سمت سے آئے تھے۔ اس لئے مسلمانوں نے ان پر حملہ کیا اور تلواروں کے ذریعے انہیں شہید کر دیا۔ حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ یہ کہتے رہے: یہ میرے والد ہیں' یہ میرے والد ہیں! لیکن جنگ کی شدت کی وجہ سے لوگوں نے یہ بات نہیں سنی اور انہیں قتل کر دیا: تو حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ نے یہ کہا: اللہ تعالیٰ تم لوگوں کی مغفرت کرے وہ سب سے زیادہ رحم کرنے والا ہے۔

حدیث نمبر 1641:

صنعانی' امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام' ''المصنف''، تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی' دار القلم' بیروت' 1970ء، 18724

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام'' دار المعرفۃ' بیروت' لبنان 202/1

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام''، تحقیق: رفعت فوزی' دار الوفاء' طبع اوّل' 2001ء، 93/9

(راوی بیان کرتے ہیں) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کی دیت کا فیصلہ دیا تھا۔

1642 - اَخْبَرَنَا مَرْوَانُ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ اَبِیْ خَالِدٍ، عَنْ قَيْسِ بْنِ اَبِیْ حَازِمٍ قَالَ : لَجَاَ قَوْمٌ اِلٰى جُعْشُمْ فَلَمَّا غَشِيَهُمُ الْمُسْلِمُوْنَ اسْتَعْصَمُوْا بِالسُّجُوْدِ فَقَتَلُوْا بَعْضَهُمْ فَبَلَغَ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اَعْطُوْهُمْ نِصْفَ الْعَقْلِ لِصَلَاتِهِمْ ثُمَّ قَالَ عِنْدَ ذٰلِكَ اِلَّا اِنِّیْ بَرِیْءٌ مِّنْ كُلِّ مُسْلِمٍ مَعَ مُشْرِكٍ قَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ لِمَ قَالَ لَا تَرٰى نَارَاهُمَا .

✧✧ قیس بن ابی حازم بیان کرتے ہیں' کچھ لوگ "خثعم" قبیلے کی طرف گئے۔ جب مسلمان ان پر غالب آنے لگے تو وہ سجدے کی حالت میں چلے گئے اور بچنے کی کوشش کی۔ مسلمانوں نے ان میں سے بعض افراد کو قتل کر دیا۔ جب اس بات کی اطلاع نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو ملی تو آپ نے ارشاد فرمایا: ان کے نماز پڑھنے کی وجہ سے تم انہیں نصف دیت ادا کرو۔

پھر آپ نے اس موقع پر یہ ارشاد فرمایا: میں ہر اس مسلمان سے بری ذمہ ہوں جو مشرکین کے ساتھ ہو۔ لوگوں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! کیوں؟ آپ نے ارشاد فرمایا: تم نے ان دونوں کی آگ نہیں دیکھی۔

اخرج الحديثين من كتاب جراح العمد .

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے ان دونوں روایات کو جراح عمد میں نقل کیا ہے۔

باب دية النفس

باب 16: جان کی دیت

1643- اَخْبَرَنَا مَالِكُ بْنُ اَنَسٍ ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِیْ بَكْرٍ ، عَنْ اَبِيْهِ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا ، اَنَّ فِی الْكِتَابِ

حدیث نمبر **1642**:

کوفی' امام ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ' "المصنف" 'المطبعۃ العزیزیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' **1386**ھ — **33619**

ترمذی' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ' "الجامع الکبیر" 'تحقیق: ڈاکٹر بشار عواد معروف' دار الغرب الاسلامی' بیروت **1996**ء — **1605**

نسائی' امام احمد بن شعیب' "المجتبیٰ من السنن" 'دار الحدیث' قاہرہ' مصر **1407**ھ-**1987**ء — **36/8**

نسائی' امام احمد بن شعیب' "السنن الکبریٰ" 'تحقیق: سلیمان بنداری' سید کسروی' دار الکتب العلمیہ **1991**ء — **6982**

بیہقی' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی' "السنن الکبریٰ" 'دائرۃ المعارف النظامیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' **1344**ھ — **130/2**

شافعی' امام ابو[illegible]بداللہ محمد بن ادریس' "الام" 'دار المعرفۃ' بیروت' لبنان — **35/6**

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام" 'تحقیق: رفعت فوزی' دار الوفاء' طبع اول **2001**ء — **99/7**

حدیث نمبر **1643**:

اصبحی' ابوعبداللہ' مالک بن انس' "الموطا" 'بروایۃ یحییٰ بن یحییٰ اندلسی' تحقیق: بشار عواد معروف' دار الغرب الاسلامی' بیروت' لبنان (طبع اول) **1996**ء — **2458**

نسائی' امام [illegible]مد بن شعیب' "المجتبیٰ من السنن" 'دار الحدیث' قاہرہ' مصر **1407**ھ-**1987**ء — **10/8**

[illegible] امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی' "السنن الکبریٰ" 'دائرۃ المعارف النظامیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' **1344**ھ — **81/8**

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام" 'دار المعرفۃ' بیروت' لبنان — **106/6**

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام" 'تحقیق: رفعت فوزی' دار الوفاء' طبع اول **2001**ء — **288/7**

الَّذِیْ کَتَبَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِعَمْرِو بْنِ حَزْمٍ : فِي النَّفْسِ مِائَةٌ مِّنَ الْاِبِلِ .

✦✦ حضرت عبداللہ بن ابوبکر رضی اللہ عنہما اپنے والد کے حوالے سے یہ بات نقل کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جو تحریر حضرت عمرو بن حزم رضی اللہ عنہ کو بھیجی تھی۔ اس میں یہ تحریر تھا: ''جان'' کی دیت ایک سو اونٹ ہوں گے۔

1644- اَخْبَرَنَا مُسْلِمُ بْنُ خَالِدٍ ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِیْ بَكْرٍ فِي الدِّيَاتِ فِي كِتَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِعَمْرِو بْنِ حَزْمٍ : فِي النَّفْسِ مِائَةٌ مِّنَ الْاِبِلِ ، قَالَ ابْنُ جُرَيْجٍ : فَقُلْتُ لِعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِیْ بَكْرٍ : فِي شَكٍّ اَنْتُمْ مِنْ اَنَّهٗ كِتَابُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ؟ قَالَ : لَا .

✦✦ حضرت عبداللہ بن ابوبکر رضی اللہ عنہما دیت کے بارے میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حضرت عمرو بن حزم رضی اللہ عنہ کو لکھے ہوئے خط کے بارے میں فرماتے ہیں: ''جان'' کی دیت ایک سو اونٹ ہونے کا حکم تھا۔

ابن جریج کہتے ہیں: میں نے حضرت عبداللہ بن ابوبکر رضی اللہ عنہما سے دریافت کیا' کیا آپ کو اس بارے میں کوئی شک ہے؟ یہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے لازم کردہ حکم ہے تو انہوں نے جواب دیا: نہیں۔

1645 - اَخْبَرَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ ، عَنِ ابْنِ طَاوُسٍ ، عَنْ اَبِيْهِ ، يَعْنِي بِذٰلِكَ .

✦✦ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ منقول ہے۔

اخرج الثلاثة الاحاديث من كتاب جراح الخطا ' وهوی اوّل ما فيه .

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے ان تینوں روایات کو کتاب جراح خطا میں نقل کیا ہے اور یہ اس میں موجود ابتدائی روایات ہیں۔

باب تقويم ابل الدية

باب 17: دیت کے اونٹوں کی قیمت لگانا

1646- اَخْبَرَنَا مُسْلِمُ بْنُ خَالِدٍ ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ ، عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ ، قَالَ : كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

حدیث نمبر **1644**:

بیہقی' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی' ''السنن الکبریٰ'' دائرۃ المعارف النظامیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' 1344ھ — 73/8

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام'' دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان — 1505/6

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام'' تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اول' 2001ء — 258/7

حدیث نمبر **1646**:

صنعانی' امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام' ''المصنف'' تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی' دارالقلم' بیروت' 1970ء — 17270

شیبانی' امام احمد بن محمد بن حنبل' ''المسند'' المطبعۃ المیمنیہ' مصر — 224/2

سجستانی' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث' ''السنن'' داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان — 4564

قزوینی' امام محمد بن یزید ابن ماجہ' ''السنن'' تحقیق: بشار عواد معروف' دارالجیل' بیروت' 1998ء — 2630

نسائی' امام احمد بن شعیب' ''المجتبیٰ من السنن'' دارالحدیث' قاہرہ' مصر' 1407ھ-1987ء — 42/8

نسائی' امام احمد بن شعیب' ''السنن الکبریٰ'' تحقیق: سلیمان بنداری' سید کسروی' دارالکتب العلمیہ' 1991ء — 7224

وَسَلَّمَ يُقَوِّمُ الإِبِلَ عَلَى أَهْلِ الْقُرَى أَرْبَعَمِائَةِ دِينَارٍ أَوْ عَدْلَهَا مِنَ الْوَرِقِ ، يَقْسِمُهَا عَلَى أَثْمَانِ الإِبِلِ ، فَإِذَا غَلَتْ رَفَعَ فِي قِيمَتِهَا ، وَإِذَا هَانَتْ نَقَصَ مِنْ قِيمَتِهَا عَلَى أَهْلِ الْقُرَى الثَّمَنَ مَا كَانَ .

✧✧ حضرت عمرو بن شعیب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے شہر والوں کے لئے اونٹوں کی قیمت مقرر کی تھی۔ جو چار سو دینار ہوتی یا اس کے برابر چاندی ہوتی۔ آپ نے اسے اونٹوں کے آٹھ حصوں پر تقسیم کیا تھا۔ اگر وہ زیادہ ہوتی تو آپ اس کی قیمت میں اضافہ کردیتے اگر وہ کم ہوتی تو آپ اس کی قیمت میں اتنی ہی کمی کردیتے۔ جو بستی والوں کے لئے تھی۔ خواہ اس کی قیمت جو مرضی ہوتی تھی۔

1647- أَخْبَرَنَا مُسْلِمُ بْنُ خَالِدٍ ، عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ بْنِ عُمَرَ ، عَنْ أَيُّوبَ بْنِ مُوسَى ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ ، عَنْ مَكْحُولٍ وَعَطَاءٍ قَالُوا : أَدْرَكْنَا النَّاسَ عَلَى أَنَّ دِيَةَ الْحُرِّ الْمُسْلِمِ عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِئَةٌ مِنَ الإِبِلِ ، فَقَوَّمَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ تِلْكَ الدِّيَةَ عَلَى أَهْلِ الْقُرَى أَلْفَ دِينَارٍ وَاثْنَا عَشَرَ أَلْفَ دِرْهَمٍ وَدِيَةَ الْحُرَّةِ الْمُسْلِمَةِ إِذَا كَانَتْ مِنْ أَهْلِ الْقُرَى خَمْسَ مِئَةِ دِينَارٍ أَوْ سِتَّةَ آلافِ دِرْهَمٍ فَإِذَا كَانَ الَّذِي أَصَابَهَا مِنَ الأَعْرَابِ فَدِيَتُهَا خَمْسُونَ مِنَ الإِبِلِ وَدِيَةُ الأَعْرَابِيَّةِ إِذَا أَصَابَهَا الأَعْرَابِيُّ خَمْسُونَ مِنَ الإِبِلِ يُكَلَّفُ الأَعْرَابِيُّ الذَّهَبَ وَلا الْوَرِقَ

✧✧ مکحول اور عطاء بیان کرتے ہیں' ہم نے لوگوں کو اس بات پر پایا ہے: مسلمان شخص کی دیت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم کے مطابق ایک سو اونٹ ہوگی۔

حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے شہر میں رہنے والوں کے لئے اس دیت کی قیمت لگوائی تو وہ ایک ہزار دینار تھی۔ یا بارہ سو درہم تھی اور آزاد مسلمان عورت کی دیت' اگر وہ شہر میں رہتی ہے تو وہ پانچ سو دینار ہوگی یا چھ سو درہم ہوگی اور اگر اس کا تعلق دیہات سے ہو تو اس کی دیت پچاس اونٹ ہوگی اور دیہاتی عورت کی دیت' اگر کسی دیہاتی شخص نے اسے قتل کیا ہو' تو اس کی دیت پچاس اونٹ ہوگی کیونکہ دیہاتی شخص سونے یا چاندی کی ادائیگی کا پابند نہیں ہوگا۔

اخرج الحديثين من كتاب جراح الخطا .

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے ان دونوں روایات کو کتاب جراح خطاء میں نقل کیا ہے۔

بقیہ حاشیہ حدیث نمبر **1646**:

شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام" دار المعرفۃ' بیروت' لبنان **115/6**

شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام" ' تحقیق: رفعت فوزی' دار الوفاء' طبع اول' **2001ء** **202/7**

حدیث نمبر **1647**:

کوفی' امام' ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ' "المصنف" المطبعۃ العزیزیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' **1386ھ** **20726**

شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام" دار المعرفۃ' بیروت' لبنان **106/6**

شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام" ' تحقیق: رفعت فوزی' دار الوفاء' طبع اول' **2001ء** **201/7**

باب دية الجنين

باب 18: پیٹ میں موجود بچے کی دیت

1648 - اَخْبَرَنَا يَحْيَى بْنُ حَسَّانَ، حَدَّثَنَا اللَّيْثُ بْنُ سَعِيدٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنِ ابْنِ الْمُسَيَّبِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَضٰى فِي جَنِينِ امْرَاَةٍ مِنْ بَنِي لِحْيَانَ سَقَطَ مَيِّتًا بِغُرَّةٍ عَبْدٍ اَوْ اَمَةٍ، ثُمَّ اِنَّ الْمَرْاَةَ الَّتِي قَضٰى عَلَيْهَا بِالْغُرَّةِ تُوُفِّيَتْ، فَقَضٰى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِاَنَّ مِيرَاثَهَا لِبَنِيهَا وَزَوْجِهَا وَالْعَقْلَ عَلٰى عَصَبَتِهَا ۔

✦✦ ابن شہاب، ابن مسیب، حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کے حوالے سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: آپ نے بنی لحیان سے تعلق رکھنے والی ایک عورت کے پیٹ میں موجود بچے کے بارے میں یہ فیصلہ دیا تھا۔ جو مردہ پیدا ہوا تھا کہ اس میں ایک غلام یا ایک کنیز کو تاوان کے طور پر ادا کیا جائے گا۔

راوی بیان کرتے ہیں' جس عورت کے خلاف تاوان کی ادائیگی کا فیصلہ کیا گیا تھا وہ فوت ہوگئی تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ فیصلہ دیا: اس کی وراثت اس کے دونوں بیٹوں اور شوہر کو ملے گی اور تاوان کی ادائیگی اس کے خاندان والوں پر ہوگی۔

1649 - قَالَ الشَّافِعِيُّ فَاِنْ قَالَ قَائِلٌ : مَا الْخَبَرُ بِاَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَضٰى بِالْجَنِينِ عَلَى الْعَاقِلَةِ؟ قِيلَ : اَخْبَرَنَا الثِّقَةُ، قَالَ الرَّبِيعُ : وَهُوَ يَحْيَى بْنُ حَسَّانَ، عَنِ اللَّيْثِ بِن سَعْدٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنِ ابْنِ

حدیث نمبر **1648**:

اصحی'ابوعبداللہ مالک بن انس''الموطا' بروایۃ امام محمد بن حسن شیبانی (موطا امام محمد) تحقیق:عبدالوہاب عبداللطیف'المکتبۃ العلمیہ	675
اصحی'ابوعبداللہ مالک بن انس''الموطا' بروایۃ یحیٰی بن یحیٰی اندلسی'تحقیق:بشار عواد معروف'دارالغرب الاسلامی'بیروت'لبنان (طبع اول) 1996ء	2478
طبرانی'امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب''المعجم الکبیر'تحقیق:حمدی عبدالمجید سلفی'مطبعۃ الزہراء الحدیثۃ'موصل'عراق (طبع ثانی)	18338
کوفی'امام ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ''المصنف''المطبعۃ العزیزیہ'حیدرآباد دکن'ہندوستان 1386ھ	27268
نسائی'امام احمد بن شعیب''السنن الکبریٰ'تحقیق:سلیمان بنداری'سید کسروی'دارالکتب العلمیہ 1991ء	2758
نیشاپوری'امام مسلم بن حجاج''الجامع الصحیح'تحقیق وترقیم فواد عبدالباقی'دارالحدیث'قاہرہ'مصر	16181
ترمذی'امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ''الجامع الکبیر'تحقیق:ڈاکٹر بشار عواد معروف'دارالغرب الاسلامی'بیروت 1996ء	1410
سجستانی'امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث''السنن'،داراحیاء التراث العربی'بیروت'لبنان	457
نسائی'امام احمد بن شعیب''المجتبیٰ من السنن'دارالحدیث'قاہرہ'مصر 1407ھ-1987ء	47/8
نسائی'امام احمد بن شعیب''السنن الکبریٰ'تحقیق:سلیمان بنداری'سید کسروی'دارالکتب العلمیہ 1991ء	4012
موصلی'امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ''المسند'تحقیق:حسین سلیم اسد'دارالمامون للتراث'طبع اول 1987ء	4917
طحاوی'امام ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ''شرح معانی الآثار'تحقیق:محمد جادالحق'مطبعۃ الانوار المحمدیہ'مصر	205/3
تمیمی'امام ابوحاتم محمد بن حبان''صحیح ابن حبان'،دارالفکر'بیروت'طبع اول 1996ء	6026
شافعی'امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس''الام'دارالمعرفۃ'بیروت'لبنان	103/1
شافعی'امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس''الام'تحقیق:رفعت فوزی'دارالوفاء'طبع اول 2001ء	250/7

الْمُسَيَّبِ، عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

✧✧ امام شافعی رحمہ اللہ بیان کرتے ہیں' اگر کوئی شخص یہ کہے: اس خبر کی کیا حیثیت ہے؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے (پیٹ میں موجود) بچے کے تاوان کی ادائیگی خاندان کے ذمے کی تھی؟ تو اسے جواب دیا جائے گا ایک ثقہ راوی نے یہ بات بیان کی ہے۔
ربیع کہتے ہیں یہ یحییٰ بن حسان ہیں۔ یہ روایت لیث بن سعد کے حوالے سے ابن شہاب کے حوالے سے، ابن مسیب کے حوالے سے، حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے منقول ہے۔

1650 - اَخْبَرَنَا مَالِكُ بْنُ اَنَسٍ ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ ، عَنِ ابْنِ الْمُسَيَّبِ ، اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَضٰى فِی الْجَنِيْنِ يُقْتَلُ فِی بَطْنِ اُمِّهٖ بِغُرَّةٍ عَبْدٍ اَوْ وَلِيدَةٍ ، فَقَالَ الَّذِی قَضٰى عَلَيْهِ : كَيْفَ اَغْرَمُ مَنْ لا شَرِبَ وَلَا اَكَلَ وَلَا نَطَقَ وَلَا اسْتَهَلَّ ، وَمِثْلُ ذٰلِكَ يُطَلُّ ؟ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : اِنَّمَا هٰذَا مِنْ اِخْوَانِ الْكُهَّانِ

✧✧ ابن مسیب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے پیٹ میں موجود بچے کے بارے میں یہ فیصلہ دیا تھا جسے اس کی ماں کے پیٹ میں ہی قتل کر دیا گیا' کہ اس کا تاوان ایک غلام یا ایک کنیز ہوگی تو جس کے خلاف فیصلہ دیا گیا' اس نے یہ کہا میں اس کا تاوان کیسے ادا کروں؟ جس نے کچھ پیا نہیں، کچھ کھایا نہیں، نہ وہ بولا اور نہ ہی چلا کر رویا۔ اس طرح کا قتل رایگاں جاتا ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: یہ کاہنوں کا بھائی ہے۔

1651 - اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ ، عَنْ عَمْرٍو ، عَنْ طَاوُوسٍ ، اَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ ، قَالَ : اُذَكِّرُ اللّٰهَ امْرَاً سَمِعَ مِنَ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِی الْجَنِيْنِ شَيْئًا ، فَقَامَ حَمَلُ بْنُ مَالِكِ بْنِ النَّابِغَةِ ، فَقَالَ : كُنْتُ بَيْنَ جَارِيَتَيْنِ لِی ، فَضَرَبَتْ اِحْدَاهُمَا الْاُخْرٰى بِمِسْطَحٍ فَاَلْقَتْ جَنِيْنًا مَيِّتًا ، فَقَضٰى فِيْهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِغُرَّةٍ ، فَقَالَ عُمَرُ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ : اِنْ كِدْنَا اَنْ نَقْضِیَ فِی مِثْلِ هٰذَا بِرَاْيِنَا .

حدیث نمبر **1651**:

نیشاپوری' امام مسلم بن حجاج' 'الجامع الصحیح' 'تحقیق وترقیم: فؤاد عبدالباقی' دارالحدیث' قاہرہ' مصر	457
نسائی' امام احمد بن شعیب' 'المجتبیٰ من السنن' ' دارالحدیث' قاہرہ' مصر' 1407ھ-1987ء	47/8
نسائی' امام احمد بن شعیب' 'السنن الکبریٰ' ' تحقیق: سلیمان بنداری' سید کسروی' دارالکتب العلمیہ' 1991ء	7020
بیہقی' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی' 'السنن الکبریٰ' ' دائرۃ المعارف النظامیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' 1344ھ	115/8
صنعانی' امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام' 'المصنف' ' تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی' دارالقلم' بیروت' 1970ء	1834
تمیمی' امام ابوحاتم محمد بن حبان' 'صحیح ابن حبان' ' دارالفکر' بیروت' طبع اوّل' 1996ء	6030
نیشاپوری' امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم' 'المستدرک' ' مکتبۃ المطبوعات الاسلامیہ' حلب' طبع بیروت	575/3
دارقطنی' امام علی بن عمر' 'السنن' ' مکتبۃ المتنبی' قاہرہ' مصر	11/3
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' 'الام' ' دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان	107/6
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' 'الام' ' تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اوّل' 2001ء	204/7

✦✦ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں اس شخص کو اللہ کا واسطہ دیتا ہوں جس نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زبانی پیٹ میں موجود بچے کے بارے میں کوئی حکم سنا ہو؟ تو حضرت حمل بن مالک بن نابغہ رضی اللہ عنہ کھڑے ہوئے اور بولے: میری دو بیویاں تھیں ان میں سے ایک نے دوسری کو لکڑی کے ذریعے مارا تو دوسری نے مردہ بچے کو جنم دیا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے بارے میں تاوان کا فیصلہ دیا تھا۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اگر ہم اس بارے میں (حدیث کا حکم) نہ سنتے اور اپنی رائے کے مطابق فیصلہ دیتے تو مختلف فیصلہ دیتے۔

1652 - اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ وَّ ابْنِ طَاوُسٍ، عَنْ طَاوُسٍ، اَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: اُذَكِّرُ اللّٰهَ امْرَاً سَمِعَ مِنَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْجَنِيْنِ شَيْئًا، فَقَامَ حَمَلُ بْنُ مَالِكِ بْنِ النَّابِغَةِ، فَقَالَ: كُنْتُ بَيْنَ جَارِيَتَيْنِ لِي - يعني بين ضرتين - فَضَرَبَتْ اِحْدَاهُمَا الْاُخْرٰى بِمِسْطَحٍ فَاَلْقَتْ جَنِيْنًا مَيِّتًا، فَقَضٰى فِيْهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِغُرَّةٍ، فَقَالَ عُمَرُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: لَوْ لَمْ نَسْمَعْ هٰذَا لَقَضَيْنَا فِيْهِ بِغَيْرِ هٰذَا.

✦✦ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: میں اس شخص کو اللہ کا واسطہ دیتا ہوں جس نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زبانی پیٹ میں موجود بچے کے بارے میں کوئی حکم سنا ہو تو حضرت حمل بن مالک بن نابغہ رضی اللہ عنہ کھڑے ہوئے اور بولے: میں دو خواتین کے درمیان تھا یعنی دو سوتنوں کے درمیان تھا' تو ایک نے دوسری کو لکڑی کے ذریعے مارا تو دوسری نے مردہ بچے کو جنم دیا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس بارے میں تاوان کا فیصلہ دیا تھا۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اگر ہم نے اس بارے میں یہ حدیث نہ سنی ہوتی تو اس سے مختلف فیصلہ دیتے۔

اخرج الاوّل من كتاب جراح العمد ' والثانی من كتاب الديات والقصاص ' والثالث والرابع من كتاب جراح الخطاء ' والخامس من كتاب الرسالة .

امام شافعی رحمہ اللہ نے پہلی روایت کو کتاب جراح عمد میں نقل کیا؟ جبکہ دوسری روایت کو کتاب الدیات والقصاص میں نقل کیا ہے تیسری اور چوتھی روایت کو کتاب جراح خطا میں نقل کیا ہے اور پانچویں روایت کو کتاب الرسالہ میں نقل کیا ہے۔

باب جراح العبد

باب 19: غلام کا زخم

1653 - اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنِ ابْنِ الْمُسَيِّبِ اَنَّهٗ قَالَ: عَقْلُ الْعَبْدِ فِيْ ثَمَنِهٖ .

حدیث نمبر **1652**:

صنعانی' امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام' "المصنف" تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی' دارالقلم' بیروت' **1970**ء — **18339**

حدیث نمبر **1653**:

کوفی' امام ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ' "المصنف" المطبعۃ العزیزیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' **1386**ھ — **27194**

بیہقی' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی' "السنن الکبریٰ" دائرۃ المعارف النظامیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' **1344**ھ — **104/8**

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام" دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان — **104/6**

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام" تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اول' **2001**ء — **254/7**

✧✧ سعید بن میتب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: غلام کی دیت اس کی قیمت ہوگی۔

1654 - اَخْبَرَنَا يَحْيَى بْنُ حَسَّانُ، عَنِ اللَّيْثِ بْنِ سَعْدٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ اَنَّهُ قَالَ : عَقْلُ الْعَبْدِ فِيْ ثَمَنِهٖ كَجِرَاحِ الْحُرِّ فِيْ دِيَتِهٖ

وَقَالَ ابْنُ شِهَابٍ وَكَانَ رِجَالٌ سِوَاهُ يَقُوْلُوْنَ يُقَوَّمُ سِلْعَةً .

✧✧ سعید بن میتب فرماتے ہیں: غلام کی دیت اس کی قیمت کے مطابق ہوگی۔ جیسا کہ آزاد شخص کا زخم اس کی دیت کے حساب سے ہوتا ہے۔

ابن شہاب کہتے ہیں ان کے علاوہ دیگر تمام حضرات یہ کہتے ہیں: کچھ سامان کی قیمت لگائی جائے گی۔

اخرج الحديثين من كتاب الصيد والذبائح .

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے ان دونوں روایات کو کتاب الصید والذبائح میں نقل کیا ہے۔

باب دية الذمي والمجوسي

باب 20: ذمی شخص اور مجوسی شخص کی دیت کا بیان

1655 - اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ صَدَقَةَ بْنِ يَسَارٍ قَالَ : اَرْسَلْنَا اِلٰى سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ نَسْاَلُهُ عَنْ دِيَةِ الْمُعَاهَدِ فَقَالَ : قَضٰى فِيْهِ عُثْمَانُ بْنُ عَفَّانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ بِاَرْبَعَةِ الْآفٍ قَالَ فَقُلْنَا فَمَنْ قَتَلَهٗ قَالَ فَحَصَبَنَا .

قَالَ الشَّافِعِيُّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ : هُمُ الَّذِيْنَ سَاَلُوْهُ اٰخِرًا .

✧✧ صدقہ بن یسار بیان کرتے ہیں' ہم نے سعید بن میتب کی طرف (ایک شخص کو) بھیجا تا کہ ان سے ذمی کی دیت کے بارے میں دریافت کریں تو انہوں نے بتایا: حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ نے اس کے بارے میں چار ہزار دینار کا فیصلہ سنایا تھا۔

راوی کہتے ہیں' ہم نے کہا: اس کو قتل کون کرے گا؟ راوی کہتے ہیں: تو انہوں نے ہمیں کنکریاں ماریں۔

حدیث نمبر **1654**:

صنعانی' امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام ''المصنف'' تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی' دارالقلم' بیروت' 1970ء **1814**

کوفی' امام ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ ''المصنف'' المطبعۃ العزیزیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' 1386ھ **27219**

بیہقی' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی ''السنن الکبریٰ'' دائرۃ المعارف النظامیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' 1344ھ **104/8**

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس ''الام'' دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان **104/6**

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس ''الام'' تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اوّل' 2001ء **254/7**

حدیث نمبر **1655**:

کوفی' امام ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ ''المصنف'' المطبعۃ العزیزیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' 1386ھ **27456**

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس ''الام'' دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان **242/7**

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس ''الام'' تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اوّل' 2001ء **140/7**

امام شافعی کہتے ہیں: یہ وہی لوگ ہیں جنہوں نے بعد میں بھی اس بارے میں دریافت کیا تھا۔

1656 - اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ صَدَقَةَ بْنِ يَسَارٍ قَالَ: اَرْسَلْنَا اِلَى سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ نَسْاَلُهُ عَنْ دِيَةِ الْيَهُوْدِيِّ وَالنَّصْرَانِيِّ فَقَالَ سَعِيْدٌ قَضٰى فِيْهِ عُثْمَانُ بْنُ عَفَّانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ بِاَرْبَعَةِ الآفٍ

✦✦ صدقہ بن یسار بیان کرتے ہیں' ہم نے سعید بن مسیب کے پاس ایک شخص کو بھیجا تا کہ ان سے یہودی یا عیسائی کی دیت کے بارے میں دریافت کریں تو سعید نے فرمایا: حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ نے اس کے بارے میں چار ہزار دینار کا فیصلہ دیا تھا۔

1657 - اَخْبَرَنَا فُضَيْلُ بْنُ عِيَاضٍ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ، عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ قَضٰى فِي الْيَهُوْدِيِّ وَالنَّصْرَانِيِّ اَرْبَعَةَ الآفٍ وَفِي الْمَجُوْسِيِّ بِثَمَانِ مِائَةٍ .

✦✦ سعید بن مسیب' حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کے بارے میں یہ بیان کرتے ہیں' انہوں نے یہودی اور عیسائی کے بارے میں چار ہزار دینار کا فیصلہ دیا تھا اور مجوسی کے بارے میں ''آٹھ سو'' کا فیصلہ دیا تھا۔

اخرج الاوّل من کتاب الدیات والقصاص ' والثانی والثالث من کتاب السیر علی سیر الواقدی وھما اخر ما فیہ .

امام شافعی نے پہلی روایت کو کتاب الدیات القصاص میں نقل کیا ہے جبکہ دوسری اور تیسری روایت کو کتاب السیر علی سیر واقدی میں نقل کیا ہے اور یہ دونوں اس میں موجود آخری روایات ہیں۔

باب دیۃ الاعضاء

باب 21: اعضاء کی دیت کا بیان

1658- اَخْبَرَنَا مَالِكُ بْنُ اَنَسٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ بَكْرٍ، عَنْ اَبِيْهِ، فِي الْكِتَابِ الَّذِيْ كَتَبَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ

حدیث نمبر **1657**:

صنعانی' امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام' ''المصنف'' تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی' دارالقلم' بیروت' 1970ء — 1485

کوفی' امام ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ' ''المصنف'' المطبعۃ العزیزیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' 1386ھ — 2744

طبرانی' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب' ''المعجم الکبیر'' تحقیق: احمدی عبدالمجید سلفی' مطبعۃ الزہراء الحدیثۃ' موصل' عراق' (طبع ثانی) — 289/4

موصلی' امام ابویعلی احمد بن علی بن مثنیٰ' ''المسند'' تحقیق: حسین سلیم اسد' دارالمامون للتراث' طبع اول 1987ء — 710/5

حدیث نمبر **1658**:

صنعانی' امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام' ''المصنف'' تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی' دارالقلم' بیروت' 1970ء — 17408

دارمی' امام ابومحمد عبداللہ بن عبدالرحمٰن' ''السنن'' تحقیق: عبداللہ ہاشم یمانی' دارالمحاسن' قاہرہ' 1966ء — 2376

دارقطنی' امام علی بن عمر' ''السنن'' مکتبۃ المتنبی' قاہرہ' مصر — 209/3

نیشاپوری' امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم' ''المستدرک'' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' طبع بیروت — 395/1

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام'' دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان — 118/6

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام'' تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اول 2001ء — 290/7

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِعَمْرِو بْنِ حَزْمٍ : وَفِي الْأَنْفِ إِذَا أُوعِيَ جَدْعًا مِائَةٌ مِّنَ الْإِبِلِ ، وَفِي الْمَأْمُوْمَةِ ثُلُثُ النَّفْسِ ، وَفِي الْجَائِفَةِ مِثْلُهَا ، وَفِي الْعَيْنِ خَمْسُوْنَ ، وَفِي الْيَدِ خَمْسُوْنَ ، وَفِي الرِّجْلِ خَمْسُوْنَ ، وَفِي كُلِّ أُصْبُعٍ مِمَّا هُنَالِكَ عَشْرٌ مِّنَ الْإِبِلِ ، وَفِي السِّنِّ خَمْسٌ ، وَفِي الْمُوضِحَةِ خَمْسٌ

✧✧ حضرت عبداللہ بن ابوبکر اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں' نبی اکرم ﷺ نے حضرت عمرو بن حزم کو جب خط لکھا تھا تو اس میں یہ تحریر تھا۔

''اگر ناک کو جڑ سے کاٹ دیا جائے تو اس میں ایک سو اونٹ دیے جائیں گے اور ''ماموںہ'' زخم میں جان کی دیت کا ایک تہائی حصہ ہوگا اور جائفہ زخم میں بھی اتنا ہی ہوگا۔ آنکھ میں پچاس اونٹ ہونگے، ہاتھ میں بھی پچاس اونٹ ہونگے، پاؤں میں بھی پچاس اونٹ ہونگے۔ ہر ایک انگلی میں دس اونٹ ہونگے، دانت میں پانچ اونٹ ہونگے اور موضحہ زخم میں پانچ اونٹ ہونگے''۔

1659 - اَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ بَكْرِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ حَزْمٍ، عَنْ اَبِيْهِ، اَنَّ فِي الْكِتَابِ الَّذِيْ كَتَبَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِعَمْرِو بْنِ حَزْمٍ : وَفِيْ كُلِّ اِصْبَعٍ مِمَّا هُنَالِكَ عَشْرٌ مِّنَ الْاِبِلِ .

✧✧ ابوبکر بن محمد اپنے والد کے حوالے سے یہ بات نقل کرتے ہیں' نبی اکرم ﷺ نے حضرت عمرو بن حزم کو جو خط لکھا تھا اس میں یہ تحریر تھا۔

''ان میں (یعنی ہاتھ، پاؤں میں) ہر ایک انگلی کی دیت' دس اونٹ ہوگی۔

1660 - اَخْبَرَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ عُلَيَّةَ، بِاِسْنَادِهٖ عَنْ اَبِيْ مُوْسٰى، قَالَ : قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : فِي الْاَصَابِعِ عَشْرٌ عَشْرٌ .

✧✧ حضرت ابوموسیٰ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے: انگلیوں کی دیت دس' دس اونٹ ہیں۔

1661 - اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ وَعَبْدُ الْوَهَّابِ الثَّقَفِيُّ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ، اَنَّ عُمَرَ بْنَ

حدیث نمبر **1660**:

طیالسی' امام ابوداؤد سلیمان بن داؤد' ''المسند'' دار المعرفۃ' بیروت لبنان	511
کوفی' امام ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ' ''المصنف'' المطبعۃ العزیزیہ' حیدر آباد دکن' ہندوستان' 1386ھ	26980
شیبانی' امام احمد بن محمد بن حنبل' ''المسند'' المطبعۃ المیمنیہ' مصر	3974
دارمی' امام ابومحمد عبداللہ بن عبدالرحمن' ''السنن'' تحقیق: عبداللہ ہاشم یمانی' دار المحاسن' قاہرہ' 1966ء	2374
سجستانی' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث' ''السنن'' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان	4556
قزوینی' امام محمد بن یزید ابن ماجہ' ''السنن'' تحقیق: بشار عواد معروف' دار الجیل' بیروت' 1998ء	2654
تمیمی' امام ابوحاتم محمد بن حبان' ''صحیح ابن حبان'' دار الفکر' بیروت' طبع اول' 1996ء	6022
بیہقی' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی' ''السنن الکبریٰ'' دائرۃ المعارف النظامیہ' حیدر آباد دکن' ہندوستان' 1344ھ	92/8
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام'' دار المعرفۃ' بیروت' لبنان	75/6
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام'' تحقیق: رفعت فوزی' دار الوفاء' طبع اول' 2001ء	106/7

الْخَطَّابَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَضٰى فِي الْإِبْهَامِ بِخَمْسَةَ عَشَرَةَ وَفِي الَّتِي تَلِيهَا بِعَشَرَةٍ وَفِي الْوُسْطٰى بِعَشَرَةٍ وَفِي الَّتِي تَلِي الْخِنْصَرَ بِتِسْعٍ وَفِي الْخِنْصَرِ بِسِتٍّ .

✦✦ سعید بن مسیب بیان کرتے ہیں' حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے انگوٹھے کے بارے میں پندرہ اونٹوں کا فیصلہ دیا تھا۔اس کے ساتھ والی انگلی کے بارے میں دس اونٹوں کا اس کے ساتھ والی انگلی کے بارے میں دس اونٹوں کا،اس کے ساتھ والی کے بارے میں نو کا اور سب سے چھوٹی والی انگلی کے بارے میں چھ اونٹوں کا فیصلہ دیا تھا۔

1662 - اَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ، عَنْ مُسْلِمِ بْنِ جُنْدَبٍ، عَنْ اَسْلَمَ مَوْلٰى عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ اَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَضٰى فِي الضِّرْسِ بِجَمَلٍ وَفِي التَّرْقُوَةِ بِجَمَلٍ وَفِي الضِّلَعِ بِجَمَلٍ .

✦✦ اسلم' جو حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کے آزاد کردہ غلام ہیں' بیان کرتے ہیں' حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے داڑھ کے بارے میں ایک اونٹ کی ادائیگی کا فیصلہ دیا تھا اور "ترقوہ" میں ایک اونٹ کی ادائیگی کا فیصلہ دیا تھا اور "ضلع" میں ایک اونٹ کی ادائیگی کا فیصلہ دیا تھا۔

1663 - اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ، اَخْبَرَنَا مَالِكٌ حَدَّثَنَا دَاوُدُ بْنُ الْحُصَيْنِ، اَنَّ اَبَا غَطَفَانَ بْنَ طَرِيفٍ الْمُزَنِيَّ اَخْبَرَهُ اَنَّ مَرْوَانَ بْنَ الْحَكَمِ اَرْسَلَهُ اِلَى ابْنِ عَبَّاسٍ يَسْاَلُهُ مَا فِي الضِّرْسِ فَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ فِيهِ خَمْسٌ مِنَ الْاِبِلِ فَرَدَّنِي مَرْوَانُ اِلَى ابْنِ عَبَّاسٍ فَقَالَ اَفَتَجْعَلُ مُقَدَّمَ الْفَمِ مِثْلَ الْاَضْرَاسِ فَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ لَوْلَا اَنَّكَ لَا تَعْتَبِرُ ذٰلِكَ اِلَّا بِالْاَصَابِعِ عَقْلُهَا سَوَاءٌ .

قَالَ الشَّافِعِيُّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ : فَهٰذَا مِمَّا يَدُلُّكَ عَلٰى اَنَّ الشَّفَتَيْنِ عَقْلُهُمَا سَوَاءٌ وَقَدْ جَآءَ فِي الشَّفَتَيْنِ سِوٰى هٰذَا الْاَثَرِ .

✦✦ ابوغطفان بیان کرتے ہیں' مروان بن حکم نے انہیں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کے پاس بھیجا تاکہ ان سے داڑھ کے بارے میں دریافت کریں تو حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: اس میں پانچ اونٹوں کی ادائیگی لازم ہوگی۔

راوی کہتے ہیں: مروان نے مجھے دوبارہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کے پاس بھیجا اور بولا: کیا آپ منہ کے سامنے والے حصے کو

حدیث نمبر **1662**:

اصبحی' ابوعبداللہ مالک بن انس' "الموطا" بروایۃ یحییٰ بن یحییٰ اندلسی' تحقیق: بشار عواد معروف' دار الغرب الاسلامی' بیروت' لبنان (طبع اوّل) **1996**ء **2510**

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام" دار المعرفۃ' بیروت' لبنان **234/7**

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام" تحقیق: رفعت فوزی' دار الوفاء' طبع اوّل **2001**ء **50/8**

حدیث نمبر **1663**:

اصبحی' ابوعبداللہ مالک بن انس' "الموطا" بروایۃ امام محمد بن حسن شیبانی (موطا امام محمد) تحقیق: عبدالوہاب عبداللطیف' المکتبۃ العلمیہ **668**

اصبحی' ابوعبداللہ مالک بن انس' "الموطا" بروایۃ یحییٰ بن یحییٰ اندلسی' تحقیق: بشار عواد معروف' دار الغرب الاسلامی' بیروت' لبنان (طبع اوّل) **1996**ء **2513**

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام" دار المعرفۃ' بیروت' لبنان **314/6**

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام" تحقیق: رفعت فوزی' دار الوفاء' طبع اوّل **2001**ء **308/7**

داڑھوں کی مانند قرار دیتے ہیں؟ تو حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: تم اسے انگلیوں پر قیاس کر سکتے ہو جن سب کی دیت ایک جیسی ہوتی ہے۔

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: یہ اس بات پر دلالت کرتا ہے کہ دونوں ہونٹوں کی دیت برابر ہوگی اور دونوں ہونٹوں کے بارے میں اس کے علاوہ دیگر آثار منقول ہیں۔

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام"' تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اوّل 2001ء 402/5

دینا۔ یہاں پر ایک لفظ کے بارے میں علقمہ نامی راوی کو شک ہے' تم انہیں اسلام کی دعوت دینا اگر وہ اسے قبول کرلیں تو تم ان کی طرف سے اسے قبول کر لینا اور ان سے لڑائی سے رک جانا پھر تم انہیں ان کے علاقے سے مہاجرین کے علاقے کی طرف منتقل ہونے کی دعوت دینا اور انہیں یہ بتانا اگر وہ ایسا کرلیں گے تو انہیں وہ تمام سہولتیں ملیں گی جو مہاجرین کو حاصل ہیں اور ان پر وہ تمام چیزیں لازم ہوں گی جو مہاجرین پر لازم ہیں اگر وہ اپنے علاقے میں قیام کرنے کو اختیار کریں تو وہ دیہاتی مسلمانوں کی طرح ہوں گے ان پر اللہ تعالیٰ کا حکم جاری ہوگا جیسے دیگر مسلمانوں پر جاری ہوتا ہے۔ تاہم انہیں مال "فے" میں سے کچھ بھی نہیں ملے گا۔ البتہ اگر وہ مسلمانوں کے ساتھ جہاد کریں گے (تو مال "فے" میں سے حصہ دار ہوں گے) اگر وہ تمہاری اس دعوت کو قبول نہیں کرتے تو تم انہیں اس بات کی دعوت دو کہ وہ جزیہ ادا کریں ذلت کا شکار ہوتے ہوئے اگر وہ ایسا کرلیتے ہیں تو تم اسے قبول کرو اور انہیں چھوڑ دو اگر وہ اس کا بھی انکار کر دیتے ہیں تو اللہ تعالیٰ سے مدد مانگو اور ان کے ساتھ جنگ کرو۔

1733 - اَخْبَرَنَا الثِّقَةُ يَحْيَى بْنُ حَسَّانَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اَبَانَ، عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ مَرْثَدٍ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ بُرَيْدَةَ، عَنْ اَبِيهِ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ اِذَا بَعَثَ جَيْشًا اَمَّرَ عَلَيْهِمْ اَمِيرًا، وَذَكَرَ الْحَدِيثَ

✧✧ سلیمان بن بریدہ اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب کسی مہم کو روانہ کرتے تھے تو ان پر ایک امیر مقرر کر دیتے تھے اس کے بعد انہوں نے پوری حدیث نقل کی ہے۔

اخرج الاوّل من الجزء الثاني من اختلاف الحديث ' والثاني من كتاب الجزية .

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے پہلی روایت اختلاف الحدیث کے دوسرے جزء میں نقل کی ہے جبکہ دوسری روایت کتاب الجزیہ میں نقل کی ہے۔

باب النهي عن قتل النساء والصبيان

باب 5: خواتین اور بچوں کو قتل کرنے کی ممانعت

1734 - اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنِ ابْنِ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ عَمِّهِ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى الَّذِينَ بَعَثَ اِلَى ابْنِ اَبِي الْحُقَيْقِ عَنْ قَتْلِ النِّسَاءِ وَالْوِلْدَانِ .

✧✧ حضرت ابن کعب بن مالک رضی اللہ عنہ اپنے چچا کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جن لوگوں کو ابن ابی حقیق کی طرف بھیجا تھا انہیں خواتین اور بچوں کو قتل کرنے سے منع کر دیا تھا۔

حدیث نمبر **1734**:

حمیدی' امام ابوبکر عبداللہ بن زبیر' "المسند" عالم الکتب' بیروت' مکتبۃ المتنبی' قاہرہ' مصر **743**

کوفی' امام ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ' "المصنف" المطبعۃ العزیزیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' **1386** ھ **33115**

اسفرائینی' امام ابوعوانہ یعقوب بن اسحاق' "المسند" مجلس دائرۃ المعارف العثمانیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' **1966**ء **22/4**

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام" دار المعرفۃ' بیروت' لبنان **239/4**

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام" تحقیق: رفعت فوزی' دار الوفاء' طبع اول' **2001**ء **570/5**

1735 - اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنِ ابْنِ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ عَمِّهِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا بَعَثَ اِلٰى ابْنِ اَبِى الْحُقَيْقِ نَهٰى عَنْ قَتْلِ النِّسَآءِ وَالْوِلْدَانِ .

✦✦ ابن کعب بن مالک اپنے چچا کا یہ بیان نقل کرتے ہیں' نبی اکرم ﷺ نے جب ابن ابی حقیق کی طرف لوگوں کو بھیجا تھا تو خواتین اور بچوں کو قتل کرنے سے منع کر دیا۔

اخرج الاوّل من كتاب قتال المشركين وهو اوّل حديث فيه ' والثانى من كتاب الرسالة .

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے پہلی روایت کتاب قتال المشرکین میں نقل کی ہے اور یہ اس میں موجود پہلی روایت ہے جبکہ دوسری روایت کتاب رسالہ میں نقل کی ہے۔

باب المصاب من نساء المشركين وذرايهم

باب 6: مشرکین کی جو خواتین اور بچے (جنگ کے دوران) مارے جائیں

1736 - اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، اَخْبَرَنِى الصَّعْبُ بْنُ جَثَّامَةَ، اَنَّهُ سَمِعَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُسْاَلُ عَنْ اَهْلِ الدَّارِ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ يُبَيَّتُوْنَ، فَيُصَابُ مِنْ نِسَائِهِمْ وَذَرَارِيِّهِمْ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : هُمْ مِنْهُمْ، وَزَادَ عَمْرُو بْنُ دِيْنَارٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ : هُمْ مِنْ اٰبَائِهِمْ .

✦✦ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: حضرت صعب بن جثامہ رضی اللہ عنہ نے یہ بات بیان کی ہے انہوں نے نبی

حدیث نمبر 1736

صنعانی' امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام' "المصنف" تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی' دار القلم' بیروت' 1970ء	9385
حمیدی' امام ابوبکر عبداللہ بن زبیر' "المسند" عالم الکتب' بیروت' مکتبۃ المتنبی' قاہرہ' مصر	781
کوفی' امام ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ' "المصنف" المطبعۃ العزیزیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' 1386ھ	3313
شیبانی' امام احمد بن محمد بن حنبل' "المسند" المطبعۃ المیمنیہ' مصر	37/4
بخاری' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل' "الجامع الصحیح" (رقم الحدیث من فتح الباری)	30/2
سجستانی' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث' "السنن" دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان	1745
نسائی' امام احمد بن شعیب' "المجتبی من السنن" دار الحدیث' قاہرہ' مصر 1407ھ-1987ء	672
قزوینی' امام محمد بن یزید ابن ماجہ' "السنن" تحقیق: بشار عواد معروف' دار الجیل' بیروت' 1998ء	2839
ترمذی' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ' "الجامع الکبیر" تحقیق: ڈاکٹر بشار عواد معروف' دار الغرب الاسلامی' بیروت 1996ء	1570
نسائی' امام احمد بن شعیب' "السنن الکبریٰ" تحقیق: سلیمان بنداری' سید کسروی' دار الکتب العلمیہ' 1991ء	8622
اسفرائنی' امام ابوعوانہ یعقوب بن اسحاق' "المسند" مجلس دائرۃ المعارف العثمانیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' 1966ء	95/4
طحاوی' امام ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ' "شرح معانی الآثار" تحقیق: محمد جاد الحق' مطبعۃ الانوار المحمدیہ' مصر	22/3
تمیمی' امام ابوحاتم محمد بن حبان' "صحیح ابن حبان" دار الفکر' بیروت' طبع اوّل 1996ء	136

اکرم ﷺ کو سنا' آپ سے مشرکین کے علاقے میں رہنے والے ان لوگوں کے بارے میں دریافت کیا گیا جن پر رات کے وقت حملہ کیا جاتا ہے اور اس دوران ان کے بچے اور عورتیں مارے جاتے ہیں تو نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: یہ ان لوگوں کا حصہ ہیں۔

عمرو بن دینار نے یہ الفاظ زائد نقل کیے ہیں: وہ اپنے باپ دادا کے ساتھ ہیں۔

1737 - اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ يَعْنِيْ ابْنَ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنِ الصَّعْبِ بْنِ جَثَّامَةَ اللَّيْثِيِّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سُئِلَ عَنْ اَهْلِ الدَّارِ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ يُبَيَّتُوْنَ فَيُصَابُ مِنْ نِسَائِهِمْ وَاَبْنَائِهِمْ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: هُمْ مِنْهُمْ، وَرُبَّمَا قَالَ سُفْيَانُ فِي الْحَدِيْثِ: هُمْ مِنْ اٰبَائِهِمْ۔

✧✧ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما حضرت صعب بن جثامہ رضی اللہ عنہ کا یہ بیان نقل کرتے ہیں' نبی اکرم ﷺ سے مشرکین کے علاقے میں رہنے والے ان لوگوں کے بارے میں دریافت کیا گیا جن پر رات کے وقت حملہ کیا جائے اور اس دوران ان کی خواتین اور بچے مارے جائیں۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: یہ بھی ان لوگوں کا حصہ ہیں۔

بعض اوقات سفیان نامی راوی نے اپنی روایت میں یہ الفاظ نقل کیے ہیں: وہ اپنے باپ دادا کے ساتھ ہیں۔

اخرج الاوّل من كتاب الرسالة والثاني من كتاب قتال المشركين۔

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے پہلی روایت کتاب رسالہ میں نقل کی ہے جبکہ دوسری روایت کتاب قتال مشرکین میں نقل کی ہے۔

باب الحصار والنزول على حكم الامام

باب 7: دشمن کا محاصرہ کرنا اور امام کو ثالث تسلیم کرنا

1738 - اَخْبَرَنَا الثَّقَفِيُّ عَنْ حُمَيْدٍ عَنْ مُوْسَى بْنِ اَنَسٍ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ اَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ سَاَلَهُ اِذَا حَاصَرْتُمُ الْمَدِيْنَةَ كَيْفَ تَصْنَعُوْنَ قَالَ نَبْعَثُ الرَّجُلَ اِلَى الْمَدِيْنَةِ وَنَصْنَعُ لَهُ هَنَةً مِنْ جُلُوْدٍ قَالَ اَرَاَيْتَ اِنْ رُمِيَ بِحَجَرٍ قَالَ اِذًا يُقْتَلَ قَالَ فَلَا تَفْعَلُوْا فَوَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهٖ مَا يَسُرُّنِيْ اَنْ تَفْتَحُوْا مَدِيْنَةً فِيْهَا اَرْبَعَةُ الْافِ مُقَاتِلٍ بِتَضْيِيْعِ رَجُلٍ مُسْلِمٍ۔

✧✧ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ان سے دریافت کیا' جب تم لوگ کسی شہر کا محاصرہ کرتے ہو تو کیا کرتے ہو؟ انہوں نے جواب دیا: ہم ایک شخص کو شہر کی طرف بھیجتے ہیں اور اس کو ایک چمڑے کا (حفاظتی لباس) دیتے ہیں حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے دریافت کیا: اگر اسے پتھر مار دیا جائے؟ انہوں نے جواب دیا: تو وہ قتل ہو جائے گا تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تم ایسا نہ کرو! اس ذات کی قسم! جس کے دست قدرت میں میری جان ہے! مجھے یہ بات پسند نہیں ہے کہ تم کوئی ایسا شہر فتح کرو جس میں چار ہزار جنگجو لوگ موجود ہوں اور اس کے مقابلے میں ایک مسلمان کی جان ضائع ہو۔

1739 - اَخْبَرَنَا الثَّقَفِيُّ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنْ اَنَسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: حَاصَرْنَا تُسْتَرَ فَنَزَلَ الْهُرْمُزَانُ عَلٰى

حُكْمِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فَقَدِمْتُ بِهٖ عَلٰى عُمَرَ فَلَمَّا انْتَهَيْنَا اِلَيْهِ قَالَ لَهٗ عُمَرُ : تَكَلَّمْ قَالَ كَلَامَ حَيٍّ اَوْ كَلَامَ مَيِّتٍ قَالَ تَكَلَّمْ لَا بَاْسَ قَالَ اِنَّا وَاِيَّاكُمْ مَعْشَرَ الْعَرَبِ مَا خَلَّا اللّٰهُ بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمْ كُنَّا نَتَعَبَّدُكُمْ وَنَقْتُلُكُمْ وَنَغْصِبُكُمْ فَلَمَّا كَانَ اللّٰهُ مَعَكُمْ لَمْ تَكُنْ لَنَا بِكُمْ يَدَانِ فَقَالَ عُمَرُ مَا تَقُوْلُ فَقُلْتُ يَا اَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ تَرَكْتُ بَعْدِيْ عَدُوًّا كَثِيْرًا وَشَوْكَةً شَدِيْدَةً ، فَاِنْ قَتَلْتَهٗ يَيْاَسِ الْقَوْمُ الْحَيَاةَ وَيَكُوْنُ اَشَدَّ لِشَوْكَتِهِمْ فَقَالَ عُمَرُ اَسْتَحْيِيْ قَاتِلَ الْبَرَاءِ بْنِ مَالِكٍ وَمَجْزَاَةَ ابْنِ ثَوْرٍ فَلَمَّا خَشِيْتُ اَنْ يَقْتُلَهٗ قُلْتُ لَهٗ لَيْسَ اِلٰى قَتْلِهٖ سَبِيْلٌ قَدْ قُلْتَ لَهٗ تَكَلَّمْ لَا بَاْسَ فَقَالَ عُمَرُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ ارْتَشَيْتَ وَاَصَبْتَ مِنْهُ فَقُلْتُ وَاللّٰهِ مَا ارْتَشَيْتُ وَلَا اَصَبْتُ مِنْهُ قَالَ لَتَاْتِيَنِّيْ عَلٰى مَا شَهِدْتَّ بِهٖ بِغَيْرِكَ اَوْ لَا بُدَّ اَنَّ بِعُقُوْبَتِكَ قَالَ فَخَرَجْتُ فَلَقِيْتُ الزُّبَيْرَ بْنَ الْعَوَّامِ فَشَهِدَ مَعِيْ وَاَمْسَكَ عُمَرُ وَاَسْلَمَ وَفَرَضَ لَهٗ .

✦✦ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ہم نے ''تستر'' شہر کا محاصرہ کیا تو ہرمزان (جو وہاں کا گورنر تھا) حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو ثالث تسلیم کرنے پر تیار ہوا۔ میں اسے لے کر حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس آیا ہم ان کے پاس پہنچے تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اس سے فرمایا: تم بات شروع کرو۔ اس نے دریافت کیا' زندہ آدمی کی طرح یا مردہ آدمی کی طرح؟ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تم بات کرو کوئی پریشانی کی بات نہیں ہے وہ بولا: بے شک ہم اور آپ لوگ یعنی عرب اللہ تعالیٰ نے ہمارے اور آپ کے درمیان کبھی کوئی موقعہ خالی نہیں چھوڑا۔ ہم آپ لوگوں کو غلام بناتے رہے ہیں آپ کو قتل کرتے رہے ہیں آپ لوگوں کے مال واسباب کو غصب کرتے رہے ہیں تو جب اللہ تعالیٰ آپ کے ساتھ ہو گیا تو اب ہم آپ کا کچھ نہیں کر سکتے۔

حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تم کیا کہتے ہو؟ میں نے عرض کی: اے امیر المؤمنین! میں نے اپنے بعد بہت بڑا دشمن اور زبردست تیاریاں چھوڑی ہیں اگر آپ نے اسے قتل کر دیا تو دشمن اپنی زندگی سے مایوس ہو جائے گا اور اس کے نتیجے میں اس کی طاقت زیادہ ہو جائے گی۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: مجھے براء بن مالک اور مجزاۃ بن ثور کے قاتل سے حیاء آتی ہے۔

راوی بیان کرتے ہیں: جب مجھے یہ اندیشہ ہوا' حضرت عمر رضی اللہ عنہ اسے قتل کروا دیں گے تو میں نے ان سے کہا: آپ اسے قتل نہیں کروا سکتے کیونکہ آپ نے اسے یہ ارشاد فرمایا تھا: تم بات کرو کوئی پریشانی کی بات نہیں ہے' تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا:

تم نے اس سے رشوت اور مال (جان بچانے کے عوض میں) لیا ہے؟ میں نے کہا: اللہ کی قسم! میں نے کوئی مال یا رشوت وصول نہیں کی۔ انہوں نے فرمایا: تم میرے پاس ایک شخص کو لے کر آؤ جو تمہارے علاوہ بھی اس کا گواہ ہو ورنہ میں تمہیں سزا دینے سے آغاز کروں گا۔

راوی بیان کرتے ہیں: میں وہاں سے نکلا میری ملاقات حضرت زبیر بن عوام رضی اللہ عنہ سے ہوئی تو انہوں نے میرے ساتھ گواہی

حدیث نمبر 1739

کوفی' امام ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ' ''المصنف'' المطبعۃ العزیزیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' 1386ھ — 4402

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام'' دار المعرفۃ' بیروت' لبنان — 152/4

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام'' تحقیق: رفعت فوزی' دار الوفاء' طبع اول' 2001ء — 614/5

دی تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ (اسے قتل کرنے سے) رُک گئے پھر اس نے اسلام قبول کر لیا تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اس کے لئے (حصہ) مقرر کیا۔

اخرج الحديثين من كتاب الاسارى والغلول .

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے یہ دونوں روایات ''الساری والغلول'' میں نقل کی ہیں۔

باب غزوة خيبر

باب 8: غزوہ خیبر

1740 - اَخْبَرَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ الثَّقَفِيُّ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنْ اَنَسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ : سَارَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلٰى خَيْبَرَ فَانْتَهٰى اِلَيْهَا لَيْلًا، وَكَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا طَرَقَ قَوْمًا لَمْ يُغِرْ عَلَيْهِمْ حَتّٰى يُصْبِحَ، فَاِنْ سَمِعَ اَذَانًا اَمْسَكَ، وَاِنْ لَمْ يَكُوْنُوا يُصَلُّوْنَ اَغَارَ عَلَيْهِمْ حِيْنَ يُصْبِحُ، فَلَمَّا اَصْبَحَ رَكِبَ وَرَكِبَ الْمُسْلِمُوْنَ وَخَرَجَ اَهْلُ الْقَرْيَةِ وَمَعَهُمْ مَكَاتِلُهُمْ وَمَسَاحِيهِمْ، فَلَمَّا رَاَوْا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالُوْا : مُحَمَّدٌ وَّالْخَمِيسُ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : اللّٰهُ اَكْبَرُ، خَرِبَتْ خَيْبَرُ، اِنَّا اِذَا نَزَلْنَا بِسَاحَةِ قَوْمٍ، فَسَاءَ صَبَاحُ الْمُنْذَرِيْنَ، قَالَ اَنَسٌ : وَاِنِّىْ لَرَدِيفُ اَبِىْ طَلْحَةَ، وَاِنَّ قَدَمَىَّ لَتَمَسُّ قَدَمَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حدیث نمبر **1740**:

اصبحی' ابوعبداللہ مالک بن انس' ''الموطا'' بروایۃ یحیٰی بن یحیٰی اندلسی' تحقیق: بشار عواد معروف' دار الغرب الاسلامی' بیروت' لبنان (طبع اوّل) 1996ء — 1345
طیالسی' امام ابوداؤد سلیمان بن داؤد' ''المسند'' دار المعرفۃ' بیروت لبنان — 2127
کوفی' امام ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ' ''المصنف'' المطبعۃ العزیزیۃ' حیدر آباد دکن' ہندوستان' 1386ھ — 36866
شیبانی' امام احمد بن محمد بن حنبل' ''المسند'' المطبعۃ المیمنیۃ' مصر — 101/3
بخاری' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل' ''الجامع الصحیح'' (رقم الحدیث من فتح الباری) — 371
سجستانی' امام ابوداؤد سلیمان بن الاشعث' ''السنن''، دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان — 1365
نسائی' امام احمد بن شعیب' ''السنن الکبریٰ'' تحقیق: سلیمان بنداری' سید کسروی' دار الکتب العلمیۃ' 1991ء — 1017
نسائی' امام احمد بن شعیب' ''المجتبیٰ من السنن'' دار الحدیث' قاہرہ' مصر 1407ھ-1987ء — 271
موصلی' امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ' ''المسند'' تحقیق: حسین سلیم اسد' دار المامون للتراث' طبع اوّل 1987ء — 384
نیشاپوری' امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ ''الصحیح'' شرکۃ الطباعۃ العربیۃ' ریاض' الطبعۃ الثانیۃ 1981ء — 351
اسفرائینی' امام ابوعوانہ یعقوب بن اسحاق' ''المسند'' مجلس دائرۃ المعارف العثمانیۃ' حیدر آباد دکن' ہندوستان' 1966ء — 350/4
تمیمی' امام ابوحاتم محمد بن حبان' ''صحیح ابن حبان''، دار الفکر' بیروت' طبع اوّل 1996ء — 3650
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام'' دار المعرفۃ' بیروت' لبنان — 252/4
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام'' تحقیق: رفعت فوزی' دار الوفاء' طبع اوّل 2001ء — 617/5

✦✦ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ خیبر کی طرف روانہ ہوئے آپ رات کے وقت وہاں پہنچے نبی اکرم ﷺ جب کسی قوم پر حملہ کرتے تھے تو آپ صبح ہونے سے پہلے ان پر حملہ نہیں کرتے تھے۔ اگر آپ کو (صبح کی نماز کے وقت) وہاں سے اذان کی آواز آجاتی تو آپ حملے سے رُک جاتے تھے اور اگر وہ لوگ نماز نہیں پڑھتے تھے تو آپ ان لوگوں پر حملہ کر دیتے تھے۔ جیسے ہی صبح ہوتی تھی۔ جب صبح ہوئی تو نبی اکرم ﷺ سوار ہوئے مسلمان بھی سوار ہو گئے اس بستی کے لوگ (اپنے علاقے سے) باہر آئے ان کے ساتھ ان کی کدالیں تھیں اور تھال تھے۔ جب انہوں نے نبی اکرم ﷺ کو دیکھا تو بولے: محمد اور ان کا لشکر آگئے ہیں' نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: اللہ اکبر! خیبر تباہ ہو گیا۔ جب ہم کسی قوم کے میدان جنگ میں اُترتے ہیں تو ان ڈرائے ہوئے لوگوں کی صبح بڑی بری ہوتی ہے۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ کے پیچھے سوار تھا میرا پاؤں نبی اکرم ﷺ کے قدم مبارک کو چھو رہا تھا۔

اخرجه من كتاب الاسارى والغلول .

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے اس روایت کو کتاب الاساری الغلول میں نقل کیا ہے۔

باب غزوة بني المصطلق و بني النضير

باب 9: غزوۂ بنو مصطلق اور غزوۂ بنو نضیر

1741 - اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ حَبِيبٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَوْنٍ، اَنَّ نَافِعًا كَتَبَ اِلَيْهِ يُخْبِرُهُ اَنَّ ابْنَ عُمَرَ، اَخْبَرَهُ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَغَارَ عَلٰى بَنِي الْمُصْطَلِقِ وَهُمْ غَارُّونَ فِي نَعَمِهِمْ بِالْمُرَيْسِيعِ، فَقَتَلَ الْمُقَاتِلَةَ وَسَبَى الذُّرِّيَّةَ .

عبداللہ بن عون بیان کرتے ہیں: نافع نے انہیں خط میں لکھا' حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے انہیں یہ بات بتائی ہے' نبی اکرم ﷺ

حدیث نمبر 1741:

شیبانی' امام احمد بن محمد بن حنبل'' المسند'' المطبعة الميمنية' مصر	31/2
بخاری' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل'' الجامع الصحیح'' (رقم الحدیث من فتح الباری)	2541
اسفرائینی' امام ابوعوانہ یعقوب بن اسحاق'' المسند'' مجلس دائرۃ المعارف العثمانیہ' حیدر آباد دکن' ہندوستان' 1966ء	76/4
بخاری' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل'' الجامع الصحیح'' (رقم الحدیث من فتح الباری)	8585
نسائی' امام احمد بن شعیب'' المجتبیٰ من السنن' دار الحدیث' قاہرہ' مصر 1407ھ-1987ء	2633
نیشاپوری' امام مسلم بن حجاج'' الجامع الصحیح'' تحقیق وترقیم' فؤاد عبدالباقی' دار الحدیث' قاہرہ' مصر	710
طحاوی' امام ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ'' شرح معانی الآثار'' تحقیق' محمد جاد الحق' مطبعۃ الانوار المحمدیہ' مصر	209/3
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس'' الام'' دار المعرفۃ' بیروت' لبنان	239/4
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس'' الام'' تحقیق: رفعت فوزی' دار الوفاء' طبع اول 2001ء	578/5

نے بنومصطلق پر حملہ کیا تھا۔ وہ لوگ اس وقت ''مریسیع'' کے مقام پر اپنے جانوروں میں تھے تو نبی اکرم ﷺ نے ان کے جنگجو لوگوں کو قتل کروادیا تھا اور بچوں کو قیدی بنادیا تھا۔

1742 - اَخْبَرَنَا اَبُوْ ضَمْرَةَ، عَنْ مُوْسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَرَّقَ اَمْوَالَ بَنِي النَّضِيرِ

✧✧ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے بنونضیر کے باغات جلوادیے تھے۔

1743 - اَخْبَرَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ سَعْدٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَرَّقَ اَمْوَالَ بَنِي النَّضِيرِ فَقَالَ قَائِلٌ: وَهَانَ عَلٰى سَرَاةِ بَنِي لُؤَيٍّ حَرِيْقٌ بِالْبُوَيْرَةِ مُسْتَطِيْرُ .

✧✧ ابن شہاب بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے بنونضیر کے اموال (باغات) جلوادیے تھے تو کسی شخص نے یہ شعر کہا تھا:

''بنولؤی کے سرداروں کے لئے ''بویرہ'' کے مقام پر سیدھے کھڑے ہوئے درختوں کو جلانا آسان ہے''۔

1744 - اَخْبَرَنَا اَنَسُ بْنُ عِيَاضٍ، عَنْ مُوْسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَطَعَ نَخْلَ بَنِي النَّضِيرِ وَحَرَّقَ وَهِيَ الْبُوَيْرَةُ .

✧✧ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے بنونضیر کے کھجوروں کے درخت کٹوادیے تھے اور انہیں جلوا

حدیث نمبر **1744**:

طیالسی' امام ابوداؤد سلیمان بن داؤد' ''المسند'' دار المعرفة' بیروت لبنان	**1833**
سجستانی' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث' ''السنن''، داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان	**685**
شیبانی' امام احمد بن محمد بن حنبل' ''المسند'' المطبعة المیمنیه' مصر	**7/2**
دارمی' امام ابومحمد عبداللہ بن عبدالرحمٰن' ''السنن''، تحقیق: عبداللہ ہاشم یمانی' دار المحاسن' قاہرہ' **1966**ء	**2463**
بخاری' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل' ''الجامع الصحیح'' (رقم الحدیث من فتح الباری)	**2326**
نیشاپوری' امام مسلم بن حجاج' ''الجامع الصحیح''، تحقیق و ترقیم: فؤاد عبدالباقی' دارالحدیث' قاہرہ' مصر	**1746**
ترمذی' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ' ''الجامع الکبیر''، تحقیق: ڈاکٹر بشار عواد معروف' دار الغرب الاسلامی' بیروت **1996**ء	**1552**
قزوینی' امام محمد بن یزید ابن ماجہ' ''السنن''، تحقیق: بشار عواد معروف' دار الجیل' بیروت' **1998**ء	**2844**
نسائی' امام احمد بن شعیب' ''السنن الکبریٰ''، تحقیق: سلیمان بنداری' سید کسروی' دار الکتب العلمیہ' **1991**ء	**8608**
موصلی' امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ' ''المسند''، تحقیق: حسین سلیم اسد' دار المامون للتراث' طبع اوّل' **1987**ء	**5837**
اسفرائینی' امام ابوعوانہ یعقوب بن اسحاق' ''المسند''، مجلس دائرۃ المعارف العثمانیہ' حیدر آباد دکن' ہندوستان' **1966**ء	**97/4**
طحاوی' امام ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ' ''شرح مشکل الآثار''، تحقیق: شعیب ارناؤوط' موسسۃ الرسالہ' بیروت' لبنان' **1987**ء	**1108**
بیہقی' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی' ''السنن الکبریٰ''، دائرۃ المعارف النظامیہ' حیدر آباد دکن' ہندوستان' **1344**ھ	**83/9**
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام''، دار المعرفة' بیروت' لبنان	**343/4**
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام''، تحقیق: رفعت فوزی' دار الوفاء' طبع اوّل' **2001**ء	**631/5**

دیا تھا یہ "بویرہ" کے مقام پر ہوا تھا۔

1745 - اَخْبَرَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ سَعْدٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَرَّقَ اَمْوَالَ بَنِي النَّضِيرِ، فَقَالَ قَائِلٌ : وَهَانَ عَلَى سَرَاةِ بَنِي لُؤَيٍّ حَرِيقٌ بِالْبُوَيْرَةِ مُسْتَطِيرُ .

✦✦ ابن شہاب بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے بنونضیر کے اموال (کھجوروں کے باغات) جلوا دیے تھے اور اس پر کسی شاعر نے یہ کہا تھا۔

"بنولؤی کے سرداروں کے لئے "بویرہ" کے مقام پر سیدھے کھڑے ہوئے درختوں کو جلانا آسان ہے"۔

1746 - اَخْبَرَنَا بَعْضُ اَصْحَابِنَا، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ جَعْفَرٍ الْاَزْهَرِيِّ، قَالَ : سَمِعْتُ ابْنَ شِهَابٍ، يُحَدِّثُ عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ اُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ : اَمَرَنِي رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ اُغِيرَ صَبَاحًا عَلَى اَهْلِ اَبْنَاءَ وَاُحَرِّقَ .

✦✦ ابن شہاب' عروہ کے حوالے سے حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ کا یہ بیان نقل کرتے ہیں' نبی اکرم ﷺ نے مجھے یہ ہدایت کی تھی: میں "اہل ابنا" پر صبح کے وقت حملہ کروں اور انہیں جلا دوں۔

اخرج الثلاثة الاحاديث من كتاب قتال المشركين ' والى اخر السادس من كتاب الاسارى والغلول .

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے پہلی تین روایات کتاب قتال مشرکین میں نقل کی ہیں اس کے بعد چھٹی روایات تک کتاب الاساری الغلول میں نقل کی ہیں۔

باب غزوة يوم حنين و تنفيل القاتل سلب المقتول

باب 10: غزوۂ حنین' (دشمن کو) قتل کرنے والے کو مقتول کا سامان دینا

1747 - اَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ كَثِيْرِ بْنِ اَفْلَحَ، عَنْ اَبِي مُحَمَّدٍ مَوْلَى اَبِي قَتَادَةَ، عَنْ اَبِي قَتَادَةَ الْاَنْصَارِيِّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ : خَرَجْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَامَ حُنَيْنٍ

حدیث نمبر 1746

طیالسی' امام ابوداؤد سلیمان بن داؤد' "المسند" دارالمعرفۃ' بیروت لبنان	625
شیبانی' امام احمد بن محمد بن حنبل' "المسند" المطبعۃ المیمنیہ' مصر	205/5
کوفی' امام ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ' "المصنف" المطبعۃ العزیزیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' 1386ھ	33072
قزوینی' امام محمد بن یزید ابن ماجہ' "السنن" تحقیق: بشار عواد معروف' دارالجیل' بیروت' 1998ء	2843
جستانی' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث' "السنن" داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان	2616
طبرانی' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب' "المعجم الکبیر" تحقیق: احمدی عبدالمجید سلفی' مطبعۃ الزہراء الحدیثۃ' موصل' عراق (طبع ثانی)	408
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام" دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان	258/4
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام" تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اول' 2001ء	633/5

فَلَمَّا الْتَقَيْنَا كَانَتْ لِلْمُسْلِمِينَ جَوْلَةٌ، فَرَأَيْتُ رَجُلاً مِّنَ الْمُشْرِكِينَ قَدْ عَلا رَجُلاً مِّنَ الْمُسْلِمِينَ، قَالَ : فَاسْتَدَرْتُ لَهُ حَتّٰى اَتَيْتُهُ مِنْ وَرَائِهٖ فَضَرَبْتُهُ عَلٰى حَبْلِ عَاتِقِهٖ ضَرْبَةً فَاَقْبَلَ عَلَيَّ فَضَمَّنِي ضَمَّةً وَّجَدْتُ مِنْهَا رِيحَ الْمَوْتِ ثُمَّ اَدْرَكَهُ الْمَوْتُ، فَاَرْسَلَنِي، فَلَحِقْتُ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، فَقُلْتُ لَهُ : مَا بَالُ النَّاسِ؟ قَالَ : اَمْرُ اللّٰهِ، ثُمَّ اِنَّ النَّاسَ رَجَعُوْا، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : مَنْ قَتَلَ قَتِيلا لَهُ عَلَيْهِ بَيِّنَةٌ فَلَهُ سَلَبُهُ، فَقُمْتُ، فَقُلْتُ : مَنْ يَّشْهَدُ لِي؟ ثُمَّ جَلَسْتُ، فَقَالَهَا الثَّانِيَةَ، فَقُمْتُ، فَقُلْتُ : مَنْ يَّشْهَدُ لِي؟ ثُمَّ جَلَسْتُ، فَقَالَهَا الثَّالِثَةَ، فَقُمْتُ فِي الثَّالِثَةِ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : مَا لَكَ يَا اَبَا قَتَادَةَ؟ فَاقْتَصَصْتُ عَلَيْهِ الْقِصَّةَ فَقَالَ رَجُلٌ مِّنَ الْقَوْمِ : صَدَقَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، وَسَلَبُ ذٰلِكَ الْقَتِيلِ عِنْدِي، فَاَرْضِهِ مِنْهُ، فَقَالَ اَبُوْ بَكْرٍ : لاهَا اللّٰهُ اِذًا، لا يَعْمِدُ اِلٰى اَسَدٍ مِنْ اُسْدِ اللّٰهِ تَعَالٰى يُقَاتِلُ عَنِ اللّٰهِ فَيُعْطِيكَ سَلَبَهُ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : صَدَقَ، فَاَعْطِهِ اِيَّاهُ، قَالَ اَبُوْ قَتَادَةَ : فَاَعْطَانِيهِ، فَبِعْتُ الدِّرْعَ فَابْتَعْتُ بِهٖ مَخْرَفًا فِي بَنِي سَلِمَةَ، فَاِنَّهُ لاَوَّلُ مَالٍ تَاَثَّلْتُ فِي الْاِسْلامِ .

قَالَ مَالِكٌ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ : الْمَخْرَفُ : النَّخْلُ .

✧✧ حضرت ابوقتادہ انصاری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: غزوۂ حنین کے موقع پر ہم لوگ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ روانہ ہوئے جب ہمارا سامنا دشمن سے ہوا تو مسلمانوں میں بھگدڑ مچ گئی۔ میں نے مشرکین کے ایک فرد کو دیکھا: وہ ایک مسلمان پر غالب آ رہا

حدیث نمبر 1747:

اصحی ابوعبداللہ مالک بن انس "الموطا" بروایۃ یحییٰ بن یحییٰ اندلسی تحقیق: بشار عواد معروف دار الغرب الاسلامی بیروت لبنان (طبع اوّل) 1996ء	1311
صنعانی امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام "المصنف" تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی دار القلم بیروت 1970ء	8476
حمیدی امام ابوبکر عبداللہ بن زبیر "المسند" عالم الکتب بیروت مکتبۃ المتنبی قاہرہ مصر	423
شیبانی امام احمد بن محمد بن حنبل "المسند" المطبعۃ المیمنیہ مصر	295/
دارمی امام ابومحمد عبداللہ بن عبدالرحمٰن "السنن" تحقیق: عبداللہ ہاشم یمانی دار المحاسن قاہرہ 1966ء	2488
بخاری امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل "الجامع الصحیح" (رقم الحدیث من فتح الباری)	2100
نیشاپوری امام مسلم بن حجاج "الجامع الصحیح" تحقیق وترقیم فؤاد عبدالباقی دار الحدیث قاہرہ مصر	1751
سجستانی امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث "السنن" دار احیاء التراث العربی بیروت لبنان	278
قزوینی امام محمد بن یزید ابن ماجہ "السنن" تحقیق: بشار عواد معروف دار الجیل بیروت 1998ء	2837
ترمذی امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ "الجامع الکبیر" تحقیق: ڈاکٹر بشار عواد معروف دار الغرب الاسلامی بیروت 1998ء	1562
طحاوی امام ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ "شرح مشکل الآثار" تحقیق: شعیب ارناؤوط موسسۃ الرسالہ بیروت لبنان 1987ء	4785
تمیمی امام ابوحاتم محمد بن حبان "صحیح ابن حبان" دار الفکر بیروت طبع اوّل 1996ء	48/2
بیہقی امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی "السنن الکبریٰ" دائرۃ المعارف النظامیہ حیدر آباد دکن ہندوستان 1344ھ	306/6
شافعی امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس "الام" دار المعرفۃ بیروت لبنان	124/4
شافعی امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس "الام" تحقیق: رفعت فوزی دار الوفاء طبع اوّل 2001ء	925/8

تھا۔ حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں گھوم کر پیچھے سے اس کے پاس آ گیا میں نے اس کی گردن پر ضرب لگائی وہ مڑ کر میری طرف ہوا اور مجھے بھینچ لیا مجھے موت کو بو محسوس ہوئی پھر وہ شخص مڑ گیا اور اس نے مجھے چھوڑ دیا۔

پھر میری ملاقات حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ سے ہوئی۔ میں نے ان سے پوچھا: لوگوں کو کیا ہو گیا ہے؟ انہوں نے فرمایا: اللہ تعالیٰ کی مرضی ہے۔

پھر جب لوگ واپس آ گئے (یعنی جنگ ختم ہو گئی) تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس شخص نے (کسی دشمن) کو قتل کیا ہو تو اس مقتول کا ساز و سامان اس شخص کو ملے گا۔

حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں میں کھڑا ہوا۔ میں نے سوچا میرے حق میں گواہی کون دے گا؟ پھر میں بیٹھ گیا' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دوبارہ یہی بات ارشاد فرمائی' میں پھر کھڑا ہوا' میں نے پھر سوچا میرے حق میں گواہی کون دے گا؟ پھر میں بیٹھ گیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے تیسری مرتبہ یہ بات ارشاد فرمائی' میں تیسری مرتبہ کھڑا ہوا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: اے ابوقتادہ! تمہیں کیا ہوا ہے؟ میں نے آپ کو پورا واقعہ سنایا تو حاضرین میں سے ایک صاحب بولے' یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! انہوں نے ٹھیک کہا ہے' اس مقتول کا سامان میرے پاس ہے آپ میری طرف سے انہیں راضی کر دیں (انہیں کچھ اور دے دیں اس کا سامان میرے پاس ہی رہنے دیں) تو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: نہیں۔ اللہ کی قسم! ہم اللہ کے ایک ''شیر'' کو جو اللہ تعالیٰ کی طرف سے جنگ کرتا ہے' اسے چھوڑ دیں اور اس کا سامان تمہیں دے دیں۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس نے ٹھیک کہا ہے تم یہ سامان اسے دے دو۔

حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے وہ سامان مجھے دے دیا پھر میں نے اس کو فروخت کیا اور اس کے ذریعے بنوسلمہ کے محلے میں ایک باغ خرید لیا' اسلام قبول کرنے کے بعد یہ پہلا مال تھا جو میں نے حاصل کیا۔

امام مالک رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: ''مخرف'' کا مطلب کھجور کا باغ ہے۔

اخرجه فی کتاب اختلاف مالك والشافعی .

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے اس روایت کو کتاب اختلاف مالک وشافعی میں نقل کیا ہے۔

باب المظاهرة بين درعين

باب 11: دو زرہیں پہن کر سامنے آنا

1748 - اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ خُصَيْفَةَ، عَنِ السَّائِبِ بْنِ يَزِيدَ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حدیث نمبر **1748**:

شیبانی' امام احمد بن محمد بن حنبل' ''المسند'' المطبعة الميمنية' مصر **4493**

قزوینی' امام محمد بن یزید ابن ماجہ' ''السنن'' تحقیق: بشار عواد معروف' دار الجیل' بیروت' **1998ء** **2806**

نسائی' امام احمد بن شعیب' ''السنن الکبریٰ'' تحقیق: سلیمان بنداری' سید کسروی' دار الکتب العلمیہ' **1991ء** **8583**

طبرانی' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب' ''المعجم الکبیر'' تحقیق: احمدی عبدالمجید سلفی' مطبعة الزہراء الحدیثة' موصل' عراق' (طبع ثانی) **6669**

ظَاهَرَ يَوْمَ اُحُدٍ بَيْنَ دِرْعَيْنِ .

✧✧ حضرت سائب بن یزید رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم غزوۂ احد کے موقع پر دو زرہیں پہن کر تشریف لائے تھے۔

اخرجه من كتاب الاسارى والغلول .

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے اس روایت کو کتاب الاساری والغلول میں نقل کیا ہے۔

باب قسم المغنم

باب 12: مالِ غنیمت کی تقسیم

1749 - اَخْبَرَنَا الثِّقَةُ، مِنْ اَصْحَابِنَا عَنْ اِسْحَاقَ الْاَزْرَقِ الْوَاسِطِيِّ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ضَرَبَ لِلْفَرَسِ بِسَهْمَيْنِ، وَلِلْفَارِسِ بِسَهْمٍ .

✧✧ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے گھوڑے کو دو حصے دیے تھے اور گھڑ سوار کو ایک حصہ دیا تھا۔

1750 - اَخْبَرَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ يَحْيَى بْنِ عَبَّادِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الزُّبَيْرِ، اَنَّ الزُّبَيْرَ بْنَ الْعَوَّامِ كَانَ يَضْرِبُ فِي الْمَغْنَمِ بِاَرْبَعَةِ اَسْهُمٍ سَهْمٍ لَهُ وَسَهْمَيْنِ لِفَرَسِهِ وَسَهْمٍ فِيْ ذِي الْقُرْبٰى .

قَالَ الشَّافِعِيُّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ يَعْنِي : وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِسَهْمِ ذِي الْقُرْبٰى سَهْمَ صَفِيَّةَ اُمِّهِ ، وَقَدْ شَكَّ سُفْيَانُ اَحِفْظَهُ عَنْ هِشَامٍ عَنْ يَحْيٰى سَمَاعًا وَلَمْ يَشُكَّ سُفْيَانُ اَنَّهُ مِنْ حَدِيْثِ هِشَامٍ عَنْ يَحْيٰى هُوَ وَلَا غَيْرُهُ مِمَّنْ حَفِظَهُ

بقیہ حاشیہ حدیث نمبر 1748:

بیہقی' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی "السنن الکبریٰ" دائرۃ المعارف النظامیہ حیدر آباد دکن ہندوستان 1344ھ	46/9
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس "الام" دارالمعرفۃ بیروت لبنان	252/4
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس "الام" تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء طبع اوّل 2001ء	617/5

حدیث نمبر 1749:

کوفی' امام ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ "المصنف" المطبعۃ العزیزیہ حیدر آباد دکن ہندوستان 1386ھ	33169
شیبانی' امام احمد بن محمد بن حنبل "المسند" المطبعۃ المیمنیہ مصر	2/2
بخاری' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل "الجامع الصحیح" (رقم الحدیث من فتح الباری)	2863
نیشاپوری' امام مسلم بن حجاج "الجامع الصحیح" تحقیق و ترقیم محمد فواد عبدالباقی' دارالحدیث' قاہرہ مصر	1762
ترمذی' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ "الجامع الکبیر" تحقیق: ڈاکٹر بشار عواد معروف' دارالغرب الاسلامی بیروت 1998ء	2733
نسائی' امام احمد بن شعیب "المجتبیٰ من السنن" دارالحدیث قاہرہ مصر 1407ھ-1987ء	15644
تمیمی' امام ابوحاتم محمد بن حبان "صحیح ابن حبان" دارالفکر بیروت طبع اوّل 1996ء	4817
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس "الام" دارالمعرفۃ بیروت لبنان	144/4
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس "الام" تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء طبع اوّل 2001ء	310/5

عَنْ هِشَامٍ .

✦✦ یحییٰ بن عباد بیان کرتے ہیں: حضرت زبیر بن عوام رضی اللہ عنہ مال غنیمت کے چار حصے کیا کرتے تھے' ایک حصہ ان کا اپنا ہوتا تھا' دو حصے ان کے گھوڑے کے ہوتے تھے اور ایک حصہ ذوی القربیٰ کے اعتبار سے ہوتا تھا۔

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں: حقیقت اللہ بہتر جانتا ہے لیکن اس کا مطلب یہ ہے کہ ذوی القربیٰ کے حصے سے مراد ان کی والدہ سیدہ صفیہ رضی اللہ عنہا کا حصہ تھا۔

سفیان نامی راوی نے اس پر شک کیا ہے' کیا انہیں ہشام کے حوالے سے یہ بات صحیح یاد ہے اور یحییٰ کے حوالے سے جو روایت منقول ہے اس میں سفیان کے شک کا تذکرہ نہیں ہے جو ہشام کی حدیث کے بارے میں ہے۔ یحییٰ نے اور ان کے علاوہ دیگر راویوں نے' جنہوں نے اسے ہشام کے حوالے سے اس یاد رکھا ہے (انہیں بھی شک نہیں ہے)۔

1751 - اَخْبَرَنَا مُطَرِّفُ بْنُ مَازِنٍ، عَنْ مَعْمَرِ بْنِ رَاشِدٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، قَالَ : اَخْبَرَنِیْ مُحَمَّدُ بْنُ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ : لَمَّا قَسَمَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَهْمَ ذِى الْقُرْبٰى بَيْنَ بَنِى هَاشِمٍ وَبَنِى الْمُطَّلِبِ اَتَيْتُهُ اَنَا وَعُثْمَانُ بْنُ عَفَّانَ، فَقُلْنَا : يَا رَسُولَ اللّٰهِ، هٰؤُلَاءِ اِخْوَانُنَا مِنْ بَنِى هَاشِمٍ، لَا نُنْكِرُ فَضْلَهُمْ لِمَكَانِكَ الَّذِى وَضَعَكَ اللّٰهُ بِهِ مِنْهُمْ، اَرَاَيْتَ اِخْوَانَنَا مِنْ بَنِى الْمُطَّلِبِ، اَعْطَيْتَهُمْ وَتَرَكْتَنَا اَوْ مَنَعْتَنَا، وَاِنَّمَا قَرَابَتُنَا وَقَرَابَتُهُمْ وَاحِدَةٌ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : اِنَّمَا بَنُو هَاشِمٍ، وَبَنُو الْمُطَّلِبِ شَیْءٌ وَاحِدٌ هٰكَذَا، وَشَبَّكَ بَيْنَ اَصَابِعِهِ .

✦✦ محمد بن جبیر بن مطعم اپنے والد کے حوالے سے یہ بات نقل کرتے ہیں' جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ذوی القربیٰ کا

حدیث نمبر **1750**

شیبانی' امام احمد بن محمد بن حنبل' ''المسند'' المطبعۃ المیمنیہ' مصر	166/1
دار قطنی' امام علی بن عمر' ''السنن'' مکتبۃ المتنبی' قاہرہ' مصر	109/4
نسائی' امام احمد بن شعیب' ''المجتبیٰ من السنن'' دار الحدیث' قاہرہ' مصر 1407ھ-1987ء	228/6
طحاوی' امام ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ' ''شرح معانی الآثار'' تحقیق: محمد جاد الحق' مطبعۃ الانوار المحمدیہ' مصر	283/3
دار قطنی' امام علی بن عمر' ''السنن'' مکتبۃ المتنبی' قاہرہ' مصر	110/4
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام'' دار المعرفۃ' بیروت' لبنان	145/4
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام'' تحقیق: رفعت فوزی' دار الوفاء' طبع اول 2001ء	319/5

حدیث نمبر **1751**

طبرانی' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب' ''المعجم الکبیر'' تحقیق: احمدی عبدالمجید سلفی' مطبعۃ الزہراء الحدیثۃ' موصل' عراق (طبع ثانی)	1540
بیہقی' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی' ''السنن الکبریٰ'' دائرۃ المعارف النظامیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان 1344ھ	341/
بخاری' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل' ''الجامع الصحیح'' (رقم الحدیث من فتح الباری)	3140
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام'' دار المعرفۃ' بیروت' لبنان	146/4
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام'' تحقیق: رفعت فوزی' دار الوفاء' طبع اول 2001ء	323/5

مخصوص حصہ بنو ہاشم اور بنو مطلب کے درمیان تقسیم کر دیا' تو میں اور حضرت عثمان رضی اللہ عنہ آپ کی خدمت میں حاضر ہوئے ہم نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! یہ ہمارے بھائی' جو بنو ہاشم سے تعلق رکھتے ہیں' ہم ان کی فضیلت کا انکار نہیں کرتے' کیونکہ آپ کی وجہ سے جو انہیں فضیلت حاصل ہے اللہ تعالیٰ نے آپ کو ان کے درمیان رکھا ہے لیکن ہمارے جو بھائی بنو مطلب سے تعلق رکھتے ہیں ان کے بارے میں آپ کا کیا خیال ہے؟۔ آپ نے انہیں عطا کر دیا ہے اور ہمیں نہیں دیا جبکہ ہم اور وہ آپ کے ساتھ ایک جیسی رشتے داری رکھتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا بنو ہاشم اور بنو مطلب ایک جیسی حیثیت رکھتے ہیں اس طرح' پھر آپ نے اپنی انگلیوں کو ایک دوسرے میں داخل کر دیا۔

1752 - اَخْبَرَنَا اَحْسِبُهُ دَاوُدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْعَطَّارُ، عَنِ ابْنِ الْمُبَارَكِ، عَنْ يُونُسَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ،۔

قَالَ الْقَاضِي ' اَبُوْبَكْرٍ الْحِيرِيُّ ' وَفِي نُسْخَةٍ اُخْرٰى ' عَنِ الزُّهْرِيِّ ' عَنِ ابْنِ الْمُسَيِّبِ' عَنْ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ' عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، مِثْلَ مَعْنَاهُ ۔

✦✦ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ حضرت جبیر بن مطعم رضی اللہ عنہ کے حوالے سے منقول ہے قاضی ابوبکر الحیری بیان کرتے ہیں: دوسرے نسخے میں یہ روایت زہری کے حوالے سے ابن مسیب کے حوالے سے حضرت جبیر بن مطعم رضی اللہ عنہ کے حوالے سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اسی کی مانند منقول ہے۔

1753 - اَخْبَرَنَا الثِّقَةُ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنْ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، مِثْلَ مَعْنَاهُ

قَالَ الشَّافِعِيُّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ : فَذَكَرْتُ ذٰلِكَ لِمُطَرِّفِ بْنِ مَازِنٍ، اَنَّ يُونُسَ وَابْنَ اِسْحَاقَ رَوَيَا حَدِيثَ ابْنِ شِهَابٍ، عَنِ ابْنِ الْمُسَيِّبِ، قَالَ : حَدَّثَنَا مَعْمَرٌ كَمَا وَصَفْتُ، فَلَعَلَّ ابْنَ شِهَابٍ رَوَاهُ عَنْهُمَا مَعًا ۔

حدیث نمبر **1752**:

شیبانی' امام احمد بن محمد بن حنبل' ''المسند'' المطبعة الميمنية' مصر	3/4
بخاری' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل'' الجامع الصحیح '' (رقم الحدیث من فتح الباری)	4429
نیشاپوری' امام' مسلم بن حجاج'' الجامع الصحیح'' تحقیق وترقیم فؤاد عبدالباقی' دار الحدیث' قاہرہ' مصر	2078
قزوینی' امام' محمد بن یزید ابن ماجہ'' السنن'' تحقیق: بشار عواد معروف' دار الجیل' بیروت' 1998ء	2881
نسائی' امام' احمد بن شعیب'' المجتبیٰ من السنن'' دار الحدیث' قاہرہ' مصر' 1407ھ-1987ء	130/1
نسائی' امام' احمد بن شعیب'' السنن الکبریٰ'' تحقیق: سلیمان بنداری' سید کسروی' دار الکتب العلمیہ' 1991ء	4438
تمیمی' امام' ابوحاتم محمد بن حبان'' صحیح ابن حبان'' دار الفکر' بیروت' طبع اول' 1996ء	3293
طبرانی' امام' ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب'' المعجم الکبیر'' تحقیق: احمدی عبدالمجید سلفی' مطبعة الزہراء الحدیثة' موصل' عراق (طبع ثانی)	1593
شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس'' الام'' دار المعرفة' بیروت' لبنان	146/4
شافعی' امام' ابوعبداللہ محمد بن ادریس'' الام'' تحقیق: رفعت فوزی' دار الوفاء' طبع اول' 2001ء	324/5

✦✦ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ حضرت جبیر بن مطعم رضی اللہ عنہ کے حوالے سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے منقول ہے۔
امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ بیان کرتے ہیں: میں نے اس بات کا تذکرہ مطرف بن مازن سے کیا' یونس اور ابن اسحٰق ان دونوں نے ابن شہاب کی روایت کو ابن مسیب کے حوالے سے نقل کیا ہے تو انہوں نے بتایا: معمر نے ہمیں یہ حدیث اسی طرح سنائی ہے جیسے میں نے بیان کی ہے' ہوسکتا ہے! ابن شہاب نے ان دونوں کے حوالے سے ایک ساتھ اسے نقل کیا ہے۔

1754 - اَخْبَرَنِىْ عَمِّىْ مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيّ بْنِ شَافِعٍ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ، عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، مِثْلَهُ، وَزَادَ : لَعَنَ اللّٰهُ مَنْ فَرَّقَ بَيْنَ بَنِىْ هَاشِمٍ وَّبَنِى الْمُطَّلِبِ .

✦✦ (امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں) میرے چچا محمد بن علی بن شافع نے حضرت علی بن حسین رضی اللہ عنہما (زین العابدین) کے حوالے سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اسی کی مانند نقل کیا ہے تاہم اس روایت میں یہ الفاظ ہیں۔
''اللہ تعالیٰ ان لوگوں پر لعنت کرے جو بنو ہاشم اور بنو مطلب کے درمیان فرق کرتے ہیں''۔

1755 - اَخْبَرَنَا الثِّقَةُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنِ ابْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنْ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، قَالَ : قَسَمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَهْمَ ذِى الْقُرْبٰى بَيْنَ بَنِىْ هَاشِمٍ وَّبَنِى الْمُطَّلِبِ، وَلَمْ يُعْطِ مِنْهُ اَحَدًا مِّنْ بَنِىْ عَبْدِ شَمْسٍ وَّلَا بَنِىْ نَوْفَلٍ شَيْئًا

✦✦ حضرت جبیر بن مطعم رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ذوی القربیٰ کا مخصوص حصہ بنو ہاشم اور بنو مطلب کے درمیان تقسیم کیا تھا۔ آپ نے بنو عبدالشمس یا بنو نوفل سے تعلق رکھنے والے کسی بھی شخص کو اس میں سے کچھ عطا نہیں کیا۔

1756 - اَخْبَرَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ مَطَرٍ الْوَرَّاقِ وَرَجُلٍ لَمْ يُسَمِّهِ كِلَاهُمَا عَنِ الْحَكَمِ بْنِ عُتَيْبَةَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِىْ لَيْلٰى قَالَ : لَقِيْتُ عَلِيًّا رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ عِنْدَ اَحْجَارِ الزَّيْتِ فَقُلْتُ لَهٗ بِاَبِىْ اَنْتَ وَاُمِّىْ مَا فَعَلَ اَبُوْ بَكْرٍ وَّعُمَرُ فِىْ حَقِّكُمْ اَهْلَ الْبَيْتِ مِنَ الْخُمُسِ فَقَالَ عَلِيٌّ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ اَمَّا اَبُوْ بَكْرٍ فَلَمْ يَكُنْ فِىْ زَمَانِهٖ اَخْمَاسٌ وَمَا كَانَ فَقَدْ اَوْفَانَاهُ وَاَمَّا عُمَرُ فَلَمْ يَزَلْ يُعْطِيْنَاهُ حَتّٰى جَاءَهٗ مَالُ السُّوْسِ وَالْاَهْوَازِ اَوْ قَالَ الْاَهْوَازُ

حدیث نمبر **1753**:

کوفی' امام ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ' ''المصنف'' 'المطبعۃ العزیزیہ' حیدر آباد دکن' ہندوستان' **1386**ھ	**36875**
شیبانی' امام احمد بن محمد بن حنبل' ''المسند'' 'المطبعۃ المیمنیہ' مصر	**81/4**
سجستانی' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث' ''السنن'' 'داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان	**2980**
نسائی' امام احمد بن شعیب' ''المجتبیٰ من السنن'' 'دارالحدیث' قاہرہ' مصر **1407**ھ-**1987**ء	**130/7**
نسائی' امام احمد بن شعیب' ''السنن الکبریٰ'' 'تحقیق: سلیمان بنداری' سید کسروی' دارالکتب العلمیہ' **1991**ء	**4439**
طحاوی' امام ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ' ''شرح معانی الآثار'' 'تحقیق: محمد جادالحق' مطبعۃ الانوار المحمدیہ' مصر	**235/3**
طبرانی' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب' ''المعجم الکبیر'' 'تحقیق: احمدی عبدالمجید سلفی' مطبعۃ الزہراء الحدیثہ' موصل' عراق' (طبع ثانی)	**1591**
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام'' 'دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان	**146/4**
شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' ''الام'' 'تحقیق: رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اول' **2001**ء	**324/5**

وَقَالَ فَارِسٍ اَنَا اَشُكُّ يَعْنِى الشَّافِعِيُّ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ فَقَالَ فِى حَدِيْثِ مَطَرٍ اَوْ حَدِيْثِ الْاٰخرِ فَقَالَ فِى الْمُسْلِمِيْنَ خَلَّةٌ فَاِنْ اَحْبَبْتُمْ تَرَكْتُمْ حَقَّكُمْ فَجَعَلْنَاهُ فِىْ خَلَّةِ الْمُسْلِمِيْنَ حَتّٰى يَاْتِيَنَا مَالٌ فَنُوَفِيكُمْ حَقَّكُمْ مِنْهُ فَقَالَ الْعَبَّاسِ لِعَلِيٍّ لَا تَطْعِمْهُ فِىْ حَقِّنَا فَقُلْتُ لَهُ يَا اَبَا الْفَضْلِ اَلَسْنَا اَحَقَّ مَنْ اَجَابَ اَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَرَفَعَ خَلَّةَ الْمُسْلِمِيْنَ فَتُوُفِّىَ عُمَرُ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ قَبْلَ اَنْ يَّاْتِيَهُ مَالٌ فَيَقْضِيْنَاهُ

وَقَالَ الْحَكَمُ فِىْ حَدِيْثِ مَطَرٍ وَالْاٰخَرِ اِنَّ عُمَرَ قَالَ لَكُمْ حَقٌّ وَلَا يَبْلُغُ عِلْمِىْ اِذْ كَثُرَ اَنْ يَّكُوْنَ لَكُمْ كُلُّهُ فَاِنْ شِئْتُمْ اَعْطَيْتُكُمْ مِنْهُ بِقَدْرِ مَا اَرٰى لَكُمْ فَاَبَيْنَا عَلَيْهِ اِلَّا كُلَّهُ فَاَبٰى اَنْ يُعْطِيَنَا .

✧✧ عبدالرحمٰن بن ابی لیلیٰ بیان کرتے ہیں: میری ملاقات حضرت علی رضی اللہ عنہ سے ''حجارزیت'' کے مقام پر ہوئی میں نے ان سے کہا: میرے ماں باپ (آپ پر قربان ہوں) حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے آپ کے حق میں اہل بیت کے حق میں جوخمس سے تعلق رکھتا تھا اس میں کیا کیا تھا؟

حضرت علی رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: جہاں تک حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کا تعلق ہے تو ان کے زمانے میں مال خمس تھا ہی نہیں اور جو تھا وہ ہم نے ان سے وصول کرلیا تھا۔

جہاں تک حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا تعلق ہے تو وہ ہمیں مسلسل عطا کرتے رہے یہاں تک کہ ان کے پاس ''سوس'' اور ''الاہواز'' کا سامان آیا (یہاں راوی کو شک ہے لفظ اہواز استعمال ہوا ہے یا فارس استعمال ہوا ہے یہ شک امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کو ہے) تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: مسلمان ایک دوسرے کے بھائی ہیں اگر آپ لوگ چاہیں تو میں آپ کے حق کے ترک کردوں اور اسے مسلمانوں کی بھائی چارگی کے حوالے سے ان کے درمیان خرچ کردوں۔ پھر جب ہمارے پاس مال آئے گا تو ہم آپ کے حق کی اسی میں سے پوری ادائیگی کردیں گے تو حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے کہا: تم ہمارے حق میں سے اسے کھانے کے لئے دے رہے ہو۔ میں نے ان سے کہا: اے ابوالفضل! کیا ہم اس بات کے سب سے زیادہ حقدار نہیں ہیں کہ امیر المؤمنین کی بات کو قبول کریں اور وہ مسلمانوں کے درمیان بھائی چارگی قائم کرنا چاہ رہے ہیں تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس اگلا مال آنے سے پہلے ہی ان کا انتقال ہوگیا جو انہوں نے ہمیں ادا کرنا تھا۔

ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں' حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: آپ لوگوں کا حق ہے' لیکن میرے علم کے مطابق ایسا نہیں ہوسکتا کہ اگر یہ زیادہ مال ہوجائے تو یہ سارے کا سارا آپ لوگوں کو ہی ملے اگر آپ لوگ چاہیں تو میں آپ کو اتنی مقدار میں دے دوں گا جو میں آپ کے لئے مناسب سمجھوں گا تو حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ہم نے صرف پورا مال لینے پر اصرار کیا تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ہمیں پورا مال دینے سے انکار کردیا۔

1757 - اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ مَالِكِ بْنِ اَوْسٍ، اَنَّ عُمَرَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ : مَا اَحَدٌ اِلَّا وَلَهُ فِىْ هٰذَا الْمَالِ حَقٌّ اَعْطِيَهُ اَوْ مُنْعَهُ اِلَّا مَا مَلَكَتْ اَيْمَانُكُمْ .

✧✧ حضرت مالک بن اوس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: ہر شخص کا اس مال میں حصہ ہے میں

اسے دوں گا یا پھر اسے روک دیا جائے گا' سوائے اس کے جو تمہاری ملکیت میں (غلام یا کنیزیں) آتے ہیں۔

1758 - اَخْبَرَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ مَالِكِ بْنِ اَوْسٍ، عَنْ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ نَحْوَهُ وَقَالَ : لَئِنْ عِشْتُ لَيَاْتِيَنَّ الرَّاعِيْ يَسِيْرٌ وَحِمِيْرُ حَقُّهُ .

✤ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے بارے میں منقول ہے تاہم اس میں ان کے یہ الفاظ ہیں: اگر میں زندہ رہا تو مزدور کوئی چرواہا آئے گا اور حمیر اس کا حق ہوگا۔[1]

اخرج العشرة الاحاديث وقول الشافعي من كتاب قسمة الفيء .

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے یہ دس روایات اور امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کا قول کتاب قسمۃ الفی میں نقل کی ہیں۔

باب منه : في تنفيل السرية

باب 13: کسی مہم (کے افراد کو) اضافی ادائیگی کرنا

1759 - اَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حدیث نمبر **1757**

شیبانی' امام احمد بن محمد بن حنبل' "المسند" 'المطبعة الميمنية' مصر **42/1**

سجستانی' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث' "السنن" 'دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **2950**

بیہقی' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی' "السنن الکبریٰ" 'دائرۃ المعارف النظامیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' **1344**ھ **346/6**

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام" 'دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان **155/4**

شافعی' امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس' "الام" 'تحقیق' رفعت فوزی' دارالوفاء' طبع اول' **2001**ء **348/4**

حدیث نمبر **1759**

اصبحی' ابوعبداللہ مالک بن انس' "الموطا" 'بروایۃ یحییٰ بن یحییٰ اندلسی' تحقیق' بشار عواد معروف' دارالغرب الاسلامی' بیروت' لبنان (طبع اول) **1996**ء **1299**

صنعانی' امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام' "المصنف" 'تحقیق' حبیب الرحمن اعظمی' دارالقلم' بیروت' **1970**ء **935**

حمیدی' امام ابوبکر عبداللہ بن زبیر' "المسند" 'عالم الکتب' بیروت' مکتبۃ المتنبی' قاہرہ' مصر **694**

کوفی' امام ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ' "المصنف" 'المطبعۃ العزیزیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' **1386**ھ **6854**

شیبانی' امام احمد بن محمد بن حنبل' "المسند" 'المطبعة الميمنية' مصر **10/2**

دارمی' امام ابومحمد عبداللہ بن عبدالرحمن' "السنن" 'تحقیق' عبداللہ ہاشم یمانی' دارالمحاسن' قاہرہ' **1966**ء **2824**

بخاری' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل' "الجامع الصحیح" (رقم الحدیث من فتح الباری) **3134**

نیشاپوری' امام مسلم بن حجاج' "الجامع الصحیح" 'تحقیق و ترقیم' فواد عبدالباقی' دارالحدیث' قاہرہ' مصر **1749**

سجستانی' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث' "السنن" 'دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **2741**

موصلی' امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ' "المسند" 'تحقیق' حسین سلیم اسد' دارالمامون للتراث' طبع اول' **1987**ء **5826**

اسفرائینی' امام ابوعوانہ یعقوب بن اسحاق' "المسند" 'مجلس دائرۃ المعارف العثمانیہ' حیدرآباد دکن' ہندوستان' **1966**ء **106/4**

[1] ڈاکٹر یاسین مظہر تحریر کرتے ہیں اصل مسودے میں اسی طرح تحریر ہے۔ میں نے اسے تبدیل نہیں کیا لیکن ہوسکتا ہے عبارت یہ ہو: وہ اپنے اونٹوں کا حق وصول کرے گا۔

بَعَثَ سَرِيَّةً فِيهَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ قِبَلَ نَجْدٍ فَغَنِمُوْا اِبِلاً كَثِيْرَةً، فَكَانَتْ سُهْمَانُهُمْ اثْنَىْ عَشَرَ بَعِيْرًا، اَوْ اَحَدَ عَشَرَ بَعِيْرًا، ثُمَّ نُفِّلُوْا بَعِيْرًا بَعِيْرًا .

✧✧ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک مہم روانہ کی جس میں حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بھی تھے یہ "نجد" کی طرف روانہ کی گئی تھی ان لوگوں کو بہت سے اونٹ صدقے میں ملے تو ان کے حصے میں بارہ اونٹ آئے یا شاید گیارہ اونٹ آئے تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک ایک اضافی اونٹ بھی دیا۔

اخرجه من كتاب قسمة الفيء .

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے اس حدیث کو کتاب قسمہ الفی میں نقل کیا ہے۔

باب الفرق بين المقاتلة والذرية

باب 14: جنگجولوگوں اوران کے بچوں کے درمیان فرق

1760 - اَخْبَرَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ :

بقیہ حاشیہ حدیث نمبر **1759**:

تمیمی امام ابوحاتم محمد بن حبان "صحیح ابن حبان"، دارالفکر بیروت طبع اوّل 1996ء **4839**

طبرانی امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب "المعجم الکبیر"، تحقیق: احمدی عبدالمجید سلفی مطبعۃ الزہراء الحدیثۃ موصل عراق (طبع ثانی) **13426**

بیہقی امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی "السنن الکبریٰ" دائرۃ المعارف النظامیہ حیدرآباد دکن ہندوستان 1344ھ **312/6**

شافعی امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس "الام" دارالمعرفۃ بیروت لبنان **143/4**

شافعی امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس "الام" تحقیق: رفعت فوزی دارالوفاء طبع اوّل 2001ء **311/5**

حدیث نمبر **1760**:

طیالسی امام ابوداؤد سلیمان بن داؤد "المسند" دارالمعرفۃ بیروت لبنان **1859**

صنعانی امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام "المصنف" تحقیق: عبدالرحمٰن اعظمی دارالقلم بیروت 1970ء **9716**

کوفی امام ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ "المصنف" المطبعۃ العزیزیہ حیدرآباد دکن ہندوستان 1386ھ **33854**

شیبانی امام احمد بن محمد بن حنبل "المسند" المطبعۃ المیمنیہ مصر **17/2**

بخاری امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل "الجامع الصحیح" (رقم الحدیث من فتح الباری) **268/4**

نیشاپوری امام مسلم بن حجاج "الجامع الصحیح" تحقیق وترقیم: فؤاد عبدالباقی دارالحدیث قاہرہ مصر **1868**

سجستانی امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث "السنن" داراحیاء التراث العربی بیروت لبنان **2957**

قزوینی امام محمد بن یزید ابن ماجہ "السنن" تحقیق: بشار عواد معروف دارالجیل بیروت 1998ء **2543**

ترمذی امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ "الجامع الکبیر" تحقیق: ڈاکٹر بشار عواد معروف دارالغرب الاسلامی بیروت 1998ء **1361**

طحاوی امام ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ "شرح معانی الآثار" تحقیق: محمد جادالحق مطبعۃ الانوار المحمدیہ مصر **217/3**

تمیمی امام ابوحاتم محمد بن حبان "صحیح ابن حبان" دارالفکر بیروت طبع اوّل 1996ء **3734**

طبرانی امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب "المعجم الاوسط" تحقیق: محمود الطحان مکتبۃ المعارف ریاض سعودی عربیہ (طبع اوّل) **9235**

عُرِضْتُ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَامَ اُحُدٍ وَاَنَا ابْنُ اَرْبَعَ عَشْرَةَ سَنَةً فَرَدَّنِيْ ثُمَّ عُرِضْتُ عَلَيْهِ عَامَ الْخَنْدَقِ وَاَنَا ابْنُ خَمْسَ عَشْرَةَ سَنَةً فَاَجَازَنِيْ

قَالَ نَافِعٌ فَحَدَّثْتُ بِهٰذَا الْحَدِيْثِ عُمَرَ بْنَ عَبْدِ الْعَزِيْزِ فَقَالَ هٰذَا فَرْقٌ بَيْنَ الْمُقَاتِلَةِ وَالذُّرِّيَّةِ وَكَتَبَ اَنْ يُفْرَضَ لِابْنِ خَمْسَ عَشْرَةَ فِي الْمُقَاتِلَةِ وَمَنْ لَّمْ يَبْلُغْهَا فِي الذُّرِّيَّةِ

✦✦ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: غزوۂ احد کے موقع پر مجھے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے پیش کیا گیا اس وقت میری عمر چودہ سال تھی آپ نے مجھے واپس کر دیا' پھر غزوۂ خندق کے موقع پر مجھے آپ کے سامنے پیش کیا گیا تو اس وقت میری عمر پندرہ سال تھی تو آپ نے مجھے (جنگ میں) حصہ لینے کی اجازت دی۔

نافع بیان کرتے ہیں: میں نے یہ حدیث حضرت عمر بن عبدالعزیز رضی اللہ عنہ کو سنائی تو انہوں نے فرمایا: یہ جنگجو فرد اور بچے کے درمیان فرق ہے' پھر انہوں نے یہ بات تحریر کی: پندرہ برس کے لڑکے کے لئے جنگ میں حصہ لینا لازم ہوگا اور جو اس عمر تک نہ پہنچا ہو وہ بچہ شمار ہوگا۔

اخرجه من كتاب قسمة الفيء .

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے اس روایت کو کتاب قسمہ الفی میں نقل کیا ہے۔

باب ما افاء الله على رسوله صلى الله عليه وسلم من اموال بني النضير

باب 15: اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول کو مال فے کے طور پر بنونضیر کے جو اموال عطا کیے تھے

